"اُردو کی ادبی تاریخ کا خلاصہ"

(بطرز سوال و جواب)

برائے امتحانات

پروفیسر/اردو/لیکچرار/سبجیکٹ اسپیشلسٹ/TGT(اردو)/PMS/GAT/NAT

سی ایس ایس، پی سی ایس، ایم اے (اردو) زبانی امتحان اور دیگر مقابلے کے امتحانات کے لیے

(FPSC,PPSC,SPSC,KPKPSC,BPSC & AKPSC EXAMINATIONS)

مع حل شدہ سابقہ وفاقی اور صوبائی پرچہ جات

مرتب

میر چاکر اعظم رند

ایم اے اردو، تاریخ اسلام، سوشیالوجی، ایم ایڈ

لیکچرار (اردو)

اسلام آباد ماڈل کالج برائے طالبات (F.A) اسلام آباد

''اُردو کی ادبی تاریخ کا خلاصہ''

(بطرز سوال و جواب)

برائے امتحانات

پروفیسر اُردو/لیکچرار/سبجیکٹ اسپیشلسٹ/TGT(اُردو)/PMS/GAT/NAT/

سی ایس ایس، پی سی ایس، ایم اے (اُردو) زبانی امتحان اور

دیگر مقابلے کے امتحانات کے لیے

(FPSC, PPSC, SPSC, KPKPSC, BPSC & AKPSC EXAMINATIONS)

مع حل شدہ سابقہ وفاقی اور صوبائی پرچہ جات

مرتب:

میر چاکر اعظم رند

ایم اے اردو، تاریخ اسلام، سوشیالوجی، ایم ایڈ

لیکچرار (اُردو)

اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلبہ، نیلور (F.A) اسلام آباد

اردو کی ادبی تاریخ کا خلاصہ

(بطرزِ سوال و جواب)

سوال ۱۳: شبلی کے وہ کون سے استاد تھے جن کا شبلی کی زندگی پر گہرا اثر پڑا اور وہ غازی پور کے مدرسے میں درس بھی دیتے تھے؟
جواب: مولانا فاروق چڑیا کوٹی۔
سوال ۱۴: محمد شبلی نعمانی نے پروفیسر آرنلڈ کو عربی سکھائی اور آرنلڈ نے شبلی کو فرانسیسی زبان سکھائی تھی۔ آپ بتایئے شبلی نعمانی کے والد کونسا کاروبار کرتے تھے؟
جواب: "نیل کا کاروبار"۔
سوال ۱۵: شبلی الہ آباد یونیورسٹی کے شعبہ فنون اور بورڈ آف اسٹڈیز کے رکن کب مقرر ہوئے تھے؟
جواب: 1895 میں۔
سوال ۱۶: "مقالات شبلی" آٹھ جلدوں پر مشتمل ہے آپ بتایئے "کلیات شبلی اردو" کے نام سے کس نے اور کب شائع کی؟
جواب: سید سلیمان ندوی نے 1925 میں شائع کی۔
سوال ۱۷: پنجاب یونیورسٹی نے ڈپٹی نذیر احمد کو کونسی ڈگری دی؟
جواب: "ایل ایل ڈی" کی ڈگری دی تھی۔
سوال ۱۸: "الحقوق والفرائض" کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
جواب: تین جلدوں پر۔
سوال ۱۹: ڈپٹی نذیر احمد کی زندگی میں ان کے لیکچروں کا ایک مجموعہ شائع ہوا تھا۔ بتایئے یہ مجموعہ کب اور کس نے مرتب کیا؟
جواب: 1890 میں میر کرامت اللہ نے۔
سوال ۲۰: ڈپٹی نذیر احمد نے کل 44 لیکچر دیے تھے آپ بتایئے انھوں نے پہلا اور آخری لیکچر کب دیا؟
جواب: "پہلا لیکچر 1888 میں دہلی میں دیا اور آخری لیکچر 1905 میں انجمن حمایت اسلام لاہور کے جلسے میں دیا تھا۔
سوال ۲۱: منیر شکوہ آبادی نے اپنا دوسرا دیوان "تنویر الاشعار" کے نام سے شائع کیا آپ بتایئے ان کا تیسرا دیوان کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: "نظم منیر" کے نام سے۔
سوال ۲۲: منیر شکوہ آبادی نے نثر میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: طلسم گوہر بار۔
سوال ۲۳: داغ دہلوی کا پہلا دیوان "گلزار داغ" کے نام سے 1878 میں شائع ہوا آپ بتایئے ان کے تیسرے اور چوتھے دیوان کب اور کس نام سے شائع ہوئے؟
جواب: تیسرا دیوان "مہتاب داغ" 1894 میں شائع ہوا اور چوتھا دیوان "یادگار داغ" کے نام سے شائع ہوا۔
سوال ۲۴: داغ کا وہ کونسا دیوان ہے جو ان کی وفات کے بعد شائع ہوا اور اسے کس نے جمع و مرتب کر کے شائع کیا؟

جواب: "یادگار داغ" کے نام سے ان کے شاگرد احسن مارہروی نے شائع کرایا۔
سوال ۲۵: داغ کا وہ کونسا کلام ہے جو بعد میں دستیاب ہوا اور اسے لالہ سری رام نے مرتب کر کے کس نام سے لاہور سے چھپوایا؟
جواب: ضمیمہ یادگار داغ۔
سوال ۲۶: امیر مینائی کے مجموعے کلام "مراۃ الغیب" اور "صنم خانہ عشق" کی نوعیت کیا ہے؟
جواب: دونوں غزلیات کے دیوان ہیں۔
سوال ۲۷: "مراۃ الغیب" میں امیر مینائی کا 40 سال تک کی عمر کا کلام ہے۔ آپ بتایئے "صنم خانہ عشق" میں ان کی کتنی عمر تک کا کلام شامل ہے؟
جواب: 69 سال تک کی عمر کا کلام۔
سوال ۲۸: امیر مینائی کی لغت "امیر اللغات" کے کل تین حصے ہیں آپ بتایئے کہ اس لغت کے اب تک کتنے حصے شائع ہو سکے ہیں؟
جواب: صرف دو حصے۔
سوال ۲۹: "امیر اللغات" کا پہلا حصہ ۱۸۹۱ میں شائع ہوا۔ آپ بتایئے کہ دوسرا حصہ کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۸۹۲ میں۔
سوال ۳۰: "امیر اللغات" کا وہ کونسا حصہ ہے جو شائع نہ ہو سکا؟
جواب: تیسرا حصہ۔
سوال ۳۱: شاہ مبارک آبرو کس بادشاہ کے دور کے شاعر تھے؟
جواب: شاہ محمد رنگیلا کے دور کے۔
سوال ۳۲: شیخ قلندر بخش جرأت بادشاہ آصف الدولہ دور کے نمائندہ شاعر تھے۔ آپ بتایئے کہ ان کے ہم عصر شعراء کون تھے؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء، غلام ہمدانی مصحفی اور سعادت یار خان رنگین۔
سوال ۳۳: "دریائے لطافت" میں انشاء کے ساتھ شریک مصنف مرزا محمد حسن قتیل تھے آپ بتایئے یہ کتاب کس بادشاہ کی فرمائش پر لکھی گئی تھی؟
جواب: نواب سعادت علی کی فرمائش پر۔
سوال ۳۴: انشاء نے روزنامچہ کس زبان میں لکھا تھا؟
جواب: ترکی زبان میں۔
سوال ۳۵: وہ کونسا شاعر تھا جس نے انگریزی الفاظ غزل اور قصیدے میں استعمال کیے؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء
سوال ۳۶: "دریائے لطافت" میں انشاء نے "ریختی" کو کس شاعر کی ایجاد کہا ہے؟
جواب: سعادت یار خان رنگین کی۔
سوال ۳۷: "دریائے لطافت" انشاء نے فارسی زبان میں لکھی۔ آپ اس کا موضوع بتایئے؟

جواب: "اردو زبان اور اس کے قواعد" اس کا موضوع ہے۔
سوال۳۸: انشاء کی "مطلوب الکلام" کی شرح فارسی زبان میں کس نام سے لکھی گئی؟
جواب: "مظہر المرام"
سوال۳۹: انتظار حسین نے انشاء کی کس کتاب کو خالص اُردو لکھنے کا تجربہ کہا تھا؟
جواب: "رانی کیتکی اور اودے بھان کی" کو۔
سوال۴۰: انشاء کی "سلک گوہر" کب شائع ہوئی اور اسے کس نے مرتب کیا؟
جواب: امتیاز علی خان عرشی نے ۱۹۴۸ میں مرتب کر کے شائع کیا۔
سوال۴۱: سعادت خان ناصر نے کس شاعر کو تربیت یافتہ میاں مانی لکھا ہے؟
جواب: غلام ہمدانی مصحفی کو۔
سوال۴۲: غلام ہمدانی مصحفی کے اردو دواوین کی تعداد کتنی تھی؟
جواب: نو تھی جن میں سے آٹھ موجود ہیں اور ایک دلی میں چوری ہو گیا تھا۔
سوال۴۳: اردو ادب میں پہلی بار کن شعراء کے ہاں "کبھو" کا لفظ استعمال ہوا؟
جواب: محمد شاکر ناجی اور شیخ شرف الدین مضمون نے استعمال کیا تھا۔
سوال۴۴: سعادت یار خان رنگین کے اردو دیوان کتنے اور کونسے ہیں؟
جواب: چار دیوان: ۱۔ دیوان ریختہ ۲۔ دیوان بیختہ ۳۔ دیوان آمیختہ ۴۔ دیوان انگیختہ
سوال۴۵: رنگین نے اپنی شاعری کا آغاز کب کیا تھا؟
جواب: ۱۷۷۱ء میں۔
سوال۴۶: محمد حسین آزاد کے بیٹے آغا محمد ابراہیم نے اپنے مقدمے کے ساتھ "دربار اکبری" کا دوسرا ایڈیشن کب شائع کرایا؟
جواب: ۱۹۱۰ء میں
سوال۴۷: سعادت یار خان رنگین نے نثر میں بھی چار کتابیں تصنیف کیں آپ نام بتایئے؟
جواب: ۱۔ اخبار رنگین ۲۔ امتحان رنگین ۳۔ تجربہ رنگین ۴۔ مجالس رنگین
سوال۴۸: رنگین شاعروں کی کتنی اقسام بتاتے تھے اور وہ خود کس قسم کے شاعر کو پسند کرتے تھے؟
جواب: چار" اول شاعر" "دوم استاد" "سوم ملک الشعراء"۔ چہارم علامہ" رنگین خود کو پہلی تین اقسام سے الگ کر کے خود کو "علامہ" کہتے تھے۔
سوال۴۹: نظیر اکبر آبادی غزل کو کیا کہتے تھے؟
جواب: "ریختہ" کہتے تھے۔
سوال۵۰: ولی دکنی کی شاعری کا رنگ سخن کیسا تھا؟
جواب: "سادہ گوئی" کا۔
سوال۵۱: وہ کونسے شاعر تھے جو شاعری میں کسی کے شاگرد نہیں تھے؟
جواب: شیخ امام بخش ناسخ البتہ دہلوی میں مرزا مغل کے شاگرد تھے۔

سوال۵۲: ناسخ کے کل چار دیوان تھے جس میں سے ایک فارسی تھا آپ بتایئے کہ ناسخ کے ہم عصر شعراء کون تھے؟
جواب: میر، مرزا رفیع سودا، شیخ قلندر بخش جرأت، انشاء اور مصحفی۔
سوال۵۳: خواجہ حیدر علی آتش کون کون سے نشے کرتے تھے؟
جواب: بھنگ، چرس اور حقہ پیتے تھے۔
سوال۵۴: ناسخ کے دیوان سوم کا تاریخی نام "دفتر شعر" ہے آپ بتایئے دیوان دوم کا تاریخی نام کیا ہے؟
جواب: دفتر پریشان۔
سوال۵۵: خواجہ حیدر علی آتش کے کتنے دیوان تھے اور ان کی زندگی میں کتنے دیوان مرتب ہوئے؟
جواب: صرف دو دیوان تھے، دیوان اول ان کی زندگی میں مرتب ہو کر پہلی بار ۱۸۴۰ء میں لکھنؤ سے شائع ہوا تھا۔
سوال۵۶: فقیر محمد گویا کے دیوان کا نام بتائے؟
جواب: دیوان گویا۔
سوال۵۷: میر علی اوسط رشک سے تین دواوین اور ایک لغت "نفس اللغۃ" یادگار ہیں۔ آپ تینوں دواوین کے نام بتایئے؟
جواب: پہلا "نظم مبارک" دوسرا "نظم گرامی" تیسرا "نظم آخرین"
سوال۵۸: پنڈت دیا شنکر نسیم کی کل تصانیف دو ہیں۔ آپ ان کے دیوان کا نام بتایئے؟
جواب: دیوان نسیم۔
سوال۵۹: "آب حیات" کی طبع اول ۱۸۸۰ء میں کونسے مشہور شعراء کا ذکر شامل نہیں تھا؟
جواب: مرزا دبیر، میر حسن، میر مستحسن خلیق اور مومن کے مطالعات شامل نہیں تھے۔ ۱۸۸۳ء میں جب اس کا دوسرا ایڈیشن شائع ہوا تو اس میں یہ سب اضافے شامل کر دیئے گئے۔
سوال۶۰: "آب حیات" کا پہلا ایڈیشن ۵۰۷ صفحات پر مشتمل تھا آپ بتایئے اس کا دوسرا ایڈیشن کتنے صفحات پر مشتمل تھا؟
جواب: ۵۶۴ صفحات پر۔
سوال۶۱: "تزک بابری" مغل بادشاہ بابر نے ترکی زبان میں لکھی تھی۔ آپ بتایئے اس کو اکبر بادشاہ کے کس رفیق نے ترکی سے فارسی زبان میں منتقل کیا؟
جواب: عبدالرحیم خان خاناں نے۔
سوال۶۲: مومن خان مومن کے دیوان کو کس مشہور شاعر نے مرتب کیا؟
جواب: مومن کے شاگرد نواب مصطفیٰ خان شیفتہ نے۔
سوال۶۳: اُردو کے کس شاعر کے صرف دو مجموعے "نشاط روح" اور "سرود زندگی" کے نام سے شائع ہوئے؟
جواب: اصغر گونڈوی۔
سوال۶۴: یہ کس شاعر کا مشہور نعرہ ہے کہ؟
"لے کے رہیں گے پاکستان، بٹ کے رہے گا ہندوستان"

جواب: سید یاور حسین کیف بنارسی، نظم "شعلۂ آزادی" میں۔

سوال ۶۵: جب حفیظ جالندھری ایوب خان کے مشیر بنے تو ان کے خلاف حبیب جالب نے نظم "مشیر" لکھی تھی آپ بتایئے حبیب جالب نے ایوب خان کے خلاف کونسی مشہور نظم لکھی؟

جواب: نظم "دستور"۔

سوال ۶۶: حبیب جالب کا شعری مجموعہ "سرِ مقتل" پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: ستمبر ۱۹۶۶ میں۔

سوال ۶۷: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کا بچوں کے لیے پہلا مجموعہ "جھولنے" ۱۹۴۸ میں شائع ہوا۔ دوسرے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب: ٹوٹ بٹوٹ اور دوسری نظمیں۔

سوال ۶۸: اردو کی مشہور نظم "بندے کو خدا کیا لکھنا" کس شاعر نے لکھی تھی؟

جواب: حبیب جالب نے۔

سوال ۶۹: "کلمۃ الحقائق" کی نوعیت کیا ہے اور اس کا خالق کون تھا؟

جواب: برہان الدین جانم کی نثری تصنیف ہے۔

سوال ۷۰: "حسن شوقی" کا دیوان کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: دیوان حسن شوقی

سوال ۷۱: مسعود سعد سلمان کا دیوان کس نام سے چھپا تھا؟

جواب: دیوان ہندی۔

سوال ۷۲: شاہ حاتم کے دیوان کا نام بتایئے؟

جواب: دیوان قدیم۔

سوال ۷۳: اشرف علی خان فغاں کا دیوان کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: دیوان فغاں

سوال ۷۴: ولی دکنی کے دیوان "دیوان ولی" کو کس نے مرتب کیا تھا؟

جواب: نور الحسن ہاشمی نے۔

سوال ۷۵: ولی دکنی کا دیوان دہلی میں کب آیا تھا؟

جواب: "ولی دکنی کا دیوان محمد شاہ کی تخت نشینی کے دوسرے سال ۱۷۲۰ میں دلی آیا تھا"۔

سوال ۷۶: سعادت یار خان رنگیں کے دیوان کا نام بتایئے؟

جواب: دیوان ریختی۔

سوال ۷۷: قائم چاند پوری کی کل تصانیف کتنی ہیں؟

جواب: صرف دو "مخزن نکات" ۱۹۵۲ اور "کلیات قائم"۔

سوال ۷۸: "ساتواں در" کن دو اردو شعراء کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: شہریار اور امجد اسلام امجد۔

سوال ۷۹: کس شاعر نے اساتذہ قدیم کے دواوین فراہم کر کے ان کا انتخاب شائع کیا اور یہ ان کا بہت بڑا کارنامہ تھا؟

جواب: حسرت موہانی نے۔

سوال ۸۰: مسعود سعد سلمان کی مادری زبان کونسی ہے؟

جواب: فارسی زبان۔

سوال ۸۱: خان آرزو بنیادی طور پر فارسی کے شاعر اور عالم تھے۔ آپ بتایئے انھوں نے اُردو میں کتنے اشعار کہے تھے؟

جواب: صرف ۳۷ اشعار۔

سوال ۸۲: شمالی ہند میں اُردو شاعری کا آغاز کس تحریک سے ہوا تھا؟

جواب: ایہام گوئی کی تحریک سے۔

سوال ۸۳: "ہجو" کا لفظ ادبی سطح پر پہلی بار کس شاعر کے ہاں استعمال ہوا جو میر کے دور میں عام و مستند ہو جاتا ہے؟

جواب: محمد شاکر ناجی کے ہاں

سوال ۸۴: سودا کو کتے پالنے کا شوق تھا، آپ بتایئے داغ دہلوی کو کس پرندے کو پالنے کا شوق تھا؟

جواب: "تیتر" پالنے کا شوق تھا۔

سوال ۸۵: میر تقی میر دلی میں کب تشریف لے گئے تھے؟

جواب: ۱۷۳۹ء میں۔

سوال ۸۶: میر دہلی سے لکھنؤ ۱۷۸۲ میں گئے تھے آپ بتایئے کہ خان آرزو لکھنؤ کب گئے؟

جواب: اکتوبر ۱۷۵۴ میں

سوال ۸۷: خواجہ میر درد کی چھوٹی بڑی تصانیف کی تعداد ۱۲ ہے آپ بتایئے میر درد نے "علم الکتاب" کے بعد چار رسالے اور لکھے جنھیں "رسالہ اربعہ" کا نام دیا جاتا ہے آپ ان کے نام بتایئے؟

جواب: "نالہ درد"۔ "آہ سرد"۔ "درد دل" اور "شمع محفل"

سوال ۸۸: میر حسن کے دیوان میں کتنی غزلیں ہیں؟

جواب: ۵۱۰ غزلیں۔

سوال ۸۹: شاہ برہان الدین جانم اپنی زبان اردو کو ہندی کہتے تھے۔ آپ بتایئے سرسید نے آثار الصنادید کے طبع اول ۱۸۴۷ میں اُردو کے لیے کونسا لفظ استعمال کیا ہے؟

جواب: اردو کے لیے "ہندی" کا لفظ استعمال کیا تھا۔

سوال ۹۰: قلندر بخش جرأت کا کلام غزلیات پر مشتمل ہے۔ آپ بتایئے حسرت موہانی نے جرأت کی شاعری کا انتخاب کب شائع کیا تھا؟

جواب: ۱۹۲۸ء میں۔

سوال ۹۱: "آبِ رواں" کن دو شعراء کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: ظفر اقبال اور عبدالحمید عدم کو۔

سوال ۹۲: ''شمع و شاعر'' علامہ اقبال کی ایک نظم ہے۔ اسی نام سے طرزِ جدید کے ایک اور شاعر کی نظم بھی ہے شاعر کا نام بتائیے؟

جواب: [illegible]

سوال ۹۳: ''سودائے خام'' ایک ایسا مجموعہ کلام ہے جس میں مختلف زبانیں یعنی اردو فارسی اور سندھی کے اشعار شامل ہیں۔ خالق کا نام بتائیے؟

جواب: مرزا قلیچ بیگ۔

سوال ۹۴: سر راس مسعود نے اردو کے مشہور شعراء کے کلام پر مشتمل ایک مجموعہ شائع کیا تھا نام بتائیے؟

جواب: ''انتخابِ زمر'' کے نام سے۔

سوال ۹۵: ہندوستان میں پہلا مسلمان ادیب و شاعر کونسا تھا جسے سیاسی جرم میں کئی مرتبہ جیل جانا پڑا تھا؟

جواب: حسرت موہانی کو۔

سوال ۹۶: طویل نظم ''شہادت الحقیقت'' کا شاعر کون ہے؟

جواب: شاہ میراں جی۔

سوال ۹۷: ''شاہنامہ اسلام'' کے علاوہ حفیظ جالندھری کا وہ کونسا شاعرانہ کارنامہ ہے جس کے باعث وہ زندہ جاوید ہو چکے ہیں؟

جواب: پاکستان کا قومی ترانہ۔

سوال ۹۸: پاکستان کے قومی ترانے میں اردو کے کتنے الفاظ اور کونسے استعمال کیے گئے ہیں؟

جواب: صرف ایک ''کا'' کا لفظ۔

سوال ۹۹: پاکستان کا قومی ترانہ کس ہیئت میں لکھا گیا ہے؟

جواب: مخمس میں۔

سوال ۱۰۰: علی سردار جعفری کو کس جنگ کے خلاف نظمیں لکھنے کی پاداش میں جیل کاٹنی پڑی؟

جواب: دوسری جنگ عظیم کے خلاف۔

سوال ۱۰۱: وہ کونسا شاعر تھا جو پیدائشی اندھا تھا جس نے ایک دیوان اور ایک مثنوی ''یوسف زلیخا'' یادگار چھوڑی ہے؟

جواب: سید میراں ہاشمی۔

سوال ۱۰۲: قلی قطب شاہ عاشق مزاج شاعر تھا۔ بتائیے انھوں نے اپنی کلیات میں کتنے معشوقوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب: ۱۹ معشوقوں کا ذکر ہے۔

سوال ۱۰۳: اردو کی پہلی صاحب دیوان شاعرہ کا نام بتائیے؟

جواب: پہلے ماہ لقا چندا کو سمجھا جاتا تھا لیکن اب لطف النساء ہیں۔

سوال ۱۰۴: اس پاکستان کے پہلے شاعر کا نام بتائیے جو خود کو عوامی جنگ کا ایک سپاہی کہتا تھا؟

جواب: حبیب جالب۔

سوال ۱۰۵: حسرت موہانی نے اپنی ابتدائی نظموں کو کیا قرار دے کر غزل کی قربان گاہ پر چڑھا دیا تھا؟

جواب: مجموعہ خرافات۔

سوال ۱۰۶: علی سردار جعفری کی شاعری کی کس کتاب کا بارہ زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟

جواب: نئی دنیا کو سلام۔

سوال ۱۰۷: ناصر کاظمی نے اپنی شاعری کی ابتدا نظم سے کی یا غزل سے؟

جواب: نظم سے۔

سوال ۱۰۸: بشیر بدر نے اپنے مجموعہ کلام ''آمد'' کے ابتدائیہ کا عنوان کیا رکھا تھا؟

جواب: ایک ہزار ۲۰۲۵ کے پڑھنے والوں کے نام۔

سوال ۱۰۹: انشاء کی ذہانت و ظرافت کو کس نواب کی صحبت کھا گئی تھی؟

جواب: نواب سعادت خان کی صحبت؟

سوال ۱۱۰: ''آوازِ دوست'' میں کتنے اور کون کون سے مضامین شامل ہیں؟

جواب: صرف دو ایک ''مینار پاکستان'' اور دوسرا ''قحط الرجال''۔

سوال ۱۱۱: مضمون ''مینار پاکستان'' میں مختار مسعود نے کس منظر کو پیش کیا ہے؟

جواب: تحریک پاکستان کے منظر کو۔

سوال ۱۱۲: نثر کی وہ کونسی صنف ہے جو غزل سے مشابہت رکھتی ہے؟

جواب: ''افسانہ'' کیونکہ دونوں میں اختصار ہوتا ہے۔

سوال ۱۱۳: اردو کے کس ادیب نے انگریزوں کے زمانے میں بلوچستان میں ریلوے لائن بچھانے کے وقت کام کیا؟

جواب: مرزا ہادی رسوا نے۔

سوال ۱۱۴: پنجاب کے شہر سیالکوٹ میں کتنے اور کونسے مشہور شعراء پیدا ہوئے؟

جواب: تین علامہ اقبال، فیض احمد فیض اور ظفر علی خان۔

سوال ۱۱۵: پنجاب کے پہلے گورنر عبدالرب نشتر نے کس شاعر کو ''شہنشاہِ تغزل'' کہا تھا؟

جواب: حسرت موہانی کو۔

سوال ۱۱۶: اردو کی مشہور لغت ''فرہنگ آصفیہ'' کی کتنی جلدیں ہیں اور اس کا خالق کون ہے؟

جواب: چار جلدیں ہیں خالق سید احمد دہلوی ہیں۔

سوال ۱۱۷: اردو کے وہ کونسے شاعر ہیں جن کی نماز جنازہ عیدالاضحیٰ کے روز پڑھی گئی؟

جواب: داغ دہلوی کی۔

سوال ۱۱۸: اردو کے کس شاعر نے اپنی لڑکیوں کے لیے خاص طور پر نظمیں لکھیں جو مجموعہ کی شکل میں ''بین باجے'' کے نام سے شائع ہوا؟

جواب: محشر بدایونی۔

سوال ۱۱۹: اردو کے کس شاعر کا جدہ سعودی عرب میں دوران مشاعرہ انتقال ہوا؟

جواب: ماہر القادری کا۔

سوال ۱۲۰: محسن کاکوروی اردو ادب میں کس حوالے سے مشہور ہیں؟
جواب: انھوں نے عمر بھر صرف نعتیں لکھیں تھیں۔
سوال ۱۲۱: ابن انشاء کا انتقال لندن میں ہوا تھا۔ آپ بتائیے بہادر شاہ ظفر کہاں دفن ہیں؟
جواب: ''رنگون'' (برما/میانمار)۔
سوال ۱۲۲: اردو کے کونسے شاعر اور شاعرہ نے مرنے کے بعد اپنی لاشوں کو جلانے کی وصیت کی تھی؟
جواب: ن۔ م راشد اور عصمت چغتائی نے۔
سوال ۱۲۳: محمد حسین آزاد کے انتقال کے بعد ان کی کتب، پنجاب یونیورسٹی لاہور کو دیدی گئی تھیں آپ بتائے شبلی کی مشہور کتاب ''المامون'' کا دیباچہ کس نے لکھا؟
جواب: سرسید نے
سوال ۱۲۴: شاہ حاتم نے اپنے کس اردو دیوان کا مقدمہ فارسی میں لکھا تھا؟
جواب: ''دیوان زادہ'' کا۔
سوال ۱۲۵: صوفی تبسم کا وہ کونسا مجموعہ ہے، جس میں اردو، پنجابی اور فارسی زبان کی شاعری موجود ہے؟
جواب: ''انجمن'' میں۔
سوال ۱۲۶: اردو کے مشہور مزاح نگار پطرس بخاری نیویارک امریکہ میں دفن ہیں آپ بتائیے مولانا محمد علی جوہر کس جگہ دفن ہیں؟
جواب: ''بیت المقدس'' میں۔
سوال ۱۲۷: خواجہ حسن نظامی نے اپنے گھر کا نام ''رین بسیرا'' رکھا ہوا تھا۔ آپ بتائیے کہ ''فقیر کی کٹیا'' اور ''چودہ چھوہارے'' نامی دوائیں کونسے ادیب فروخت کرتے تھے؟
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال ۱۲۸: دردمندی کس شاعر کے ہاں غم بنتی ہے؟
جواب: میر تقی میر کے ہاں۔
سوال ۱۲۹: انشاء کی مخالفت ہمیشہ جرأت سے چلتی رہی آپ بتائیے وہ کونسا شاعر ہے، جس نے ''نوغزلہ'' لکھی ہے؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء نے۔
سوال ۱۳۰: جگر مراد آبادی کس شاعر کو اپنا پیر و مرشد مانتے ہیں؟
جواب: اصغر گونڈوی کو۔
سوال ۱۳۱: حفیظ جالندھری کی شاعری سے متاثر ہو کر ایم ڈی تاثیر نے کیا کہا تھا؟
جواب: ''حفیظ کی شاعری نغمہ شباب ہے''۔
سوال ۱۳۲: کس شاعر نے خود اپنی تاریخ وفات نکالی تھی اور وہ بالکل درست ثابت ہوئی؟
جواب: مومن خان مومن نے (کیونکہ وہ چھت سے گر کر فوت ہوئے تھے)۔
سوال ۱۳۳: اردو کے کس شاعر کا کلام بے شمار مختلف زبانوں میں شائع ہو چکا ہے؟

جواب: سعادت یار خان رنگین۔
سوال ۱۳۴: حسرت موہانی کو روسی رہنما لینن سے کس شخصیت نے متعارف کرایا تھا؟
جواب: عبیداللہ سندھی نے۔
سوال ۱۳۵: اردو شاعری کی وہ کونسی صنف ہے، جس کی جڑیں خالصتاً ہندوستان سے پھوٹتی ہیں؟
جواب: ''گیت'' کی۔
سوال ۱۳۶: مرزا غالب کی اردو کے کس مشہور شاعر سے مخالفت رہتی تھی؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق سے۔
سوال ۱۳۷: پنڈت تلوک چند محروم ایک مشہور شاعر و ادیب تھے آپ بتائیے ان کے کونسے بیٹے نے اردو میں نام کمایا؟
جواب: جگن ناتھ آزاد نے۔
سوال ۱۳۸: حفیظ ہوشیارپوری کے مجموعہ کلام ''غزل'' کا پہلے کیا نام تجویز کیا گیا تھا؟
جواب: ''زیرلب''
سوال ۱۳۹: ''حلقہ ارباب ذوق'' کا فعال رکن کون تھا؟
جواب: میراجی۔
سوال ۱۴۰: اردو کے مشہور افسانہ نگار غلام عباس کا طرز تحریر کیسا ہے؟
جواب: نفسیاتی انداز۔
سوال ۱۴۱: کس شاعر کی شاعری پر ہندی زبان کے اثرات نمایاں ہیں؟
جواب: انشاء کی شاعری پر۔
سوال ۱۴۲: مضمون ''وقت کی راگنی'' کا خالق کون ہے اور کتاب کا نام بھی بتائیے جس سے یہ مضمون لیا گیا ہے؟
جواب: حسن عسکری کی کتاب ''جھلکیاں'' سے یہ مضمون لیا گیا ہے۔
سوال ۱۴۳: پاکستان میں آدم جی ادبی ایوارڈ کی ابتداء ۱۹۶۰ء سے ہوئی تھی آپ بتائیے کہ ''پاکستان رائٹرز گلڈ'' کا سنگ بنیاد کب اور کتنے ادباء نے رکھا تھا؟
جواب: ۱۹۵۹ میں آٹھ ادباء نے سنگ بنیاد رکھا۔
سوال ۱۴۴: اردو کے عناصر خمسہ کے نام بتائیے؟
جواب: محمد حسین آزاد۔ الطاف حسین حالی۔ سرسید احمد خان۔ شبلی نعمانی اور ڈپٹی نذیر احمد۔
سوال ۱۴۵: آزاد نے آب حیات میں ولی دکنی کا اصل نام کیا لکھا ہے؟
جواب: شمس ولی اللہ۔
سوال ۱۴۶: پندرہویں اور سترہویں صدی کے دوران صوفیاء کرام نے سب سے زیادہ شاعری کس صنف میں کی تھی؟
جواب: ''دوہا'' میں۔
سوال ۱۴۷: امیر کا خطاب امیر خسرو کو کس بادشاہ نے دیا تھا؟
جواب: جلال الدین خلجی۔
سوال ۱۴۸: عثمانیہ یونیورسٹی کا قیام عمل میں کب آیا تھا؟

جواب: ۲۹ اگست ۱۹۱۹ء میں۔
سوال ۱۴۹: اردو کے اس مشہور شاعر کا نام بتایئے جو موسیقار بھی تھا؟
جواب: امیر خسرو۔
سوال ۱۵۰: بندر روڈ کراچی "خالق دینا ہال" میں کس مشہور شخصیت کے مقدمہ کی کارروائی چلی تھی؟
جواب: مولانا محمد علی جوہر۔
سوال ۱۵۱: "افکارِ پریشان" کس ادیب کی تقاریر کا مجموعہ ہے؟
جواب: جسٹس ایم آر کیانی کا۔
سوال ۱۵۲: "دانت کا دستہ" بانو قدسیہ کی کہانیوں کا مجموعہ ہے آپ بتایئے "بلو کا بستہ" کس مشہور شاعر کے بچوں کی نظموں کا مجموعہ ہے؟
جواب: ابن انشا کا۔
سوال ۱۵۳: "بہتر نشتر" اردو کے کس مشہور شاعر کے مشہور ہیں؟
جواب: میر تقی میر۔
سوال ۱۵۴: سید سلیمان ندوی اور علامہ شبیر احمد عثمانی کے مزار کہاں ہیں؟
جواب: اسلامیہ کالج کراچی میں۔
سوال ۱۵۵: "سندھ مدرسۃ الاسلام" کی بنیاد کس ادیب نے رکھی؟
جواب: حسن علی آفندی نے۔
سوال ۱۵۶: ایران میں یونیورسٹی کو عام فہم میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: دانش گاہ۔
سوال ۱۵۷: جوش ملیح آبادی کو حکومت ہند نے سب سے بڑا ادبی ایوارڈ کونسا دیا تھا؟
جواب: "پدما بھوشن" ۱۹۵۴ء میں۔
سوال ۱۵۸: اسماعیل میرٹھی کو ادبی خدمات کے صلے میں انگریز سرکار نے کیا خطاب دیا تھا؟
جواب: "خان بہادر" کا خطاب۔
سوال ۱۵۹: "تزک بابری" میں بابر نے اردو کو "اردوئے معلی" کا نام دیا تھا۔ آپ بتایئے لفظ "اردو" کا پہلی بار کس کتاب میں استعمال ہوا؟
جواب: "تزک بابری" میں۔
سوال ۱۶۰: فنی لحاظ سے شبلی کی کونسی کتاب کو ناکام ترین کہا گیا ہے؟
جواب: سوانح مولانا روم۔
سوال ۱۶۱: "اصلاحی تحریک" کے نمائندہ شاعر کون ہیں؟
جواب: الطاف حسین حالی، شبلی نعمانی اور اسماعیل میرٹھی۔
سوال ۱۶۲: کس شاعر کی زندگی کو رومانیت کی بغاوت کی مثال قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: اختر شیرانی کو۔

سوال ۱۶۳: قومی ترانے کی دھن عبدالکریم چھاگلہ نے تیار کی تھی آپ بتایئے قومی ترانہ کا دورانیہ کتنا ہے؟
جواب: ایک منٹ ۲۰ سیکنڈ۔
سوال ۱۶۴: "کاشف الحقائق" المعروف "بہارستان سخن" کے مولف کون ہیں؟
جواب: امداد امام اثر۔
سوال ۱۶۵: اردو کے کونسے مشہور شاعر اپنے ہی گھر لکھنؤ میں دفن ہیں؟
جواب: میر انیس۔
سوال ۱۶۶: "ہنوز دلی دور است" یہ قول کس کا ہے؟
جواب: نظام الدین اولیاء۔
سوال ۱۶۷: اردو کی کس ادیبہ نے اپنے افسانوں میں نفسیاتی مسائل بیان کیے ہیں؟
جواب: بانو قدسیہ نے۔
سوال ۱۶۸: تشبیہ کے ارکان کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟
جواب: پانچ ارکان۔
سوال ۱۶۹: پاکستان کا کونسا شہر معروف ادبی مرکز کے طور پر مشہور چلا آرہا ہے؟
جواب: لاہور۔
سوال ۱۷۰: قیام پاکستان کے بعد کس شاعر اور نثر نگار نے مزاحیہ ادب میں نام کمایا؟
جواب: سید ضمیر جعفری نے۔
سوال ۱۷۱: "پاکستانی ادب کا نعرہ" اردو کے کس نقاد کی اختراع ہے؟
جواب: حسن عسکری کی۔
سوال ۱۷۲: زبان کے مروج سانچے سے بیزاری کے حوالے سے کس ادیب کا نام اہم ہے؟
جواب: افتخار جالب۔
سوال ۱۷۳: ادب میں جمود کا نعرہ کس شاعر نے بلند کیا تھا؟ جم جانا - ٹھہر جانا
جواب: فیض احمد فیض نے۔
سوال ۱۷۴: خواجہ محمد میر اثر کا خواجہ میر درد سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے۔
سوال ۱۷۵: اردو کے کس شاعر نے مالی مشکلات کے باعث مزدوری اور چوکیداری بھی کی تھی؟
جواب: احسان دانش۔
سوال ۱۷۶: اردو کے وہ کونسے شاعر ہیں جنہیں لکھنؤ میں بطور امانت دفن کیا گیا اور پھر بعد میں وصیت کے مطابق انھیں دہلی لا کر دفن کیا گیا تھا؟
جواب: خان آرزو کو۔
سوال ۱۷۷: ایم ڈی تاثیر لاہور کے کس کالج میں پرنسپل مقرر ہوئے تھے نام بتایئے؟

جواب: اسلامیہ کالج لاہور۔

سوال۱۷۷: تقسیم ہند سے پہلے کس شاعر نے پاکستان کا قومی ترانہ لکھا تھا؟

جواب: اسرار الحق مجاز لکھنوی نے۔

سوال۱۷۸: حفیظ جالندھری کے مجموعہ کلام ''چراغ سحر'' میں قومی ترانہ شامل ہے آپ بتایئے قومی ترانہ کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

جواب: ۳ بند، ۱۵ مصرعے اور ۵۰ الفاظ شامل ہیں۔

سوال۱۷۹: ''رعایت لفظی'' کے فن کے سب سے بڑے استاد کون ہیں؟

جواب: امانت علی لکھنوی۔

سوال۱۸۰: ایہام گوئی کے خلاف رد عمل کی تحریک کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

جواب: اصلاح زبان کی تحریک۔

سوال۱۸۱: کسی دوسرے شاعر کے مصرعہ کو گرہ لگانا کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: تضمین۔

سوال۱۸۲: کس شاعر کے کلام میں ''دبستان دلی'' اور ''دبستان لکھنؤ'' کی خصوصیات ملتی ہیں؟

جواب: مصحفی کے کلام میں۔

سوال۱۸۳: اردو شاعری میں تناسب لفظی اور ایہام گوئی کی روایت کس نے ڈالی؟

جواب: شاہ مبارک آبرو نے۔

سوال۱۸۴: اردو کے کس ادیب کی نثر میں نظم کا سا لطف ملتا ہے؟

جواب: ابوالکلام آزاد کی نثر میں۔

سوال۱۸۵: کس عہد کو اردو غزل کا سیالی دور کہا جاتا ہے؟

جواب: مرزا عبدالقادر بیدل اور جعفر زٹلی کے عہد کو۔

سوال۱۸۶: انشاء اللہ خان انشاء نے ایک بے نقط کتاب کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: سلک گوہر کے نام سے۔

سوال۱۸۷: اردو کے کونسے شاعر ریلوے میں ٹکٹ چیکر اور گارڈ تھے؟

جواب: بہزاد لکھنوی

سوال۱۸۸: فراق گورکھپوری کا کلام کس ملک کے اردو نصاب میں شامل ہے؟

جواب: روس کے۔

سوال۱۸۹: اردو کے کونسے شاعر اپنے نام کے ساتھ مرحوم لکھتے تھے؟

جواب: جوش ملیح آبادی۔

سوال۱۹۰: ولی دکنی کے دیوان کو سب سے پہلے کس نے اور کب شائع کیا؟

جواب: گارساں دتاسی نے ۱۸۳۳ء میں شائع کیا۔

سوال۱۹۱: آرزو لکھنوی کے کونسے مجموعہ میں عربی اور فارسی کا ایک لفظ بھی استعمال نہیں ہوا؟

جواب: سریلی بانسری۔

سوال۱۹۲: رام بابو سکسینہ نے میر اور غالب کے بعد سب سے بڑا شاعر کسے کہا ہے؟

جواب: خواجہ حیدر علی آتش کو۔

سوال۱۹۳: کس شاعر کے دیوان کا مقدمہ ایک علیحدہ تصنیف اختیار کر گیا؟

جواب: الطاف حسین حالی کی کتاب ''مقدمہ شعر و شاعری''۔

سوال۱۹۴: کس شاعر نے انگریزی نظموں کو اردو میں منتقل کیا؟

جواب: اسماعیل میرٹھی نے۔

سوال۱۹۵: عبدالحق کی کونسی کتاب طبع نہ ہو سکی تھی؟

جواب: ''لغت کبیر''۔

سوال۱۹۶: ''اردو کے مترادفات'' اردو کے کس شاعر کی لغت ہے؟

جواب: احسان دانش کی۔

سوال۱۹۷: ڈاکٹر وزیر آغا کی کلیات کا نام بتایئے؟

جواب: ''چہک اٹھی لفظوں کی چھاگل''۔

سوال۱۹۸: کلیات ''خزاں کے آخری دن'' کس مشہور شاعر کی ہے؟

جواب: امجد اسلام امجد۔

سوال۱۹۹: اردو کے اس شاعر کا نام بتایئے جس کا مجموعہ کلام پہلے تو ''آہنگ'' پھر ''شب تاب'' اور پھر اس کے بعد ''ساز نو'' کے نام سے طبع ہوا؟

جواب: اسرار الحق مجاز لکھنوی۔

سوال۲۰۰: کہا جاتا ہے کہ میر تقی میر کی شاعری ''آہ'' ہے۔ آپ بتایئے کہ اس کے مقابلے میں مرزا رفیع سودا کی شاعری کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: واہ۔

سوال۲۰۱: ''انتخاب کلام میر'' کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب: مولوی عبدالحق یہ ۱۹۳۰ء میں پہلی بار شائع ہوا تھا۔

سوال۲۰۲: اسماعیل میرٹھی کی شاعری کا مقصد کیا تھا؟

جواب: اصلاح قوم۔

سوال۲۰۳: طویل نظم ''آئینہ خانہ'' کا شاعر کرنل محمد خان ہے آپ بتایئے نظم ''مشرق'' کا شاعر کون ہے؟

جواب: سلیم احمد۔

سوال۲۰۴: ''فتنہ سامانئ دل'' کس شاعرہ کی کلیات ہے؟

جواب: کشور ناہید کی۔

سوال۲۰۵: راشد الخیری جنوری ۱۸۶۸ کو دلی میں پیدا ہوئے تھے آپ بتایئے انکا ڈپٹی نذیر احمد سے کیا رشتہ تھا اور راشد الخیری کب فوت ہوئے؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد ان کے پھوپھا تھے اور ان کی وفات فروری ۱۹۰۸ء میں ہوئی۔

سوال ۲۰۶: اوپندر ناتھ اشک نے تین شادیاں کی تھیں آپ بتائیے نیاز فتح پوری نے کتنی شادیاں کی تھیں؟

جواب: انھوں نے بھی تین شادیاں کی تھیں۔

سوال ۲۰۷: عندلیب شادانی کس کی نسبت سے شادانی کہلاتے تھے؟

جواب: اپنے استاد سید اولاد حسین شاداں بلگرامی کی نسبت سے شادانی کہلاتے تھے۔

سوال ۲۰۸: عزیز احمد جامعہ عثمانیہ میں کس مضمون کے پروفیسر مقرر ہوئے تھے؟

جواب: انگریزی کے پروفیسر۔

سوال ۲۰۹: انتظار حسین کی کتاب "علامتوں کا زوال" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: مضامین کا مجموعہ ہے۔

سوال ۲۱۰: شعری مجموعے "شب زاد" ۱۹۸۷ اور "اضطراب" ۱۹۹۴ء اردو کی مشہور شاعرہ شبنم شکیل کے ہیں آپ بتائیے "بدن دریدہ"، "کیا تم پورا چاند نہ دیکھو گے"، "دھوپ" اور "آدمی کی زندگی" کس شاعرہ کے مجموعے ہیں؟

جواب: فہمیدہ ریاض کے۔

سوال ۲۱۱: رشید امجد نے پی ایچ ڈی کس موضوع پر کی تھی؟

جواب: میرا جی: شخصیت اور فن۔

سوال ۲۱۲: راجہ صاحب محمود آباد علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے آپ بتائیے کہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے پہلے رجسٹرار کون تھے؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم ۱۹۲۰ء میں مقرر ہوئے تھے۔

سوال ۲۱۳: سر راس مسعود کس یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے؟

جواب: علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے۔

سوال ۲۱۴: احمد ندیم قاسمی کو ان کے کن کن شعری مجموعوں پر آدم جی ادبی ایوارڈ ملے؟

جواب: "دشت وفا" کو ۱۹۶۳ء میں "محیط" کو ۱۹۷۶ء میں "دوام" کو ۱۹۷۹ء میں۔

سوال ۲۱۵: قدرت اللہ شہاب نے کس مضمون میں اور کہاں سے ایم اے کیا تھا؟

جواب: انگریزی میں گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال ۲۱۶: اردو ادب میں دو بہنوں خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور بہت مشہور ہیں آپ بتائیے دوسری جوڑی دو بہنوں کی کونسی ہے جنھوں نے اردو ادب میں نام کمایا؟

جواب: جمیلہ ہاشمی اور سائرہ ہاشمی۔

سوال ۲۱۷: مہدی افادی کے مضامین کا مجموعہ "افادات مہدی" کے نام سے شائع ہوا تھا آپ بتائیے "پنجاب میں اردو" (مزید تحقیق) کا مصنف کون ہے؟

جواب: محمد اکرام چغتائی۔

سوال ۲۱۸: اردو غزل کو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کرنے کی روایت کس شاعر نے ڈالی؟

جواب: تجلی قطب شاہ نے۔

سوال ۲۱۹: انور حسین آرزو لکھنوی کے دواوین کے نام بتائیے؟

جواب: "جہان آرزو"، "فغان آرزو"، "سریلی بانسری"۔

سوال ۲۲۰: امیر اللہ تسلیم لکھنوی کے دواوین کے نام بتائیے؟

جواب: "نظم ارجمند"، "نظم دل افروز" اور "دفتر خیال"۔

سوال ۲۲۱: منیر شکوہ آبادی کے دواوین کے نام بتائیے؟

جواب: "منتخب العالم"، "تنویر الاشعار" اور "نظم منیر"۔

سوال ۲۲۲: الطاف حسین حالی کی "مقدمہ شعر و شاعری" کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب: تین حصوں میں۔

سوال ۲۲۳: "فرہنگ آصفیہ" سید احمد دہلوی نے کتنے سال میں مکمل کی تھی؟

جواب: ۲۲ سال میں مکمل کی تھی۔

سوال ۲۲۴: سید علی محمد شاد عظیم آبادی کے دیوان کا نام بتائیے؟

جواب: نغمۂ الہام۔

سوال ۲۲۵: اردو میں ثلاثی کی ابتدا موجودہ دور میں کس مشہور شاعر نے کی تھی؟

جواب: حمایت علی شاعر نے۔

سوال ۲۲۶: اردو شاعری میں صنف نظمانے کی اختراع کس شاعر نے کی تھی؟

جواب: محسن بھوپالی نے۔

سوال ۲۲۷: "یہ صورت گر کچھ خوابوں کے" کس ادیب کے ادبی انٹرویوز کا مجموعہ ہے؟

جواب: طاہر مسعود کا۔

سوال ۲۲۸: "روح معانی" کس ادیب اور شاعر کی تقریروں کا مجموعہ ہے؟

جواب: مولانا ظفر علی خان کا۔

سوال ۲۲۹: ہائیکو سے مماثلت رکھنے والی وہ کونسی اردو صنف ہے جو پہلے ہی سے موجود ہے؟

جواب: "ثلاثی" کے نام سے اردو شاعری میں موجود ہے اور اس کے تین مصرعوں میں پہلے دو مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

سوال ۲۳۰: ہائیکو کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

جواب: جاپان سے۔

سوال ۲۳۱: جاپانی ہائیکو کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

۱۷ ارکان۔

سوال ۲۳۲: تین مصرعوں والی نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: ہائیکو۔

سوال ۲۳۳: "روشنی کے پھول" کس شاعر کی ہائیکو کا مجموعہ ہے؟

جواب: اختر شمار کا۔

سوال ۲۳۴: "تہی دامن" کس شاعر کی ہائیکو کا مجموعہ ہے؟

جواب: ڈاکٹر راجہ سعید اقبال سعدی کا۔

سوال ۲۳۵: اُردو میں ہائیکو کو سب سے پہلے کس ادبی جریدے نے متعارف کرایا؟

جواب: ماہنامہ "ساقی" دہلی کے جاپان نمبر نے جنوری ۱۹۳۶ء میں۔

سوال ۲۳۶: "اردو میں ہائیکو نگاری" کا مصنف کون ہے؟

جواب: محمد امین۔

سوال ۲۳۷: علامہ اقبال کو "سر" کا خطاب ملنے پر کس شاعر نے ہجو لکھی؟

جواب: مولانا ظفر علی خان نے۔

سوال ۲۳۸: "نکھرتا سورج" کس شاعر کے ہائیکو کا پہلا مجموعہ ہے؟

جواب: کرنل دل نواز۔

سوال ۲۳۹: ہائیکو کو فروغ دینے کے لیے کن اردو جرائد نے اہم کردار ادا کیا؟

جواب: "اوراق" لاہور، مدیر "ڈاکٹر وزیر آغا" نے اور "اردو ادب" راولپنڈی، مدیر بشیر سیفی" نے۔

سوال ۲۴۰: ہائیکو کا تعارف جاپانی زبان سے براہ راست ہوا یا ترجمہ کی مدد سے کسی دوسری زبان سے ہوا؟

جواب: انگریزی ترجمہ کی مدد سے۔

سوال ۲۴۱: ہجو اردو کی کس صنف کی ضد ہے؟

جواب: قصیدہ کی ضد۔

سوال ۲۴۲: "منتخب ہائیکو" کس شاعر کا مجموعہ ہے؟

جواب: نسیم سحر کا۔

سوال ۲۴۳: ہجو کو پہلی بار بطور فن کس شاعر نے پیش کیا؟

جواب: مرزا رفیع سودا نے۔

سوال ۲۴۴: اردو شاعری کی سب سے چھوٹی صنف کونسی ہے؟

جواب: رُباعی۔

سوال ۲۴۵: اردو رباعی کا پہلا شاعر کسے مانا جاتا ہے؟

جواب: ملا وجہی۔

سوال ۲۴۶: رباعی کس زبان کا لفظ ہے اور اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: عربی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی چار کے ہیں۔

سوال ۲۴۷: "پانچ جدید شاعر" کا مصنف حمید نسیم ہے آپ بتایئے کہ اداریوں کا مجموعہ "اشاریے" کا خالق کون ہے؟

جواب: محمد علی صدیقی۔

سوال ۲۴۸: "رباعیات عمر خیام" کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: محمد دین تاثیر، (ایم ڈی تاثیر)۔

سوال ۲۴۹: "اردو شہ پارے" محی الدین قادری زور کی ایک مشہور کتاب ہے۔ بتایئے اس میں ملا وجہی کی کتنی رباعیات نقل کی گئیں ہیں؟

جواب: صرف دو رباعی۔

سوال ۲۵۰: "انیس الاخلاق" میر انیس کی کتاب ہے آپ بتایئے اس کی نوعیت کیا ہے؟

جواب: رباعیات کا مجموعہ ہے۔

سوال ۲۵۱: "آتش سیال" عارف عبدالمتین کی کتاب ہے آپ بتایئے اس میں کیا شامل ہے؟

جواب: رباعیات اور قطعات کا مجموعہ ہے۔

سوال ۲۵۲: سید سلیمان ندوی نے رباعی کو فارسی النسل قرار دیا یا عربی النسل؟

جواب: عربی النسل قرار دیا تھا۔

سوال ۲۵۳: مشہور رباعی "بلغ العلیٰ بکمالہ" کس مشہور شخصیت کی ہے؟

جواب: شیخ سعدی شیرازی۔

سوال ۲۵۴: علامہ اقبال کی مشہور کتاب "بال جبریل" کے حصہ رباعیات میں کل کتنی رباعیات ہیں؟

جواب: ۳۹ رباعیات۔

سوال ۲۵۴: "دوبیتی" اور "ترانے" کا مشہور نام کیا ہے؟

جواب: رباعی۔

سوال ۲۵۵: "اردو رباعی: فنی و تاریخی ارتقاء" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری۔

سوال ۲۵۶: ولی دکنی نے چھ اور خواجہ میر درد نے ۳۲ رباعیاں کہیں تھیں آپ بتایئے مرزا غالب نے کتنی رباعیاں کہیں تھیں؟

جواب: ۱۵ رباعیاں۔

سوال ۲۵۷: "مسدس حالی" کے پہلے شعر میں کس سائنسدان اور فلسفی کا ذکر ہے؟

جواب: بقراط کا۔

سوال ۲۵۸: "مسدس حالی" کب لکھی گئی اور اس کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: ۱۸۷۹ء میں (مدوجزر اسلام)

سوال ۲۵۹: "ستاروں کی آبجو" قطعات کے مجموعہ کا شاعر کون ہے؟

جواب: مظفر وارثی۔

سوال ۲۶۰: "مسدس حالی" کا سندھی میں ترجمہ کس نے اور کس نام سے کیا تھا؟

جواب: "مسدس ابوجھو" کے نام سے، اللہ بخش ابوجھو نے۔

سوال ۲۶۱: مسدس میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔ آپ بتایئے اس کے کتنے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

جواب: چار مصرعے۔

سوال۲۶۲: ''سخن در سخن'' کس شاعر کے قطعات کا مجموعہ ہے؟
جواب: شاہد الوری کا۔
سوال۲۶۳: اردو مسدس کہنے والے شعراء میں سب سے بلند درجہ کس شاعر کا ہے؟
جواب: الطاف حسین حالی کا۔
سوال۲۶۴: ''تجدید شکوہ'' کس شاعر کے قطعات کا مجموعہ ہے؟
جواب: طفیل ہوشیار پوری کا۔
سوال۲۶۵: ''مسدس حالی'' کے کل اشعار کی تعداد بتایئے؟
جواب: ۲۸۰۰ سو اشعار۔
سوال۲۶۶: احسان دانش کی مسدس کا کیا نام ہے اور اس میں کتنے بند ہیں؟
جواب: ''وارین'' ۳۰۷ بند پر مشتمل ہے۔
سوال۲۶۷: ''ادائے خواب'' کس شاعر کے قطعات کا مجموعہ ہے؟
جواب: محسن نقوی۔
سوال۲۶۸: مرثیہ کے لیے مسدس کو کس شاعر نے مخصوص کیا؟
جواب: میر ضمیر لکھنوی۔
سوال۲۶۹: سرسید کی وفات پر اکبر الٰہ آبادی نے ایک قطعہ کہا تھا جس کا ایک مصرعہ بہت مشہور ہوا آپ وہ مصرعہ سنایئے؟
جواب: ''خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں''۔
سوال۲۷۰: ''مسدس حالی'' کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا؟
جواب: ''یہ ایک الہامی کتاب ہے اس کو تاریخ ارتقائے اردو ادب میں ایک سنگ میل سمجھنا چاہیے یہ ایک تارا ہے جو اردو کے افق شاعری پر طلوع ہوا''۔ رام بابو سکسینہ نے ''تاریخ ادب اُردو'' میں کہا تھا۔
سوال۲۷۱: اصناف سخن اور شعری ہیئتیں'' کس ادیب نے رباعی پر یہ مشہور کتاب تخلیق کی تھی؟
جواب: شمیم احمد۔
سوال۲۷۲: یہ مشہور رباعی کس شاعر کی ہے؟
جواب: مسجد کو دیا چھوڑ ریا کی خاطر
کعبے نہیں جاتا تو حیا کی خاطر
مے خانے میں جاتا ہوں تو رحمت کے لیے
مے پیتا ہوں احسان خدا کی خاطر
(غلام محمد مولی قلق میرٹھی)۔
سوال۲۷۳: الطاف حسین حالی کی ''مسدس حالی'' کی ابتداء میں جو رباعی بیان کی گئی ہے اسے سنایئے؟
جواب: پستی کا کوئی حد سے گزرنا دیکھے

اسلام کا گر کر نہ ابھرنا دیکھے
مانے نہ کبھی کہ مد ہے ہر جزر کے بعد
دریا کا ہمارے جو اترنا دیکھے
سوال۲۷۴: ''اردو رباعیات'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی تھی؟
جواب: سلام سندیلوی نے۔
سوال۲۷۵: جوش ملیح آبادی کی طویل ترین نظم کونسی ہے اور اس نظم میں کتنے اشعار ہیں؟
جواب: نظم ''حرف آخر'' ۲۵ ہزار پر مشتمل ہے۔
سوال۲۷۶: میر انیس کی رباعیات کا ایک مجموعہ کا نام ''انیس الاخلاق'' ہے آپ دوسرے کا نام بتایئے؟
جواب: رباعیات انیس۔
سوال۲۷۷: قطعات کا مجموعہ ''الواح'' کس ادیب کی تخلیق ہے؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی۔
سوال۲۷۸: میر انیس کے مجموعہ کلام میں تقریباً ۵۵۰ رباعیاں ہیں آپ بتایئے مرزا دبیر کے مجموعہ کلام میں کتنی رباعیاں ہیں؟
جواب: دو سو رباعیاں۔
سوال۲۷۹: برصغیر میں رباعیات عمر خیام کا ترجمہ کن ادیبوں نے کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر سلیم واجد سلیم اور ڈاکٹر محمد دین تاثیر نے۔
سوال۲۸۰: پاکستان کے مشہور سیاستدان طالب المولیٰ نے کس نام سے رباعیاں لکھی تھیں؟
جواب: ''رباعیات طالب'' کے نام سے۔
سوال۲۸۱: اردو کے مشہور رباعی گو شعراء کے نام بتایئے؟
جواب: خواجہ میر درد، مرزا رفیع سودا، میر حسن، حسرت موہانی، قلندر بخش جرأت، انشاء اللہ خان انشاء، غلام ہمدانی مصحفی، مومن خان مومن۔
سوال۲۸۲: اکبر الٰہ آبادی کی رباعیاں محاسن شعری کے لحاظ سے الطاف حسین حالی کی رباعیوں سے برتر ہیں آپ بتائے کہ صادقین نے کس نام سے رباعیاں لکھی ہیں؟
جواب: رباعیات صادقین۔
سوال۲۸۳: صبا اکبر آبادی نے ''دست زرفشاں'' کے نام سے عمر خیام کی رباعیات کو اردو میں ترجمہ کیا تھا آپ بتایئے مرزا غالب کی تمام فارسی رباعیات کا صبا اکبر آبادی نے اردو میں کس نام سے ترجمہ کیا ہے؟
جواب: ''ہم کلام'' کے نام سے۔
سوال۲۸۴: غلام قادر گرامی کی رباعیات کے فارسی مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب: رباعیات گرامی۔
سوال۲۸۵: شروع شروع میں قطعہ کو کن صنف شاعری کا حصہ سمجھا جاتا تھا؟
جواب: اساسی طور پر یہ قصیدہ اور غزل کا ایک ٹکڑا تھا۔ یہی قطعہ کے معنی ہے۔

سوال ۲۸۶: درج ذیل قطعہ کس مشہور شاعر کا ہے؟

بن کے افسر تمہارے دفتر میں
وقت اب کس طرح سے کاٹوں میں
آمدنی ہی نہیں جب اوپر کی
کیا تیری افسری کو چاٹوں میں

جواب: ڈاکٹر انعام الحق جاوید

سوال ۲۸۷: "مسدس حالی" کا پہلا بند سنایئے جس میں یونانی فلسفی کا ذکر ہے؟

جواب:
کسی نے یہ بقراط سے جا کے پوچھا
مرض تیرے نزدیک مہلک ہیں کیا کیا
کہا دکھ جہاں میں نہیں کوئی ایسا
کہ جس کی دوا حق نے کی ہو نہ پیدا
مگر وہ مرض جس کو آسان سمجھیں
کہے جو طبیب اس کو ہذیان سمجھیں

سوال ۲۸۸: "اردو میں قطعہ نگاری" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا۔

سوال ۲۸۹: شاہد الوری نے مرزا غالب کی تضامین کر کے کس نام سے قطعات کا مجموعہ شائع کیا؟

جواب: چراغ سے چراغ۔

سوال ۲۹۰: غزل کی مانند رباعی کو بھی بالعموم رودکی سے منسوب کیا جاتا ہے آپ بتایئے کہ رودکی نے رباعی کو کونسا نام دیا تھا؟

جواب: "ترانہ"۔

سوال ۲۹۱: "مسدس ابو جھو" کے پہلے حصے میں سندھ مدرسہ کے قیام کی تاریخ نظم کی گئی ہے۔ آپ بتایئے دوسرے حصے میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

جواب: "مسدس حالی" کا سندھی زبان میں ترجمہ۔

سوال ۲۹۲: اردو قطعات کا دیدہ زیب مجموعہ "ردائے خواب" کا شاعر کون ہے؟

جواب: محسن نقوی۔

سوال ۲۹۳: صدیق احمد بے نظیر نے کس جنگ کے موقع پر مسدس لکھ کر اس کا اسی انداز میں ترجمہ کیا؟

جواب: جنگ بلقان کا۔

سوال ۲۹۴: اردو کے مشہور شاعر اور افسانہ نگار احمد ندیم قاسمی کے قطعات کا مجموعہ کونسا ہے؟

جواب: "رم جھم"۔

سوال ۲۹۵: مسدس کے ایک بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں آپ بتایئے کہ مسدس کے کتنے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

جواب: پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ و ہم ردیف یا صرف ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

سوال ۲۹۶: بتایئے "مسدس اسلام" کا شاعر کون ہے؟

جواب: مولانا نامی اعظم۔

سوال ۲۹۷: شبلی نعمانی نے ایک افسانوی نظم قطعہ کی ہیئت میں لکھی تھی آپ نام بتایئے؟

جواب: عدل جہانگیر۔

سوال ۲۹۸: جاپانی ہائیکو تین سطروں پر مشتمل ہوتی ہے۔ آپ بتایئے اس کے ارکان تہجی کون کون سے ہیں؟

جواب: پانچ، سات اور پانچ ارکان تہجی۔

سوال ۲۹۹: اردو ہائیکو کا آغاز ترجموں سے ہوتا ہے۔ آپ بتایئے اردو کے اولین ترجمہ نگاروں میں سے کن کے نام اہم ہیں؟

جواب: عبدالعزیز خالد، ظفر اقبال، محمد امین اور ڈاکٹر پرویز پروازی۔

سوال ۳۰۰: مشفق خواجہ کے قطعات کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: "ابیات" کے نام سے۔

سوال ۳۰۱: اردو میں ہائیکو کی پہلی کتاب کس شاعر نے اور کب لکھی تھی؟

جواب: محمد امین نے ۱۹۸۲ء میں "اردو میں ہائیکو نگاری" کے نام سے۔

سوال ۳۰۲: راولپنڈی سے شائع ہونے والے "اردو ادب" نامی جریدے کا ہائیکو نمبر کس نے مرتب کیا تھا؟

جواب: "اردو ادب" کے مدیر ڈاکٹر بشیر سیفی نے۔

سوال ۳۰۳: عہد جدید میں کن اردو شعراء نے ہجو نگاری کو اپنایا تھا؟

جواب: الطاف حسین حالی اور مولوی اسماعیل میرٹھی نے۔

سوال ۳۰۴: اردو شاعری میں کن شعراء نے ہجو نگاری کی ہے؟

جواب: شاکر ناجی، میر ضاحک، مرزا رفیع سودا، بقاء اللہ بقا اور انشاء اللہ خان انشاء۔

سوال ۳۰۵: محسن بھوپالی کے اولین مجموعہ کا نام بتایئے جس میں انھوں کا ۱۹۵۴ء میں تحریر کردہ یہ مشہور قطعہ بھی موجود ہے؟

تلقین اعتماد وہ فرما رہے ہیں آج
راہِ طلب میں خود جو کبھی معتبر نہ تھے
نیرنگیٔ سیاست دوراں تو دیکھیے
منزل انھیں ملی جو شریک سفر نہ تھے

جواب: مجموعہ کلام "شکست شب"۔

سوال ۳۰۶: مرزا دبیر کا یہ نامکمل ہجویہ شعر مکمل کریں۔

ارزق یہاں برابر قاسم پہنچ گیا
وہ صرصر خزاں یہ گل باغ مجتبیٰ

سوال ۳۰۷: ہائیکو کے مشہور شعراء کے نام بتایئے؟

جواب: بشیر سیفی، جمیل ملک، خاور اعجاز، اختر شمار اور محمد امین۔

سوال ۳۰۸: جدیدیت سے کیا مراد ہے؟

جواب: ''آزادی کے بعد پاکستان میں جو ادب تخلیق ہوا اسے جدید ادب کہا جاتا ہے جن کا مرکز لاہور ثابت ہوا۔ شاعروں اور ادیبوں نے ہجرت کے تجربے کو شاعری میں بیان کیا اور اس ماحول کے حوالے سے تشبیہ، استعارہ اور علامت کا نیا اسلوب مرتب کیا''۔

سوال ۳۰۹: دبستان کی تعریف بیان کریں؟

جواب: جب بہت سے ادیب اور شعراء ایک مخصوص علاقے اور زمانے کی طرز بود و باش اور سماجی اقدار سے متاثر ہو کر ادب میں ایک ہی طرز فکر اور انداز نظر اپناتے ہیں تو ایک دبستان کہلاتا ہے۔ مثلاً دبستان لکھنؤ اور دبستان دہلی۔

سوال ۳۱۰: جمالیات کی تعریف بیان کریں۔

جواب: جمالیات کا مطلب کسی چیز کا حسن اور خوبصورتی ہے۔ قاری یا نقاد کے ذہن پر اچھا اثر چھوڑنے والا ادب اپنی خوبصورتی اور عمدگی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔

سوال ۳۱۱: درج ذیل مصرعہ کس مشہور شاعر کا ہے؟

''حاصل نہ کیجیے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو''

جواب: مرزا غالب کا مصرع ہے۔

سوال ۳۱۲: ''کلیات ولی'' کا مرتب کون ہے؟

جواب: نورالحسن ہاشمی۔

سوال ۳۱۳: ''بیخودی لے گئی کہاں ہم کو دیر سے انتظار ہے اپنا'' یہ مصرعہ کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: میر تقی میر۔

سوال ۳۱۴: ''کلیات سودا'' کا مرتب عبدالباری آسی ہے آپ بتایئے ''کلیات چکبست'' کا مرتب کون ہے؟

جواب: کالی داس گپتا رضا۔

سوال ۳۱۵: ''لکھنؤ کا دبستان شاعری'' کا مصنف ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ہے جنھوں نے اس کتاب کو ۱۹۴۴ء میں شائع کیا تھا۔ آپ بتایئے نورالحسن ہاشمی نے ''دلی کا دبستان شاعری'' کب شائع کی تھی؟

جواب: ۱۹۸۷ء میں۔

سوال ۳۱۶: ''بنگال کا اردو ادب'' کا مصنف ڈاکٹر جاوید نہال ہے آپ بتایئے کہ ''عبدالحق بحیثیت محقق'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: قاضی عبدالودود۔

سوال ۳۱۷: ''آزاد بحیثیت محقق'' قاضی عبدالودود کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''بیسویں صدی کا اردو ادب'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد صادق۔

سوال ۳۱۸: امام بخش ناسخ کا پہلا دیوان ''دیوان ناسخ'' کے نام سے اور دوسرا دیوان ''دفتر پریشان'' کے نام سے شائع ہوا تھا آپ بتایئے کہ تیسرا دیوان کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: ''دفتر شعر'' کے نام سے تیسرا دیوان شائع ہوا۔

سوال ۳۱۹: تشبیہ کے ارکان کی تعداد پانچ ہوتی ہے۔ آپ بتایئے استعارہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟

جواب: آٹھ ارکان۔

سوال ۳۲۰: بتایئے رباعی کے لیے کتنے اوزان مقرر ہیں؟

جواب: ۲۴ اوزان۔

سوال ۳۲۱: مجموعۂ نثر غالب اُردو'' خلیل الرحمٰن داؤدی نے ۱۹۶۷ میں مرتب کیا تھا آپ بتایئے ''کلیات نثر حالی'' ۱۹۶۷ میں کس نے مرتب کیا تھا؟

جواب: اسماعیل پانی پتی۔

سوال ۳۲۲: مختار مسعود کی مشہور کتاب ''آواز دوست'' کے دو مضامین ہیں آپ بتایئے کہ پہلا مضمون کب شائع ہوا تھا اور یہ کس جریدہ کے شمارہ میں شائع ہوا تھا؟

جواب: ۱۹۶۸ میں ''نقوش'' کے ایک شمارے میں شائع ہوا تھا۔

سوال ۳۲۳: ''آواز دوست'' کا پہلا مضمون طویل ہے یا دوسرا مضمون؟

جواب: دوسرا مضمون ''قحط الرجال'' جو ۱۹۷۳-۱۹۷۱ میں مکمل ہوا تھا۔ یہ خاصا طویل اور کتاب کے تقریباً دو سو صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔

سوال ۳۲۴: قمر جلالوی کا وہ کونسا آخری مشہور شعر ہے جو انھوں نے اپنے انتقال سے چند دن پہلے کہا اور روز نامہ ''جنگ'' کراچی کو اپنے خط میں لکھ بھیجا تھا؟

جواب:
تم کو ہم خاک نشینوں کا خیال آنے تک
شہر تو شہر ہیں بدل جائیں گے ویرانے تک

سوال ۳۲۵: فیض احمد فیض بیروت (لبنان) سے کونسا رسالہ نکالتے تھے؟

جواب: ''لوٹس'' کے نام سے

سوال ۳۲۶: امیر خسرو نے اکثر جگہ ایک ہی شعر میں آدھا مصرع فارسی کا اور باقی آدھا مصرع اُردو کا کہا تھا۔ آپ بتایئے اس کے علاوہ انھوں نے اور کونسا تخلیقی راستہ اپنایا؟

جواب: شعر کا ایک مصرع فارسی میں اور دوسرا مصرع اُردو میں کہا۔

سوال ۳۲۷: بیاض اور تذکرہ میں کیا فرق ہے؟

جواب: بیاض میں صرف شاعروں کا پسندیدہ کلام درج کیا جاتا ہے جبکہ تذکرے میں شاعروں کے منتخب کلام کے ساتھ ساتھ اُن کے حالات زندگی بھی درج کیے جاتے ہیں۔ تذکرے عام طور پر حروف تہجی کے اعتبار سے یا کسی اور اصول ترتیب سے مرتب کیے جاتے ہیں جبکہ بیاض میں کوئی ترتیب نہیں ہوتی۔

☆☆☆

غالبیات

سوال ۱: مرزا غالب نے ابتدائی تعلیم کس مشہور عالم سے حاصل کی؟
جواب: مولوی محمد معظم۔
سوال ۲: بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالب کو ۱۸۵۰ء میں کس کام پر مقرر کیا تھا؟
جواب: خاندان تیموری کی تاریخ لکھنے پر۔
سوال ۳: مرزا غالب کی وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: اردو شاعری اور اردو خطوط ان کی وجہ شہرت ہیں۔
سوال ۴: بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالب کو خاندان تیمور کی تاریخ لکھنے پر مامور کیا تھا، اس کتاب کا نام "پرتوستان" رکھا گیا تھا مگر ۱۸۵۷ کے ہنگاموں کی وجہ سے تصنیف کا یہ سلسلہ بند ہو گیا تھا۔ آپ بتائیے بعد ازاں یہ کس نام سے شائع ہوئی؟
جواب: مہر نیمروز کے نام سے فارسی زبان میں۔
سوال ۵: مرزا غالب کا مجموعہ خطوط ۱۸۶۸ء میں کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: "عود ہندی" کے نام سے۔
سوال ۶: غالب کے خطوط کا دوسرا مجموعہ جوان کی وفات کے ۱۹ دن کے بعد شائع ہوا اس کا نام کیا ہے؟
جواب: "اردوئے معلیٰ" دو حصوں پر مشتمل ہے۔
سوال ۷: مرزا کے خطوط کا آخری مجموعہ کس نام سے شائع ہوا، اور اس میں خطوط کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: "مکاتیب غالب" ۱۱۵ خطوط کا مجموعہ ہے۔
سوال ۸: "مہر نیمروز" میں مرزا غالب نے تیمور سے لے کر کس بادشاہ تک تاریخ لکھی ہے؟
جواب: ہمایوں بادشاہ تک۔
سوال ۹: مرزا غالب نے ۱۱ مئی ۱۸۵۷ تا ۳۱ جولائی ۱۸۵۸ کے واقعات یعنی حالات جنگ لکھے تھے اس کتاب کا نام بتائیے؟
جواب: "دستنبو" کے نام سے فارسی میں لکھی تھی۔
سوال ۱۰: مرزا غالب نے اپنی ابتدائی اردو شاعری میں کس شاعر کی پیروی کی تھی؟
جواب: مرزا عبدالقادر بیدل کی جو نہایت مشکل طرز تھی۔
سوال ۱۱: مرزا غالب کو "حیوان ظریف" کا خطاب کس شاعر نے دیا تھا؟
جواب: الطاف حسین حالی نے۔
سوال ۱۲: مرزا غالب نے مولوی محمد حسین برہان تبریزی کی کتاب "برہان قاطع" کی غلطیوں کو ثابت کرنے کے لیے "قاطع برہان" لکھی۔ بعد میں اس کتاب میں مرزا غالب نے اضافہ کر کے دوبارہ کس نام سے شائع کروایا تھا؟
جواب: "درفش کاویانی" کے نام سے۔

سوال ۱۳: اردو ادب میں "سوز و گداز" کی ترجمانی میں میر تقی میر کو درجہ اول حاصل ہے آپ بتائیے کہ غالب کو کس خصوصیت میں درجہ اول حاصل ہے؟
جواب: "نازک خیالی" میں۔
سوال ۱۴: "نازک خیالی" کے حوالے سے مرزا غالب کا مشہور شعر سنائیے؟
جواب:
میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں، اسد
سنگ اٹھایا تھا کہ سر یاد آیا
سوال ۱۵: برصغیر پاک و ہند میں مرزا غالب کی سو سالہ برسی ۱۹۶۹ء میں منائی گئی تھی آپ بتائیے مرزا غالب کا سو سالہ یوم پیدائش کب منایا گیا؟
جواب: ۱۸۹۷ میں۔
سوال ۱۶: مرزا غالب کی دو سو سالہ یوم پیدائش کب منایا گیا؟
جواب: ۱۹۹۷ میں۔
سوال ۱۷: مرزا غالب کتنے سال کی عمر میں دہلی تشریف لائے تھے؟
جواب: ۱۸۔۱۸۱۷ میں صرف ۲۰ سال کی عمر میں۔
سوال ۱۸: مرزا غالب اپنی تصنیف "دستنبو" کس ملکہ کو پیش کرنے کا ارادہ رکھتے تھے؟
جواب: ملکہ وکٹوریہ کو۔
سوال ۱۹: مرزا غالب کی پنشن کس سن میں موقوف ہو گئی تھی؟
جواب: ۱۸۵۷ کی جنگِ آزادی کے بعد۔
سوال ۲۰: مرزا غالب کن علامات سے مرغوب ہو کر ان سے خونِ شہداء مراد لیتے تھے؟
جواب: لالہ و لالہ گل۔
سوال ۲۱: مرزا غالب کی اردو اور فارسی تصانیف کی تعداد بتائیے؟
جواب: کل ۲۴ تصانیف ہیں۔
سوال ۲۲: مرزا غالب کے فارسی دواوین کے نام بتائیے؟
جواب: "گل رعنا" اور "میخانہ آرزو"۔
سوال ۲۳: مرزا غالب نے رام پور کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: "دارالسرور" کا خطاب۔
سوال ۲۴: مرزا غالب کے کس شعر کو ڈاکٹر برجموہن دتاتریہ کیفی نے علامہ اقبال کی نظم "شکوہ" کا خلاصہ قرار دیا تھا؟
جواب:
ہیں آج کیوں ذلیل؟ کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخیٔ فرشتہ ہماری جناب میں
سوال ۲۵: مرزا غالب کے مشہور شاگردوں کے نام بتائیے؟
جواب: میر مہدی مجروح، الطاف حسین حالی، قربان علی بیگ سالک، منشی ہرگوپال تفتہ۔

سوال ۲۶: مرزا غالب نے جو خطوط احباب کو لکھے تھے وہ کس نام سے شائع ہوئے؟

جواب: ''عودِ ہندی'' کے نام سے ۱۸۶۸ میں شائع ہوا۔

سوال ۲۷: مرزا غالب کا پہلا اُردو دیوان کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

جواب: دہلی سے ۱۸۴۱ میں شائع ہوا۔

سوال ۲۸: ''لطائف غیبی'' رسالہ مرزا غالب نے کس فرضی نام سے لکھا تھا؟

جواب: میاں داد خاں سیاح کے نام سے۔

سوال ۲۹: ''سبد چین'' میں مرزا غالب کے قصائد کے علاوہ کیا شامل ہے؟

جواب: قطعات اور خطوط۔

سوال ۳۰: مرزا غالب کی زندگی کا بیشتر حصہ دہلی کے کس حصہ میں گزرا؟

جواب: محلہ بلّی ماراں۔

سوال ۳۱: مرزا غالب نے اپنی کس تصنیف میں انشاء پردازی کے اصول بیان کیے ہیں؟

جواب: ''پنج آہنگ'' میں۔

سوال ۳۲: مرزا غالب نے سب سے پہلا خط میر مہدی مجروح کو لکھا تھا، آپ بتایئے غالب نے آخری خط کسے لکھا تھا؟

جواب: نواب علاؤالدین علائی کو۔

سوال ۳۳: مرزا غالب نے کس شہر کو ہندوستان کا بغداد کہا تھا؟

جواب: لکھنؤ کو۔

سوال ۳۴: مرزا غالب کا پہلا نقاد کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کو۔

سوال ۳۵: مرزا غالب جنگ آزادی کو کیا نام دیتے تھے؟

جواب: فتنہ آشوب۔

سوال ۳۶: مرزا غالب نے کل ۳۲۸ غزلیں لکھی تھیں آپ بتایئے انھوں نے اُردو خطوط کی ابتداء کب کی؟

جواب: ۱۸۴۸ میں۔

سوال ۳۷: مرزا غالب نے کل گیارہ مثنویاں لکھی تھیں آپ بتایئے کہ انھوں نے کتنے اردو قصیدے لکھے تھے؟

جواب: صرف چار اردو قصیدے۔

سوال ۳۸: مرزا غالب کے فرضی استاد کا نام ملا عبدالصمد ہے آپ بتایئے کس شاعر کے بے معنی اشعار اپنے نام منسوب ہونے کی وجہ سے مرزا غالب نے ''اسد'' کی بجائے ''غالب'' تخلص رکھا؟

جواب: میر امانی اسد جو غالب کا ہم عصر تھا۔

سوال ۳۹: مرزا غالب کی پہلی سوانح عمری کب اور کس نام سے شائع ہوئی؟

جواب: ''یادگار غالب'' کے نام سے ۱۸۹۷ میں الطاف حسین حالی نے شائع کی۔

سوال ۴۰: ''غالب ایوارڈ'' کس ملک کا ادبی ایوارڈ ہے؟

جواب: بھارت کا۔

سوال ۴۱: مرزا غالب کی شاعری کو ہم کتنے ادوار میں تقسیم کرتے ہیں؟

جواب: مرزا غالب کی شاعری کو تین ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

سوال ۴۲: مرزا غالب نے کس سن میں اسد کی بجائے غالب تخلص رکھا تھا؟

جواب: ۱۸۱۶ میں۔

سوال ۴۳: مرزا غالب نے ۱۳ برس کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا تھا آپ بتایئے ان کی شادی کتنے برس کی عمر میں ہوئی تھی؟

جواب: ۱۳ برس کی عمر میں۔

سوال ۴۴: مرزا غالب کو بہادر شاہ ظفر نے کون کون سے خطابات دیئے تھے؟

جواب: ''نجم الدولہ''، ''دبیر الملک'' اور ''نظام جنگ'' کے خطابات ۱۸۵۰ میں دیئے گئے تھے۔

سوال ۴۵: مرزا غالب کو اپنی پنشن کے دعویٰ کے لیے کلکتہ کب جانا پڑا تھا؟

جواب: ۲۸-۱۸۲۷ میں۔

سوال ۴۶: ''عودِ ہندی'' میں غالب کے خطوط کے علاوہ کونسی تحریریں شامل ہیں؟

جواب: دو کتابوں کی تقریظیں ہیں۔

سوال ۴۷: مرزا غالب کے کتنے بچے پیدا ہوئے تھے؟

جواب: سات بچے پیدا ہوئے مگر ایک بھی زندہ نہ بچ سکا۔

سوال ۴۸: اردو خطوط میں سلیس مکتوب نگاری کی ابتداء کس شاعر نے کی؟

جواب: مرزا غالب نے۔

سوال ۴۹: مرزا غالب کی زندگی میں ''دیوان غالب'' (اردو) کے کتنے ایڈیشن شائع ہوئے؟

جواب: پانچ ایڈیشن۔

سوال ۵۰: مرزا غالب کے بارے میں یہ قول کس مشہور نقاد کا ہے؟

''ہندوستان کی دو الہامی کتابیں ہیں، ایک وید مقدس اور دوسری دیوان غالب''

جواب: عبدالرحمٰن بجنوری نے اپنی مشہور کتاب ''محاسن کلام غالب'' میں کہا تھا۔

سوال ۵۱: ''بادِ مخالف'' میں مرزا غالب نے فارسی کے کتنے شعراء کو اپنا معنوی استاد کہا تھا؟

جواب: ۹ نو شعراء کو۔

سوال ۵۲: یہ قول مرزا غالب کے بارے میں کس مشہور شخصیت کا ہے؟

''غالب کے خطوط نے حالی اور سرسید کو نثر لکھنا سکھائی''۔

جواب: پروفیسر آل احمد سرور۔

سوال ۵۳: مرزا غالب کس مشہور فارسی شاعر کے قلم کو ''عصائے خضر'' کہا کرتے تھے؟

جواب: مرزا عبدالقادر بیدل کے قلم کو۔

سوال ۵۴: میر انیس کس شاعر کو "یگانۂ فن" کہا کرتے تھے؟
جواب: مرزا غالب کو۔
سوال ۵۵: مرزا غالب کی بیوی "امراؤ بیگم" عمر میں غالب سے کتنی چھوٹی تھی؟
جواب: صرف دو سال۔
سوال ۵۶: اردو کے کس شاعر نے اپنے اردو مجموعہ کلام کو بے رنگ کہا تھا؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۵۷: علامہ اقبال نے مرزا غالب کو اردو کا پہلا فلسفی شاعر کہا تھا۔ آپ بتایئے اردو کا پہلا باغی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: مرزا غالب کو۔
سوال ۵۸: اردو زبان کا پہلا باغی شاعر غالب کو کیوں کہا جاتا ہے؟
جواب: "کیونکہ مرزا غالب نے غزل کی مروجہ روایات سے انحراف کیا تھا"۔
سوال ۵۹: مرزا غالب نے فارسی شاعری کی ابتداء ۱۸۱۱ میں کی تھی آپ بتایئے انھوں نے اردو شاعری کی ابتداء کب کی؟
جواب: ۱۸۱۲ میں۔
سوال ۶۰: مرزا غالب کے پہلے دیوان کی ترتیب کس نے کی؟
جواب: فضل الحق خیر آبادی۔
سوال ۶۱: مرزا غالب کس کتاب کو "الفاظ کا بھٹیار خانہ" کہتے تھے؟
جواب: رجب علی بیگ سرور کی "فسانۂ عجائب" کو۔
سوال ۶۲: مرزا غالب کو سب سے پہلے "چچا غالب" کس ادیب نے کہا تھا؟
جواب: سرسید احمد خان نے۔
سوال ۶۳: اردو کا وہ کونسا شاعر ہے جس نے صرف ۱۸ سال کی عمر میں مرزا غالب کے دیوان کے جواب میں دیوان لکھا تھا، لیکن غالب کی برہمی اور اپنے والد کے حکم پر اسے نذر آتش کر دیا تھا؟
جواب: فضل الحق خیر آبادی۔
سوال ۶۴: "مکاتیب غالب" امتیاز علی عرشی نے کب مرتب کی تھی؟
جواب: ۱۹۳۷ میں۔
سوال ۶۵: یہ کس مشہور شاعر نے کہا تھا کہ
"میں نے کتابیں گھر کے طاق میں رکھ دی ہیں"
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۶۶: میر امن کی باغ و بہار کے بعد اردو نثر کا بڑا شاہکار کسے کہتے ہیں؟
جواب: "خطوط غالب" کو۔

سوال ۶۷: داغ دہلوی کا وہ کونسا شعر ہے جو مرزا غالب کو اتنا پسند تھا کہ آپ اس شعر کو بار بار پڑھتے تھے اور خوش ہوتے تھے اور جو کوئی ان کے پاس سے گزرتا اس کو یہ شعر سناتے اور فرماتے کہ اس شعر نے مجھے تڑپا دیا ہے؟
جواب: رُخِ روشن کے آگے شمع رکھ کر وہ یہ کہتے ہیں
اُدھر جاتا ہے دیکھیں یا اِدھر آتا ہے پروانہ۔
سوال ۶۸: مرزا غالب سے پہلے خطوط نویسی کا انداز کیسا تھا؟
جواب: پرتکلف اور پیچیدار۔
سوال ۶۹: کس مصور نے مرزا غالب کے اشعار کی مصوری کی تھی؟
جواب: عبدالرحمٰن چغتائی۔
سوال ۷۰: عام طور پر مرزا غالب کی اردو غزلیں کتنے اشعار پر مشتمل ہیں؟
جواب: نو اور دس اشعار پر۔
سوال ۷۱: علامہ اقبال نے "بانگ درا" میں کس شاعر کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے؟
جواب: "مرزا غالب" کے نام سے نظم لکھ کر۔
سوال ۷۲: اردو کے کونسے مشہور شاعر اپنی بیوی کو "حضرت موسیٰ کی بہن" کہا کرتے تھے؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال ۷۳: میر انیس نے مرزا غالب کے انتقال پر کونسا مشہور شعر کہا تھا؟
جواب: گلزار جہاں سے باغ جنت میں گئے
مرحوم ہوئے جوار رحمت میں گئے
سوال ۷۴: مرزا غالب نے امام بخش ناسخ کے بارے میں کیا کہا تھا؟
جواب: "یہ یک فنے تھے صرف غزل کہتے تھے"۔
سوال ۷۵: "مکاتیب غالب" مرزا غالب کے خطوط کا آخری مجموعہ ہے، جس میں ۱۱۵ خطوط ہیں یہ خطوط غالب نے کسے لکھے تھے؟
جواب: نواب یوسف علی خان بہادر اور نواب کلب علی خان کو۔
سوال ۷۶: ۱۸۵۷ کی جنگ آزادی کے دوران مرزا غالب کے کس رشتہ دار کا انتقال ہوا؟
جواب: مرزا غالب کے چھوٹے بھائی کا۔
سوال ۷۷: پروفیسر حمید احمد خان نے "نسخۂ حمیدیہ" کی تصحیح کی اور کارآمد حواشی کے ساتھ ۱۹۶۹ میں اسے طبع کیا۔ ان کے مطابق ۲۳۵ غزلوں میں تخلص "اسد" آیا ہے۔ آپ بتایئے کتنی غزلوں میں تخلص "غالب" آیا ہے؟
جواب: ۳۸ غزلوں میں۔

سوال ۹۱: اردو کے وہ کونسے مشہور شاعر تھے جس نے کبھی اپنا مقابلہ کسی اردو شاعر سے نہیں کیا تھا؟

جواب: مرزا غالب نے۔

سوال ۹۲: مرزا غالب کے بارے میں یہ قول کس مشہور محقق کا ہے کہ؟
''اگر کوئی فلسفی شاعر مرزا غالب کا ہم مقابل یورپ میں گزرا ہے تو وہ جرمنی کا مشہور شاعر ''گوئٹے'' ہے۔

جواب: رام بابو سکسینہ کا قول ہے۔

سوال ۹۳: مرزا غالب اپنے کس مخالف شاعر کو ''فرید آباد کا کھتری'' کہتے تھے؟

جواب: مرزا قتیل کو۔

سوال ۹۴: ''جلوہ خضر'' میں صفیر بلگرامی نے کس مشہور شاعر سے اپنی ملاقات کا ذکر کیا ہے؟

جواب: مرزا غالب سے۔

سوال ۹۵: مرزا غالب نے جنگ آزادی (غدر) ۱۸۵۷ کو کیا کہا تھا؟

جواب: رستاخیز بے جا۔ (قیامت، ہنگامہ)

سوال ۹۶: مرزا غالب نے اپنے خطوط سے کس شہر کی تباہی کا نقشہ کھینچا ہے؟

جواب: دہلی کی تباہی کا۔

سوال ۹۷: کس مشہور شاعر نے مرزا غالب کا مقابلہ ''گوئٹے'' سے کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال نے۔

سوال ۹۸: سرسید احمد خان کی مشہور کتاب ''آئین اکبری'' کی تقریظ کس شاعر نے لکھی تھی؟

جواب: مرزا غالب نے۔

سوال ۹۹: مرزا غالب کے والد کا نام مرزا عبداللہ بیگ خان تھا۔ آپ بتائے ان کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب: مرزا قوقان بیگ خان۔

سوال ۱۰۰: الطاف حسین حالی نے مرزا غالب کے کس فرضی استاد کا ذکر کیا تھا؟

جواب: ملا عبدالصمد۔

سوال ۱۰۱: مرزا غالب نے اپنی شاعری میں کتنے تخلص اور کون کون سے استعمال کیے ہیں؟

جواب: دو تخلص غالب اور اسد۔

سوال ۱۰۲: مرزا غالب کی عرفیت کونسی تھی؟

جواب: مرزا نوشہ۔

سوال ۱۰۳: مرزا غالب نے جب فارسی شاعری شروع کی تو کونسا تخلص اختیار کیا تھا؟

جواب: غالب۔

سوال ۱۰۴: مرزا غالب نے ''اسد'' کی بجائے غالب تخلص کیوں اختیار کیا تھا؟

جواب: غالب نے ''اسد'' تخلص کو ترک کرنے کی وجہ اپنے خطوط میں یہ بتائی ہے کہ مرزا رفیع سودا کے ایک شاگرد ''میر امانی اسد'' کے اشعار ان سے منسوب ہونے لگے تھے۔

سوال۱۰۵: اردو کے کس مشہور شاعر نے اپنی بیوی کا ذکر دلچسپ انداز میں کیا ہے اور شادی کو ''حبس دوام'' اور بیوی کو ''پیر کی بیڑی'' کہا ہے؟

جواب: مرزا غالب نے۔

سوال۱۰۶: مرزا غالب کے کتنے بچے تھے؟

جواب: سات بچے پیدا ہوئے لیکن کوئی زندہ نہ بچا اور پندرہ مہینے سے زیادہ نہ جیا۔ غالب نے بے اولادی کا دکھ منانے کی خاطر اپنی بیوی امراؤ بیگم کے بھانجے مرزا زین العابدین خان عارف کو گود لے لیا تھا۔

سوال۱۰۷: مرزا عارف زین العابدین عین جوانی میں فوت ہو گئے تھے۔ ''دیوان غالب'' میں غزل کی ہیئت میں ان کا مرثیہ موجود ہے جس کے اشعار زبان زد عام ہیں آپ مرثیہ کا مطلع سنائیے؟

جواب: لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور
تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور

سوال۱۰۸: عارف کی وفات کے بعد ان کے دو بیٹے جنھیں مرزا غالب اپنے ہاں لے آئے تھے اور تاحیات ان کا ہر طرح سے خیال رکھا آپ ان کے نام بتائیں؟

جواب: باقر علی خان اور حسین علی خان۔

سوال۱۰۹: عارف کے دونوں بیٹے بھی شاعر تھے آپ دونوں کے تخلص بتائیے؟

جواب: باقر علی خان کا تخلص ''کامل'' تھا اور حسین علی خان اردو میں ''شاداں'' اور فارسی میں ''خیالی'' تخلص کرتے تھے۔

سوال۱۱۰: مثنوی ''آتش نامہ'' مرزا غالب کی ایک شاہکار مثنوی ہے جسے انھوں نے دیوان فارسی میں شامل کرتے ہوئے ''آتش نامہ'' کے عنوان کی نزی کو مردانہ زبان دیکر کونسا نام دیا تھا؟

جواب: بادِ مخالف۔

سوال۱۱۱: مرزا غالب کی مشہور کتاب ''دستنبو'' میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

جواب: یہ حالات غدر کا روزنامچہ ہے۔ یہ کتاب انقلاب ۱۸۵۷ کے ہنگامے میں لکھی گئی ہے جس میں مئی ۱۸۵۷ سے لے کر ۳۱۔ جولائی ۱۸۵۸ تک کے حالات درج ہیں۔ اس میں فارسی کے علاوہ عربی یا کسی اور زبان کے لفظ نہیں ہیں۔

سوال۱۱۲: ۱۸۶۲ میں ''برہان قاطع'' کے جواب میں مرزا غالب نے کونسی کتاب تالیف کی تھی؟

جواب: ''قاطع برہان''۔

سوال۱۱۳: ۱۸۶۵ میں مرزا غالب نے ترمیم و اضافے کے بعد ''قاطع برہان'' کا نیا ایڈیشن کس نام سے شائع کیا؟

جواب: درفش کاویانی۔

سوال۱۱۴: ''برہان قاطع'' کی نوعیت کیا تھی؟

جواب: یہ ایک ضخیم لغت ہے جس کا مصنف محمد حسین تبریزی ہے۔

سوال ۱۲۷: ''نادرات غالب'' میں مرزا غالب نے کس شخصیت کے نام خطوط لکھے تھے؟

جواب: منشی نبی بخش حقیر اکبر آبادی کے نام۔

سوال ۱۲۸: ''دیوان غالب'' (اردو) دوسری بار ۱۸۴۷ میں شائع ہوا تھا۔ آپ بتایئے اس میں اشعار کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: ایک ہزار ایک سو گیارہ (۱۱۱۱) اشعار۔

سوال ۱۲۹: ڈاکٹر خلیق انجم نے مرزا غالب کے خطوط کا ایک تنقیدی ایڈیشن پانچ جلدوں میں مرتب و مدون کیا تھا آپ بتایئے یہ پانچوں جلدیں کب شائع ہوئیں؟

جواب: جلد اول ۱۹۸۴، جلد دوم ۱۹۸۵، جلد سوم ۱۹۸۷ اور جلد چہارم کو انجمن ترقی اردو ہند نے شائع کیا تھا، پانچویں جلد میں غالب کے اردو خطوط کی تاریخ وار فہرست مرتب کی گئی ہے۔ اس فہرست میں مرزا غالب کے اردو خطوط کی تعداد ''۸۹۳'' بتائی گئی ہے جبکہ جلد چہارم میں اس کی تعداد ۸۸۶ بتائی ہے۔

سوال ۱۳۰: مرزا غالب کی فارسی تصنیف ''پنج آہنگ'' پہلی بار ۱۸۴۹ میں شائع ہوئی آپ بتایئے دوسری بار کب شائع ہوئی تھی؟

جواب: ۱۸۵۳ میں۔

سوال ۱۳۱: ''پنج آہنگ'' پانچ حصوں پر مشتمل تھی۔ آپ بتایئے یہ غالب کی زندگی میں کتنی بار شائع ہوئی؟

جواب: دو مرتبہ۔

سوال ۱۳۲: کیا ''ماہ نیم ماہ'' جو کہ غالب کی تخلیق ہے، شائع ہو سکی تھی؟

جواب: نہیں۔ کیونکہ ۱۸۵۷ میں غدر ہو گیا اور اسی سال خاندان تیموریہ کا چراغ ہمیشہ کے لیے گل ہو گیا تھا۔

سوال ۱۳۳: ''دستنبو'' کا پہلا ایڈیشن ۱۸۵۸ میں آگرہ سے شائع ہوا تھا آپ بتایئے دوسرا ایڈیشن کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

جواب: بریلی سے ۱۸۶۵ میں۔

سوال ۱۳۴: دستنبو کا تیسرا ایڈیشن ۱۸۷۱ میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے غالب نے اس میں کس کا قصیدہ بھی شامل کیا تھا؟

جواب: ملکہ معظمہ برطانیہ کا۔

سوال ۱۳۵: ''کلیات نثر غالب'' میں مرزا غالب کی کون کونسی کتب شامل کر کے شائع کی گئی ہے؟

جواب: ''پنج آہنگ''، ''مہر نیمروز'' اور ''دستنبو'' کو ایک ساتھ شائع کیا گیا ہے۔

سوال ۱۳۶: ''کلیات نثر غالب'' پہلی بار ۱۸۶۸ میں شائع ہوئی آپ بتایئے اس کا دوسرا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۸۷۱ میں۔

سوال ۱۳۷: ''کلیات نثر غالب'' تیسرا ایڈیشن ۱۸۸۲ میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے کہ چوتھا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۸۸۸ میں۔

سوال ۱۳۸: مرزا غالب نے اپنا فارسی کلام کس نام سے اور کب مرتب کیا تھا؟

جواب: ''میخانۂ آرزو'' کے نام سے ۱۸۳۵ میں مرتب کیا۔

سوال ۱۳۹: مرزا غالب نے اپنا کونسا کلام مسترد کر دیا تھا؟

جواب: ''نسخۂ حمیدیہ'' اور ''بیاض غالب'' کا بیشتر کلام غالب نے مسترد کر دیا تھا۔

سوال ۱۴۰: مرزا غالب کا فارسی کلام ''میخانۂ آرزو'' پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۸۴۵ میں نواب ضیاء الدین احمد خان نے دہلی سے شائع کیا تھا اور اس میں اشعار کی تعداد ۶۶۹۰ ہے۔

سوال ۱۴۱: ''سبد چین'' غالب کے اس فارسی کلام کا مجموعہ ہے جو کلیات فارسی کی طباعت کے بعد کہا گیا تھا یا وہ کلام تھا جو ان کے احباب کے پاس تھا اور کلیات میں شامل ہونے سے رہ گیا تھا، آپ اس میں اشعار کی تعداد بتایئے؟

جواب: ۱۷۵۳ اشعار۔

سوال ۱۴۲: ''سبد چین'' پہلی بار ۱۸۶۷ میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے غالب کی ''کلیات فارسی'' پہلی بار کب شائع ہوئی تھی؟

جواب: ۱۸۶۷ء میں شائع ہوئی تھی۔

سوال ۱۴۳: مرزا غالب کی ''کلیات نظم فارسی'' میں کتنی مثنویاں ہیں؟

جواب: ۱۱ مثنویاں ہیں۔

سوال ۱۴۴: ''باغ دو در'' کے کتنے حصے ہیں اور اس کی نوعیت کیا ہے؟

جواب: اس کے دو حصے ہیں ایک حصے میں کلام غالب اور دوسرے حصے میں نثر غالب شامل ہے۔

سوال ۱۴۵: مرزا غالب کی کتاب ''دعاء صباح'' میں کیا ہے؟

جواب: وہ دعا جو حضرت علی سے منسوب ہے۔

سوال ۱۴۶: مرزا غالب کی کتاب ''رسالہ فن بانک'' میں کیا ہے؟

جواب: یہ ایک اردو رسالے کا فارسی زبان میں ترجمہ ہے۔ اس رسالے کی اطلاع سب سے پہلے مالک رام نے ہم پہنچائی۔

سوال ۱۴۷: مرزا غالب نے اپنی شاعری کا آغاز اردو شاعری سے کیا یا فارسی شاعری سے؟

جواب: اردو شاعری سے۔

سوال ۱۴۸: ''انشائے غالب'' کس ادیب نے مرتب کی تھی؟

جواب: رشید حسن خان نے۔

سوال ۱۴۹: مرزا غالب نے فارسی زبان میں زیادہ اشعار کہے یا اردو زبان میں؟

جواب: فارسی میں تقریباً گیارہ ہزار اشعار کہے تھے ۱۰۴۲۴ اشعار۔

سوال ۱۵۰: شاعر اور فلسفی میں کیا فرق ہے؟

جواب: شاعر کا راستہ تخیل ہے اور فلسفی کا راستہ بحث اور دلائل ہیں۔

سوال ۱۵۱: مرزا غالب کے اردو اشعار کی تعداد ۱۸۰۲ ہیں آپ بتایئے غالب کی اردو شاعری میں کتنے قصیدے شامل ہیں؟

جواب: (۴) چار قصائد۔

سوال ۱۵۲: مرزا غالب کے کلام کو کس نقاد نے الہامی کلام کہا تھا؟
جواب: عبدالرحمٰن بجنوری نے اپنی مشہور کتاب ''محاسن کلام غالب'' میں۔
سوال ۱۵۳: علامہ اقبال نے اپنی نظم ''شعراء'' میں جہاں براؤننگ اور بائرن کو اپنا نظریہ پیش کرتے ہوئے دکھایا ہے وہاں اردو کے کس عظیم شاعر کو ''فلسفۂ غم'' کے نمائندے کے طور پر پیش کیا ہے؟
جواب: مرزا غالب کو۔
سوال ۱۵۴: مرزا غالب کے سب سے پہلے نقاد جس نے غالب کی طرز پر رائے دی وہ کونسے ادیب تھے؟
جواب: الطاف حسین حالی۔
سوال ۱۵۵: بیسویں صدی کے کس شاعر نے غالب کو اپنا استاد تسلیم کیا تھا؟
جواب: علامہ اقبال نے۔
سوال ۱۵۶: مرزا غالب اور گوئٹے کا مقابلہ کس مشہور شاعر نے کیا تھا؟
جواب: علامہ اقبال نے۔
سوال ۱۵۷: مرزا غالب نے کل کتنے فارسی قصائد کہے تھے؟
جواب: کل ۷۱ قصائد۔
سوال ۱۵۸: مرزا غالب کی کلیات فارسی میں کتنے قصائد ہیں؟
جواب: کل ۶۴ قصائد ہیں۔
سوال ۱۵۹: ''سبد چین'' اور ''باغ دودر'' میں کتنے قصائد ہیں؟
جواب: صرف ۷ قصائد۔
سوال ۱۶۰: ''دیوان غالب'' (اردو) تیسری بار ۱۸۶۱ میں شائع ہوا جس میں اشعار کی تعداد ۱۷۹۶ ہے۔ آپ بتایئے ''دیوان غالب'' چوتھی بار کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۸۶۲ میں شائع ہوا اور اشعار کی تعداد ۱۸۰۲ ہے۔
سوال ۱۶۱: ''دیوان غالب'' (اردو) مرزا غالب کی زندگی میں آخری اور پانچویں بار کب شائع ہوا؟
جواب: آخری بار ۱۸۶۳ میں شائع ہوا تھا اور اشعار کی تعداد ۱۷۹۵ ہیں۔
سوال ۱۶۲: مرزا غالب کی چھوٹی بڑی مثنویوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: ۲۴ مثنویاں۔
سوال ۱۶۳: مرزا غالب کی سب سے طویل مثنوی جو ۱۹۲۸ ابیات پر مشتمل ہے اس کا نام بتایئے؟
جواب: مثنوی ابر گہر بار۔
سوال ۱۶۴: مرزا غالب کی ''قاطع برہان'' کے تنازع میں مرزا رحیم بیگ میرٹھی نے غالب کے خلاف کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: ساطع برہان۔
سوال ۱۶۵: مرزا غالب نے مرزا رحیم بیگ میرٹھی کی ''ساطع برہان'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: ''نامۂ غالب'' کے نام سے جو کہ خط کی صورت میں ہے۔

سوال ۱۶۶: ''عود ہندی'' میں خطوط کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: ۱۶۲ خطوط کا مجموعہ ہے۔
سوال ۱۶۷: ''اردوئے معلّیٰ'' پہلی بار ۶ مارچ ۱۸۶۹ کو شائع ہوا۔ آپ بتایئے یہ کتنے خطوط پر مشتمل ہے؟
جواب: ۴۷۲ خطوط کا مجموعہ ہے۔ یہ غالب کی وفات کے ۱۹ دن بعد شائع ہوا۔
سوال ۱۶۸: مرزا غالب کے کچھ اور خطوط، ان کے دیباچے اور تقریظیں وغیرہ ''اردوئے معلّیٰ'' حصہ دوم کے نام سے مرتب کیے اور اپریل ۱۸۹۹ میں جلد اول و دوم ایک ساتھ کس نے ''اردوئے معلّیٰ'' ہی کے نام سے شائع کیا؟
جواب: الطاف حسین حالی نے۔
سوال ۱۶۹: ''مکاتیب غالب'' میں فارسی کے کتنے خطوط شامل ہیں؟
جواب: صرف چار فارسی خطوط ہیں۔
سوال ۱۷۰: میرن صاحب کے نواسے آفاق حسین نے ''نادرات غالب'' کے نام سے منشی نبی بخش حقیر کے نام سے غالب کے ۷۴ خطوط مرتب کر کے اپنے مقدمے کے ساتھ کراچی سے کب شائع کیا؟
جواب: ۱۹۴۹ میں شائع کیا اور اس میں دو خط وہ بھی شامل ہیں جو ''اردوئے معلّیٰ'' میں پہلے بھی شائع ہو چکے ہیں۔
سوال ۱۷۱: غلام رسول مہر کے مرتبہ ''خطوط غالب'' میں کل کتنے خطوط شامل ہیں؟
جواب: ۶۷۵ خطوط سے زیادہ۔
سوال ۱۷۲: ''خطوط غالب'' میں غلام رسول مہر نے کونسے خطوط شامل کیے تھے؟
جواب: اس میں ''مکاتیب غالب'' مرتبہ امتیاز علی خان عرشی اور ''نادرات غالب'' مرتبہ سید آفاق حسین کے مجموعوں میں شامل خطوط کے علاوہ کم و بیش دوسرے تمام خطوط شامل ہیں۔
سوال ۱۷۳: مرزا غالب اپنے خطوں میں جو باتیں کرتے ہیں ان کے عام طور پر کتنے خاص موضوع ہوتے ہیں؟
جواب: تین خاص موضوع پہلا ''ذاتی معاملات'' دوسرا ''عام حالات'' اور تیسرا ''ادبی وعلمی امور''۔
سوال ۱۷۴: کس ادیب اور شاعر کے خطوط پہلے ادبی خطوط ہیں جو ہمیشہ ایک زندہ رہنے والے ناول کی طرح دلچسپ ہیں؟
جواب: مرزا غالب کے خطوط۔
سوال ۱۷۵: مرزا غالب نے جو سہرا لکھا وہ بہادر شاہ ظفر کے کس بیٹے کی شادی پر لکھا تھا؟
جواب: شہزادہ جواں بخت کی شادی پر دسمبر ۱۸۵۱ میں۔
سوال ۱۷۶: مرزا غالب کے سہرے کے جواب میں کس شاعر نے سہرا لکھا تھا؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق نے۔
سوال ۱۷۷: مرزا غالب نے کتنے اشعار پر مشتمل سہرا لکھا تھا اور اس سہرے کا مقطع بھی سنایئے؟
جواب: ۱۱۲ اشعار پر مشتمل تھا مقطع یہ ہے:
ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں
دیکھیں اس سہرے سے کہدے کوئی بڑھ کر سہرا

سوال ۱۷۸: شیفتہ کے نام مرزا غالب کے کتنے اردو اور فارسی خط محفوظ ہیں؟
جواب: اردو میں صرف ایک اور فارسی میں کئی خطوط ہیں۔
سوال ۱۷۹: شیفتہ کے نام غالب نے اپنا واحد اردو خط کب لکھا تھا؟
جواب: ۲۔ فروری ۱۸۶۵ء میں۔
سوال ۱۸۰: مرزا غالب شیفتہ کو کیا کہتے تھے؟
جواب: بھائی صاحب۔
سوال ۱۸۱: مرزا غالب آتش کو بڑا شاعر سمجھتے تھے یا ناسخ کو؟
جواب: خواجہ حیدر علی آتش کو۔
سوال ۱۸۲: قربان علی بیگ سالک مرزا غالب سے پہلے کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مومن خان مومن کے۔
سوال ۱۸۳: ''غالب کا سائنسی شعور'' کس ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید حامد علی شاہ۔
سوال ۱۸۴: ''خیابان غالب'' کا مصنف خادم سیالپوری ہے اور ''تفسیر غالب'' کا خالق ڈاکٹر گیان چند جین ہے آپ بتایئے ''غالب کی آپ بیتی'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: نثار احمد فاروقی۔
سوال ۱۸۵: ''غالب اور صفیر بلگرامی'' مشفق خواجہ کی کتاب ہے آپ بتایئے ''غالب نامہ'' اور ''آثار غالب'' کا خالق کونسا ادیب ہے؟
جواب: شیخ محمد اکرام۔
سوال ۱۸۶: ''دیوان غالب کامل'' (تاریخی ترتیب سے)۔ ''آب حیات میں ترجمہ غالب'' اور ''غالب درون خانہ'' کس ہندو ادیب کی کتب ہیں؟
جواب: کالی داس گپتا رضا۔
سوال ۱۸۷: ''احوال غالب'' اور ''نقد غالب'' کا خالق مختار الدین احمد ہیں آپ بتایئے ''غالب کا علمی سرمایہ'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر معین الرحمن۔
سوال ۱۸۸: مالک رام نے مرزا غالب پر کافی کام کیا ہے آپ مالک رام کی مرزا غالب پر کتب کے نام بتایئے؟
جواب: ''عیار غالب''، ''تلامذۂ غالب''، ''گفتار غالب'' اور ''ذکر غالب'' اہم ہیں۔
سوال ۱۸۹: ''قصائد و مثنویات فارسی غالب'' کا مرتب غلام رسول مہر ہے آپ بتایئے اردو کی مشہور کتاب ''غالب'' کا خالق کون ہے؟
جواب: غلام رسول مہر۔

سوال ۱۹۰: ''غالب احوال و آثار'' ڈاکٹر حنیف نقوی نے تصنیف کی ہے آپ بتایئے کہ ''غالب کے خود نوشت حالات'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: اظہار الحق ملک۔
سوال ۱۹۱: ''غالب کی فارسی شاعری'' اور ''اطراف غالب'' سید عبداللہ نے تحریر کی ہیں آپ بتایئے ''نادرات غالب'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: آفاق حسین آفاق۔
سوال ۱۹۲: ''کلام غالب کا ایک نیا رخ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر اسلوب انصاری۔
سوال ۱۹۳: مرزا محمد عسکری نے ''ادبی خطوط غالب'' کے نام سے ایک کتاب تخلیق کی تھی آپ بتایئے ''مکاتیب الغالب'' کا خالق کون ہے؟
جواب: احسن مارہروی۔
سوال ۱۹۴: ''غالب بحیثیت محقق'' اور ''مآثر غالب'' کا خالق قاضی عبدالودود ہے آپ بتایئے ''تلاش غالب'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی؟
جواب: ڈاکٹر نثار احمد فاروقی۔
سوال ۱۹۵: ''غالب کا سفر کلکتہ اور کلکتہ کا ادبی معرکہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر خلیق انجم۔
سوال ۱۹۶: ''کلیات مکتوبات فارسی غالب'' کا مترجم کون ہے اور یہ ترجمہ کب شائع ہوا؟
جواب: پرتو روہیلہ نے ۲۰۰۸ میں شائع کی۔
سوال ۱۹۷: ''تنقید غالب کے سو سال'' سید فیاض محمود کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''غالب کی مثنوی نگاری'' کا خالق کونسا ادیب ہے؟
جواب: نیاز فتح پوری۔
سوال ۱۹۸: ''غالب کی فارسی قصیدہ گوئی'' کا خالق نذیر احمد ہے آپ بتایئے کہ ''متفرقات غالب'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مسعود حسن رضوی ادیب۔
سوال ۱۹۹: ''نامہ ہائے فارسی غالب'' سید اکبر علی ترمذی نے لکھی تھی آپ بتایئے اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے؟
جواب: پرتو روہیلہ۔
سوال ۲۰۰: ۱۹۲۸ء میں پاکستان کے شہرہ آفاق مصور عبدالرحمٰن چغتائی نے ''مرقع چغتائی'' کے نام سے شائع کیا تھا۔ آپ بتایئے اس میں اردو کے کسی مشہور شاعر کے کلام کی مصورانہ تشریح کی گئی ہے؟
جواب: مرزا غالب کے کلام کی۔
سوال ۲۰۱: غالب صدی کے موقع پر ۱۹۶۹ء میں کس افسانہ نگار نے مرزا غالب کا لکڑی کا مجسمہ تراش کر جامعہ ملیہ دہلی میں رکھوایا تھا جو آج تک ان کی یاد تازہ کرتا ہے؟
جواب: پروفیسر محمد مجیب۔

سوال۲۰۲: ۱۹۶۹ میں غالب صدی کے سلسلے میں حکومت پاکستان نے جو یادگاری ٹکٹ جاری کیا اس پر مرزا غالب کا کونسا شعر درج تھا؟

جواب: ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یارب
ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا

سوال۲۰۳: ''دیوان غالب ...... نسخہ حمیدیہ'' پروفیسر حمید خان نے مرتب کیا تھا آپ بتایئے ''نسخہ خواجہ'' ۱۹۹۸ء میں کس ادیب نے مرتب کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن نے پروفیسر خواجہ منظور حسین کے نام پر اسے ''نسخہ خواجہ'' کا نام دیا ہے۔

سوال۲۰۴: الطاف حسین حالی نے مرزا غالب کی وفات پر کونسا مشہور شعر کہا تھا؟

جواب: ایک روشن دماغ تھا نہ رہا
شہر میں ایک چراغ تھا نہ رہا

سوال۲۰۵: مرزا غالب نے بچوں کی نصابی ضرورت کے لیے ''قادر نامہ'' کے نام سے ایک لغت لکھی تھی آپ بتایئے مرزا غالب کا ابتدائی اردو کلام کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: ''دیوان غالب ...... نسخہ حمیدیہ'' کے نام سے۔

سوال۲۰۶: مرزا غالب کا ذوق کے علاوہ مرزا قتیل سے بھی معرکہ رہتا تھا آپ بتایئے مرزا غالب نے ذوق پر پھبتی کستے ہوئے کونسا شعر کہا تھا؟

جواب: فارسی بیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو کہ بے رنگ من است

سوال۲۰۷: ''دیوان غالب'' کا پنجابی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: اسیر عابد نے۔

سوال۲۰۸: ''غالب جدید شعراء کی ایک مجلس میں'' کنہیا لال کپور کی ایک کتاب میں ایک مضمون کا عنوان ہے۔ آپ اس کتاب کا نام بتایئے؟

جواب: ''سنگ و خشت'' ۱۹۴۲ء میں شائع ہوئی۔

سوال۲۰۹: مرزا غالب کی شاعرانہ خوبی ''رشک'' کے حوالے سے ایک شعر سنایئے؟

جواب: زندگی اپنی جب اس رنگ سے گزری غالب
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

سوال۲۱۰: مرزا غالب کس سن میں کلکتہ گئے تھے؟

جواب: ۲۸-۱۸۲۷ء میں۔

سوال۲۱۱: پہلی بار مرزا غالب کے کلام کی فلسفیانہ بنیادوں کا تجزیہ کس نے کیا؟

جواب: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری نے اپنی مشہور کتاب ''محاسن کلام غالب'' میں۔

سوال۲۱۲: مرزا غالب کے خطوط کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
''مرزا غالب نے اپنے خطوط کو ناول اور ڈرامے سے زیادہ دلچسپ بنایا ہے''۔

جواب: الطاف حسین حالی کا۔

سوال۲۱۳: ''غالب، حالی، شیفتہ اور ہم'' کس ادیب کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر عابد پشاوری کی۔

سوال۲۱۴: ''اشاریۂ غالب'' اور ''تحقیق غالب'' کا مصنف سید معین الرحمٰن ہے آپ بتایئے کہ ''جہات غالب'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر عقیل احمد۔

سوال۲۱۵: ''غالب کے نئے خطوط'' ڈاکٹر انور سدید کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''غالب رائل پارک میں'' کا خالق کون ہے؟

جواب: اے حمید۔

سوال۲۱۶: ''غالب اور انقلاب ستاون'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن۔

سوال۲۱۷: مرزا غالب کو ''گونگا شاہ'' کا خطاب کس نے دیا تھا؟

جواب: یاس یگانہ چنگیزی نے۔

سوال۲۱۸: مرزا غالب نے تاریخ کے حوالے سے دو قطعات کہے تھے۔ آپ بتایئے ''دیوانِ غالب'' میں قطعات کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: ۱۶ قطعات۔

سوال۲۱۹: یہ قول مرزا غالب کے بارے میں کس مشہور ادیب کا ہے؟
''قلقی سے زیادہ غالب کو اپنے ولی ہونے پر اصرار رہا ہے''

جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی

سوال۲۲۰: مرزا غالب فارسی پروفیسری کے لیے جو دہلی کالج میں خالی ہوئی تھی اُمیدوار تھے، مگر چونکہ ٹامس سور سیکریٹری گورنمنٹ نے بروقت مرزا کا استقبال نہیں کیا اس لیے انھوں نے اپنی کسر شان سمجھ کر ملازمت قبول نہ کی۔ آپ بتایئے کہ وہ کونسا سن تھا؟

جواب: ۱۹۴۲ء میں

☆☆☆

آج 29 رمضان ہے بروز اتوار صبح انشاء اللہ عید ہوگی۔ 2017

اقبالیات

سوال ۱: علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے؟

جواب: ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کو سیالکوٹ میں۔

سوال ۲: علامہ اقبال کے والد نور محمد کو "میاں جی" کے نام سے پکارا جاتا تھا آپ بتائیے اقبال کی والدہ کس نام سے مشہور تھیں؟

جواب: "بی جی" کے نام سے مشہور تھیں۔

سوال ۳: علامہ اقبال کی ابتدائی تعلیم و تربیت کس شخصیت نے کی تھی؟

جواب: مولوی میر حسن نے۔

سوال ۴: علامہ اقبال نے ۱۸۹۳ء میں کس اسکول سے میٹرک کیا تھا؟

جواب: اسکاچ مشن ہائی اسکول سیالکوٹ سے۔

سوال ۵: اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے انٹر کا امتحان ۱۸۹۵ء میں پاس کیا آپ بتائیے انھوں نے ۱۸۹۷ء میں بی اے کا امتحان کس کالج سے پاس کیا تھا؟

جواب: گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال ۶: علامہ اقبال نے ایم اے فلسفہ کس کالج سے اور کس ڈویژن میں پاس کیا تھا؟

جواب: گورنمنٹ کالج لاہور سے تھرڈ ڈویژن میں۔

سوال ۷: "بانگ درا" کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب: چار ادوار میں۔

سوال ۸: اقبال کی مشہور کتاب "ضرب کلیم" کا پہلے کیا نام تجویز کیا گیا تھا؟

جواب: صُورِ اسرافیل۔

سوال ۹: "بال جبریل" کا پہلے کیا نام رکھا گیا تھا؟

جواب: نشانِ منزل۔

سوال ۱۰: "ضرب کلیم" کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب: چھ حصوں میں۔

سوال ۱۱: اقبال کے آخری مجموعہ کلام "ارمغان حجاز" کی پہلی نظم کونسی ہے؟

جواب: "ابلیس کی مجلس شوریٰ"۔

سوال ۱۲: مرزا غالب کو آم بہت پسند تھے آپ بتائیے علامہ اقبال کو کونسا پھل زیادہ پسند تھا؟

جواب: آم بہت پسند تھے۔

سوال ۱۳: پاکستان میں پہلی بار علامہ اقبال کا پہلا ڈاک ٹکٹ کب جاری کیا گیا تھا؟

جواب: ۲۱۔اپریل ۱۹۵۸ء میں جاری ہوا۔

سوال ۱۴: علامہ اقبال پر مشہور کتاب "روزگار فقیر" کے نام سے کس ادیب نے لکھی؟

جواب: سید وحید الدین نے دو جلدوں میں لکھی ہے۔

سوال ۱۵: پہلا "اقبال ہجری" ایوارڈ کب اور کس کتاب پر دیا گیا تھا؟

جواب: ۱۹۸۳ء میں محسن احسان کی مشہور کتاب "ناتمام" پر۔

سوال ۱۶: "بکھرے ہوئے الفاظ" کس شاعر کی ڈائری کا عنوان ہے؟

جواب: علامہ اقبال کی ڈائری کا عنوان ہے۔

سوال ۱۷: علامہ اقبال نے رام چندر کو "امام ہند" اپنی کس کتاب میں کہا ہے؟

جواب: "جاوید نامہ" میں۔

سوال ۱۸: علامہ اقبال کو "سر" کا خطاب ۱۹۲۳ء میں ملا آپ بتائیے اقبال کو "سر" کے خطاب ملنے پر ان کی کس شاعر نے ہجو لکھی تھی؟

جواب: مولانا ظفر علی خان نے۔

سوال ۱۹: علامہ اقبال نے اپنی کس کتاب کو "ڈیوائن کامیڈی" کا جواب قرار دیا تھا؟

جواب: "جاوید نامہ" کو۔

سوال ۲۰: علامہ اقبال ۱۹۳۴ء میں "انجمن حمایت اسلام" تنظیم کے صدر چنے گئے تھے آپ بتائیے انھیں ۱۹۳۶ء میں کس سیاسی تنظیم کا صدر چنا گیا؟

جواب: "پنجاب مسلم لیگ" کا۔

سوال ۲۱: علامہ اقبال نے اپنا پہلا مضمون کس نام سے لکھا تھا؟

جواب: مضمون کا نام "قومی زندگی" ہے۔

سوال ۲۲: علامہ اقبال اسپین کے شہر قرطبہ کب گئے تھے؟

جواب: ۱۹۳۳ء میں۔

سوال ۲۳: پنجاب یونیورسٹی لاہور نے اقبال کو ۱۹۳۳ء میں "ڈی لٹ" کی اعزازی ڈگری دی تھی۔ آپ بتائیے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے "ڈی لٹ" کی ڈگری کب دی؟؟

جواب: ۱۹۳۴ء میں۔

سوال ۲۴: علامہ اقبال نے تین شادیاں کیں تھیں آپ ان کی بیویوں کے نام بتائیے؟

جواب: "مختار بی بی"، "کریم بی بی" اور "سردار بیگم"۔

سوال ۲۵: جاپان کی کس یونیورسٹی نے اقبال کو ان کی وفات کے ۲۲ سال بعد "ڈی لٹ" کی اعزازی ڈگری دی تھی؟

جواب: جاپان کی تاڈیو یونیورسٹی نے ۱۹۶۰ء میں دی تھی۔

سوال ۲۶: الطاف حسین حالی نے اقبال کی کس نظم کے شعر کو پسند کر کے انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسے میں دس روپے کا نوٹ انعام دیا تھا؟

جواب: نظم "تصویر درد" پر جو کہ بانگ درا کی مشہور نظم ہے۔

سوال ۲۷: علامہ اقبال کی وفات پر حسرت موہانی نے کونسا شعر کہا تھا؟
جواب: عاشقی کا حوالہ بیکار ہے تیرے بغیر
آرزو کی زندگی دشوار ہے تیرے بغیر
سوال ۲۸: ارشد گورگانی نے اقبال کے کس شعر پر خوب داد دی تھی؟
جواب: موتی سمجھ کے شان کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے میرے عرق انفعال کے
سوال ۲۹: اقبال نے ایک بار اپنے کسی دوست سے ایک تاریخی کتاب کا مقدمہ پڑھنے کو کہا تھا آپ اس مشہور کتاب کا نام بتایئے؟
جواب: ''تاریخ ابن خلدون'' کا مقدمہ۔
سوال ۳۰: ڈاکٹر نکلسن نے اقبال کی ''اسرار خودی'' کا ترجمہ کب اور کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ۱۹۲۰ میں ''The Secret of the Self''۔
سوال ۳۱: ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' میں کتنے خطبات ہیں اور یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: ۷ خطبات ہیں اور یہ ۱۹۳۰ میں شائع ہوئی۔
سوال ۳۲: علامہ اقبال اپنے کس اردو مجموعہ کلام کو دور حاضر کے خلاف اعلان جنگ قرار دیتے تھے؟
جواب: ضرب کلیم کو۔
سوال ۳۳: علامہ اقبال کو شبلی نعمانی نے ۱۹۱۱ میں ''ملک الشعراء'' کا خطاب دیا تھا آپ بتایئے اقبال کو قوم نے کون کون سے خطاب دیئے تھے؟
جواب: ''شاعر مشرق''، ''حکیم الامت''، ''ترجمان حقیقت'' اور ''ترجمان اسلام''۔
سوال ۳۴: محمد علی جوہر نے علامہ اقبال کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: مرشد لباسی۔
سوال ۳۵: علامہ اقبال نے آگہی اور خود آگہی کا سرچشمہ کسے قرار دیا ہے؟
جواب: عشق کو۔
سوال ۳۶: اقبال نے ''عشق'' کے مقابلے میں کس چیز کا مذاق اڑایا ہے؟
جواب: فلسفہ کا۔
سوال ۳۷: علامہ اقبال نے عقل کی حد درجہ ترقی یافتہ شکل کسے قرار دیا ہے؟
جواب: عشق و جنون۔
سوال ۳۸: اقبال کے نزدیک زندگی کا سب سے زبردست محرک عمل کیا ہے؟
جواب: عشق۔
سوال ۳۹: علامہ اقبال کا پیغام یا فلسفہ حیات کیا ہے؟
جواب: خودی۔

سوال ۴۰: ''خودی'' کا لفظ اقبال نے کن معنوں میں استعمال کیا تھا؟
جواب: ''عرفان نفس'' کے معنوں میں۔
سوال ۴۱: اقبال کے فلسفۂ خودی کی جان کیا ہے؟
جواب: نظریہ عشق۔
سوال ۴۲: علامہ اقبال کی وہ کونسی نظم ہے جس میں اقبال نے فلسفہ خودی پر تفصیل سے بحث کی ہے؟
جواب: ''ساقی نامہ'' یہ نظم ''بال جبریل'' میں ہے۔
سوال ۴۳: علامہ اقبال کی شاعری کا مرکزی فلسفہ کیا ہے؟
جواب: فلسفۂ خودی۔
سوال ۴۴: علامہ اقبال نے ''آتش حیات'' کسے قرار دیا ہے؟
جواب: ابلیس کو۔
سوال ۴۵: اقبال نے عقیدہ وحدت الوجود کے سلسلے میں کس فارسی شاعر کے انداز غزل سرائی کو شدید طنز کا نشانہ بنایا تھا؟
جواب: حافظ شیرازی کے انداز غزل سرائی کو۔
سوال ۴۶: ''اسرار خودی'' میں خودی کے مضمون کی شدت پر ڈاکٹر عبدالرحمن بجنوری سمیت کئی دوسرے نقادوں نے اعتراضات کیے ان اعتراضات کا احساس کر کے اقبال نے فارسی شاعری کی کونسی کتاب لکھی؟
جواب: رموز بےخودی۔
سوال ۴۷: اہل مغرب نے علامہ اقبال کو کس مغربی مفکر کا مقلد قرار دیا ہے؟
جواب: نطشے کا۔
سوال ۴۸: اقبال کی فارسی کی وہ کونسی کتاب ہے جس میں انھوں نے فرد کی خودی سے آگے بڑھ کر جماعت یا ملت کی خودی پر بحث کی ہے؟
جواب: رموز بےخودی میں۔
سوال ۴۹: ''اسرار خودی'' کے دیباچے میں اقبال نے کس شخصیت کو ایشیا کا پہلا انسان دوست اور صاحب عقل قرار دیا ہے؟
جواب: سری کرشن کو۔
سوال ۵۰: ''بال جبریل'' کا انتساب کس قدیم سنسکرت شاعر کے منظوم ترجمہ سے کیا ہے اور وہ شعر بھی لکھیے؟
جواب: بھرتری ہری کے۔
پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر
سوال ۵۱: مولانا روم کی کس خصوصیت نے اقبال کو اپنا گرویدہ بنالیا تھا؟
جواب: تصور عشق نے۔

سوال ۵۲: اقبال کی مشہور کتاب جس کا دیباچہ اردو میں لکھا گیا ہے اس میں کس مشہور شخصیت کے حالات و کوائف بیان کیے گئے ہیں؟
جواب: "پیامِ مشرق" میں گوئٹے کے حالات و کوائف بیان کیے گئے ہیں۔
سوال ۵۳: علامہ اقبال کی کس کتاب کو اس کی نغمگی و غزلیت کے سبب اردو کی "زبورِ عجم" کہا جاتا ہے؟
جواب: "بالِ جبریل" ۱۹۳۵ء۔
سوال ۵۴: علامہ اقبال کے کس مجموعۂ کلام کو "تند و تیز" سمجھا جاتا ہے؟
جواب: "ضربِ کلیم" کو۔
سوال ۵۵: "ضربِ کلیم" کا انتساب کس مشہور شخصیت کے نام ہے؟
جواب: نواب بھوپال حمید اللہ خان۔
سوال ۵۶: "ارمغانِ حجاز" کی پہلی نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" میں اقبال نے کس موضوع پر بحث کی ہے؟
جواب: حکومت کے مختلف نظاموں پر۔
سوال ۵۷: علامہ اقبال کی وہ کونسی کتاب ہے جو ہیئت اور مضمون کے لحاظ سے ایک طویل نظم ہے؟
جواب: اسرارِ خودی ۱۹۱۵ء۔
سوال ۵۸: "جاوید نامہ"، "بالِ جبریل" اور "پیامِ مشرق" کا جرمن زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: این مری شمل۔
سوال ۵۹: علامہ اقبال کے نزدیک خودی کے مسافر کو کس راہبر کی ضرورت ہے؟
جواب: "عشق" کی۔
سوال ۶۰: علامہ اقبال قوم کے نوجوانوں میں کس پرندے کا عکس دیکھنا چاہتے تھے؟
جواب: شاہین کا۔
سوال ۶۱: اقبال اپنے عہد کی تعلیم کے خلاف کیوں تھے؟
جواب: کیونکہ مذکورہ علم عشق کی گرمی سے خالی تھا۔
سوال ۶۲: علامہ اقبال نے خودی کی ارتقائی منزلیں کونسی بتائی ہیں؟
جواب: "اطاعتِ الٰہی"، "ضبطِ نفس" اور "نیابتِ الٰہی"۔
سوال ۶۳: کس ہستی کو اقبال نے پیر و مرشد کے لقب سے یاد کیا اور خود کو ان کا مرید قرار دیا تھا؟
جواب: مولانا روم کو۔
سوال ۶۴: علامہ اقبال ایک قوم کے مداح تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ "یہ کھری ہڈی کے لوگ ہیں" آپ بتائیے اقبال نے کس قوم کے بارے میں کہا تھا؟
جواب: جرمن قوم کے بارے میں۔
سوال ۶۵: اقبال نے اسکاچ مشن کالج میں تعلیم حاصل کی تھی۔ بتائیے یہ کالج کب قائم ہوا؟
جواب: ۱۸۸۹ء میں۔

سوال ۶۶: کس کانفرنس کے اجلاس میں اقبال کو "ترجمانِ حقیقت" کے خطاب سے نوازا گیا؟
جواب: ۱۹۱۱ء میں آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس میں۔
سوال ۶۷: علامہ اقبال نے الطاف حسین حالی کی کس کتاب کو "شکوہِ ہند" کہا تھا؟
جواب: مسدس حالی کو۔
سوال ۶۸: اقبال نے کس مغربی شاعر کو "مجذوبِ فرنگی" کہا تھا؟
جواب: نطشے۔
سوال ۶۹: علامہ اقبال پہلے پنجابی زبان میں شعر کہتے تھے لیکن پھر اپنے ایک استاد کے مشورہ پر اردو میں شعر کہنے لگے۔ آپ اس استاد کا نام بتائیے؟
جواب: مولوی میر حسن۔
سوال ۷۰: اقبال نے اپنے صدارتی خطبہ الہ آباد میں کس مشہور کانفرنس کا ذکر کیا تھا؟
جواب: گول میز کانفرنس کا۔
سوال ۷۱: علامہ اقبال کو کس یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی تھی؟
جواب: میونخ یونیورسٹی جرمنی سے۔
سوال ۷۲: مولوی میر حسن اور داغ دہلوی کے علاوہ اقبال نے لاہور کے ایک اور شاعر سے اصلاح لی تھی۔ آپ اس شاعر کا نام بتائیے؟
جواب: ارشد گورگانی۔
سوال ۷۳: اقبال کی وفات پر یہ کس نے کہا تھا کہ؟
"شاعری کی دنیا میں چالیس سال چہچہا کر یہ بلبلِ ہزار داستان اب ہمیشہ کے لیے خاموش ہو گیا"۔
جواب: سید سلیمان ندوی نے۔
سوال ۷۴: اقبال کے بارے میں یہ قول کس کا ہے کہ؟
"وہ ہندوستان کی آبرو مشرق کی عزت اور اسلام کا فخر تھا"
جواب: بقول سید سلیمان ندوی۔
سوال ۷۵: علامہ اقبال اپنے گھر میں پالے ہوئے کس پرندے کو "چغل خور" کہا کرتے تھے؟
جواب: "مینا" کو۔
سوال ۷۶: اقبال کو "حکیم الامت" خواجہ حسن نظامی نے کہا تھا آپ بتائیے کہ "حسان الہند" کس نے کہا؟
جواب: مولانا آزاد بلگرامی۔
سوال ۷۷: علامہ اقبال کو "امام العصر" کس ادیب نے کہا تھا؟
جواب: مولانا عبدالماجد دریا آبادی نے۔
سوال ۷۸: علامہ اقبال کی پہلی مطبوعہ کتاب کونسی ہے؟
جواب: علم الاقتصاد ۱۹۰۳ء۔

سوال ۷۹: اقبال نے سب سے طویل خط کسے لکھا تھا؟
جواب: سید محمد سعید الدین جعفری۔
سوال ۸۰: اقبال کے بارے میں پروفیسر آرنلڈ کی کیا رائے تھی؟
جواب: "اقبال جیسا شاگرد استاد کو محقق اور محقق کو محقق تر بنا دیتا ہے"۔
سوال ۸۱: علامہ اقبال کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
"ایسا شاگرد استاد کا معیارِ فکر بلند کر دیتا ہے"
جواب: بقول پروفیسر تھامس آرنلڈ۔
سوال ۸۲: اقبال کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
"ایسے طالب علم کو پڑھانے سے استاد کے علم میں اضافہ ہوتا ہے"
جواب: پروفیسر تھامس آرنلڈ۔
سوال ۸۳: "اقبال کی شاعری میں ایک عجیب و غریب تکنیک ہے"۔ یہ قول کس کا ہے؟
جواب: نیاز فتح پوری کا۔
سوال ۸۴: سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود کے ہمراہ اقبال تعلیمی اور ثقافتی مشن پر کابل تشریف لے گئے تھے وہاں انھوں نے حکومت افغانستان کو مفید مشورے دیے اور ثقافتی مجلس کو اسلامی ثقافت پر خطاب کیا۔ اس کی روداد سید سلیمان ندوی نے اپنی کس کتاب میں لکھی ہے؟
جواب: "سیرِ افغانستان" میں۔
سوال ۸۵: یہ کس ادیب نے پیشین گوئی کی تھی کہ حالی و آزاد کی جو کرسیاں خالی ہوں گی ان میں سے ایک اقبال کی نشست سے پر ہو جائے گی؟
جواب: شبلی نعمانی نے۔
سوال ۸۶: علامہ اقبال کی شاعری کے پہلے دور کو "حب وطن" اور دوسرے دور کو "حب ملت" کس ادیب نے قرار دیا تھا؟
جواب: عبدالحق نے۔
سوال ۸۷: اقبال کے کس مجموعہ میں فلسفہ خودی کا ذکر تفصیل سے ملتا ہے؟
جواب: اسرار خودی میں۔
سوال ۸۸: اقبال نے "جاوید نامہ" کس یورپی شاعر کی کتاب کے جواب میں لکھی؟
جواب: دانتے کی "ڈیوائن کومیڈی" کے جواب میں۔
سوال ۸۹: علامہ اقبال نے "زبور عجم" کا پہلے کیا نام تجویز کیا تھا؟
جواب: "زبور جدید"۔
سوال ۹۰: اورینٹل کالج لاہور میں اقبال کن مضامین کے پروفیسر رہے؟
جواب: فلسفہ اور تاریخ کے۔

سوال ۹۱: گورنمنٹ کالج لاہور میں اقبال کن مضامین کے استاد تھے؟
جواب: فلسفہ اور انگریزی مضامین کے۔
سوال ۹۲: علامہ اقبال عارضی طور پر لندن یونیورسٹی میں ڈاکٹر آرنلڈ کی جگہ کس مضمون کے پروفیسر رہے؟
جواب: عربی کے۔
سوال ۹۳: علامہ اقبال نے خطبہ الٰہ آباد ۱۹۳۰ء میں دیا تھا۔ آپ بتائیے اقبال کس سال پنجاب اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے تھے؟
جواب: ۱۹۲۶ء میں۔
سوال ۹۴: اقبال اپنے خطوط میں اپنے کس دوست کو "اسرار قدیم" لکھتے تھے؟
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال ۹۵: "اسرار خودی" کا سندھی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: لطف اللہ بدوی نے۔
سوال ۹۶: "اسرار و رموز" کا عربی میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر عبدالوہاب۔
سوال ۹۷: "اسرار خودی" اور "رموز بیخودی" کو کس نام سے یکجا کر کے شائع کیا گیا تھا؟
جواب: "اسرار و رموز" کے نام سے۔
سوال ۹۸: علامہ اقبال "شاہ جی کی لغت" کس کی لکھی ہوئی لغت کو کہتے تھے؟
جواب: مولوی میر حسن کی لغت کو۔
سوال ۹۹: داغ دہلوی نے اقبال کے کلام کے بارے میں کیا کہا تھا؟
جواب: "ان کا کلام اصلاح سے بے نیاز ہے"۔
سوال ۱۰۰: علامہ اقبال نے یہ کس کے بارے میں کہا تھا کہ؟
"مسجد اقصیٰ میں آخری آرام گاہ کا میسر آنا ان کی خوش نصیبی ہے"
جواب: مولانا محمد علی جوہر کے بارے میں۔
سوال ۱۰۱: علامہ اقبال انگلستان ۱۹۰۵ء میں گئے تھے آپ بتائیے اقبال انگلستان جانے سے پہلے لاہور کے کن دو کالجز میں پروفیسر تھے؟
جواب: اورینٹل کالج لاہور اور گورنمنٹ کالج لاہور میں۔
سوال ۱۰۲: اقبال کی شاعرانہ زندگی کا آغاز کب ہوا؟
جواب: ۱۸۹۶ء۔
سوال ۱۰۳: ۱۹۳۰ء میں علامہ اقبال نے کس کے انتقال پر یہ بات کہی تھی کہ؟
"اقبال اپنے ایک دوست اور استاد سے محروم ہو گیا ہے"۔
جواب: پروفیسر آرنلڈ کی وفات پر۔

سوال۱۰۴: اقبال سے یہ کس نے کہا تھا کہ؟
''آپ کی ساری شاعری جسم ہے اور مثنوی ''پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق'' اس کا دل ہے''
جواب: پروفیسر یوسف سلیم چشتی نے۔
سوال۱۰۵: اقبال نے ''علم الاقتصاد'' کے دیباچے میں اپنے کس استاد کا شکریہ ادا کیا ہے؟
جواب: پروفیسر آرنلڈ کا۔
سوال۱۰۶: اقبال کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا کہ؟
''یہ شخص مجھ کو ٹیگور اور شیکسپیئر سے کئی ہزار فٹ اونچا نظر آتا ہے''۔
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال۱۰۷: کس اشتراکی علمدار کا علامہ اقبال پر گہرا اثر ہوا اور اس شاعر کے نام پر اقبال کی ایک نظم بھی ہے؟
جواب: بال جبریل کی نظم ''لینن''۔
سوال۱۰۸: لینن کے علاوہ اقبال کس اشتراکی مفکر سے متاثر تھے؟
جواب: کارل مارکس۔
سوال۱۰۹: نطشے نے علامہ اقبال پر کس حوالے سے اثر ڈالا تھا؟
جواب: عظمت آدم کی وجہ سے۔
سوال۱۱۰: گوئٹے کی کس کتاب کے جواب میں اقبال نے بطور احترام ''پیام مشرق'' کا نام رکھا؟
جواب: دیوان مغرب۔
سوال۱۱۱: ''بانگ درا'' کے پہلے حصے کی غزلوں پر کن شعراء کا رنگ ہے؟
جواب: داغ دہلوی اور میر تقی میر کا۔
سوال۱۱۲: ''بانگ درا'' کا حصہ نظم کن خاص موضوعات پر ہے؟
جواب: اخلاقیات وسیاسیات پر۔
VIP سوال۱۱۳: ''بانگ درا'' میں شامل ''شمع اور شاعر'' کی اہمیت کیا ہے؟
جواب: پوری کتاب میں یہ فارسی کی واحد نظم ہے۔
سوال۱۱۴: ''بانگ درا'' کے آخر میں ظریفانہ رنگ نظر آتا ہے وہ اقبال نے کس سے متاثر ہو کر اپنایا تھا؟
جواب: اکبر الہ آبادی کی مزاحیہ شاعری سے متاثر ہو کر۔
سوال۱۱۵: علامہ اقبال کا کونسا اردو مجموعہ کلام منتہائے کمال سمجھا جاتا ہے؟
جواب: ''بال جبریل'' کو۔
سوال۱۱۶: ''شاہین'' اقبال کی شاعری میں نہایت اہم استعارا ہے۔ آپ بتایئے نظم ''شاہین'' ان کے کس مجموعے کلام میں ہے؟
جواب: بال جبریل میں۔
سوال۱۱۷: علامہ اقبال کی مشہور کتاب ''بانگ درا'' کا دل کس نظم کو قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: نظم ''شمع اور شاعر'' کو۔

سوال۱۱۸: ''ارمغان حجاز'' میں کتنی رباعیات شامل ہیں؟
جواب: ۱۹ رباعیات۔
سوال۱۱۹: ''ضرب کلیم'' میں شامل وہ کونسی دو نظمیں ہیں جن میں اقبال نے اہل مغرب کی سینہ زوری اور دغا کی پر طنز کی ہے؟
جواب: ''کارل مارکس کی آواز'' اور ''مسولینی''۔
سوال۱۲۰: نظم ''شکوہ'' کے بارے میں یہ الفاظ کس ادیب کے ہیں؟
''شکوہ اردو میں اپنی نوعیت کی پہلی اور آخری نظم ہے''۔
جواب: غلام رسول مہر کے۔
سوال۱۲۱: ''بانگ درا'' کی وہ کونسی نظم ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اقبال نے اس میں اپنے ذاتی غم کی سطح کو اتنا بلند کر دیا ہے کہ ان کا غم پوری ملت کا غم بن گیا ہے؟
جواب: نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں''۔
سوال۱۲۲: اقبال کی مشہور نظم ''ساقی نامہ'' میر حسن کی کس مثنوی کی بحر میں ہے؟
جواب: ''سحر البیان'' کی بحر میں۔
سوال۱۲۳: ''بال جبریل'' کی نمائندہ نظم کسے قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: ''ساقی نامہ'' کو۔
سوال۱۲۴: ہندوستان میں وطنیت کے جذبے کو گرمانے والا پہلا شاعر کون ہے؟
جواب: علامہ اقبال۔
سوال۱۲۵: علامہ اقبال نے کس نظم میں ''گوتم بدھ'' کو بھی پیغمبر قرار دیا ہے؟
جواب: نظم ''نانک'' میں۔
سوال۱۲۶: علامہ اقبال کی شاعری میں کونسی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟
جواب: ''مغربی شاعری کا اثر'' ''تصوف اور نظریہ وحدت الوجود''۔
سوال۱۲۷: یورپ کی عملی زندگی کو دیکھ کر اقبال نے اپنی شاعری ترک کرنے کا ارادہ سب سے پہلے کس سے ظاہر کیا تھا؟
جواب: سر عبدالقادر سے۔
سوال۱۲۸: سر عبدالقادر کے علاوہ وہ کون تھے جس کی ترغیب پر اقبال نے ترک شاعری کا ارادہ توڑ ڈالا تھا؟
جواب: پروفیسر تھامس آرنلڈ۔
سوال۱۲۹: اقبال کی شاعری کے پہلے دور میں داغ دہلوی کے علاوہ کس شاعر کے اثرات پائے جاتے ہیں؟
جواب: الطاف حسین حالی۔
سوال۱۳۰: اقبال کی شاعری کے پہلے دور کی اہم خصوصیات کونسی ہیں؟
جواب: ''جذبہ حب الوطنی'' ''ہندو مسلم اتحاد'' اور مناظر فطرت کی عکاسی۔

سوال ۱۳۱: اقبال کا قیام یورپ کا عرصہ ۱۹۰۵ تا ۱۹۰۸ ہے۔ آپ بتایئے قیام یورپ کے دوران اقبال نے کونسی نظمیں لکھیں؟

جواب: ''طلباء علی گڑھ کے نام''، ''پیام عشق'' اور ''پیام''۔

سوال ۱۳۲: پیغامبری کے اثرات اقبال کی شاعری میں کب پیدا ہوئے؟

جواب: قیام یورپ کے دوران۔

سوال ۱۳۳: جرمنی میں اقبال کے فلسفہ کے استاد کون تھے؟

جواب: میگ ٹیگرٹ۔

سوال ۱۳۴: قیام یورپ کے دوران تک اقبال نظریہ وحدت الوجود کے قائل رہے اور اس نظریہ کے رد میں ان کا کونسا فلسفہ سامنے آیا؟

جواب: فلسفہ خودی۔

سوال ۱۳۵: فلسفہ خودی اقبال کی شاعری میں باقاعدہ طور پر کب سامنے آنا شروع ہوا؟

جواب: قیام یورپ کے دوران۔

سوال ۱۳۶: اقبال نے پیشین گوئیوں سے بھرپور غزل ''زمانہ آیا ہے بے حجابی کا عام دیدار ہوگا'' کب کہی تھی؟

جواب: مارچ ۱۹۰۷۔

سوال ۱۳۷: قیام انگلستان کے دوران فارسی ادب کے مشہور مورخ ''اے جی براؤن'' کے علاوہ کون تھا جس کی دوستی کی بدولت اقبال میں فلسفہ اور فارسی ادب کا شوق گہرا ہوا؟

جواب: پروفیسر نکلسن۔

سوال ۱۳۸: ''Metaphysics of Iran'' کا ترجمہ کس عنوان سے ہوا؟

جواب: ''فلسفہ عجم'' کے نام سے ۱۹۰۸ میں کیا تھا۔

سوال ۱۳۹: ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' جو کہ اقبال کے سات خطبات پر مشتمل ہے؟ آپ بتایئے یہ پہلی مرتبہ ۱۹۳۰ء میں چھپی تو یہ کتنے خطبات پر مشتمل تھی؟

جواب: چھ خطبات پر مشتمل تھی۔

سوال ۱۴۰: ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' اصلاً انگریزی زبان میں ہے۔ آپ اس کا انگریزی نام بتایئے؟

جواب: ''The Reconstruction of Religious Thought in Islam''۔

سوال ۱۴۱: علامہ اقبال کی مذکورہ بالا انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: سید نذیر نیازی نے۔

سوال ۱۴۲: مہاراجہ کشن پرشاد اور اقبال کے درمیان ۱۹۱۶ سے ۱۹۳۷ تک ہونے والی خط و کتابت کس نام سے کتابی شکل میں چھپی؟

جواب: ''شاد اقبال'' کے نام سے کل خطوط ۳۹۔

سوال ۱۴۳: اقبال نے سب سے پہلے داغ دہلوی سے اصلاح لی اور پیروی کی لیکن داغ کا اثر اقبال پر سے جلد ہی گزر گیا۔ آپ بتایئے وہ کونسا شاعر ہے جس کا رنگ اقبال پر دیرپا ثابت ہوا؟

جواب: مرزا غالب کا۔

سوال ۱۴۴: اقبال نے نظم ''شکوہ'' کس سن میں انجمن حمایت اسلام کے سالانہ اجلاس میں پڑھی تھی؟

جواب: ۱۹۱۱ میں۔

سوال ۱۴۵: خودی کی مختصر تعریف کیا ہے اقبال کی نظر میں؟

جواب: احساس ذات۔

سوال ۱۴۶: اقبال نے غزل کے اندر کونسا فلسفہ اجاگر کیا؟

جواب: فلسفہ حیات۔

سوال ۱۴۷: علامہ اقبال کی نماز جنازہ کتنی بار پڑھی گئی؟

جواب: دو بار۔

سوال ۱۴۸: ''میٹافزکس آف ایران'' کا اصل مسودہ کہاں محفوظ ہے؟

جواب: پنجاب یونیورسٹی لاہور میں۔

سوال ۱۴۹: میٹافزکس آف ایران'' پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۹۰۸ میں۔

سوال ۱۵۰: ''اقبال نامہ'' کی نوعیت کیا ہے اور یہ کس نے مرتب کیا؟

جواب: ''مجموعہ خطوط'' ہے اور مرتب شیخ عطاء اللہ ہے۔

سوال ۱۵۱: علامہ اقبال کی شاعری میں کونسا پہلو غالب ہے؟

جواب: امید کا پہلو۔

سوال ۱۵۲: اقبال نے جس کلام کو اپنے مستقل کلام سے خارج کر دیا تھا اس کو کس نام سے شائع کیا گیا تھا؟

جواب: ''باقیات اقبال'' کے نام سے۔

سوال ۱۵۳: اقبال کی بیٹی کا نام ''منیرہ سلطانہ'' ہے آپ ان کے بڑے بیٹے کا نام بتایئے؟

جواب: شیخ آفتاب احمد۔

سوال ۱۵۴: کس مصور نے اقبال کے کلام کی تصویریں بنائیں؟

جواب: اسلم کمال نے۔

سوال ۱۵۵: علامہ اقبال کے نزدیک ''خودی'' کس کام سے کمزور ہوتی ہے؟

جواب: انسان کے سوال کرنے سے۔

سوال ۱۵۶: اقبال نے نظم ''نالہ فراق'' کس شخصیت کی یاد میں لکھی تھی؟

جواب: پروفیسر تھامس آرنلڈ کی یاد میں۔

سوال ۱۵۷: اردو کے سب سے پہلے کس رسالے نے ''اقبال نمبر'' اور کب شائع کیا؟

جواب: ۱۹۳۲ میں ''نیرنگ خیال'' لاہور نے۔

سوال ۱۵۸: اقبال کی سب سے پہلی نظم ''ہمالہ'' ہے آپ بتایئے کہ ''ارمغان حجاز'' کی آخری نظم کونسی ہے؟

جواب: حضرت انسان۔

سوال ۱۵۹: علامہ اقبال کی پہلی فارسی شاعری کی کتاب کونسی ہے؟
جواب: "اسرارِ خودی" ۱۹۱۵ء میں شائع ہوئی۔
سوال ۱۶۰: اقبال کے کس مجموعہ میں بچوں کے لیے نظمیں ہیں؟
جواب: "بانگِ درا" میں۔
سوال ۱۶۱: اقبال نے نوبل انعام نہ ملنے پر کن خیالات کا اظہار کیا تھا؟
جواب: انہوں نے کہا "میرے یہاں سب کچھ مغرب کے خلاف ہے اس لیے وہ مجھے نوبل انعام کیسے دے سکتے ہیں۔"
سوال ۱۶۲: "میں نے انیس اور دبیر کے کئی مرثیے سنے ہیں لیکن اتنی دل سوز نظم پہلے کبھی نہیں سنی"۔ اقبال کی نظم "بلادِ یتیم" کے بارے میں یہ کس کا قول ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد کا۔
سوال ۱۶۳: نظم "مسجدِ قوت اسلام" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
جواب: ضربِ کلیم میں۔
سوال ۱۶۴: علامہ اقبال نے کس شخصیت کو مشورہ دیا کہ وہ رسالہ جاری کرنے کے بجائے گارساں دتاسی کی تصانیف کو اردو میں ترجمہ کریں؟
جواب: میاں بشیر احمد کو۔
سوال ۱۶۵: اقبال نے اپنا مقالہ "تاریخِ عالم" کس زبان میں لکھا تھا؟
جواب: جرمن زبان میں۔
سوال ۱۶۶: اقبال نے اپنی کس کتاب میں والد کی خدا ترسی اور غریب نوازی کا واقع لکھا ہے؟
جواب: رموزِ بیخودی میں۔
سوال ۱۶۷: علامہ اقبال سے پہلے کن شعراء اردو نے مسلمانوں میں خودی پیدا کرنے کی کوشش کی تھی؟
جواب: الطاف حسین حالی اور اکبر الہ آبادی نے۔
سوال ۱۶۸: اقبال کے استاد مولوی میر حسن ان کے والد کو کیا کہا کرتے تھے؟
جواب: ان پڑھ فلسفی۔
سوال ۱۶۹: "جاوید نامہ" میں افلاک کی سیر اقبال نے کسی کی رہنمائی میں کی تھی؟
جواب: مولانا روم کی رہنمائی۔
سوال ۱۷۰: اقبال نے کس شاعر کے انتقال پر اسکے نام سے تاریخ وفات نکالی؟
جواب: داغ دہلوی کے۔
سوال ۱۷۱: اقبال کی شاعری کے بارے میں ان کے استاد پروفیسر آرنلڈ کیا کہتے تھے؟
جواب: انکشافِ حقیقت۔
سوال ۱۷۲: نظم "التجائے مسافر" میں اقبال کس عظیم ہستی سے مخاطب ہیں؟
جواب: حضرت نظام الدین اولیاء سے۔

سوال ۱۷۳: نظم "والدہ مرحومہ کی یاد میں" کس مجموعہ کلام کی نظم ہے اور اس میں کتنے اشعار ہیں؟
جواب: بانگ درا میں ہے اور اس میں ۱۳ اشعار ہیں۔
سوال ۱۷۴: علامہ اقبال کے اس شعر کی کیا اہمیت ہے؟

اقبال لکھنؤ سے نہ دلی سے ہے غرض
ہم تو اسیر ہیں خم زلف کمال کے

جواب: "ان کی زندگی میں یہ کسی مشاعرے میں پہلی مرتبہ سنائی گئی غزل کا مقطع ہے"۔
سوال ۱۷۵: اقبال کی "رموزِ بیخودی" کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: پروفیسر اے جے آربری نے۔
سوال ۱۷۶: "جاوید نامہ" اقبال نے کس کے نام سے منسوب کی تھی؟
جواب: ڈاکٹر جاوید اقبال کے نام سے۔
سوال ۱۷۷: اقبال نے انجمن حمایت اسلام کے جلسوں میں جو نظمیں پڑھیں ان میں کس شاعر کا انداز تخیل اور اسلوب بیان پایا جاتا ہے؟
جواب: مرزا غالب کا۔
سوال ۱۷۸: فلسفہ خودی اقبال کی شاعری میں باقاعدہ طور پر کب سامنے آیا؟
جواب: قیام یورپ کے دوران۔
سوال ۱۷۹: علامہ اقبال نے "بلبلِ شیراز" شیخ سعدی کو کہا تھا آپ بتایئے "خاتونِ عجم" کسے کہا ہے؟
جواب: قرۃ العین طاہرہ کو۔
سوال ۱۸۰: علامہ اقبال کی شاعری کے دوسرے دور کی آخری نظم کونسی ہے؟
جواب: "صقلیہ" یہ نظم بانگ درا میں ہے۔
سوال ۱۸۱: علامہ اقبال کو جب "سر" کا خطاب دیا جانے لگا تو اقبال نے کیا کہا تھا؟
جواب: "پہلے میرے استاد محترم مولوی میر حسن کو "شمس العلماء" کا خطاب دیا جائے پھر میں "سر" کا خطاب قبول کرونگا"۔
سوال ۱۸۲: پاکستان کے کس چیف جسٹس نے علامہ اقبال کو "خان صاحب" کا خطاب دیا تھا؟
جواب: سر شادی لال نے۔
سوال ۱۸۳: یورپ سے واپسی کے سفر میں جب علامہ اقبال کا جہاز سمندر میں تھا تو اس دوران انھیں جزیرہ سسلی سامنے دکھائی دیا، جہاں مسلمانوں نے ایک عرصہ تک حکومت کی تھی۔ اس جزیرے کو دیکھ کر وہ اشکبار ہوگئے تھے اور ایک دردناک اور اہم نظم کہی تھی آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: "بانگ درا" کی نظم "صقلیہ" یہ نظم اگست ۱۹۰۸ کے "مخزن" میں چھپی تھی اور اس کا عنوان "جزیرہ سسلی" تھا۔ عام طور پر یہ نظم "مرثیہ سسلی" کے نام سے مشہور ہے"۔
سوال ۱۸۴: اقبال کو "حکیمِ حیات" کا خطاب "گوئٹے" نے دیا تھا۔ آپ بتایئے گورنر پنجاب مسٹر میک لی گن نے اقبال کے لیے کس خطاب کی سفارش کی تھی؟

جواب: ''ٹائٹ بڈ'' کے لیے۔

سوال ۱۸۵: یورپ سے واپسی کے بعد اقبال کی سب سے پہلی اردو نظم کونسی ہے۔ جس میں اقبال نے پہلی مرتبہ وطنیت کے دائرے سے قدم باہر رکھا تھا؟

جواب: نظم ''بلادِ اسلامیہ'' میں۔

سوال ۱۸۶: حافظ شیرازی کے بعد اقبال کی شاعری پر سب سے زیادہ اثرات کن فارسی شعراء کے ہیں؟

جواب: نظیری اور مرزا عبدالقادر بیدل کے۔

سوال ۱۸۷: علامہ اقبال نے ۱۹۰۸ کے بعد وطنیت کے دائرے سے نکل کر ملت کا دائرہ اختیار کرلیا تھا۔ اس فکر کے زیرِ اثر انھوں نے اپنی پرانی نظم ''ترانہ ہندی'' کی زمین میں کونسی نظم کہی تھی؟

جواب: نظم ''ترانۂ ملی''۔

سوال ۱۸۸: ۱۹۰۸ سے لے کر وفات تک کی اقبال کی شاعری کا تین چوتھائی حصہ کس موضوع پر ہے؟

جواب: اسلامی اور ملی۔

سوال ۱۸۹: اسلام اور ملت اسلامیہ کے علاوہ اقبال کی شاعری کا پسندیدہ اور اہم ترین موضوع کیا ہے؟

جواب: بنی نوعِ انسان کی خدمت۔

سوال ۱۹۰: ''پیامِ مشرق'' میں اقبال نے کشمیر سے متعلق اپنی کونسی نظم لکھی ہے؟

جواب: ساقی نامہ۔

سوال ۱۹۱: وہ کونسی شخصیت ہے۔ جس کے نظریہ تصوف سے سخت اختلاف کے باوجود اقبال اس کی انا پسندی کے معتقد ہیں؟

جواب: منصور بن حلاج۔

سوال ۱۹۲: اقبال نے اپنی مشہور نظم ''محراب گل خان کے افکار'' میں کس شاعر کے افکار کی ترجمانی کی ہے اور اس میں اقبال نے کس شاعر کو ''شاعر افغان شناس'' کہا ہے؟

جواب: خوشحال خان خٹک کو۔

سوال ۱۹۳: اقبال نے اپنی فارسی غزلوں اور نظموں کے پہلے مجموعہ ''پیامِ مشرق'' کو کس سے منسوب کیا ہے؟

جواب: امیر افغانستان امان اللہ خان۔

سوال ۱۹۴: اقبال نے کس شخصیت کو مولانا روم کی ضد قرار دیا تھا؟

جواب: امام فخر الدین رازی۔

سوال ۱۹۵: اقبال کے خیال میں افغانوں میں کس خصوصیت کی کمی ہے؟

جواب: خود شناسی کی۔

سوال ۱۹۶: وہ کونسا مغربی شاعر ہے جس کے بارے میں اقبال نے کہا تھا کہ اس نے طالب علمی کے زمانے میں انھیں ''دہریت'' سے بچالیا؟

جواب: ورڈز ورتھ۔

سوال ۱۹۷: اقبال نے جمال الدین افغانی کو ''سید السادات'' کا خطاب دیا تھا۔ آپ بتائیے نطشے کو کیا خطاب دیا تھا؟

جواب: مجذوبِ فرنگی۔

سوال ۱۹۸: علامہ اقبال کے بچپن کے استاد مولوی میر حسن انھیں کیا کہتے تھے؟

جواب: روحانی بیٹا۔

سوال ۱۹۹: اقبال کی شاعری کا چرچہ کب ہوا تھا؟

جواب: ''صرف ۲۲ برس کی عمر میں جب انھوں ۱۸۹۹ میں ''انجمن حمایت اسلام'' لاہور کے ایک جلسہ میں اپنی نظم ''نالہ یتیم'' پڑھ کر سنائی''۔

سوال ۲۰۰: مثنوی ''اسرارِ خودی'' اقبال کے کلام کا پہلا فارسی مجموعہ ہے۔ آپ بتائیے کہ اقبال نے اسے کب لکھنا شروع کیا اور مکمل کر کے کب شائع کیا؟

جواب: ۱۹۱۳ میں لکھنا شروع کیا اور ۱۹۱۵ میں مکمل کر کے شائع کیا۔

سوال ۲۰۱: اقبال نے اپنے خطوط اور مضامین میں کس شخصیت کو برصغیر میں مسلم قومیت کا بانی اور ملت اسلامیہ کا بہت بڑا مبلغ قرار دیا تھی؟

جواب: شیخ احمد سرہندی۔

سوال ۲۰۲: ''بانگِ درا'' میں شامل ''ہمالہ، ترانہ ہندی، نیا شوالہ اور ہندوستانی بچوں کا گیت'' جیسی نظموں کا موضوع کیا ہے؟

جواب: سیاست۔

سوال ۲۰۳: علامہ اقبال کو کس شخصیت نے ''جرمنی کا معنوی فرزند'' کہا تھا؟

جواب: این مری شمل نے۔

سوال ۲۰۴: ''شمع اور شاعر'' اقبال نے مشرق وسطیٰ کے حالات سے متاثر ہو کر لکھی اس کا پہلا بند فارسی میں ہے۔ جس بنا پر اسے اقبال کی فارسی شاعری کا پہلا نمونہ قرار دیا گیا ہے اقبال نے یہ نظم پہلی بار کب پڑھی؟

جواب: فروری ۱۹۱۲ میں پڑھی تھی اور یہ بانگ درا میں شامل ہے۔

سوال ۲۰۵: اقبال کی اہم فارسی نظم ''گلشن راز جدید'' ان کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

جواب: زبور عجم میں۔

سوال ۲۰۶: اقبال پہلی بار بھوپال ۱۰ مئی ۱۹۱۳ میں گئے تھے آپ بتائیے کہ اسپین کے شہر قرطبہ کب گئے؟

جواب: ۱۹۳۳ میں۔

سوال ۲۰۷: ''بال جبریل'' میں شامل وہ کونسی نظم ہے جو ایک پشتو شاعر پر کہی گئی ہے؟

جواب: خوشحال خان خٹک پر۔

سوال ۲۰۸: علامہ اقبال نے ''بانگِ درا'' میں بچوں کے لیے سات نظمیں لکھیں ہیں آپ ان کے نام بتائیے؟

جواب: ''ایک مکڑا اور مکھی''۔ ''ایک پہاڑ اور گلہری''۔ ''بچے کی دعا''۔ ''ہمدردی''۔ ''ایک گائے اور بکری''۔ ''پرندے کی فریاد'' اور ''ماں کا خواب''۔

سوال ۲۰۹: اقبال نے کن ممالک کی سیر کی تھی؟

جواب: ''مصر، اٹلی، فلسطین، افغانستان اور چین''۔

سوال ۲۱۰: علامہ اقبال نے نظم ''نیا شوالہ'' میں کیا بیان کیا ہے؟

جواب: یہ ہندو مسلم اتحاد کی ایک نظم ہے۔

سوال ۲۱۱: علامہ اقبال کا پہلا سوانح نگار کونسے ادیب کو کہا جاتا ہے؟

جواب: سید نذیر نیازی۔

سوال ۲۱۲: اقبال کی مثنوی ''اسرار خودی'' کا کن کن زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟

جواب: انگریزی، ترکی، عربی، سندھی، بنگالی اور پنجابی زبان میں۔

سوال ۲۱۳: نظم ''حکیم نطشے'' اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

جواب: ضرب کلیم میں۔

سوال ۲۱۴: ''ارمغان حجاز'' کا اردو والا حصہ شاعری کی کونسی صنف میں ہے؟ جبکہ اس کو مرتب شیخ عبدالقادر نے کیا تھا؟

جواب: ''نظم'' کی صنف میں۔

سوال ۲۱۵: ۱۹۱۳ میں فلسطین میں ایک ہفتہ گزارنے کے نتیجے میں اقبال نے کونسی نظم لکھی تھی؟

جواب: نظم ''ذوق و شوق'' کے نام سے۔

سوال ۲۱۶: بال جبریل کی نمائندہ نظم کسے قرار دیا جاتا ہے؟

جواب: ساقی نامہ کو۔

سوال ۲۱۷: ۱۹۳۱ میں اقبال نے لندن میں قائداعظم سے پہلی ملاقات کی تھی آپ بتایئے کہ اقبال نے دوسری گول میز کانفرنس منعقدہ لندن ۷ ستمبر تا یکم دسمبر ۱۹۳۱ میں کس حیثیت سے شرکت کی تھی؟

جواب: مسلم لیگ کے نمائندے کی حیثیت سے۔

سوال ۲۱۸: آنند نرائن ملا کی مشہور نظم جو علامہ اقبال کے خلاف لکھی گئی تھی وہ کونسی تھی اور وہ کب شائع ہوئی؟

جواب: ''شکوہ از اقبال'' کے نام سے ۱۹۲۹ میں لکھی تھی۔

سوال ۲۱۹: علامہ اقبال کی کس مشہور کتاب کو ''خیالی سفرنامہ'' کہا جاتا ہے؟

جواب: جاوید نامہ کو۔

سوال ۲۲۰: علامہ اقبال نے کس مسجد میں ۷ سو سال بعد اذان دی تھی؟

جواب: مسجد قرطبہ میں۔

سوال ۲۲۱: علامہ اقبال ایک خاتون پر عاشق تھے اس پر اردو کے ایک اور مشہور ادیب بھی عاشق تھے آپ دونوں کے نام بتایئے؟

جواب: بیگم عطیہ فیضی پر اقبال کے علاوہ شبلی نعمانی بھی عاشق تھے۔

سوال ۲۲۲: اقبال نے کون کون سی مثنویاں لکھیں؟

جواب: ''اسرار خودی''، ''رموز بیخودی'' اور ''پس چہ باید کرد اے اقوام شرق''۔

سوال ۲۲۳: اقبال کو مفکر پاکستان کا خطاب کب دیا گیا تھا؟

جواب: ۳۰ ستمبر ۱۹۳۰ میں۔

سوال ۲۲۴: انجمن حمایت اسلام کی بنیاد کب رکھی گئی تھی؟

جواب: ۲۴ ستمبر ۱۸۸۴ کو۔

سوال ۲۲۵: اقبال کی نظم ''ترانہ ہندی'' پہلے دور کی نظم ہے آپ بتایئے ''ترانہ ملی'' اقبال کے کونسے دور کی نظم ہے؟

جواب: دوسرے دور کی۔

سوال ۲۲۶: اقبال نے اپنے استاد داغ دہلوی پر جو نظم کہی وہ ان کے کسی مجموعہ کلام میں ہے؟

جواب: بانگ درا میں۔

سوال ۲۲۷: علامہ اقبال تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے لندن کب گئے؟

جواب: اکتوبر ۱۹۳۲ میں۔

سوال ۲۲۸: اقبال نے خط و کتابت کے ذریعے اپنی غزلوں پر اصلاح داغ دہلوی سے لی تھی۔ آپ بتایئے ابتداء میں اقبال کس شاعر کو غزلیں دکھاتے تھے؟

جواب: ارشد گورگانی کو۔

سوال ۲۲۹: ''اقبال کی تیرہ نظمیں'' ڈاکٹر اسلوب انصاری نے ۱۹۷۷ میں شائع کی تھی آپ بتایئے کہ ''اقبال کی طویل نظمیں'' کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی۔

سوال ۲۳۰: ''شعر اقبال'' اور ''تلمیحات اقبال'' کا خالق سید عابد علی عابد ہے۔ آپ بتایئے ''اقبال کا ذہنی ارتقاء'' اور ''اقبال کا مطالعہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: غلام حسین ذوالفقار۔

سوال ۲۳۱: ''عروج اقبال'' کا مصنف ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی ہے آپ بتایئے ''مسائل اقبال'' اور ''دلی سے اقبال تک'' کا خالق کون ہے؟

ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال ۲۳۲: ''اقبال فکر و فن کے آئینے میں'' کا مصنف احمد ہمدانی ہے آپ بتایئے آل احمد سرور نے اقبال پر کونسی کتاب لکھی تھی؟

جواب: اقبال اور ان کا فلسفہ۔

سوال ۲۳۳: ''انوار اقبال'' بشیر احمد ڈار نے تصنیف کی تھی۔ آپ بتایئے کہ ''اقبال کی شاعری میں پیکر تراشی'' کا خالق کون ہے؟

جواب: تو قیر احمد خان۔

سوال ۲۳۴: ''اقبال کی شخصیت اور شاعری'' حمید احمد خان نے تحقیق کی تھی آپ بتایئے کہ ''خطوط اقبال'' اور ''اقبال بحیثیت شاعر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی۔

سوال ۲۳۵: ''فکر اقبال'' خلیفہ عبدالحکیم نے لکھی تھی آپ بتایئے کہ ڈاکٹر سلیم اختر نے اقبال پر کونسی کتب لکھیں؟

جواب: ''اقبال کا نفسیاتی مطالعہ''، ''اقبالیات کے نقوش'' اور ''اقبال کا ادبی نصب العین''۔
سوال۲۳۶: ''اقبال کامل'' کا مصنف عبدالسلام ندوی ہے۔ آپ بتائیے ''اقبال معاصرین کی نظر میں'' کا خالق کونسا نقاد ہے؟
جواب: سید وقار عظیم۔
سوال۲۳۷: ''اقبال احوال وافکار'' تو ڈاکٹر عبادت بریلوی نے تخلیق کی تھی آپ بتائیے ''اقبال سب کے لیے'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری۔
سوال۲۳۸: ''ایقان اقبال''، ''برہان اقبال'' اور ''قرطاس اقبال'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: پروفیسر محمد منور۔
سوال۲۳۹: ''روح اقبال'' اور ''غالب اور اقبال کی متحرک جمالیات'' کا مصنف یوسف حسین خان ہیں۔ آپ بتائیے ''سرسید سے اقبال تک'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر عنی جاوید۔
سوال۲۴۰: ''تشبیہات اقبال'' اور ''اقبال کے صنائع بدائع'' کس ادیب کی تخلیق ہیں؟
جواب: پروفیسر نذیر احمد۔
سوال۲۴۱: ''اقبال کے ہم نشین'' صابر کلوروی کی تصنیف ہے آپ بتائیے کہ ''اقبال کا فن'' کس مشہور ادیب کی تصنیف ہے؟
جواب: ڈاکٹر گوپی چند نارنگ۔
سوال۲۴۲: ''ذکر اقبال'' عبدالمجید سالک نے لکھی ہے اور ڈاکٹر قمر رئیس نے ''اقبال کا شعور وفن'' کے نام سے کتاب لکھی تھی آپ بتائیے کہ ''اساسیات اقبال'' کس نے لکھی تھی؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی نے۔
سوال۲۴۳: ''ابتدائی کلام اقبال'' کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر گیان چند۔
سوال۲۴۴: ''اقبال نئی تشکیل'' عزیز احمد نے تحریر کی تھی آپ بتائیے ''تصورات عشق وخرد اقبال کی نظر میں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔
سوال۲۴۵: ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنے والد علامہ اقبال کی شخصیت پر ''زندہ رود'' کتنے حصوں پر مشتمل کتاب لکھی تھی؟
جواب: تین حصوں میں۔
سوال۲۴۶: اقبال کی مشہور نظمیں ''ذوق وشوق''، ''مسجد قرطبہ'' اور ''ساقی نامہ'' کس مجموعہ کلام میں ہیں؟
جواب: بال جبریل میں۔
سوال۲۴۷: ''خضر راہ''، ''طلوع اسلام'' اور ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'' کے نام سے نظمیں اقبال نے اپنے کس

مجموعہ کلام میں تخلیق کی ہیں؟
جواب: ''بانگ درا'' میں۔
سوال۲۴۸: ''نقد اقبال'' میکش اکبرآبادی کی کتاب ہے آپ بتائیے ''اقبال کا تصور زمان ومکاں'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر رضی الدین صدیقی۔
سوال۲۴۹: ''سبل اقبال''، ''مسائل اقبال''، ''مقاصد اقبال'' کا مصنف ڈاکٹر سید عبداللہ ہے آپ بتائیے ''مرقع اقبال'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟
جواب: جگن ناتھ آزاد نے۔
سوال۲۵۰: ''اقبال دانائے راز'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: عبداللطیف اعظمی۔
سوال۲۵۱: علامہ اقبال نے پی ایچ ڈی کا مقالہ کس استاد کی نگرانی میں مکمل کیا تھا؟
جواب: پروفیسر میک ٹیگرٹ کی نگرانی میں۔
سوال۲۵۲: محراب گل افغان حقیقی شخصیت ہے کہ فرضی کردار؟
جواب: فرضی کردار ہے۔
سوال۲۵۳: علامہ اقبال کی نماز جنازہ کہاں ادا کی گئی تھی؟
جواب: بادشاہی مسجد لاہور میں۔
سوال۲۵۴: ''مذہب بغیر قوت کے محض ایک فلسفہ ہے'' علامہ اقبال نے یہ جملہ کس مشہور شاعر کے نام خط میں لکھا تھا؟
جواب: اکبرالہ آبادی کے نام۔
سوال۲۵۴: علامہ اقبال مجلس قانون ساز پنجاب کے رکن کب منتخب ہوئے تھے؟
جواب: ۱۹۲۶ میں۔
سوال۲۵۵: علامہ اقبال نے اپنی مشہور نظم ''افکار پریشان'' کس ملک کی سیاحت کے دوران لکھی تھی؟
جواب: افغانستان کی سیاحت کے دوران۔
سوال۲۵۶: ''اسرار خودی'' علامہ اقبال نے کس شاعر کی مثنوی سے متاثر ہو کر لکھی؟
جواب: مولانا رومیؒ سے متاثر ہو کر۔
سوال۲۵۷: علامہ اقبال دن میں کتنی مرتبہ کھانا کھاتے تھے؟
جواب: صرف ایک بار۔
سوال۲۵۸: ۱۹۰۸ سے وفات تک علامہ اقبال نے کس موضوع پر شاعری کی؟
جواب: اسلامی اور ملی موضوع پر
سوال۲۵۹: علامہ اقبال کی زندگی میں ان کی آخری کونسی کتاب شائع ہوئی؟
جواب: مثنوی ''پس چہ باید کرد اے اقوام شرق''۔

سوال ۲۶۰: علامہ اقبال نے قائداعظم کے نام کتنے خطوط لکھے تھے؟
جواب: اقبال نے ۱۳ خطوط قائداعظم کے نام لکھے تھے۔
سوال ۲۶۱: ''زندہ رود'' کی پہلی جلد ۱۹۷۹ء میں اور دوسری جلد ۱۹۸۲ء میں شائع ہوئی تھی بتایئے تیسری جلد کب شائع ہوئی تھی؟
جواب: ۱۹۸۶ء میں
سوال ۲۶۲: علامہ اقبال کی خودی کا مفہوم بیان کریں۔
جواب: علامہ اقبال کے نزدیک جب کوئی انسان اپنے وجود کے ہونے کی حقیقت کو پالیتا ہے تو ساری دنیا پر فتح پا سکتا ہے۔ گویا خودی کو پانا اپنی ہی شخصیت کو دریافت کرنا ہے۔ انسان کے لیے اپنی ہستی کا احساس ہی خودی ہے۔
سوال ۲۶۳: علامہ اقبال کا نظریہ بے خودی کیا ہے؟
جواب: اقبال کی نظر میں بے خودی خودداری اور خودشناسی کے بعد پیدا ہوتی ہے۔ جہاں افراد کے لیے خودی اور خودداری ذریعہ استواری ہے وہیں افراد کا اپنی ہستی کو قومی ہستی میں محو کردینا اس کو بے خودی سے تعبیر کیا گیا ہے۔
سوال ۲۶۴: علامہ اقبال کے چھ خطبات پہلی بار کب اور کہاں سے شائع ہوئے تھے؟
جواب: یہ خطبات پہلی بار ۱۹۳۰ء میں لاہور سے شائع کیے گئے تھے۔
سوال ۲۶۵: علامہ اقبال نے مدارس میں اسلام پر کتنے خطبات دیئے تھے؟
جواب: دسمبر ۱۹۲۸ء میں اہلِ علم کی خواہش پر مدارس جا کر اسلام پر انگریزی میں چھ خطبات دیئے تھے۔
سوال ۲۶۶: علامہ اقبال نے آخری ساتواں خطبہ کب اور کہاں پڑھا تھا؟
جواب: ساتواں خطبہ ۵ دسمبر ۱۹۳۲ء کو لندن کی ''انجمن ارسطو'' میں پڑھا تھا۔
سوال ۲۶۷: ۱۹۳۰ء میں علامہ اقبال نے الہ آباد میں اپنا معروف خطبہ کس حیثیت سے دیا تھا؟
جواب: آل انڈیا مسلم لیگ کے منتخب صدر کی حیثیت سے خطبہ دیا تھا۔
سوال ۲۶۸: اقبال کی تاریخ پیدائش کے پانچ سن بتائے جاتے ہیں مثلاً: ۱۸۷۰ء، ۱۸۷۳ء، ۱۸۷۶ء، ۱۸۷۷ء اور ۱۸۷۷ء۔ آپ بتایئے علامہ اقبال نے اپنے پی ایچ ڈی کے مقالے میں اپنی تاریخ پیدائش کونسی بتائی ہے؟
جواب: ۱۸۷۶ء
سوال ۲۶۹: سید سلیمان ندوی نے اپنے سفرنامہ ''سیر افغانستان'' میں اس سفر کے تفصیلی حالات و واقعات کا تذکرہ کیا ہے۔ آپ بتایئے علامہ اقبال نے اس سفر کی یادگار کے طور پر کونسی مثنوی لکھی تھی؟
جواب: مثنوی ''مسافر'' لکھی جو ۱۹۳۴ء میں شائع ہوئی تھی۔
سوال ۲۷۰: علامہ اقبال ۱۹۳۲ء میں ''آل پارٹیز مسلم کانفرنس'' کے صدر تھے۔ آپ بتایئے وہ پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے ممبر کب منتخب ہوئے؟
جواب: ۱۹۲۶ء میں

☆☆☆

اردو زبان کی ابتدا اور تاریخ ادبِ اُردو

سوال ۱: اُردو زبان کی ابتدا اور ارتقا میں سب سے زیادہ حصہ کس کا ہے؟
جواب: مسلمانوں کا۔
سوال ۲: اردو کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟
جواب: ترکی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی لشکر کے ہیں۔
سوال ۳: ترکی کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب: فارسی زبان کا۔
سوال ۴: بعض محققین اردو کو فارسی زبان کا لفظ بتاتے ہیں لیکن زیادہ تر محققین اردو کو کس زبان کا لفظ قرار دیتے ہیں؟
جواب: ترکی زبان کا۔
سوال ۵: آغاز میں اردو کو ہندی یا ہندوی کے نام سے کیوں پکارا گیا تھا؟
جواب: ہندوستان کی نسبت سے۔
سوال ۶: اردو کے لیے لفظ ہندی سب سے پہلے کس کتاب میں استعمال ہوا؟
جواب: ''تزکِ بابری'' میں۔
سوال ۷: شروع شروع میں ہندی، ہندوی کس خط میں لکھی جاتی تھی؟
جواب: خطِ نسخ میں۔
سوال ۸: کس شہنشاہ نے ہندی کا رسم الخط نسخ سے تبدیل کر کے خطِ نستعلیق میں تبدیل کروادیا؟
جواب: شاہ جہاں نے۔
سوال ۹: اردو زبان کے لیے ابتداء میں ریختہ کا نام بھی استعمال ہوا، آپ بتایئے کہ ریختہ کے کیا معنی ہیں؟ اور اردو کو ریختہ کیوں کہا گیا تھا؟
جواب: نئے سانچے میں ڈھالنا، بنانا یا ایجاد و اختراع کرنا اور موزوں کرنا اور ریختہ اس لیے کہا گیا کہ یہ مختلف بولیوں اور زبانوں کے امتزاج کی وجہ سے وجود میں آئی تھی۔
سوال ۱۰: ریختہ میں سب سے پہلے دیوان کس شاعر نے مرتب کیا؟
جواب: امیر خسرو نے۔
سوال ۱۱: ریختہ کا لفظ شہنشاہ اکبر کے زمانے میں زبان کے لیے استعمال ہوا بعد میں یہ لفظ ریختہ کس معنی میں استعمال ہو گیا؟
جواب: شاعری میں۔
سوال ۱۲: لفظ ریختہ کو کس شاعر نے متروک قرار دیا تھا؟
جواب: شیخ امام بخش ناسخ نے۔

سوال ۱۳: اردو زبان کے لیے سب سے پہلے ''اردوئے معلیٰ'' کا لفظ کس بادشاہ نے تجویز کیا؟
جواب: شاہ جہاں نے۔
سوال ۱۴: محمد حسین آزاد نے اردو کی پہلی نثری تصنیف کس کتاب کو قرار دیا تھا؟
جواب: فضلی کی ''کربل کتھا'' یا ''دہ مجلس'' کو۔
سوال ۱۵: پروفیسر احسن مارہروی اور عبدالحق نے اردو کی پہلی نثری تصنیف کس کتاب کو قرار دیا تھا؟
جواب: بندہ نواز گیسو دراز کی ''معراج العاشقین'' کو۔
سوال ۱۶: کس زبان کو ہندوستان کے شہروں میں دکن میں دکنی، گجرات میں گجراتی، لاہور میں لاہوری اور دہلی میں دہلوی کا نام دیا گیا ہے؟
جواب: اردو زبان کو۔
سوال ۱۷: ہندوستان میں سب سے پہلی مطبوعہ کتاب کونسی ہے؟
جواب: میر امن کی (باغ و بہار) کو۔
سوال ۱۸: محمد حسین آزاد نے اردو زبان کا ماخذ کونسی زبان کو قرار دیا تھا؟
جواب: برج بھاشا کو۔
سوال ۱۹: انشاء اللہ خان انشاء نے اپنی مشہور کتاب ''دریائے لطافت'' میں اردو کی ابتداء کو کس عہد سے منسوب کیا ہے؟
جواب: ''عہد شاہ جہانی سے''۔
سوال ۲۰: حافظ محمود شیرانی نے اردو زبان کی بنیاد کونسا وقت قرار دیا تھا؟
جواب: محمد بن قاسم کا حملہ۔
سوال ۲۱: حافظ محمود شیرانی نے اردو کا سب سے پہلا شاعر کسے قرار دیا ہے؟
جواب: مسعود سعد سلمان کو۔
سوال ۲۲: ڈاکٹر سہیل بخاری نے اردو کی پیدائش کا علاقہ کس علاقے کو قرار دیا ہے؟
جواب: مشرقی مہاراشٹر کو۔
سوال ۲۳: ڈاکٹر سہیل بخاری نے اردو زبان کی تاریخ کا پہلا سرا کسے قرار دیا ہے؟
جواب: ''رگ وید'' کو۔
سوال ۲۴: اردو ہندی کو عربی رسم الخط میں ڈھالنے کا سہرا کن لوگوں کے سر ہے؟
جواب: صوفیائے کرام کے سر۔
سوال ۲۵: ڈاکٹر شوکت سبزواری نے اپنی مشہور کتاب ''اردو زبان کا ارتقاء'' میں اردو کو کس ہندوستانی بولی کی ترقی یافتہ شکل قرار دیا ہے؟
جواب: ''پالی'' کی۔
سوال ۲۶: اردو ہندی کو سب سے پہلے کہاں کے شاہی دفتروں میں رائج کیا گیا تھا؟
جواب: دکن کے دفتروں میں۔

سوال ۲۷: سب سے پہلے ہندی زبان کو کس مُبلغ نے استعمال کیا؟
جواب: خواجہ معین الدین چشتی نے۔
سوال ۲۸: اردو کی پہلی تحریک امیر خسرو کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے امیر خسرو نے اپنی روز مرہ زبان میں کہی گئی نظموں کو کیا قرار دیا تھا؟
جواب: ''ہندوی'' قرار دیا تھا۔
سوال ۲۹: امیر خسرو نے اپنی مقامی شاعری کے لیے کونسی ہیئت اختیار کی تھی؟
جواب: غزل کی ہیئت میں۔
سوال ۳۰: اردو شاعری میں عورت کی پکار کو سب سے پہلے کس شاعر نے متعارف کرایا؟
جواب: امیر خسرو نے۔
سوال ۳۱: گولکنڈہ میں اردو کا ادبی سفر کس بادشاہ کے دور سے شروع ہوا؟
جواب: ابراہیم قطب شاہ کے دور سے۔
سوال ۳۲: اردو کی پہلی نثری داستان کس نے اور کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: ملا وجہی نے ''سب رس'' کے نام سے ۱۶۳۵ء میں۔
سوال ۳۳: ''ابن نشاطی''، ''غواصی''، ''وجہی'' اور ''جنیدی'' گولکنڈہ میں کس بادشاہ کے عہد حکومت کے شاعر تھے؟
جواب: سلطان محمد کے۔
VIP
سوال ۳۴: ملا وجہی کی نثر میں اس کی شہرت ''سب رس'' سے ہے ان کی اس مثنوی کا کیا نام ہے جو اسے بحیثیت شاعر زندہ رکھے ہوئے ہے؟
جواب: قطب مشتری۔
سوال ۳۵: ''پھول بن'' ابن نشاطی کی مثنوی ہے اس کے اشعار کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: ۱۷۰۰ سو۔
سوال ۳۶: شاہ برہان الدین جانم کس سلطان کے زمانے کے شاعر تھے؟
جواب: ابراہیم عادل شاہ کے۔
سوال ۳۷: بیجاپور کا بادشاہ علی عادل شاہ خود بھی شاعر تھا۔ آپ اس کا تخلص بتایئے؟
جواب: ان کا تخلص ''شاہی'' تھا۔
سوال ۳۸: بیجاپور کا وہ کونسا بادشاہ تھا جسے مطالعہ کا از حد شوق تھا اور وہ سفر کے دوران چار سو کتابوں کے صندوق لے کر چلتا تھا؟
جواب: علی عادل شاہ۔
سوال ۳۹: اردو کی پیدائش کے بارے میں یہ کس کا قول ہے؟ کہ ''اردو کی ابتداء دکن سے ہوئی''۔
جواب: نصیر الدین ہاشمی کی کتاب ''دکن میں اردو'' کا۔

سوال ۴۰: اردو کی پیدائش کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
کہ "اردو کی ابتداء سندھ سے ہوئی"۔

جواب: سید سلیمان ندوی نے اپنی کتاب "نقوش سلیمانی" میں کہا تھا

سوال ۴۱: اردو کی پیدائش کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
کہ "اردو کی ابتداء پنجاب سے ہوئی"۔

جواب: حافظ محمود شیرانی نے اپنی کتاب "پنجاب میں اُردو" میں کہا ہے۔

سوال ۴۲: علی عادل شاہ کے دورِ حکومت میں بیجاپور کے شاعر "نصرتی" کی کونسی کتب ان کی شہرت کی وجہ بنی؟

جواب: "گلشن عشق" اور "علی نامہ"۔

سوال ۴۳: قدیم دکنی دور موضوع کے لحاظ سے کونسا دور کہلاتا ہے؟

جواب: مثنوی کا دور۔

سوال ۴۴: اردو غزل نے پہلا قدم کہاں سے اٹھایا تھا؟

جواب: شمالی ہندوستان سے۔

سوال ۴۵: شمالی ہند کے اس شاعر کا نام بتایئے جس نے اردو میں ہجو کی وجہ سے نام کمایا؟

جواب: جعفر زٹلی۔

سوال ۴۶: ولی دکنی سے پہلے غزل کے دو دور گزرے ہیں آپ بتایئے کس شاعر کو اردو کا باقاعدہ غزل گو شاعر مانا جاتا ہے؟

جواب: ولی دکنی کو۔

سوال ۴۷: شمالی ہند میں امیر خسرو کے بعد کونسا اہم بڑا شاعر سامنے آتا ہے؟

جواب: محمد افضل جھنجھانوی۔

سوال ۴۸: بیجاپور کے ابراہیم عادل شاہ کی شاعری اور موسیقی کے موضوع پر انکا کونسا شاہکار ہے؟

جواب: انھوں نے "نورس" کے نام سے کتاب لکھی تھی جس کا موضوع موسیقی ہے۔

سوال ۴۹: غواصی کو اس کی مثنوی "سیف الملوک وبدیع الجمال" اور "طوطی نامہ" نے "ابن نشاطی" کو اس کی مثنوی "پھول بن" نے زندہ جاوید کر دیا۔ ان دونوں شعرا کا تعلق کس ریاست سے تھا؟

جواب: گولکنڈہ ریاست سے۔

سوال ۵۰: ولی دکنی سے پہلے اُردو غزل کا ایک دور امیر خسرو سے شروع ہوتا ہے آپ بتایئے کہ اُردو غزل کا دوسرا دور کن شعراء سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: قلی قطب شاہ سے شاہ میراں ہاشمی تک۔

سوال ۵۱: محمد افضل جھنجھانوی کی شہرت کی وجہ اس کا طویل منظوم افسانہ "بکٹ کہانی" ہے جو اس نے بارہ ماسہ کی روایت میں لکھا ہے۔ آپ بتایئے کہ یہ کس کی زبانی بیان کیا گیا ہے اور اس کے اشعار کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: کل اشعار ۱۳۲۵ ہیں اور یہ عورت کی زبانی بیان کی گئی ہے۔

سوال ۵۲: ولی دکنی نے پہلی مرتبہ ۱۷۰۰ء میں دلی کا سفر کیا تھا آپ بتایئے دوسری مرتبہ کب دلی گئی تھے؟

جواب: ۱۷۲۰ء میں لیکن کچھ اردو ادب کے تاریخ دان اختلاف کرتے ہیں۔

سوال ۵۳: ولی دکنی کی غزل نے اردو غزل کو کیا دیا ہے؟

جواب: اس نے فارسی زبان کو اپنی دکنی غزل میں سمو دیا تھا۔

سوال ۵۴: اردو غزل میں سب سے پہلے کس شاعر نے حسن و جمال کا بھرپور اور کامیاب تصور پیش کیا؟

جواب: ولی دکنی نے۔

سوال ۵۵: اردو نثر کی تاریخ کس صدی ہجری سے شروع ہوتی ہے؟

جواب: آٹھویں صدی ہجری سے۔

سوال ۵۶: "جلترنگ" اور "گلباس" کا خالق کونسا شاعر ہے؟

جواب: شاہ برہان الدین جانم۔

سوال ۵۷: ولی دکنی کی شاعری پر سب سے زیادہ اثر کس شخصیت نے ڈالا تھا؟

جواب: سعد اللہ گلشن کی شخصیت نے۔

سوال ۵۸: ولی دکنی کو "حواس کا شاعر" کس نے قرار دیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی نے۔

سوال ۵۹: ولی دکنی کی شاعری کے چار اہم پہلو کونسے ہیں؟

جواب: تاریخی، لسانی، فنی اور جمالیاتی۔

سوال ۶۰: جعفر زٹلی کو ہجو لکھنے کی پاداش میں کس سال بادشاہ فرخ سیر کے حکم سے قتل کر دیا گیا تھا؟

جواب: ۱۷۱۳ء میں۔

سوال ۶۱: شمالی ہند میں سب سے پہلے قرآن شریف کے تراجم کن بزرگوں نے کیے؟

جواب: شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر نے۔

سوال ۶۲: ولی دکنی کو عبوری دور کا شاعر کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے ولی دکنی کی شاعری میں وہ کونسی خصوصیت ہے جس کی بنا پر اسے "غزل کا امام" تصور کیا جاتا ہے؟

جواب: اردو غزل میں ہندی اور فارسی کے الفاظ استعمال کیے تھے۔

سوال ۶۳: شاہ رفیع الدین نے قرآن شریف کا ترجمہ ۱۷۷۶ء میں کیا تھا۔ آپ بتایئے شاہ عبدالقادر نے قرآن شریف کا ترجمہ کب کیا تھا؟

جواب: ۱۷۹۰ء میں۔

سوال ۶۴: مرزا رفیع سودا کے دیباچے کا رنگ کیسا تھا؟

جواب: شاعرانہ اسلوب۔

سوال ۶۵: کس عہد میں ایہام گوئی نے باقاعدہ تحریک کی صورت اختیار کر لی تھی؟

جواب: محمد شاہی عہد میں۔

سوال ٦٦: ولی دکنی کی شاعری کا نتیجہ کیا نکلا تھا؟
جواب: فارسی کی جگہ اردو شاعری نے لینا شروع کر دی تھی۔
سوال ٦٧: اردو شاعری میں ایہام گوئی کا اثر کس شاعری سے آیا؟
جواب: ہندی شاعری سے۔
سوال ٦٨: جب دلی اجڑی تو وہاں کے اکثر شعراء دلی چھوڑ کر لکھنؤ چلے گئے تھے۔ آپ بتایئے وہ کونسا شاعر تھا جس نے دلی چھوڑنا گوارا نہ کیا؟
جواب: خواجہ میر درد نے۔
سوال ٦٩: اردو کے کن شعراء کی بدولت اردو شاعری پر سے ایہام گوئی کا غلبہ اتر گیا؟
جواب: خواجہ میر درد، میر تقی میر اور مرزا غالب کی بدولت۔
سوال ٧٠: وہ کونسا شاعر تھا جس نے دلی میں فارسی مشاعرے ترک کر کے ریختہ مشاعرے کرانے شروع کر دیے تھے؟
جواب: خان آرزو نے۔
سوال ٧١: ایہام گوئی کے خلاف سب سے پہلے ردِ عمل کن شعراء نے شروع کیا؟
جواب: شاہ حاتم، مرزا مظہر جان جاناں اور مرزا رفیع سودا نے۔
سوال ٧٢: ایہام گوئی کے خلاف ردِ عمل کی تحریک کو کیا نام دیا گیا تھا؟
جواب: اصلاحِ زبان کی تحریک۔
سوال ٧٣: دلی میں ایہام گوئی کے بانیوں میں سے اہم شاعر شاہ حاتم ہیں۔ آپ بتایئے کہ ایہام گوئی کے ردِ عمل کے طور پر "تحریک اصلاحِ زبان" دلی میں کس نے شروع کی تھی؟
جواب: شاہ حاتم نے۔
سوال ٧٤: شاہ حاتم نے ایہام گوئی ترک کر کے اصلاحِ زبان کی تحریک کا آغاز کیا تھا جس کے زیرِ اثر انھوں نے اپنے کلام میں سے ایہام پر مبنی اشعار نکال دیے تھے۔ بتایئے باقی ماندہ دیوان کا نام انھوں نے کیا رکھا تھا؟
جواب: دیوان زادہ۔
سوال ٧٥: "دیوان زادہ" کی اصلاحِ زبان کے علاوہ دوسری اہم خاصیت کیا ہے؟
جواب: اس کے مقدمے میں شعراء پر تنقیدی خیالات ملتے ہیں۔
سوال ٧٦: اردو ادب کے کتنے مشہور دبستان تھے اور نام بھی بتایئے؟
جواب: صرف دو اہم تھے۔ دبستانِ لکھنؤ اور دبستانِ دلی۔
سوال ٧٧: کونسا دور اردو شاعری کا دور "عہدِ زریں" کہلاتا ہے؟
جواب: میر، سودا اور درد کا دور۔
سوال ٧٨: "نکات الشعراء" کی بدولت میر کا بحیثیت نثر نگار کیا مقام ہے؟
جواب: اردو کے پہلے نقاد قرار دیے گئے ہیں۔

سوال ٧٩: دبستانِ دلی کے چوتھے دور میں کس شاعر نے اردو زبان کی ترقی اور توسیع کے لیے نت نئے تجربات کیے؟
جواب: سید انشاء اللہ خان انشا نے۔
سوال ٨٠: اردو زبان کتنے سو سال پرانی زبان ہے؟
جواب: ۵ سو سال سے زیادہ۔
سوال ٨١: میر تقی میر کے کتنے دیوان ہیں؟ اور کس شاعر کو قنوطی شاعر بھی کہا جاتا ہے؟
جواب: میر تقی میر کا کلام چھ کلیات پر مشتمل ہے۔ اور میر ہی کو "قنوطی شاعر" کہتے ہیں۔
سوال ٨٢: دبستانِ دلی کا وہ کونسا شاعر ہے جس نے تصوف کو اپنی شاعری کا سب سے بڑا موضوع بنایا تھا؟
جواب: خواجہ میر درد نے۔
سوال ٨٣: جعفر زٹلی دبستانِ دلی کا کونسے دور کا شاعر تھا؟
جواب: پہلے دور کا۔
سوال ٨٤: داغ دہلوی کی شاعری کی نمایاں خصوصیت کیا تھی؟
جواب: چلبلا پن۔
سوال ٨٥: دبستانِ لکھنؤ کے شعراء کو ہم تین ادوار میں تقسیم کرتے ہیں۔ آپ بتایئے دورِ اول کے اہم شعراء کونسے تھے؟
جواب: ناسخ، آتش، خلیق۔
سوال ٨٦: دبستانِ لکھنؤ کے دوسرے دور کے کونسے اہم شعراء ہیں؟
جواب: محسن کاکوروی، میر انیس، مرزا دبیر اور امیر مینائی۔
سوال ٨٧: دبستانِ لکھنؤ میں لکھنویت کا آغاز کن شعراء سے ہوتا ہے؟
جواب: آتش اور ناسخ کے بعد۔
سوال ٨٨: لکھنؤ میں مذہب کے باعث کونسی صنفِ شاعری پروان چڑھی؟
جواب: مرثیہ۔
سوال ٨٩: "غرائب اللغات" جسے ملا عبدالواسع ہانسوی نے ترتیب دیا ہے۔ آپ بتایئے اس لغت کو خان آرزو نے کس نام سے دوبارہ ترتیب دیا؟
جواب: "نوادر الالفاظ" کے نام سے۔
سوال ٩٠: میر اور مصحفی تک کے زمانے میں اردو کو بمقابلہ فارسی کیا کہتے تھے؟
جواب: "ہندی" جس سے ملک کی دیسی زبان مراد تھی۔
سوال ٩١: برصغیر میں سب سے پہلے مسلمانوں کے لیے "قوم" کا لفظ کس نے استعمال کیا؟
جواب: سرسید احمد خان نے۔
سوال ٩٢: "لغتِ کبیر" کا خالق مولوی عبدالحق ہے آپ بتایئے ولی دکنی کو "ریختہ کا موجد" کس نے قرار دیا تھا؟
جواب: رام بابو سکسینہ نے اپنی کتاب "تاریخ ادبِ اردو" میں۔

سوال۹۳: زبان کے اعتبار سے اردو کی سب سے مشکل کتاب کونسی ہے جسے مرزا غالب نے ''الفاظ کا بھٹیار خانہ'' قرار دیا تھا؟
جواب: رجب علی بیگ کی سرور کی مشہور کتاب ''فسانہ عجائب'' کو۔
سوال۹۴: پاکستان میں اردو کے بعد سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان کونسی ہے؟
جواب: پنجابی زبان پاکستان کے تمام صوبوں میں بولی جاتی ہے۔
سوال۹۵: کس علاقے کی زبان کو ''ٹکسالی زبان'' کا نام دیا جاتا ہے؟
جواب: دہلی کی زبان کو۔
سوال۹۶: ''اردو کی نثری داستانیں'' پر کس یونیورسٹی نے ڈاکٹر گیان چند جین کو ''ڈی فل'' کی ڈگری دی تھی؟
جواب: الہ آباد یونیورسٹی نے۔
سوال۹۷: ڈاکٹر گیان چند کی مشہور کتاب ''اردو کی ادبی تاریخیں'' میں ''آب حیات'' سے لیکر کتنی ادبی تاریخوں کا مطالعہ کیا گیا ہے؟
جواب: ۳۱ ادبی تاریخوں کی کتب کا۔
سوال۹۸: پنجاب یونیورسٹی لاہور نے جو ضخیم ''تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند'' شائع کی اس کی جلد چھ تا دس اردو ادب سے متعلق ہیں۔ آپ بتایئے کہ یہ جلدیں کب شائع ہوئیں؟
جواب: ۱۹۷۱۔۷۲
سوال۹۹: اردو ادب کی وہ کونسی تاریخیں ہیں جو صرف نثر کی تاریخیں ہیں؟
جواب: ''سیر المصنفین''۔ ''تاریخ نثر عرف نمونہ منثورات''۔ ''داستان تاریخ اردو'' اہم ہیں۔
سوال۱۰۰: اردو ادب کی وہ کونسی تاریخیں ہیں جو صرف شاعری کی تاریخیں ہیں؟
جواب: ''آب حیات''۔ ''گل رعنا''۔ ''شعر الہند'' اور ''مراۃ الشعراء''۔
سوال۱۰۱: اردو ادب کی وہ کونسی تاریخیں ہیں جو صرف کسی ایک علاقے تک محدود ہیں؟
جواب: ''دکن میں اردو'' اور ''بہار میں اردو زبان و ادب کا ارتقا''۔
سوال۱۰۲: اردو ادب کی وہ کونسی تاریخیں ہیں جو صرف دبستانوں کی مشہور تاریخیں ہیں؟
جواب: ''لکھنؤ کا دبستانِ شاعری'' اور ''دلی کا دبستانِ شاعری''۔
سوال۱۰۳: اردو ادب کی وہ کونسی تاریخیں ہیں جو کسی اداروں کی تاریخیں ہیں؟
جواب: ''ارباب نثر اردو''، ''مرحوم دلی کالج''، ''فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات''۔
سوال۱۰۴: عبدالسلام ندوی کی ''شعر الہند'' کتنے حصوں میں تقسیم ہے؟
جواب: دو حصوں میں۔
سوال۱۰۵: ''شعر الہند'' کا پہلا حصہ ۱۹۲۵ میں شائع ہوا تھا۔ آپ بتایئے اس کا دوسرا حصہ کب شائع ہوا؟
جواب: ۱۹۲۶ میں۔
سوال۱۰۶: عبدالسلام ندوی نے ''شعر الہند'' اپنے استاد شبلی کی تقلید میں لکھی تھی۔ آپ بتایئے شبلی نے فارسی شاعری کی تاریخ کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: ''شعر العجم'' پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔

سوال۱۰۷: گولکنڈہ کے تین مشہور شاعروں کے نام بتایئے؟
جواب: ملا وجہی، ابن نشاطی اور غواصی۔
سوال۱۰۸: ''آب حیات'' کا پہلا ایڈیشن ۱۸۸۰ کے آخر میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے کہ دوسرا اضافہ شدہ ایڈیشن کب شائع ہوا تھا؟
جواب: مئی ۱۸۸۳ میں۔
سوال۱۰۹: شیخ امام بخش ناسخ کے بارے میں یہ کس نے کہا کہ؟
''لکھنؤ کا وہ مشہور شاعر جس نے ساری عمر میں محض ۱۱ شعر کہے تھے اور اس کے بعد ناسخ کے ۱۱ شعر بھی درج کیے تھے؟
جواب: نیاز فتح پوری نے ماہنامہ ''نگار'' کے کسی قدیم شمارے میں۔
سوال۱۱۰: اردو ادب کے ان ہندو ادیبوں کے نام بتایئے جنھوں نے اردو ادب میں نمایاں کام کیے؟
جواب: دیا شنکر نسیم، رتن ناتھ سرشار، پریم چند، کرشن چندر، فراق گورکھپوری، مالک رام، راجندر سنگھ بیدی، امرتا پریتم اور آنند نارائن ملا۔
سوال۱۱۱: اردو ادب کی پہلی مکمل تاریخ انگریزی میں رام بابو سکسینہ نے کب لکھی تھی؟
جواب: ۱۹۲۷ میں ''تاریخ ادب اردو'' کے نام سے۔
سوال۱۱۲: احسن مارہروی کی کتاب ''نمونہ منثورات'' کا دوسرا نام ''تاریخ نثر اردو'' ہے یہ پہلی بار ۱۹۳۰ میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے شائع ہوئی۔ آپ بتایئے دوسری بار جون ۱۹۸۶ میں کس ادارے نے شائع کیا؟
جواب: مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد نے جس کا موجودہ نام ''ادارہ فروغ قومی زبان'' ہے۔
سوال۱۱۳: حامد حسن قادری کی ''داستان تاریخ اردو'' پہلی بار ۱۹۴۱ میں شائع ہوئی تھی آپ بتایئے کہ دوسری، تیسری اور چوتھی بار کب شائع ہوئی تھی؟
جواب: دوسری بار ۱۹۵۷ میں، تیسری بار ۱۹۶۳ میں اور چوتھی بار ۱۹۸۸ میں شائع ہوئی تھی۔
سوال۱۱۴: عبدالقادر سروری کی کتاب ''اردو کی ادبی تاریخ'' پہلی بار کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۹۵۸ میں۔
سوال۱۱۵: عبدالقیوم کی ''تاریخ ادب اردو'' پہلی بار ۱۹۶۱ میں شائع ہوئی آپ بتایئے اس کو کتنی جلدوں میں تقسیم کیا گیا تھا؟
جواب: چار جلدوں میں۔
سوال۱۱۶: بیجاپور کے تین مشہور شعراء کے نام بتایئے؟
جواب: نصرتی، ہاشمی اور رستمی۔
سوال۱۱۷: اردو ادب کی پہلی تاریخ ہندی زبان میں کب اور کس نے لکھی تھی؟
جواب: سید احتشام حسین نے ''اردو ادب کی تنقیدی تاریخ'' ۱۹۸۳ میں لکھی۔
سوال۱۱۸: ''دریائے لطافت'' کا ایک حصہ تو انشاء نے لکھا تھا۔ آپ بتایئے کہ دوسرا حصہ ''حصہ عروض'' کس نے لکھا تھا؟
جواب: مرزا قتیل نے۔

سوال ۱۱۹: ڈاکٹر سلیم اختر کی ''اردو زبان کی مختصر ترین تاریخ'' کے بارے میں کس نے کہا تھا کہ ''اسے تاریخ ادب کہنا مناسب نہیں ہے۔ یوں سمجھئے کہ یہ صرف ایک طویل مضمون ہے''؟

جواب: ''تاریخ ادب اردو'' کے مصنف ملک حسن اختر نے۔

سوال ۱۲۰: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' کی پہلی جلد کب شائع ہوئی تھی؟

جواب: ۱۹۷۵ء میں۔

سوال ۱۲۱: ڈاکٹر جمیل جالبی کی پہلی جلد ''تاریخ ادب اردو'' کب سے کب تک کے دور پر مشتمل ہے؟

جواب: آغاز سے ۱۷۵۰ء تک کا دور۔

سوال ۱۲۲: امیر خسرو سے کتنی تصانیف منسوب کی جاتی ہیں؟

جواب: ۹۹ تصانیف۔

سوال ۱۲۳: امیر خسرو، ابوالفضل اور شاہ باجن نے اردو کو کس نام سے موسوم کیا تھا؟

جواب: زبان دہلوی کے نام سے۔

سوال ۱۲۴: توزک جہانگیری میں جہانگیر نے اردو کو کیا نام دیا ہے؟

جواب: ہندی۔

سوال ۱۲۵: شیخ باجن نے اپنی زبان کو کیا کہا تھا؟

جواب: کہیں زبان ہندوی اور کہیں زبان دہلوی۔

سوال ۱۲۶: گجری اردو کے ممتاز ترین تین شعراء کے نام بتایئے؟

جواب: ''شیخ باجن'' ۔ ''جیوگام دھنی'' اور ''خوب محمد چشتی'' اہم ہیں۔

سوال ۱۲۷: میراں جی کی طرح اشرف بیابانی اپنی زبان کو کیا کہتا تھا؟

جواب: ہندوی۔

سوال ۱۲۸: میراں جی شمس العشاق کے بیٹے شاہ برہان الدین جانم نے اپنی زبان کو کیا کہا تھا؟

جواب: گجری۔

سوال ۱۲۹: ڈاکٹر جمیل جالبی نے ''معراج العاشقین'' کو کس کی تصنیف قرار دیا ہے؟

جواب: مخدوم شاہ حسینی بیجاپوری کی۔

سوال ۱۳۰: ملا وجہی اپنی کتاب ''سب رس'' میں اپنی زبان کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: زبان ہندوستان۔

سوال ۱۳۱: صنعتی کس بادشاہ کے دور کا مشہور شاعر تھا؟

جواب: محمد عادل شاہ کے دور کا۔

سوال ۱۳۲: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' کی دوسری جلد ۱۹۸۳ میں شائع ہوئی تھی آپ بتایئے کہ اس کے کتنے حصے تھے؟

جواب: یہ دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔

سوال ۱۳۳: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' جلد سوم پہلی بار کب شائع ہوئی؟

جواب: جون ۲۰۰۶ میں۔

سوال ۱۳۴: ڈاکٹر جمیل جالبی کی تیسری جلد کس صدی پر محیط ہے؟

جواب: انیسویں صدی کے ادب و زبان پر محیط ہے کیونکہ انیسویں صدی تحقیق ادب اور [illegible] زبان کے اعتبار سے اردو کی سب سے بڑی صدی ہے۔

سوال ۱۳۵: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' کی جلد دوم کس صدی کا احاطہ کرتی ہے؟

جواب: اٹھارویں صدی کا۔

سوال ۱۳۶: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' جلد سوم میں کس صدی تک اردو ادب کو بیان کیا گیا ہے؟

جواب: انیسویں صدی: نصف اول تک۔

سوال ۱۳۷: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' جلد چہارم میں کس صدی تک کا بیان ہے؟

جواب: انیسویں صدی نصف آخر تک۔

سوال ۱۳۸: ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اردو'' کی چوتھی جلد پہلی بار ۲۰۱۲ میں شائع ہوئی تھی آپ بتایئے کہ یہ جلد اردو کے کس مشہور شاعر سے شروع کی گئی ہے؟

جواب: مرزا غالب کے حالات زندگی سے۔

سوال ۱۳۹: میر تقی میر نے یہ مصرعہ کہہ کر کس شاعر کے بارے میں اشارہ کیا ہے؟
''معشوق جو تھا اپنا باشندہ دکن کا تھا''

جواب: ولی دکنی کے بارے میں۔

سوال ۱۴۰: ''کلیات شاہ نصیر'' کو کس ادیب نے مرتب کر کے شائع کرایا تھا؟

جواب: ڈاکٹر تنویر احمد نے۔

سوال ۱۴۱: ''کلیات شاہ نصیر'' کی تعداد چار ہے آپ یہ بتایئے کہ یہ چاروں کلیات کب شائع ہوئیں؟

جواب: پہلی کلیات ۱۹۷۱ میں، دوسری کلیات ۱۹۷۷ میں، تیسری کلیات ۱۹۸۶ میں اور چوتھی کلیات ۱۹۸۸ میں شائع ہوئیں۔

سوال ۱۴۲: ''کلیات شاہ نصیر'' کس ادارے نے شائع کی تھی؟

جواب: مجلس ترقی ادب اردو نے۔

سوال ۱۴۳: کیا محمد ابراہیم ذوق نے اپنی زندگی میں دیوان مرتب کیا تھا؟

جواب: جی نہیں ذوق کا دیوان محمد حسین آزاد نے مرتب کیا تھا۔

سوال ۱۴۴: محمد ابراہیم ذوق کے والد کا نام شیخ رمضانی تھا آپ بتایئے بہادر شاہ ظفر کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: اکبر شاہ ثانی۔

سوال ۱۴۵: بہادر شاہ ظفر کا پورا نام بتایئے؟

جواب: ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ۔

سوال ۱۴۶: اردو کا وہ کونسا شاعر ہے جس کا کم و بیش سارا کلام ۱۸۵۷ کے ہنگاموں میں ضائع ہو گیا تھا؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق۔
سوال ۱۴۷: جب محمد ابراہیم ذوق کا انتقال ۱۸۵۴ میں ہوا تو بہادر شاہ ظفر بہت روئے اور شعر و سخن سے ان کا جی اچاٹ ہو گیا تھا، اس وقت انھوں نے کونسا شعر کہا تھا؟
جواب: بے ذوق ذرا لطف نہیں شعر و سخن میں
اس رمز نہانی کو کوئی پوچھے ظفر سے
سوال ۱۴۸: بہادر شاہ ظفر کے کل کتنے دیوان تھے؟
جواب: پانچ دیوان تھے۔
سوال ۱۴۹: محمد حسین آزاد کے مطابق بہادر شاہ ظفر کے کتنے دیوان تھے؟
جواب: چار دیوان تھے۔
سوال ۱۵۰: ظہیر دہلوی (جو ذوق کے شاگرد اور بہادر شاہ ظفر کے قریب تھے) نے بہادر شاہ ظفر کے کتنے دیوان بتائے ہیں؟
جواب: پانچ دیوان۔
سوال ۱۵۱: بہادر شاہ ظفر عمر میں ذوق سے کتنے بڑے تھے؟
جواب: ۳ برس۔
سوال ۱۵۲: مومن کا گھر والوں نے "حبیب اللہ" نام رکھا تھا آپ بتائیے ان کا پورا نام کیا تھا؟
جواب: محمد مومن خان۔
سوال ۱۵۳: مومن جب پیدا ہوئے تو کس مشہور شخصیت نے ان کا نام محمد مومن خان رکھا تھا؟
جواب: حکیم غلام نبی خان حضرت شاہ عبدالعزیز نے۔
سوال ۱۵۴: اردو کے کونسے شاعر طب کے علاوہ علم نجوم اور رمل سے بھی گہری واقفیت رکھتے تھے؟
جواب: مومن خان مومن۔
سوال ۱۵۵: شیفتہ دہلی میں پیدا ہوئے تھے آپ بتائیے کہ الطاف حسین حالی شیفتہ سے کب ملے تھے؟
جواب: ۱۸۶۳ میں ملاقات ہوئی تھی۔
سوال ۱۵۶: میر مہدی مجروح کے دیوان کا نام بتائیے؟
جواب: "مظہر معانی"۔
سوال ۱۵۷: مرزا قربان علی بیگ سالک کے دیوان کا نام کیا تھا؟
جواب: ہنجار سالک۔
سوال ۱۵۸: مرزا قربان علی بیگ سالک اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
جواب: قربان علی بیگ سالک ابوالاعلیٰ مودودی کے حقیقی نانا تھے۔
سوال ۱۵۹: ظہیر دہلوی کے پہلے دیوان کا نام بتائیے؟
جواب: "گلستان سخن" کے نام سے ۱۸۹۹ میں شائع ہوا۔

سوال ۱۶۰: الطاف حسین حالی ۱۸۳۷ میں پانی پت شہر میں پیدا ہوئے تھے آپ بتائیے ان کے والد کا نام کیا تھا؟
جواب: خواجہ ایزد بخش انصاری۔
سوال ۱۶۱: حالی کی شادی کتنے سال کے عمر میں "اسلام النساء" سے ۱۸۵۴ میں ہوئی تھی؟
جواب: ۱۷ سال کی عمر میں۔
سوال ۱۶۲: الطاف حسین حالی کو کس سال دہلی کے اینگلو عربک اسکول میں مدرسی مل گئی تھی اور وہ واپس دہلی آ گئے تھے؟
جواب: ۱۸۷۲ میں۔
سوال ۱۶۳: "کلیات نثر حالی" دو جلدوں میں ہے یہ کس نے اور کب مرتب کی تھی؟
جواب: شیخ محمد اسماعیل نے دو جلدوں میں مرتب و مدون کر کے ۱۹۶۷ اور ۱۹۶۸ میں شائع کیں۔
سوال ۱۶۴: "مقالات حالی" کتنے حصوں میں شائع ہو چکی ہے؟
جواب: دو حصوں میں۔
سوال ۱۶۵: الطاف حسین حالی کا "مجموعہ نظم" پہلی بار ۱۸۹۰ میں شائع ہوا، آپ بتائیے "دیوان حالی" مقدمہ کے ساتھ کب شائع ہوا؟
جواب: ۱۸۹۳ میں۔
سوال ۱۶۶: خان آرزو کی کتاب "مثمر" کو مدون کر کے ۱۹۹۱ میں کس نے شائع کیا؟
جواب: کراچی یونیورسٹی سے ڈاکٹر ریحانہ خاتون نے۔
سوال ۱۶۷: شیخ محمد اسماعیل پانی پتی نے "باقیات حالی" جمع کر کے ۱۹۲۲ میں ایک مجموعہ کس نام سے شائع کیا تھا؟
جواب: "جواہرات حالی" کے نام سے۔
سوال ۱۶۸: "آب حیات" کا موضوع کیا ہے؟
جواب: تحقیق و تنقید نگاری اور اردو شعراء کا تذکرہ۔
سوال ۱۶۹: محمد حسین آزاد پہلی اور آخری بار ایران کب گئے تھے؟
جواب: ۱۸۸۵ میں۔
سوال ۱۷۰: محمد حسین آزاد کب فوت ہوئے اور کہاں دفن ہیں؟
جواب: ۲۲ جنوری ۱۹۱۰ کو لاہور میں فوت ہوئے اور گامے شاہ کی کربلا میں داتا گنج بخش کے مزار کے قریب دفن ہیں۔
سوال ۱۷۱: محمد حسین آزاد کی مشہور کتاب "سخندان فارس" کے کتنے حصے ہیں؟
جواب: دو حصے۔
سوال ۱۷۲: "اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ" میں کس شاعر کو "چھلے باز شاعر" کہا گیا ہے؟
جواب: نظیر اکبر آبادی کو۔
سوال ۱۷۳: "علی گڑھ تاریخ ادب اردو" تو پروفیسر آل احمد سرور کی کتاب ہے آپ بتائیے "اردو شاعری کی مختصر تاریخ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد جمیل احمد بریلوی۔

سوال۱۷۴: ''تاریخ نظم ونثر اردو'' کا مصنف آغا محمد باقر ہے۔ آپ بتایئے ''تاریخ زبان وادب اردو'' کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔

سوال۱۷۵: ''تاریخ ادبیات اردو'' تو ڈاکٹر ابوسعید نورالدین کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''تاریخ ادبیات ہندوستان'' اور ''تاریخ ادب ہندوی و ہندوستانی'' کا خالق کون ہے؟

جواب: گارساں دتاسی۔

سوال۱۷۶: ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے ''دکنی ادب کی تاریخ'' تخلیق کی تھی آپ بتایئے ''تاریخ فیروزشاہی'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ضیاء الدین برنی۔

سوال۱۷۷: ''تاریخ شیرشاہی'' اور ''تاریخ جہانگیرشاہی'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: مظہر علی خان ولا۔

سوال۱۷۸: ''جائزہ تاریخ اردو'' شرافت حسین مرزا نے لکھی ہے آپ بتایئے ''تعارف تاریخ اردو'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر شجاعت علی سندیلوی۔

سوال۱۷۹: ''تاریخ ادب اردو'' ڈاکٹر جمیل جالبی نے چار جلدوں میں لکھی آپ بتایئے کہ اس نام سے اور کس کس نے تاریخیں لکھی ہیں؟

جواب: ڈاکٹر نورالحسن نقوی، ڈاکٹر نذیر احمد، ڈاکٹر عبادالله، عبدالقیوم اور ملک حسن اختر نے۔۔

سوال۱۸۰: ''تاریخ ادب اُردو'' رام بابو سکسینہ نے ۱۹۲۷ میں انگریزی زبان میں لکھی تھی جس کا اردو ترجمہ مرزا محمد عسکری نے ۱۹۲۹ میں شائع کیا تھا۔ آپ بتایئے کہ ''تاریخ ادب اُردو'' کے نام سے اور کن ادیبوں نے تاریخیں لکھی ہیں؟

جواب: عظیم الحق جنیدی، سید ابوالعاصم رضوی، گراہم بیلی (انگریزی) میں، محمد صادق (انگریزی) میں اور علی جواد زیدی نے انگریزی میں۔

سوال۱۸۱: حامد حسن قادری نے ''داستان تاریخ اردو'' ۱۹۴۱ میں شائع کی تھی آپ بتایئے ''مقدمہ تاریخ زبان اردو'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر مسعود حسن خان۔

سوال۱۸۲: ''اردو ادب کی مختصر تاریخ'' ڈاکٹر انور سدید نے ۱۹۹۱ میں شائع کی تھی آپ بتایئے کہ ڈاکٹر اعجاز حسین نے کس نام سے اردو کی تاریخ لکھی تھی

جواب: ''مختصر تاریخ ادب اردو''۔

سوال۱۸۳: ''اردو ادب کی ادبی تاریخ'' عبدالقادر سروری نے ۱۹۵۸ میں لکھی تھی۔ آپ بتایئے ''صحیفہ تاریخ اردو'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: مخمور اکبرآبادی۔

سوال۱۸۴: اردو ادب کی تاریخ ہندی زبان میں احتشام حسین نے سب سے پہلے لکھی تھی آپ بتایئے اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے؟

جواب: چوہدری سبط محمد نقوی نے۔

سوال۱۸۵: جدید تاریخ ادب اردو کن دو ادیبوں نے لکھی تھی؟

جواب: عظیم الحق جنیدی نے۔

سوال۱۸۶: اردو ادب میں جمود کا نعرہ کس ادیب نے بلند کیا تھا؟

جواب: محمد حسن عسکری نے۔

سوال۱۸۷: جن ادیبوں نے زبان کے مروج سانچے سے بیزاری کا اظہار کرتے ہوئے نئے شعری اسلوب پر زور دیا آپ ان ادیبوں کے نام بتایئے؟

جواب: افتخار جالب، جیلانی کامران اور انیس ناگی نے۔

سوال۱۸۸: وہ کونسے شاعر ہیں جو جداگانہ طور پر زبان کے مروج اور مستعمل سانچوں سے ہٹ کر نیا شعری آہنگ اختراع کرنے میں مشغول رہے؟

جواب: ظفر اقبال نے۔

سوال۱۸۹: ''دیوان ولی'' ۱۹۲۱ میں حیدر ابراہیم سایانی نے دہلی سے مرتب کیا تھا آپ بتایئے ''کلیات ولی'' ۱۹۲۷ میں کس نے مرتب کیا تھا؟

جواب: احسن مارہروی نے۔

سوال۱۹۰: ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی نے ''کلیات ولی'' کب مرتب کیا تھا؟

جواب: ۱۹۳۵ میں۔

سوال۱۹۱: خواجہ میر درد کے والد خواجہ محمد ناصر عندلیب کے دیوان کا نام بتایئے؟

جواب: نالہ عندلیب۔

سوال۱۹۲: شیخ غلام ہمدانی مصحفی کے آٹھ اردو دیوان تھے آپ بتایئے فارسی دیوان کتنے تھے؟

جواب: فارسی کے تین دیوان تھے۔

سوال۱۹۳: میر حسن کا دیوان کب اور کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: ۱۹۱۳ میں ''دیوان حسن'' کے نام سے شائع ہوا تھا۔

سوال۱۹۴: شاہ حاتم کے دیوان کا نام بتایئے اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب: ''دیوان زادہ'' کے نام سے ۱۷۶۰ میں شائع ہوا تھا۔

سوال۱۹۵: سرسید کے ذاتی ملازم کا نام ''اعظم'' تھا آپ بتایئے داغ کا ملازم کون تھا؟

جواب: ''حمید'' داغ کا ذاتی ملازم تھا۔

سوال۱۹۶: ولی دکنی دہلی میں کتنی بار آئے تھے؟

جواب: دو مرتبہ آئے تھے پہلی بار ۱۷۰۰ میں اور دوسری مرتبہ ۱۷۲۰ میں آئے تھے اور اس مرتبہ انکا دیوان ساتھ تھا اور ان کی غزلوں نے بہت مقبولیت حاصل کی تھی۔

سوال ۱۹۷: حافظ محمود شیرانی نے اپنی مشہور کتاب "پنجاب میں اُردو" کا پیش لفظ کس نام سے لکھا تھا؟

جواب: "عرضِ حال" کے نام سے۔

سوال ۱۹۸: الطاف حسین حالی کا دیوان ان کی زندگی میں کل کتنی بار چھپا تھا؟

جواب: صرف ایک بار۔

سوال ۱۹۹: "خم خانۂ جاوید" شعراء کا انسائیکلوپیڈیا ہے آپ مصنف کا نام بتایئے جو پیارے لال آشوب کے بھتیجے تھے؟

جواب: لالہ سری رام۔

سوال ۲۰۰: مولوی عبدالحق نے یہ کس کے بارے میں کہا تھا کہ "اردو والے اس کا جس قدر احسان مانیں کم ہے"۔ آپ اس کا نام بتایئے؟

جواب: گارساں دتاسی کا۔

سوال ۲۰۱: "مقدمہ شعر و شاعری" کا اصل نام "مقدمہ" ہے جو ۱۸۹۳ میں لکھا گیا تھا آپ بتایئے "اصناف ادب کی مختصر تاریخ" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر عطش درانی۔

سوال ۲۰۲: محسن کاکوروی کی کلیات کس نے مرتب کی تھی؟

جواب: ۱۹۰۸ میں نورالحسن نیر نے جس نے "نوراللغات" تالیف کی تھی۔

سوال ۲۰۳: "وضع اصطلاحات" کا مصنف وحید الدین سلیم ہے آپ بتایئے "اُردو اصطلاحات سازی" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ڈاکٹر عطش درانی۔

سوال ۲۰۴: "اردو املا" کا مصنف کون ہے؟

جواب: رشید حسن خان۔

سوال ۲۰۵: ادبی زبان سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی زبان جس میں گرامر کے اصولوں کو مدنظر رکھا جائے اسے ادبی زبان کہا جاتا ہے۔

سوال ۲۰۶: "اردو زبان اور اسکا رسم الخط" سید مسعود حسن رضوی ادیب کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ "اردو زبان اور اس کی تعلیم" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سلیم فارانی۔

سوال ۲۰۷: "اردو غزل گوئی" فراق گورکھپوری کی کتاب ہے۔ آپ بتایئے کہ "اردو کی ادبی تاریخ کا خاکہ" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔

سوال ۲۰۸: "مقتدرہ قومی زبان" کی بنیاد کب رکھی گئی تھی؟

جواب: ۴۔ نومبر ۱۹۷۹ء میں۔

سوال ۲۰۹: مقتدرہ قومی زبان کا نیا نام کیا ہے؟

جواب: ادارہ فروغ قومی زبان، دسمبر ۲۰۱۲ سے۔

سوال ۲۱۰: "اردو کلیات غالب نسخۂ اشرف" کا مرتب کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد خان اشرف۔

سوال ۲۱۱: میر مہدی مجروح کا دیوان کس نام سے پاکستان میں شائع ہوا تھا؟

جواب: "مظہر معانی" کے نام سے ریاض احمد نے مرتب کیا تھا۔

سوال ۲۱۲: "کلیات غالب فارسی" تین جلدوں میں کس نے مرتب کی ہے؟

جواب: مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی نے۔

سوال ۲۱۳: میر تقی میر کی کلیات کی شرح "شعر شور انگیز" کے نام سے شمس الرحمٰن فاروقی نے کتنی جلدوں میں شائع کرایا تھا؟

جواب: چار جلدوں میں

سوال ۲۱۴: حفیظ جالندھری کا وہ کونسا مشہور شعر ہے جسے سُن کر مولانا ماہر القادری سعودی عرب میں دوران مشاعرہ فوت ہوگئے تھے؟

جواب: بہشت میں بھی ملا مجھے عذاب شدید
یہاں بھی مولوی صاحب ہیں میرے ہمسائے

☆☆☆

اردو کا پہلا اور بڑا شاعر......

سوال ۱: "خالق باری" اردو کی پہلی نظم کس شاعر نے تخلیق کی تھی؟
جواب: امیر خسرو نے۔
سوال ۲: اردو کا پہلا "رباعی گو شاعر" کس شاعر کو مانا جاتا ہے؟
جواب: ملا وجہی کو۔
سوال ۳: حفیظ جالندھری کے پہلے مجموعۂ کلام کا نام بتایئے؟
جواب: نغمہ زار۔
سوال ۴: جوش ملیح آبادی کی پہلی تصنیف کس نام سے شائع ہوئی تھی؟
جواب: "روحِ ادب" کے نام سے ۱۹۲۰ء میں شائع ہوئی۔
سوال ۵: لفظ اردو سب سے پہلے کس شاعر نے استعمال کیا تھا؟
جواب: شیخ امام بخش ناسخ نے۔
سوال ۶: سب سے پہلے قواعد اردو کس نے لکھی تھی؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء اور مرزا قتیل نے۔
سوال ۷: اردو کا پہلا افسانہ اور افسانہ نگار کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: افسانہ "سوز وطن" ۱۹۰۸ء میں پریم چند نے تخلیق کیا۔
سوال ۸: اردو کا سب سے پہلا ترقی پسند افسانہ نگار کسے قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: پریم چند کو۔
سوال ۹: اردو کا پہلا باغی شاعر مرزا غالب کو کہا گیا ہے آپ بتایئے کہ علامہ اقبال نے اردو کا پہلا فلسفی شاعر کسے کہا تھا؟
جواب: مرزا غالب کو۔
سوال ۱۰: ریختہ میں سب سے پہلا دیوان امیر خسرو نے مرتب کیا تھا۔ آپ بتایئے اردو شاعری میں عورت کی پکار کو سب سے پہلے کس شاعر نے متعارف کرایا؟
جواب: امیر خسرو نے۔
سوال ۱۱: اردو کی پہلی تحریک امیر خسرو کو کہتے ہیں آپ بتایئے کہ دلی کا سب سے پہلا شاعر کسے مانا جاتا ہے؟
جواب: امیر خسرو کو۔
سوال ۱۲: اردو کا پہلا ناکام ہیرو کردار سرشار کے فسانہ آزاد کے "خوجی" کو قرار دیا جاتا ہے۔ آپ بتایئے شبلی نعمانی کی پہلی سیاسی نظم کونسی ہے؟
جواب: شہر آشوب۔

سوال ۱۳: ریختہ کا موجد ولی دکنی کو مانا جاتا ہے آپ بتایئے اردو کا پہلا "اسلوب پرست" شاعر کون ہے؟
جواب: ولی دکنی۔
سوال ۱۴: ہجو کو پہلی بار بطور فن کس شاعر نے پیش کیا ہے؟
جواب: مرزا رفیع سودا نے۔
سوال ۱۵: اردو کا پہلا "عوامی شاعر" تو نظیر اکبر آبادی کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ اردو کا پہلا "قومی شاعر" کس شاعر کو قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: مومن خان مومن کو۔
سوال ۱۶: اردو کا سب سے بڑا جاسوسی ناول نگار کون ہے؟
جواب: "ابن صفی"۔
سوال ۱۷: اردو زبان میں سب سے پہلے جاسوسی ناول کس نے لکھے؟
جواب: ظفر عمر زبیری نے۔
سوال ۱۸: اردو کی پہلی نقاد خاتون کون ہے؟
جواب: ممتاز شیریں۔
سوال ۱۹: "ریختی" کے پہلے صاحب دیوان شاعر کون ہیں؟
جواب: سید میراں میاں ہاشمی۔
سوال ۲۰: اردو کا پہلا "واسوخت نگار" شاعر کون ہے۔ بقول محمد حسین آزاد؟
جواب: میر تقی میر۔
سوال ۲۱: غلام ہمدانی مصحفی نے "نقاش اول زبان ریختہ" کس شاعر کو کہا تھا؟
جواب: مظہر جان جاناں کو۔
سوال ۲۲: اردو میں سب سے پہلے مسدس کی ہیت میں واسوخت کس شاعر نے لکھے تھے؟
جواب: شاہ مبارک آبرو نے۔
سوال ۲۳: اردو کے کس نقاد کے بقول "پہلا مرثیہ ہابیل کی موت پر حضرت آدم نے لکھا؟
جواب: ڈاکٹر صفدر حسین کے قول کے مطابق۔
سوال ۲۴: اردو کا پہلا لغت "غرائب اللغات" کس نے لکھی؟
جواب: میر عبدالواسع ہانسوی نے۔
سوال ۲۵: اردو کا پہلا سفر نامہ "عجائبات فرہنگ" کس نے لکھا؟
جواب: یوسف خان کمبل پوش نے ۱۸۴۷ء میں لکھا تھا۔
سوال ۲۶: امیر خسرو کی پہلی مثنوی کونسی ہے؟
جواب: قرآن السعدین۔
سوال ۲۷: اردو کی پہلی رزمیہ مثنوی کونسی ہے اور اس کا خالق کون ہے؟
جواب: کمال خان رستمی کی مثنوی "خاور نامہ"۔

سوال۲۸: اردو میں ہائیکو کو سب سے پہلے کس اردو جریدے نے متعارف کرایا؟
جواب: ماہنامہ "ساقی" نے۔
سوال۲۹: اردو کا پہلا ادبی نقوش ایوارڈ اردو کے کس ادیب کو دیا گیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی کو۔
سوال۳۰: اردو زبان میں سب سے پہلے قرآن کا ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: شاہ رفیع الدین نے۔
سوال۳۱: اردو نثر کی باقاعدہ ابتدا کس کالج سے ہوئی ہے؟
جواب: فورٹ ولیم کالج کلکتہ سے۔
سوال۳۲: اردو زبان میں سیرت کی پہلی کتاب کس نے لکھی اور کونسی تھی؟
جواب: سرسید احمد خان نے "خطبات احمدیہ" کے نام سے۔
سوال۳۳: اردو کا پہلا رومانی نقاد کس ادیب کو کہا گیا ہے؟
جواب: شبلی نعمانی کو۔
سوال۳۴: اردو میں مکمل خاکہ نگاری کی ابتداء کس خاکہ نگار نے کی تھی؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ نے۔
سوال۳۵: برصغیر پاک و ہند میں پہلا سائنسی غزل گو شاعر کون ہے؟
جواب: ولی ہاشمی۔
سوال۳۶: اردو کا پہلا رپورتاژ کس نے اور کس نام سے لکھا تھا؟
جواب: کرشن چندر نے "پودے" کے نام سے ۱۹۴۵ میں لکھا تھا۔
سوال۳۷: اردو کی پہلی سوانح عمری کس نے اور کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: الطاف حسین حالی نے "حیات سعدی" کے نام سے ۱۸۸۲ میں لکھی۔
سوال۳۸: حضور اکرم ﷺ کی سیرت پر اردو میں سب سے پہلے بے نقط کتاب کس ادیب نے اور کس نام سے لکھی تھی جسے صدارتی ایوارڈ بھی دیا گیا تھا؟
جواب: "ہادیٔ عالم" کے نام سے محمد ولی رازی نے لکھی ہے۔
سوال۳۹: اردو کا پہلا مزاحیہ شاعر کسے مانا جاتا ہے؟
جواب: جعفر زٹلی کو۔
سوال۴۰: اردو "نظم معریٰ" کا پہلا مرتبہ تجربہ کس شاعر نے کیا تھا؟
جواب: اسماعیل میرٹھی نے۔
سوال۴۱: اردو کی پہلی "نظم معریٰ" کس شاعر نے اور کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: اسماعیل میرٹھی نے "تاروں بھری رات" کے نام سے لکھی۔
سوال۴۲: رومانی تحریک کا "مطلع اول" کس کو کہا گیا ہے؟
جواب: میر ناصر علی کو۔

سوال۴۳: عبدالحلیم شرر نے سب سے پہلے ادبی مضامین کس اخبار کے لیے لکھے تھے؟
جواب: "اودھ اخبار" کے لیے۔
سوال۴۴: اردو ادب میں رومانیت کا باقاعدہ آغاز سب سے پہلے کس رسالے سے ہوا؟
جواب: شیخ عبدالقادر کے رسالے "مخزن" سے جو ۱۹۰۱ میں شائع ہوا تھا۔
سوال۴۵: "دیوان ذوق" پر پہلا مقدمہ کس ادیب نے لکھا؟
جواب: محمد حسین آزاد نے۔
سوال۴۶: سب سے پہلے آدم جی ادبی ایوارڈ اردو کے کس ناول کو ملا تھا؟
جواب: شوکت صدیقی کے ناول "خدا کی بستی" پر۔
سوال۴۷: اردو میں سب سے پہلی ترجمہ شدہ کتاب کونسی ہے؟
جواب: ملا وجہی کی "سب رس" ۱۶۳۵ء۔
سوال۴۸: اردو کی پہلی "سی حرفی" کس شاعر نے لکھی تھی؟
جواب: شاہ علی جیو گام دھنی نے۔
سوال۴۹: اصلاح زبان کے حوالے سے کس شاعر کو اولیت حاصل ہے؟
جواب: شاہ حاتم کو۔
سوال۵۰: تحریک ایہام کے خلاف اولیت ردعمل کس شاعر کی طرف سے ہوا؟
جواب: مظہر جان جاناں کی طرف سے۔
سوال۵۱: مرزا غالب کا پہلا نقاد کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کو۔
سوال۵۲: اردو کی پہلی منظوم کتاب کونسی ہے؟
جواب: مثنوی کدم راؤ پدم راؤ۔
سوال۵۳: "حلقہ ارباب ذوق" کا پہلا نام کیا تھا؟
جواب: بزم داستان گویاں۔
سوال۵۴: سب سے پہلے اردو زبان کو کس بزرگ عالم نے "زبان دہلوی" کہا ہے؟
جواب: امیر خسرو نے۔
سوال۵۵: اردو کا سب سے پہلا مکمل اخبار "جام جہاں نما" کب اور کہاں سے اور کس نے جاری کیا؟
جواب: ۱۸۲۲ میں کلکتہ سے منشی سدا سکھ نے جاری کیا تھا۔
سوال۵۶: مزاحمتی ادب کا پہلا افسانوی مجموعہ ۱۹۷۸ میں "گواہی" کے نام سے کس نے شائع کرایا تھا مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: ڈاکٹر اعجاز راہی۔
سوال۵۷: اردو کے کس مشہور ادیب کا پہلا ڈرامہ "باپ کا گناہ" ہے؟
جواب: احمد شجاع پاشا کا۔

سوال ۵۸: سب سے بڑا انقلابی شاعر کس مسلمان بنگالی شاعر کو کہتے ہیں؟
جواب: قاضی نذر الاسلام کو۔
سوال ۵۹: اردو میں سب سے پہلی آپ بیتی کس ادیب نے لکھی؟
جواب: خواجہ حسن نظامی نے۔
سوال ۶۰: پاکستان کی پہلی شاعرہ ادا جعفری کی پہلی غزل کب اور کہاں چھپی؟
جواب: ۱۹۴۵ء میں ماہنامہ "رومان" میں۔
سوال ۶۱: برصغیر میں کونسی یونیورسٹی نے سب سے پہلے اردو زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا؟
جواب: عثمانیہ یونیورسٹی نے۔
سوال ۶۲: پاکستان میں سب سے پہلے سفرنامہ کس ادیب نے لکھا؟
جواب: بیگم اختر ریاض الدین نے۔
سوال ۶۳: اردو کا پہلا رومانی شاعر کسے مانا جاتا ہے؟
جواب: اختر شیرانی کو۔
سوال ۶۴: اردو کا پہلا ڈرامہ کس نے اور کس نام سے لکھا تھا؟
جواب: سید آغا حسن امانت لکھنوی نے "اندر سبھا" کے نام سے۔
سوال ۶۵: اردو زبان کے پہلے پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی میں کون مقرر ہوئے تھے؟
جواب: پروفیسر وحید الدین سلیم پانی پتی۔
سوال ۶۶: خواجہ حسن نظامی کی پہلی تصنیف کا نام بتایئے؟
جواب: مفلسی کا مجرب علاج۔
سوال ۶۷: "مراۃ الغیب" کس شاعر کا پہلا دیوان ہے؟
جواب: امیر مینائی کا۔
سوال ۶۸: اردو کا پہلا آزاد شاعری کا دیوان کونسا ہے؟
جواب: ن۔م راشد کا "ماورا"۔
سوال ۶۹: اردو کی پہلی قومی نظم "مسدس حالی" ہے آپ بتایئے جوشؔ کی پہلی نظم کا عنوان کیا ہے؟
جواب: "ہلال محرم"۔
سوال ۷۰: اردو کی سب سے پہلی تنقیدی کتاب کونسی ہے؟
جواب: الطاف حسین حالی کی "مقدمہ شعر و شاعری"۔
سوال ۷۱: پاکستان کا نقطۂ آغاز کس یونیورسٹی کو سمجھا جاتا ہے؟
جواب: علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کو۔
سوال ۷۲: حسرت موہانی کی شاعری کا سب سے بڑا کارنامہ کونسا ہے؟
جواب: انھوں نے اساتذہ قدیم کے دیوان فراہم کر کے ان کا انتخاب شائع کیا۔

سوال ۷۳: مولوی عبدالحق کو سب سے پہلے ان کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں کس یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کی ڈگری دی؟
جواب: الہ آباد یونیورسٹی نے۔
سوال ۷۴: اردو کا پہلا سانیٹ کس نے لکھا تھا؟
جواب: قاضی میاں اختر جونا گڑھی نے۔
سوال ۷۵: جمیل الدین عالی کا پہلا تخلص "مائل" تھا۔ آپ بتایئے یہ تخلص کتنے دن رہا؟
جواب: صرف پندرہ بیس دن رکھا تھا۔
سوال ۷۶: اردو کے کس رسالے نے سب سے پہلے "عبدالحق نمبر" شائع کیا تھا؟
جواب: رسالہ "جوہر" نے۔
سوال ۷۷: پہلی قواعد اردو "دریائے لطافت" کس شاعر نے اور کب لکھی؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء نے ۱۸۰۲ء میں۔
سوال ۷۸: اردو شاعروں کا پہلا تذکرہ اردو زبان میں کس نے لکھا تھا؟
جواب: تذکرہ "گلشن ہند" کے نام سے مرزا علی لطف نے لکھا تھا۔
سوال ۷۹: عبدالحمید عدم کے پہلے مجموعۂ کلام کا نام بتایئے؟
جواب: نقش دوام۔
سوال ۸۰: شعراء اردو کا پہلا تذکرہ کب اور کس نے مرتب کیا تھا؟
جواب: میر تقی میر نے "نکات الشعراء" کے نام سے ۱۷۵۲ء میں مرتب کیا۔
سوال ۸۱: اردو کا سب سے پہلا اخبار پنجاب سے کونسا جاری ہوا؟
جواب: "کوہ نور" کے نام سے۔
سوال ۸۲: سعادت حسن منٹو کے پہلے طبع زاد افسانہ کا نام بتایئے؟
جواب: افسانہ "تماشا"۔
سوال ۸۳: ولی دکنی کے دیوان کا باقاعدہ تعین کر کے سب سے پہلے کس نے اور کب شائع کیا؟
جواب: گارساں دتاسی نے ۱۸۳۴ء میں۔
سوال ۸۴: اردو کے پہلے ہندو مرثیہ نگار کا نام بتایئے؟
جواب: رام راؤ سیوا۔
سوال ۸۵: شمالی ہند کے پہلے صاحب دیوان شاعر کون ہیں؟
جواب: شاہ مبارک آبرو۔
سوال ۸۶: بہادر شاہ ظفر کے پہلے استاد کون تھے؟
جواب: شاہ نصیر۔
سوال ۸۷: اردو کا پہلا باقاعدہ محقق کس ادیب کو مانا گیا ہے؟
جواب: حافظ محمود شیرانی۔

سوال ۸۸: پاکستان میں اردو کا سب سے پہلا کونسا انسائیکلوپیڈیا شائع ہوا؟
جواب: ''فیروز سنز اردو انسائیکلو پیڈیا'' ۱۹۶۲ء میں شائع ہوا۔
سوال ۸۹: اردو ادب کا پہلا کامیاب ترین مزاحیہ ناول کونسا ہے؟
جواب: رتن ناتھ سرشار کا ''فسانہ آزاد''۔
سوال ۹۰: مرزا غالب کا پہلا مجموعہ خطوط کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''عود ہندی'' کے نام سے ۱۸۶۸ء میں۔
سوال ۹۱: فیض احمد فیض کے پہلے شعری مجموعہ کا نام بتایئے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: ''نقش فریادی'' کے نام سے ۱۹۴۱ء میں پہلی بار شائع ہوا۔
سوال ۹۲: پاکستان میں سب سے پہلے پی ایچ ڈی کی ڈگری پانے کا اعزاز کسے اور کب اور کس موضوع پر حاصل ہوا؟
جواب: ۱۹۵۵ء میں ڈاکٹر صابر علی کو پنجاب یونیورسٹی لاہور نے دی تھی
موضوع: ''سعادت یار خان رنگین حیات اور کلام''۔
سوال ۹۳: اردو کے پہلے ''بچوں کے شاعر'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: اسماعیل میرٹھی کو۔
سوال ۹۴: عبدالحلیم شرر کا پہلا تاریخی ناول کونسا ہے؟
جواب: ''ملک العزیز ورجینا''۔
سوال ۹۵: پاکستان کی پہلی خاتون اردو شاعرہ کون ہیں؟
جواب: ادا جعفری۔
سوال ۹۶: علامہ اقبال کی پہلی نثری کتاب کب اور کس نام سے شائع ہوئی؟
جواب: ''علم الاقتصاد'' ۱۹۰۳ء میں۔
سوال ۹۷: علامہ اقبال کا پہلا اردو شاعری کا مجموعہ کلام کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''بانگ درا'' کے نام سے ستمبر ۱۹۲۴ء میں۔
سوال ۹۸: افتخار عارف کا پہلا شعری مجموعہ کلام کونسا ہے؟
جواب: مہر نیم روز۔
سوال ۹۹: اردو کے مشہور شاعر جون ایلیا کا پہلا شعری مجموعہ کلام کب شائع ہوا؟
جواب: ''شاید'' کے نام سے ۱۹۹۰ء میں شائع ہوا۔
سوال ۱۰۰: علامہ اقبال کی پہلی اردو نظم جو بانگ درا میں موجود ہے اسکا نام بتایئے؟
جواب: ہمالہ۔
سوال ۱۰۱: اردو کے کس رسالے نے سب سے پہلے ''جوش نمبر'' نکالا تھا؟
جواب: ماہنامہ ''افکار'' نے۔

سوال ۱۰۲: اشفاق احمد کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام بتایئے؟
جواب: ایک محبت سو افسانے۔
سوال ۱۰۳: پریم چند کا پہلا افسانہ ''دنیا کا سب سے انمول رتن'' کب شائع ہوا؟
جواب: ۱۹۰۷ء میں۔
سوال ۱۰۴: سلیم احمد کے پہلے شعری مجموعہ کلام کا کیا نام ہے؟
جواب: ''بیاض''۔
سوال ۱۰۵: ابراہیم جلیس کی پہلی تخلیق کس نام سے شائع ہوئی؟
جواب: بورژوائی عہد کی ایک شام۔
سوال ۱۰۶: سلیم کوثر کے پہلے شعری مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟
جواب: خالی ہاتھوں میں ارض و سماء۔
سوال ۱۰۷: شکیلہ رفیق کا پہلا افسانوی مجموعہ ''کچھ دیر پہلے نیند سے'' ہے۔ آپ بتایئے عصمت چغتائی کا پہلا ناول کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''ضدی'' کے نام سے۔
سوال ۱۰۸: احسان دانش کے پہلے شعری مجموعہ کلام کا نام بتایئے؟
جواب: حدیث ادب۔
سوال ۱۰۹: سعادت حسین منٹو کا پہلا افسانوی مجموعہ کونسا ہے؟
جواب: ''آتش پارے'' ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا۔
سوال ۱۱۰: سرسید کی پہلی کتاب ''جام جم'' ہے آپ بتایئے اسرار الحق مجاز کے پہلے شعری مجموعہ کا نام کیا ہے؟
جواب: ''آہنگ''۔
سوال ۱۱۱: ممتاز مفتی کا پہلا افسانوی مجموعہ ''ان کہی'' ہے آپ بتایئے کہ ان کا پہلا افسانہ کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''جھکی جھکی آنکھیں'' ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا۔
سوال ۱۱۲: بہزاد لکھنوی کا پہلا شعری مجموعہ ''نغمہ نور'' ہے۔ آپ بتایئے کہ ان کا پہلا افسانہ کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''ماہ پارے'' کے نام سے۔
سوال ۱۱۳: پاکستان کا پہلا اردو ڈائجسٹ کس نام سے جاری ہوا؟
جواب: ''اردو ڈائجسٹ'' کے نام سے۔
سوال ۱۱۴: خواجہ معین الدین کے پہلے ڈرامے کا نام ''سرکاری دکان'' ہے آپ بتایئے میر شیر علی افسوس کی پہلی تخلیق کا نام کیا ہے؟
جواب: باغ اردو۔
سوال ۱۱۵: یونس بٹ کے پہلے انشائی ادب کا مجموعہ کونسا ہے؟
جواب: جاو خنداں۔

سوال ۱۱۶: اردو کی پہلی خاتون افسانہ نگار کا نام کیا ہے جو کہ ایک مشہور ناول نگار اور افسانہ نگار خاتون کی ماں اور اردو کے مشہور انشائیہ نگار کی بیوی بھی ہے؟

جواب: ''نذر سجاد حیدر'' شوہر سجاد حیدر یلدرم اور بیٹی قرۃ العین حیدر۔

سوال ۱۱۷: شفیق الرحمٰن کی پہلی تصنیف کونسی ہے؟

جواب: ''کرنیں''۔

سوال ۱۱۸: ڈاکٹر جمیل جالبی کے مطابق اردو کا پہلا واسوخت کس نے لکھا؟

جواب: شاہ حاتم نے۔

سوال ۱۱۹: خدیجہ مستور کے پہلے ناول کا نام ''آنگن'' ہے۔ آپ بتایئے قرۃ العین حیدر کے پہلے ناول کا کیا نام ہے؟

جواب: میرے بھی صنم خانے۔

سوال ۱۲۰: ناصر کاظمی کے پہلے شعری مجموعہ کا نام بتایئے؟

جواب: برگ نے۔

سوال ۱۲۱: سرور جہاں آبادی لالہ سری رام کی پہلی تصنیف کونسی ہے؟

جواب: خمخانہ سرور۔

سوال ۱۲۲: پروین شاکر کا پہلا شعری مجموعہ ''خوشبو'' ہے آپ بتایئے پروفیسر سحر انصاری کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

جواب: ''نمود''۔

سوال ۱۲۳: ابن انشاء کی پہلی تصنیف ''خمار گندم'' ہے۔ آپ بتایئے کشور ناہید کی پہلی تخلیق کونسی ہے؟

جواب: لب گویا۔

سوال ۱۲۴: ''داستان مجاہد'' نسیم حجازی کا پہلا ناول ہے آپ بتایئے مجید امجد کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

جواب: ''شب رفتہ'' کے نام سے ۱۹۵۸ میں شائع ہوا۔

سوال ۱۲۵: حکیم عبدالحئی اور محمد حسین آزاد کے مطابق اردو کا پہلا واسوخت کس شاعر نے لکھا؟

جواب: میر تقی میر نے۔

سوال ۱۲۶: ''آب حیات'' میں آزاد نے کس شاعر کو اردو کا پہلا شاعر قرار دیا تھا؟

جواب: ولی دکنی کو۔

سوال ۱۲۷: ''گل رعنا'' میں حکیم عبدالحئی نے کس شاعر کو اردو کا پہلا شاعر قرار دیا ہے؟

جواب: قلی قطب شاہ کو۔

سوال ۱۲۸: میر درد کی پہلی تصنیف ''اسرار الصلوٰۃ'' ہے آپ بتایئے منیر شکوہ آبادی نے اپنا پہلا دیوان کس نام سے لکھا؟

جواب: منتخب العلم۔

سوال ۱۲۹: ''مئے لالہ فام'' کے عنوان سے ڈاکٹر جاوید اقبال کا تنقیدی مجموعہ پہلی بار ۱۹۶۶ میں شائع ہوا۔ آپ بتایئے کہ منیر احمد شیخ کا پہلا افسانوی مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: ''لمحے کی بات''۔

سوال ۱۳۰: دکنی کا سب سے بڑا شاعر تو نصرتی کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے ''کلیات میر'' پہلی بار کب اور کہاں سے شائع ہوئی؟

جواب: فورٹ ولیم کالج کلکتہ سے ۱۸۱۱ میں۔

سوال ۱۳۱: ملا واعظ کاشفی کی تصنیف ''روضۃ الشہداء'' کا اردو میں سب سے پہلا ترجمہ کس نام سے اور کس نے کیا؟

جواب: فضلی نے ''کربل کتھا'' کے نام سے۔

سوال ۱۳۲: اردو کے وہ کونسے شاعر ہیں جنھوں نے اپنے اردو دیوان کا دیباچہ اردو نثر میں لکھا تھا؟

جواب: سید عبدالولی عزلت۔

سوال ۱۳۳: سب سے پہلے کلام جرأت ''دیوان جرأت'' کے نام سے کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۸۶۸ میں کانپور سے۔

سوال ۱۳۴: ''کلیات انشاء'' پہلی بار کب اور کہاں سے شائع ہوئی؟

جواب: ۲۳ مارچ ۱۸۵۵ دہلی سے۔

سوال ۱۳۵: پاکستان میں پہلی بار ''کلیات آتش'' اردو مرکز لاہور سے کب شائع ہوئی؟

جواب: ۱۹۶۳ میں۔

سوال ۱۳۶: فقیر محمد گویا کا ''دیوان گویا'' پہلی بار کانپور سے کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۸۳۱ میں۔

سوال ۱۳۷: اردو نثر کا غیر منقوط قصہ کونسا ہے؟

جواب: ''سلک گوہر'' کے نام سے انشاء نے تصنیف کیا تھا۔

سوال ۱۳۸: ریختی کا پہلا دیوان کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: ''دیوان انگیختہ''۔

سوال ۱۳۹: رجب علی بیگ سرور کی پہلی تصنیف کس نام سے شائع ہوئی؟

جواب: ''فسانہ عجائب'' کے نام سے ۱۸۴۳ میں شائع ہوئی۔

سوال ۱۴۰: مشہور تذکرہ ''سخن شعراء'' کے خالق عبدالغفور نساخ کے پہلے اردو دیوان کا نام بتایئے؟

جواب: ''دفتر بے مثال''۔

سوال ۱۴۱: ''گلزار نسیم'' پہلی بار ۱۸۴۴ میں شائع ہوئی تھی آپ بتایئے ''موازنہ انیس و دبیر'' پہلی بار کب شائع ہوئی تھی؟

جواب: ۱۹۰۷ میں۔

سوال ۱۴۲: ''ضلع جگت'' کے تعلق سے اردو ادب کی پہلی نثری کتاب شیر محمد خان ایمان حیدر آبادی کی ''گلدستہ گفتار'' ۱۸۰۵ میں لکھی گئی تھی۔ آپ بتایئے ضلع جگت کے تعلق سے اردو ادب کی تاریخ میں نثر کی آخری کتاب کونسی ہے؟

جواب: ''طلسم حیرت''۔

سوال ۱۴۳: دیوان مومن کا پہلا ایڈیشن ۱۸۴۶ء میں کس نے مرتب کیا تھا؟
جواب: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ نے۔
سوال ۱۴۴: جدید اردو نظم کا آغاز تاریخ ادب اردو میں کب ہوا؟
جواب: ۱۸۷۴ء میں انجمن پنجاب لاہور کے مشاعروں سے۔
سوال ۱۴۵: فسانۂ آزاد کی پہلی جلد پہلی بار کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۸۸۰ء میں۔
سوال ۱۴۶: سرشار کی پہلی مطبوعہ تصنیف کونسی ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: "شمس الضحیٰ" ۱۸۷۹ء میں۔
سوال ۱۴۷: رشید حسن خان نے اپنی تصنیف "تلاش و تعبیر" میں کس شاعر کو اردو کا پہلا "شہر آشوب نگار" تسلیم کیا ہے؟
جواب: جعفر زٹلی کو۔
سوال ۱۴۸: "اردو میں میر تقی میر نے واسوخت کی ابتداء کی تھی" یہ قول کس کا ہے؟
جواب: سید مسعود حسن رضوی ادیب کا۔
سوال ۱۴۹: پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی کے خیال میں عہد شاہ جہاں کے کونسے شاعر نے سب سے پہلے اردو غزل کہی تھی؟
جواب: پنڈت چندر بھان برہمن لاہوری نے۔
سوال ۱۵۰: اردو کے کس محقق کے مطابق عبدالحکیم ٹھٹھوی سندھ میں اردو کا سب سے پہلا شاعر ہے؟
جواب: اعجاز الحق قدوسی نے اپنے مقالہ "سندھ میں اردو کا پہلا شاعر" میں ثابت کیا ہے۔
سوال ۱۵۱: اردو کا پہلا ادبی ماہنامہ کس رسالے کو کہا جاتا ہے؟
جواب: خیر خواہ ہند۔
سوال ۱۵۲: غزل، مثنوی، قصیدہ، مرثیہ، رباعی، قطعہ، شہر آشوب اردو میں فارسی زبان سے آئے ہیں۔ آپ بتائیے نثری اصناف میں ناول، افسانہ، خاکہ، رپورتاژ اور انشائیہ اردو میں کس زبان کے ادب سے آئے ہیں؟
جواب: انگریزی ادب سے۔
سوال ۱۵۳: اردو کی پہلی صاحب دیوان شاعرہ ماہ لقا چندا کو سمجھا جاتا تھا جس کا دیوان پہلی مرتبہ ۱۷۹۸ء میں مرتب ہوا۔ آپ بتائیے اب جدید تحقیق سے کس شاعرہ کو پہلی صاحب دیوان شاعرہ تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: "لطف النساء" کا دیوان ۱۷۹۷ء میں مرتب ہوا تھا۔
سوال ۱۵۴: محمد حسین آزاد کے بقول ولی دکنی اردو شاعری کا باوا آدم ہے۔ لیکن بعد کی تحقیق نے اسے غلط ثابت کیا ہے۔ آپ بتائیے اب گولکنڈہ کا وہ کونسا شاعر ہے جسے اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: قلی قطب شاہ کو۔
سوال ۱۵۵: نصیر الدین ہاشمی قلی قطب شاہ کو اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر نہیں مانتے آپ بتائیے ان کے مطابق اردو کا پہلا شاعر کون ہے؟
جواب: وہ وجدی کو اردو کا پہلا شاعر تسلیم کرتے ہیں۔ وجدی کا نام بعض حضرات وجیہ الدین بتاتے ہیں۔

سوال ۱۵۶: اردو کی کس شاعرہ کو اردو کی پہلی باغی عورت شمار کیا جاتا ہے؟
جواب: کشور ناہید کو۔
سوال ۱۵۷: شبنم شکیل کی شاعری کا پہلا مجموعہ کلام کونسا ہے؟
جواب: "شب زاد" کے نام سے شائع ہوا تھا۔
سوال ۱۵۸: یہ قول سرسید کے بارے میں کس کتاب میں ہے اور اس کتاب کا مصنف کون ہے؟ "سرسید اردو کے اولین مضمون نگار ہیں۔ اولین اس معنی میں کہ انھوں نے سب سے پہلے شعوری طور پر مضمون یا "ایسے" کی صنف کو اختیار کیا"۔
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ کی کتاب "سرسید احمد خان اور ان کے نامور رفقاء کی اردو نثر کا فنی اور فکری جائزہ" میں۔
سوال ۱۵۹: اردو کی پہلی ڈائری کس نے لکھی تھی؟
جواب: نواب کریم خان نے کیونکہ وہ بہادر شاہ ظفر کے ایک مقدمے کے سلسلے میں ۱۸۴۰ء میں لندن گئے تھے۔ قیام کے دو سال کے عرصے میں انھوں نے اپنی ڈائری باقاعدگی سے لکھی اس دور میں اس قسم کی کوئی ڈائری اردو زبان میں سامنے نہیں آئی۔
سوال ۱۶۰: "ہمزاد دا دکھ" پاکستان کے کس مشہور شاعر کا پہلا مجموعہ کلام ہے؟
جواب: "نیلام گھر" کے میزبان طارق عزیز کا۔
سوال ۱۶۱: اردو میں سب سے زیادہ شہر آشوب ہندوستان کے کس شہر کے لیے لکھے گئے؟
جواب: دہلی کے لیے۔
سوال ۱۶۲: ناول "کاغذی گھاٹ" کس خاتون ادیبہ کا پہلا ناول ہے؟
جواب: خالدہ حسین کا۔
سوال ۱۶۳: پاکستان کا پہلا ادبی اخبار کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: "جنگ آمد" لاہور کے نام سے۔
سوال ۱۶۴: ڈاکٹر رشید امجد کے پہلے افسانوی مجموعے کا نام بتائیے؟
جواب: "بے زار آدم کے بیٹے"۔
سوال ۱۶۵: احمد فراز کی موجودہ کلیات "شہر سخن آراستہ ہے" سے پہلے کونسی کلیات شائع ہوئی اور اس میں کتنی کتابیں شامل تھیں؟
جواب: "کلیات احمد فراز" جس میں نو کتابیں شامل تھیں۔
سوال ۱۶۶: احمد فراز کی پہلی کلیات جس میں صرف آٹھ کتابیں شامل تھیں۔ پہلی بار کس نام سے شائع ہوئی تھی؟
جواب: احمد فراز کی پہلی کلیات "اثاثہ" کے نام سے شائع ہوئی تھی۔
سوال ۱۶۷: رسالہ "شب خون" الہ آباد سے پہلی بار شمس الرحمٰن فاروقی نے کب شائع کیا تھا؟
جواب: ۱۹۶۶ء میں۔
سوال ۱۶۸: اے حمید کا پہلا افسانوی مجموعہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: "منزل منزل" کے نام سے۔

سوال۱۶۹: مرزا حامد بیگ کا پہلا افسانوی مجموعہ "گمشدہ کلمات" کے نام سے شائع ہوا تھا آپ بتائیے "قبر سانس لیتا ہے" کس ادیبہ کا پہلا افسانوی مجموعہ ہے؟
جواب: "زاہدہ حنا" کا۔
سوال۱۷۰: غلام عباس کا پہلا افسانوی مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: "آنندی" کے نام سے ۱۹۴۸ء میں شائع ہوا تھا۔
سوال۱۷۱: مختار مسعود کی مشہور کتاب "آوازِ دوست" پہلی بار کب شائع ہوئی تھی؟
جواب: ۱۹۷۳ء میں۔
سوال۱۷۲: "مقتدرہ قومی زبان" کا پہلا چیئرمین کون تھا؟
جواب: ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی۔
سوال۱۷۳: ڈاکٹر عبادت بریلوی نے اردو کا اولین تبصرہ نگار کس مشہور شخصیت کو قرار دیا ہے؟
جواب: مولانا الطاف حسین حالی کو۔
سوال۱۷۴: اردو کا پہلا گلدستہ "گل رعنا" تھا جو ۱۸۴۵ء میں دہلی سے شائع ہوا تھا آپ بتائیے یہ رسالہ کس نے شائع کیا تھا؟
جواب: مولوی کریم الدین نے۔
سوال۱۷۵: انجمن پنجاب کا پہلا مشاعرہ کب منعقد ہوا تھا؟
جواب: ۹ مئی ۱۸۷۴ء میں۔
سوال۱۷۶: ریاض احمد نے اردو کا پہلا نفسیاتی نقاد کس شاعر کو قرار دیا تھا؟
جواب: میرا جی کو۔
سوال۱۷۷: ڈاکٹر سلیم اختر نے اردو کا پہلا نفسیاتی نقاد کسے قرار دیا ہے؟
جواب: مرزا محمد ہادی رسوا کو۔

☆☆☆

القابات وخطابات

سوال۱: "اسلام کا شہنائی نواز" اردو کے کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: حفیظ جالندھری کو۔
سوال۲: "اردو ادب کا ہمالیہ" کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا کو۔
سوال۳: اردو شاعری کا اولین معمار کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ولی دکنی۔
سوال۴: "ریختہ کا باوا آدم" ولی دکنی کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتائیے "اردو ری کا چاسر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ولی دکنی۔
سوال۵: اردو کے کس مشہور شاعر کو باقاعدہ غزل گو شاعر کہا گیا ہے؟
جواب: ولی دکنی کو۔
سوال۶: سید ضمیر جعفری نے اپنی کتاب "کتابی چہرے" میں اردو کے کس شاعر اور مشہور افسانہ نگار کو "اردو ادب کا منجلا ڈیم" کہا ہے؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال۷: "اردو کا سعدی" کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: میر تقی میر۔
سوال۸: "اردو ناول نگاری کا عبادت بریلوی" کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: قدرت اللہ شہاب۔
سوال۹: "رئیس المتغزلین" اردو کے کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال۱۰: "آبروئے غزل" حسرت موہانی کو کہا جاتا ہے آپ بتائیے "سید الاحرار" کس مشہور شاعر کو کہتے ہیں؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال۱۱: عبدالرب نشتر نے "شہنشاہِ تغزل" کس شاعر کو کہا تھا؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال۱۲: مرزا مچھو بیگ ستم ظریف کو کس شاعر نے "ناسخ ثانی" کہا تھا کیونکہ یہ ناسخ کی طرح بھاری ڈیل ڈول کے آدمی تھے؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال۱۳: "میر کا ادبی معشوق" کس شاعر کو کہتے ہیں؟
جواب: ولی دکنی۔

سوال ۱۴: اردو کے کس شاعر کو "قنوطی" کہا جاتا ہے؟
جواب: میر تقی میر۔
سوال ۱۵: ولی دکنی کو عبوری دور کا شاعر بھی کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے ڈاکٹر عبادت بریلوی نے "حواس کا شاعر" کس شاعر کو کہا ہے؟
جواب: ولی دکنی۔
سوال ۱۶: محمد حسین آزاد نے اپنی مشہور کتاب "آب حیات" میں ولی دکنی کو کیا کہا ہے؟
جواب: "اردو شاعری کا بادا آدم"۔
سوال ۱۷: شاعری میں "اردو کا شیکسپیئر" میر انیس کو کہتے ہیں۔ آپ بتایئے "اردو مرثیے کا شہنشاہ" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: میر انیس۔
سوال ۱۸: "اردو کا ہومر" کس شاعر کا خطاب ہے؟
جواب: میر انیس۔
سوال ۱۹: "نظم جدید کا بانی" اور "نیچرل شاعری کا بانی" کس ادبی شخصیت کو کہتے ہیں؟
جواب: محمد حسین آزاد۔
سوال ۲۰: "اردو شاعری کے جدید رنگ کا بانی" محمد حسین آزاد کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ "اردو نثر کا میر انیس" کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: محمد حسین آزاد۔
سوال ۲۱: "آقائے اردو" محمد حسین آزاد کو کس ادیب نے کہا تھا؟
جواب: مہدی افادی نے۔
سوال ۲۲: "دورِ سخن کا میر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: شاد عظیم آبادی۔
سوال ۲۳: اردو کے کس مشہور شاعر کو "بچوں کا شاعر" کہا جاتا ہے؟
جواب: اسماعیل میرٹھی۔
سوال ۲۴: کس شاعر کا کلام "گنجینۂ تصوف" کہلاتا ہے؟
جواب: خواجہ میر درد کا کلام۔
سوال ۲۵: "شاعر مزدور" احسان دانش کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے جوش ملیح آبادی کو کون کون سے خطابات دیئے گئے تھے؟
جواب: "شاعر انقلاب"، "شاعر شباب" اور "شاعر اعظم"۔
سوال ۲۶: "لسان العصر" اکبر الہ آبادی کو کہتے ہیں آپ بتایئے "شہنشاہ ظرافت" کس مزاحیہ شاعر کو کہتے ہیں؟
جواب: اکبر الہ آبادی۔

سوال ۲۷: مجید لاہوری کس شاعر کو اپنا پیر و مرشد کہتے تھے؟
جواب: اکبر الہ آبادی۔
سوال ۲۸: "دبستان لکھنؤ" کا بانی شیخ امام بخش ناسخ کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ "آتش کا حریف" کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: شیخ امام بخش ناسخ۔
سوال ۲۹: "بلبل ہند" تو داغ دہلوی کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے کس مشہور شاعر کو "طوطی ہند" کہا جاتا ہے؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق۔
سوال ۳۰: "غالب شکن" یاس یگانہ چنگیزی کو کہتے ہیں۔ آپ بتایئے "رند پارسا" کس کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ریاض خیر آبادی۔
سوال ۳۱: "ناصر حجازی" کے نام سے کونسا مشہور شاعر فلمی گانے لکھتا تھا؟
جواب: ساغر صدیقی۔
سوال ۳۲: "لسانِ قوم" تو "صفی لکھنوی" کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے "لسان الامت" کس ادیب کا خطاب ہے؟
جواب: نواب بہادر یار جنگ۔
سوال ۳۳: "نانا فرنویس" اور "حاجی بابا" کے نام سے کونسا ادیب مضامین لکھتا تھا؟
جواب: ابن انشاء۔
سوال ۳۴: الطاف حسین حالی کو "شمس العلماء" کا خطاب ۱۹۰۴ میں ملا تھا آپ بتایئے شبلی نعمانی کو "شمس العلماء" کا خطاب کب ملا تھا؟
جواب: "۱۸۹۴ء" میں
سوال ۳۵: "محبت کے استاد" قلندر بخش جرأت کا خطاب ہے۔ آپ بتایئے میر تقی میر نے جرأت کی شاعری کو کیا کہا تھا؟
جواب: چوما چاٹی کی شاعری۔
سوال ۳۶: مجید لاہوری اردو غزل میں کس شاعر کو "اقلیم سخن" کا تاجدار مانتے تھے؟
جواب: فراق گورکھپوری۔
سوال ۳۷: "استعاروں کا بادشاہ" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: نجم الدین آبرو۔
سوال ۳۸: محمد شبلی نعمانی کی مشہور کتاب "سیرۃ النبیؐ" کو سید عبداللہ نے "دائرۃ المعارف النبویہ" کا خطاب دیا تھا۔ آپ بتایئے۔ الطاف حسین حالی کو "بھلا مانس غزل گو" کس ادیب نے کہا تھا؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ نے۔
سوال ۳۹: "دہلی کا ناسخ" شاہ نصیر کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کس شاعر کو ان کی رنگت کی وجہ سے "میاں کلو" کے نام سے پکارا جاتا ہے؟
جواب: شاہ نصیر۔

سوال ۴۰: شاہ نصیر کے علاوہ اردو کے کونسے مشہور شاعر سیاہ فام تھے؟
جواب: امام بخش ناسخ۔
سوال ۴۱: حسرت موہانی کو غزل کے حوالے سے "مُجَدِّد" کا درجہ حاصل ہے۔ آپ بتایئے دورِ جدید میں غزل کا امام کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال ۴۲: "چراغِ محفلِ فصاحت" تو خان آرزو کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے محمد حسین آزاد نے خان آرزو کو کیا کہا تھا؟
جواب: "اردو ادب کا ارسطو"۔
سوال ۴۳: کس شاعر کو "سراج الشعراء" اور "سراج المحققین" کے خطاب ملے تھے؟
جواب: خان آرزو۔
سوال ۴۴: خان آرزو نے "شاعرِ بے دانہ" کس شاعر کو کہا ہے؟
جواب: شرف الدین مضمون۔
سوال ۴۵: "یاسیت کا امام" اردو کے کس مشہور شاعر کو کہتے ہیں؟
جواب: فانی بدایونی۔
سوال ۴۶: میر تقی میر کو "شفیق میر میدان سخنوری" کا خطاب کس نے دیا تھا؟
جواب: میر حسن نے۔
سوال ۴۷: "ذکرِ میر" میں میر نے کس شاعر کو "عم بزرگوار" کہا تھا؟
جواب: سید امان اللہ۔
سوال ۴۸: "مصورِ غم" تو راشد الخیری کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے "مصورِ فطرت" کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال ۴۹: "سریلے بول کا شاعر" عظمت اللہ خان کو کہتے ہیں۔ بتایئے "سریلی بانسری کا شاعر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: آرزو لکھنوی۔
سوال ۵۰: "فردوسیِ اسلام" تو حفیظ جالندھری کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے کس شاعر کو "ابوالاثر" کا خطاب دیا گیا ہے؟
جواب: حفیظ جالندھری۔
سوال ۵۱: سجاد حیدر یلدرم نے اردو کے کس مشہور شاعر کو "اردو کا بانسری بجیا" اور "اسلام کا شہنائی نواز" کے خطاب دیئے ہیں؟
جواب: حفیظ جالندھری۔
سوال ۵۲: علامہ اقبال کو "نائٹ ہڈ" کا خطاب جنوری ۱۹۲۲ میں دیا گیا تھا۔ آپ بتایئے علامہ اقبال نے اردو کے کس شاعر کو "گوئٹے کا ہمنوا" کہا ہے؟
جواب: مرزا غالب۔

سوال ۵۳: "ہجو نگاری کا امام" "قصیدہ کا بادشاہ" اور "غزل کا منفرد شاعر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: مرزا رفیع سودا۔
سوال ۵۴: "اردو نثر کا میر درد" تو اشفاق احمد کو کہتے ہیں۔ آپ بتایئے کہ اردو ادب کی "رابعہ بصری" کس خاتون افسانہ نگار اور ناول نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: بانو قدسیہ۔
سوال ۵۵: "فلک پیما" کے نام سے کونسا ادیب مضامین لکھتا تھا؟
جواب: عبدالعزیز خالد۔
سوال ۵۶: اردو ادب میں مکالمہ نگاری کا موجد ڈپٹی نذیر احمد کو کہتے ہیں۔ آپ بتایئے کہ ڈپٹی نذیر احمد کو خواجہ حسن نظامی کیا کہتے تھے؟
جواب: "وارث الادیب"۔
سوال ۵۷: جدید افسانہ نگاری میں کسے استاد مانا جاتا ہے؟
جواب: پریم چند۔
سوال ۵۸: ولی دکنی کو "جمال دوست شاعر" کس ادیب نے کہا تھا؟
جواب: سید عبداللہ۔
سوال ۵۹: میر تقی میر کو "سرتاج شعرائے اردو" کس مشہور عاشقِ اردو نے کہا تھا؟
جواب: مولوی عبدالحق نے۔
سوال ۶۰: اردو کا "دائرہ المعارف" نیاز فتح پوری کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ کس ادب کے حلقہ احباب کو "یارانِ نجد" کہا جاتا ہے؟
جواب: نیاز فتح پوری کے حلقہ احباب کو۔
سوال ۶۱: اردو شاعری کا انسائیکلوپیڈیا کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: "خمخانہ جاوید" مصنف لالہ سری رام۔
سوال ۶۲: تاج سعید نے پاکستان کے کس مشہور شاعر کو "پاکستان کا ساحر لدھیانوی" کہا ہے؟
جواب: قتیل شفائی۔
سوال ۶۳: "معلومات کا انسائیکلوپیڈیا" کس مزاح نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: پطرس بخاری۔
سوال ۶۴: جدید اردو شاعری کا امام کس شاعر اور سوانح نگار کو کہتے ہیں؟
جواب: الطاف حسین حالی۔
سوال ۶۵: "اردو کا برنارڈ شاہ" تو عبدالعزیز فلک پیما کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے "اردو کا ٹالسٹائی" کس مشہور شخصیت کو کہتے ہیں؟
جواب: کرشن چندر۔

سوال۶۶: رئیس امروہوی کو کس ادیب نے ''رئیس القلم'' کا خطاب دیا تھا؟
جواب: الطاف بریلوی۔
سوال۶۷: اردو کا پہلا باغی شاعر مرزا غالب کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتائیے الطاف حسین حالی نے غالب کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: حیوانِ ظریف۔
سوال۶۸: ''سرسید ثانی'' اردو کے کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: آفتاب احمد خان۔
سوال۶۹: دبستانِ لکھنؤ میں لکھنویت کا آغاز کب ہوا؟
جواب: شیخ امام بخش ناسخ اور خواجہ حیدر علی آتش کے بعد۔
سوال۷۰: فانی بدایونی کو ''یاسیت کا امام'' کس ادیب نے کہا تھا؟
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی نے۔
سوال۷۱: بہادر شاہ ظفر نے کس شاعر کو ''دبیر الملک''، ''نجم الدولہ'' اور ''نظام جنگ'' کے خطابات دیئے تھے؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال۷۲: ''طوائفوں کا سرسید'' اردو کے کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ناول ''شاہدِ رعنا'' کے مصنف قاری سرفراز حسین کو۔
سوال۷۳: مرزا غالب کے شاگرد ظہیر دہلوی نے ''مومن ثانی'' کس شاعر کو کہا تھا؟
جواب: سید شجاع الدین انور دہلوی کو۔
سوال۷۴: کس شاعر کو ''ثانی انیس'' کہا جاتا ہے؟
جواب: میر نفیس کو۔
سوال۷۵: ''درد، میر، سودا، مظہر'' اردو ادب کے چار ارکان ہیں۔ یہ قول کس کا ہے؟
جواب: محمد حسین آزاد کا۔
سوال۷۶: مولانا جلال الدین رومی کے دیوان کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: دیوانِ شمس تبریز۔
سوال۷۷: ''شارحِ ارسطو'' کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: ابنِ رشد کو۔
سوال۷۸: محمد حسین آزاد کو ۱۸۸۷ میں ''شمس العلماء'' کا خطاب ملا۔ آپ بتائیے ڈپٹی نذیر احمد کو کب ''شمس العلماء'' کا خطاب ملا تھا؟
جواب: ۱۸۹۷ میں۔
سوال۷۹: کس شاعر کو ''میر ثانی'' کہا جاتا ہے؟
جواب: غلام علی راسخ کو۔

سوال۸۰: کلاسیکی عہد کے کس شاعر کو ''ہندوستان کا لیونارڈ ولیفسی'' کہا جاتا ہے؟
جواب: امیر خسرو کو۔
سوال۸۱: میر تقی میر کو ''اشعر الشعراء'' کا خطاب کس شاعر نے دیا تھا؟
جواب: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ نے۔
سوال۸۲: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ فارسی میں بھی شاعری کرتے تھے۔ آپ بتائیے کہ وہ فارسی شاعری میں کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟
جواب: ''حسرتی'' کے نام سے۔
سوال۸۳: ''طغرل غازی'' کے نام سے کونسا ادیب مزاحیہ مضامین لکھتا تھا؟
جواب: ابنِ صفی۔
سوال۸۴: بشریٰ رحمٰن کو کس ادیب نے اردو ادب کی ''جین آسٹن'' کا خطاب دیا تھا؟
جواب: کرم حیدری نے۔
سوال۸۵: مرزا غالب کس شاعر کو پیار سے مرزا تفتہ کہا کرتے تھے؟
جواب: ہرگوپال تفتہ کو۔
سوال۸۶: اردو ڈرامے کا ''شیکسپیئر'' اور ''مارلو'' اردو کے کس ڈرامہ نگار کو کہتے ہیں؟
جواب: آغا حشر کاشمیری کو۔
سوال۸۷: شورش کاشمیری نے کس ادیب کو اپنے رسالہ ''چٹان'' میں ''انیس اردو'' کا خطاب دیا؟
جواب: محمد طفیل نقوش کو۔
سوال۸۸: کس شاعر کو ''ہنگامہ گرم کن مجلسہا'' کہا جاتا ہے؟
جواب: شرف الدین مضمون کو۔
سوال۸۹: ''نائٹ برڈ'' یعنی رات کا پرندہ کس بھارتی شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: کیفی اعظمی کو۔
سوال۹۰: ''اردو غزل کا ابنِ بطوطہ'' کس شاعر کا خطاب ہے؟
جواب: سلیم احمد کا۔
سوال۹۱: اردو کے کس شاعر کو ''نشانِ سپاس'' کا اعزاز ملا؟
جواب: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کو۔
سوال۹۲: خواجہ میر درد کو میر تقی میر نے کیا کہا تھا؟
جواب: آدھا شاعر۔
سوال۹۳: اردو کے کس شاعر کو اردو کا خاقانی اور انوری کہا جاتا ہے؟
جواب: مرزا رفیع سودا کو۔
سوال۹۴: مرزا مظہر جانِ جاناں [illegible]

سوال ۹۵: دیوان سنگھ مفتون کو "مفتون" کا لقب کس ادیب نے دیا تھا؟
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال ۹۶: کنہیا لال کپور کی تحریروں کو "بچھو کا ڈنگ" کا خطاب کس نے دیا تھا؟
جواب: کرشن چندر۔
سوال ۹۷: "اردو شاعری کی حبیب جالب" کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: فہمیدہ ریاض کو۔
سوال ۹۸: "اردو کا ٹامس مور" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: نادر کاکوروی۔
سوال ۹۹: ملا وجہی کس بادشاہ کے دربار کا "ملک الشعراء" شاعر تھا؟؟
جواب: محمد قلی قطب شاہ کا۔
سوال ۱۰۰: قلی قطب شاہ نے اپنی کلیات میں ۷ تخلص استعمال کیے تھے۔ آپ بتایئے شاہ حاتم نے ابتداء میں کونسا تخلص استعمال کیا تھا؟
جواب: رمزی۔
سوال ۱۰۱: اردو کے کس شاعر نے قلندر بخش جرأت کی شاعری کو "چھنالے کی شاعری" کہا تھا؟
جواب: غلام ہمدانی مصحفی نے۔
سوال ۱۰۲: مصحفی کے بقول میر تقی میر از راہِ ظرافت شاہ حاتم کو کیا کہتے تھے؟
جواب: واوا الشعراء۔
سوال ۱۰۳: "تذکرہ ہندی" میں مصحفی نے میر تقی میر کو کیا کہا تھا؟
جواب: جادو نگار۔
سوال ۱۰۴: میر تقی میر کی تازہ گوئی داخلیت کہلاتی ہے۔ آپ بتایئے مرزا رفیع سودا کی سادہ گوئی کیا کہلاتی ہے؟
جواب: خارجیت۔
سوال ۱۰۵: "طبقات الشعراء" میں کس شاعر کو "ریختی" کا بانی کہا گیا ہے؟
جواب: نواب امیر خان انجام کو۔
سوال ۱۰۶: میر تقی میر نے شاعری کے کس رنگِ سخن کو "چوما چاٹی" کی شاعری کہا تھا؟ جرأت اس رنگ کے ممتاز و مقبول شاعر تھے؟
جواب: شاعری میں "معاملہ بندی" کے رنگِ سخن کو۔
سوال ۱۰۷: کس ادیب نے اپنے آپ کو "دلی کا روڑا" کہا تھا؟
جواب: میر امن نے۔
سوال ۱۰۸: اردو کا وہ کونسا شاعر ہے جو شاعری کو "مصوری پیشہ" کہتے تھے؟
جواب: خواجہ حیدر علی آتش کو۔

سوال ۱۰۹: شیخ امام بخش ناسخ کو ان کے گھر والے کس نام سے پکارتے تھے؟
جواب: "عبداللہ" کے نام سے۔
سوال ۱۱۰: تذکرہ "شوکت نادری" میں مصحفی کو کلب حسین خان نادر نے کونسا لقب دیا تھا؟
جواب: سید فخر المہاجرین۔
سوال ۱۱۱: قصیدے کے کمالِ فن کی پہلی نشانی مطلع ہوتا ہے۔ "مطالعہ غزل" میں محمد ابراہیم ذوق کے مطلعوں کے بارے میں ذوق کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: مطلعوں کا بادشاہ۔
سوال ۱۱۲: یہ قول کس شاعر کا ہے؟
"جو قصیدہ نہیں لکھ سکتا اس کو شعراء میں شمار نہیں کرنا چاہیے اور اسی بنا پر وہ ذوق کو پورا شاعر اور شاہ نصیر کو "ادھورا شاعر" جانتے تھے"۔
جواب: بقول: مرزا غالب کا۔
سوال ۱۱۳: مرزا غالب نے کس شاعر کو "شاہ دیں دار" کہا تھا کیونکہ وہ نماز و روزے کے پابند تھے اور شراب کو کبھی ہاتھ نہیں لگایا تھا؟
جواب: بہادر شاہ ظفر کو۔
سوال ۱۱۴: سر سید احمد خان کو اردو ادب میں مضامین صنف کا بانی کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ کس ادیب کو "جدید نثر کا بانی" کہا جاتا ہے؟
جواب: سر سید احمد خان کو۔
سوال ۱۱۵: سر سید احمد خان کو "نیچر نیچر" کا خطاب منشی سجاد حسین نے دیا تھا۔ آپ بتایئے کہ ممتاز علی آہ نے امیر مینائی کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: "خاتم الشعراء" کا خطاب۔
سوال ۱۱۶: ولی دکنی کو "بابائے ریختہ" اور الطاف حسین حالی کو "بابائے ادب" کس ادیب اور محقق نے کہا تھا؟
جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی نے۔
سوال ۱۱۷: منیر شکوہ آبادی نے اپنے استاد ناسخ کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: مجتہد الشعراء۔
سوال ۱۱۸: واجد علی شاہ نے کس شاعر کو "نمک فراموش" کہا تھا؟
جواب: "اسیر لکھنوی" کو جن کا اصل نام "سید مظفر علی" تھا۔
سوال ۱۱۹: داغ دہلوی کی شاعری کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: "چاہت کا نسخہ"۔
سوال ۱۲۰: حسرت موہانی نے داغ کی شاعری کو کیا قرار دیا تھا؟
جواب: "فاسقانہ شاعری"۔
سوال ۱۲۱: "خدائے سخن" اردو کے کس مشہور شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: میر تقی میر کو۔

سوال۱۲۲: الطاف حسین حالی نے داغ کی شاعری کو کیا کہا تھا؟
جواب: غیر اخلاقی شاعری۔
سوال۱۲۳: اردو کا ''موپاساں'' کس افسانہ نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو۔
سوال۱۲۴: اردو کی ''جین آسٹن'' بشریٰ رحمٰن کو کہتے ہیں۔ آپ بتایئے اردو کا اختر شیرانی کس مشہور شاعرہ کو کہا جاتا ہے؟
جواب: پروین شاکر کو۔
سوال۱۲۵: لسان پاکستان'' کس ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: جسٹس ایم آر کیانی۔
سوال۱۲۶: اردو افسانے کا ''جینٹل مین رائٹر'' کونسا افسانہ نگار ہے؟
جواب: شفیق الرحمٰن۔
سوال۱۲۷: اردو کے کس شاعر کو ''قلم کا مزدور'' کہا جاتا ہے؟
جواب: افضل پرویز کو۔
سوال۱۲۸: دبستان دلی میں ''ریختی'' کا موجد کونسا شاعر ہے؟
جواب: سعادت یار خان رنگین۔
سوال۱۲۹: صوفی تبسم کو پطرس بخاری نے کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: ''اوسان خطائی'' کا خطاب دیا تھا۔
سوال۱۳۰: مزاحیہ شاعری کا امام اکبرالہ آبادی کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ ''بابائے صحافت'' کس ادیب کو کہتے ہیں؟
جواب: مولانا ظفر علی خان کو۔
سوال۱۳۱: اردو ادب میں کس ادیب کو بہترین داستان گو کہا جاتا ہے؟
جواب: رتن ناتھ سرشار کو۔
سوال۱۳۲: ''اردو کا عمر خیام'' تو ریاض خیرآبادی کو کہتے ہیں۔ آپ بتایئے ''صدر الشعراء'' کس کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ایرج مرزا کو۔
سوال۱۳۳: اردو نثر میں رومانیت کا مطلع اول کس افسانہ نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: سجاد حیدر یلدرم کو۔
سوال۱۳۴: ترکی حکومت نے شبلی نعمانی کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: ''تمغۂ مجیدی''۔
سوال۱۳۵: پاکستان کے کس شاعر کو ''لکھ پتی'' شاعر کہا گیا ہے؟
جواب: رئیس امروہوی کو۔
سوال۱۳۶: کس ناول نگار کے لیے ''غیور جنگ'' کا خطاب تجویز کیا گیا تھا مگر انھوں نے قبول نہیں کیا تھا؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد نے۔

سوال۱۳۷: محمد ارتضیٰ کو ''ملا واحدی'' کا خطاب کس نے دیا تھا؟
جواب: خواجہ حسن نظامی نے۔
سوال۱۳۸: بیسویں صدی کا میر درد کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: اصغر گونڈوی کو۔
سوال۱۳۹: ''ابوالعلا چشتی'' کس کا خطاب ہے؟
جواب: حاجی لق لق کا۔
سوال۱۴۰: داغ دہلوی کو ''بلبل ہزار داستان'' کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ ''اردو ڈرامے کا باوا آدم'' کس ڈرامہ نگار کو کہتے ہیں؟
جواب: امانت لکھنوی۔
سوال۱۴۱: ''دلی کی مختصر تاریخ'' سرسید کی کس مشہور کتاب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: آثار الصنادید کو۔
سوال۱۴۲: اردو کے مشہور شاعر اسماعیل میرٹھی کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں حکومت ہند نے کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: ''خان صاحب''۔
سوال۱۴۳: ''غزل کو انتہا کی انتہا پر'' کس نے کہا تھا؟
جواب: کلیم الدین احمد نے۔
سوال۱۴۴: ''اردو کا شیلے'' تو اسرار الحق مجاز لکھنوی کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے ''مرثیہ گوئی کا امام'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: مرزا سلامت علی دبیر کو۔
سوال۱۴۵: اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: قلی قطب شاہ کو۔
سوال۱۴۶: عاصی، برق اور شجر کے نام سے کونسا ادیب مشہور تھا؟
جواب: مرزا ادیب۔
سوال۱۴۷: مرزا رفیع سودا کو ''اردو کا شیکسپیئر'' کس نے کہا تھا؟
جواب: امداد امام اثر نے۔
سوال۱۴۸: رام بابو سکسینہ نے ''اردو کا امیر خسرو'' کس شاعر کو قرار دیا ہے؟
جواب: انشاء اللہ خان انشا کو۔
سوال۱۴۹: قرۃ العین حیدر کو ادبی خدمات پر ہندوستان کا سب سے بڑا اعزاز ''گیان پیٹھ ایوارڈ'' کب دیا؟
جواب: ۱۹۹۰ میں۔
سوال۱۵۰: قرۃ العین حیدر ادبی دنیا میں کن ناموں سے پکاری جاتی تھیں؟
جواب: ''عینی آپا''، ''پوم پوم ڈارلنگ''، ''مس حیدر'' اور ''قرۃ'' کے ناموں سے ادبی دنیا میں مشہور تھیں۔

سوال۱۵۱: اشفاق احمد نے علی اکبر عباس کو اردو کے کس مشہور شاعر کا ہم پلہ قرار دیا تھا؟
جواب: نظیر اکبر آبادی کا۔
سوال۱۵۲: نظم ''سیکھ دوت'' میں کس شاعرہ نے اپنے آپ کو ''بنت ہجر'' قرار دیا تھا؟
جواب: فہمیدہ ریاض نے۔
سوال۱۵۳: نیاز فتح پوری کو ان کی ادبی خدمات پر انڈیا کا کونسا اعلیٰ ترین سول اعزاز ۱۹۶۲ء میں دیا گیا تھا؟
جواب: ''پدما بھوشن''۔
سوال۱۵۴: میر امن نے ہندوستان کے کس شہر کو ''ست جگی'' کہا تھا اور کیوں؟
جواب: دہلی کو کیونکہ یہ کم از کم سات مرتبہ آباد اور برباد ہوئی تھی۔
سوال۱۵۵: غلام ہمدانی مصحفی نے اردو کے کس شاعر کو ''نقاش اول زبان ریختہ'' قرار دیا تھا؟
جواب: مظہر جان جاناں کو۔
سوال۱۵۶: اردو کے کس شاعر کو ''جھنگ'' (پنجاب صوبہ کا ایک مشہور شہر) کا ملنگ شاعر کہا جاتا ہے؟
جواب: جعفر طاہر کو۔
سوال۱۵۷: اردو کی کس شاعرہ کو اردو کی پہلی باغی عورت شاعرہ شمار کیا جاتا ہے؟
جواب: کشور ناہید کو۔
سوال۱۵۸: شبلی نعمانی نے اردو کے کس ادیب کو ''امام الادب'' کا خطاب دیا تھا۔
جواب: مولانا فیض الحسن سہارن پوری کو۔
سوال۱۵۹: سید مظفر علی اسیر لکھنوی واجد علی شاہ کے عاشق و پروانے کہلاتے تھے لیکن جب واجد علی شاہ کلکتہ جانے لگے تو اسیر لکھنوی نے بے وفائی کی اور ان کے ساتھ نہیں گئے تو واجد علی شاہ نے انھیں کیا کہا تھا؟
جواب: نمک فراموش۔
سوال۱۶۰: نظام دکن نے داغ کو ۱۸۹۴ء میں کون کونسے خطابات دیے تھے؟
جواب: ''بلبل ہندوستان''، ''جہان استاد''، ''دبیر الدولہ''، ''ناظم جنگ یار'' اور ''نواب فصیح الملک بہادر''۔
سوال۱۶۱: مسعود حسن رضوی ادیب نے ''شہر آشوب کا موجد'' اردو کے کس شاعر کو قرار دیا ہے؟
جواب: مسعود سعد سلمان کو۔
سوال۱۶۲: مولانا راشد الخیری کو ''مصور غم'' کا لقب ۱۹۱۷ء میں کس کتاب کی اشاعت پر دیا گیا تھا؟
جواب: ناول ''شام زندگی'' کی اشاعت پر۔
سوال۱۶۳: ''نادرۂ زمان و عجوبۂ دوراں'' اردو کے کس مزاحیہ اور ہجو گو شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: جعفر زٹلی کو۔
سوال۱۶۴: میر تقی میر کو ''خدائے سخن'' کا خطاب کس مشہور ادیب نے دیا تھا؟
جواب: محمد حسین آزاد نے۔
سوال۱۶۵: جوش ملیح آبادی کو ''شاعر اعظم'' کا خطاب کس سال دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۵ء میں۔

سوال۱۶۶: ''دریدہ دہن و شوخ مزاج'' کس مشہور شاعر کا خطاب ہے؟
جواب: جعفر زٹلی کا۔
سوال۱۶۷: ''اردو زبان کا باوا آدم'' اور ''طوطیِ ہند'' کس شاعر کے خطاب ہیں؟
جواب: امیر خسرو کے۔
سوال۱۶۸: جعفر زٹلی کو ''دریدہ دہن و شوخ مزاج'' کا خطاب کس تذکرہ نگار نے دیا تھا؟
جواب: لچھمی نرائن شفیق نے۔
سوال۱۶۹: ''اردو کا والٹر اسکاٹ'' اردو کے کس مشہور ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ایم اسلم کو۔
سوال۱۷۰: ''نواب حسان الملک بہادر'' کا خطاب اردو کے کس مشہور شاعر کو نواب ٹانک نے دیا تھا؟
جواب: حفیظ جالندھری کو۔
سوال۱۷۱: ''ڈپٹی نذیر احمد کا جانشین'' اردو کے کس مشہور ناول نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: راشد الخیری کو۔
سوال۱۷۲: اردو کے کس شاعر کو ''ناخدائے سخن'' کہا جاتا ہے؟
جواب: نوح ناروی کو۔
سوال۱۷۳: علامہ اقبال کو ''جانشین غالب'' کا خطاب کس مشہور ادبی شخصیت نے دیا تھا؟
جواب: رام بابو سکسینہ نے۔
سوال۱۷۴: ''فرزند ہند'' کا خطاب شاہ سلیمان پھلواری نے اردو کے کس شاعر کو دیا تھا؟
جواب: علامہ اقبال کو۔
سوال۱۷۵: علامہ اقبال کو ''حکیم حیات'' کا خطاب کس نے دیا تھا؟
جواب: گوئٹے نے۔
سوال۱۷۶: ''شاعر افغان شناس'' علامہ اقبال نے کس مشہور پشتو شاعر کو کہا تھا؟
جواب: خوشحال خان خٹک کو۔
سوال۱۷۷: راشد الخیری، مولوی سید احمد دہلوی کے اخبار ''اخبار النساء'' کو کیا کہا کرتے تھے؟
جواب: اخباروں کی جورو۔
سوال۱۷۸: قاری سرفراز حسین کو ''طوائفوں کا سرسید'' کا خطاب کس ادیب نے دیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر احسن فاروقی نے۔
سوال۱۷۹: اردو ادب کے کس مشہور رسالے کو ''ادب کی بیوروکریسی'' سمجھا جاتا تھا کیونکہ جو ادیب اس پرچے میں چھپ جاتا تھا وہ عام لوگوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے میں بھی عار سمجھتا تھا؟
جواب: رسالہ ''نقوش''۔
سوال۱۸۰: پاکستان کے کس ادبی ادارے کو ادیبوں کے ''مسودوں کا قبرستان'' کہا جاتا ہے؟
جواب: اکادمی ادبیات، اسلام آباد۔

سوال۱۸۱: میر تقی میر کو ''سرتاج شعرائے اُردو'' مولوی عبدالحق نے کہا تھا۔ آپ بتایئے میر تقی میر نے ''مرزا شعرائے ہندی'' کس شاعر کو کہا تھا؟

جواب: مرزا رفیع سودا۔

سوال۱۸۲: ابراہیم عادل شاہ کو ''جگت گرو'' کیوں کہا جاتا تھا؟

جواب: ڈاکٹر محمد صادق نے لکھا ہے کہ ابراہیم عادل شاہ مسلم رعایا کے بجائے ہندوؤں کی طرف دار تھا جس کی وجہ سے اسے استہزا کے طور پر ''جگت گرو'' کہنے لگے تھے۔

سوال۱۸۳: کشور ناہید کا اصل نام انکے گھر والوں نے ''کشور جہاں'' رکھا تھا آپ بتایئے کہ انہیں گھر والے کس نام سے پکارتے تھے؟

جواب: ''مُچھو'' کے نام سے۔

سوال۱۸۴: فیض احمد فیض نے اپنی کس کتاب میں لاہور کو ''روشنیوں کا شہر'' کہا ہے؟

جواب: ''زندان نامہ'' میں۔

سوال۱۸۵: اشفاق احمد نے فیض احمد فیض کو ان کے کس شعری مجموعے میں ''ملامتی صوفی'' کہا تھا؟

جواب: ''شامِ شہرِ یاراں'' میں۔

سوال۱۸۶: ''فکاہیہ کالم نگاری کا امام'' چراغ حسن حسرت کو کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے حسن عسکری نے عزیز احمد کے کس ناول کو اردو کا اجتماعی ناول قرار دیا تھا؟

جواب: ناول ''ایسی بلندی ایسی پستی''۔

سوال۱۸۷: ''شاعر خرابات'' عبدالحمید عدم کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے کہ عصمت چغتائی کو ''لیڈی چنگیز خان'' کا خطاب کس نے دیا تھا؟

جواب: قرۃ العین حیدر نے۔

سوال۱۸۸: نظیر اکبر آبادی کے بعد کس ادیب نے حبیب جالب کو اردو کا ''دوسرا عوامی شاعر'' کہا تھا؟

جواب: فارغ بخاری نے۔

☆☆☆

شعراء و ادباء کے اصل نام، تخلص اور قلمی نام

سوال۱: اردو کے مشہور شاعر ''غلام ہمدانی'' کا قلمی نام بتایئے؟

جواب: ''مصحفی''۔

سوال۲: ''اے آر خاتون'' کا اصل نام بتایئے؟

جواب: امۃ الرحمٰن۔

سوال۳: میرا جی کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: ثناء اللہ ڈار۔

سوال۴: عندلیب شادانی کا اصل نام بتایئے؟

جواب: وجاہت حسین۔

سوال۵: مجاز لکھنوی کا نام بتایئے؟

جواب: اسرار الحق۔

سوال۶: الطاف حسین حالی کا پرانا تخلص کیا تھا؟

جواب: خستہ۔

سوال۷: شیخ امام بخش کا تخلص کونسا ہے؟

جواب: ناسخ۔

سوال۸: مصطفیٰ زیدی پہلے کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: تیغ الہ آبادی۔

سوال۹: آرزو لکھنوی کا اصل نام بتایئے؟

جواب: سید انور حسین۔

سوال۱۰: میر ببر علی انیس پہلے کس تخلص سے شاعری کرتے تھے؟

جواب: حزیں۔

سوال۱۱: انیس ناگی کا اصل نام یعقوب علی ہے آپ بتایئے انور سدید کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: محمد انوار الدین۔

سوال۱۲: احمد شاہ کس شاعر اور افسانہ نگار کا اصل نام ہے؟

جواب: احمد ندیم قاسمی۔

سوال۱۳: پطرس بخاری کا اصل نام سید احمد شاہ ہے آپ بتایئے اردو کے مشہور شاعر اختر شیرانی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: محمد داؤد خان۔

سوال۱۴: اردو کے مشہور افسانہ نگار سعادت حسن منٹو کا پہلا قلمی نام بتایئے؟

جواب: پہلے ''آدم'' کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔

سوال ۱۵: اردو اور سندھی کے مشہور شاعر شیخ ایاز کا اصل نام شیخ مبارک علی تھا آپ بتایئے اختر الایمان کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: امان اللہ خان۔
سوال ۱۶: حبیب اللہ خان غضنفر پہلے کس قلمی نام سے مضامین لکھتے تھے؟
جواب: پہلے "غیرت" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۱۷: پرتو روہیلہ کا اصل نام تو "مختار علی خان" ہے آپ بتایئے اردو کے مشہور نعتیہ شاعر بہزاد لکھنوی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: سردار حسن خان۔
سوال ۱۸: "حاجی بابا" اور "نانا فرنویس" کے قلمی نام سے کونسا اردو کا مشہور سفرنامہ نگار مضامین لکھتا تھا؟
جواب: ابن انشاء۔
سوال ۱۹: ڈاکٹر جمیل جالبی کا اصل نام "محمد جمیل خان" ہے آپ بتایئے "محمد غنی خان" کس شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: پری شان خٹک کا۔
سوال ۲۰: شاہ حاتم پہلے کس قلمی نام سے لکھتے تھے؟
جواب: پہلے "رمزی" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۲۱: حسن عسکری کا اصل نام "محمد حسن" ہے آپ بتایئے حبیب احمد کس مشہور شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: حبیب جالب کا۔
سوال ۲۲: اردو کی سب سے زیادہ مشہور شاعرہ پروین شاکر پہلے کس نام سے لکھتی تھی؟
جواب: "بینا" کے نام سے۔
سوال ۲۳: ابن صفی کا اصل نام اسرار احمد ہے۔ آپ بتایئے خاطر غزنوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: محمد ابراہیم بیگ۔
سوال ۲۴: عاصی، برق اور فجر کے نام سے کونسا ادیب مضامین لکھا کرتا تھا؟
جواب: مرزا ادیب۔
سوال ۲۵: کولمبس کے قلمی نام سے چراغ حسن حسرت لکھتے تھے آپ بتایئے رئیس امروہوی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: سید محمد مہدی۔
سوال ۲۶: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ فارسی شاعری میں کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟
جواب: "حسرتی" ان کا پرانا تخلص ہے۔
سوال ۲۷: اردو کے مشہور شاعر شبنم رومانی کا اصل نام عظیم محمد بیگ ہے آپ مقبول احمد داؤدی کا قلمی نام بتایئے؟
جواب: "ہمراز" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۲۸: "پروفیسر ڈ کنز" کے قلمی نام سے تو پطرس بخاری مضامین لکھتا تھا آپ بتایئے جوش ملیح آبادی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: شبیر حسن خان۔

سوال ۲۹: اردو کے مشہور شاعر میر سوز پہلے کس تخلص سے شاعری کرتے تھے؟
جواب: "میر" کے تخلص سے۔
سوال ۳۰: پروفیسر سحر انصاری کا اصل نام تو انور مقبول ہے۔ آپ حکیم اجمل کا قلمی نام بتایئے؟
جواب: "شیدا" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۳۱: اردو کے ایک مشہور سوانح نگار "نقاد"، "کشاف" اور "صاف" کے قلمی نام سے لکھتے تھے آپ ان کا نام بتایئے؟
جواب: شبلی نعمانی۔
سوال ۳۲: نذر محمد راشد کس مشہور شاعر و ادیب کا نام ہے؟
جواب: ن۔ م راشد کا۔
سوال ۳۳: ڈاکٹر عطش درانی کا اصل نام عطاء اللہ خان ہے آپ صدیق سالک کا اصل نام بتایئے؟
جواب: محمد صدیق۔
سوال ۳۴: شوکت تھانوی کا اصل نام "محمد عمر" ہے آپ بتایئے اورنگزیب کس مشہور شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: قتیل شفائی کا۔
سوال ۳۵: "پریم پجاری" کے قلمی نام سے کونسا شاعر لکھتا تھا؟
جواب: عندلیب شادانی۔
سوال ۳۶: شورش کاشمیری کا اصل نام "عبدالکریم" ہے آپ بتایئے فرمان فتحپوری کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: سید دلدار علی۔
سوال ۳۷: "سندباد جہازی" کے قلمی نام سے کونسا ادیب لکھتا تھا؟
جواب: چراغ حسن حسرت۔
سوال ۳۸: اردو کے مشہور شاعر ماہر القادری کا اصل نام تو منظور حسین ہے آپ بتایئے آئی آئی قاضی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: امداد امام علی قاضی۔
سوال ۳۹: مشفق خواجہ کا اصل نام عبدالحئی تھا۔ آپ بتایئے اردو کے مشہور شاعر ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: ان کا بھی عبدالحئی اصل نام تھا۔
سوال ۴۰: "باغ و بہار" کے خالق میر امن کا پرانا تخلص کیا تھا؟
جواب: پہلے "لطف" کے نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۴۱: عین الحق فرید کوٹی کا اصل نام "فضل الٰہی" تھا آپ بتایئے مرزا ادیب کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: دلاور علی۔
سوال ۴۲: پاکستان کی پہلی اردو شاعرہ ادا جعفری پہلے کس نام سے شاعری کرتی تھی؟
جواب: "ادا بدایونی" کے نام سے۔

سوال ۱۵: اردو اور سندھی کے مشہور شاعر شیخ ایاز کا اصل نام شیخ مبارک علی تھا آپ بتایئے اختر الایمان کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: امان اللہ ملک۔
سوال ۱۶: حبیب اللہ خان غضنفر پہلے کس قلمی نام سے مضامین لکھتے تھے؟
جواب: پہلے "غیرت" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۱۷: پرتو روہیلہ کا اصل نام تو "مختار علی خان" ہے آپ بتایئے اردو کے مشہور نعتیہ شاعر بہزاد لکھنوی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: سردار حسن خان۔
سوال ۱۸: "حاجی بابا" اور "نانا فرنویس" کے قلمی نام سے کونسا اردو کا مشہور سفر نامہ نگار مضامین لکھتا تھا؟
جواب: ابن انشاء۔
سوال ۱۹: ڈاکٹر جمیل جالبی کا اصل نام "محمد جمیل خان" ہے آپ بتایئے "محمد غنی خان" کس شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: پری شان خٹک کا۔
سوال ۲۰: شاہ حاتم پہلے کس قلمی نام سے لکھتے تھے؟
جواب: پہلے "رمزی" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۲۱: حسن عسکری کا اصل نام "محمد حسن" ہے آپ بتایئے حبیب احمد کس مشہور شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: حبیب جالب کا۔
سوال ۲۲: اردو کی سب سے زیادہ مشہور شاعرہ پروین شاکر پہلے کس نام سے لکھتی تھی؟
جواب: "بینا" کے نام سے۔
سوال ۲۳: ابن صفی کا اصل نام اسرار احمد ہے۔ آپ بتایئے خاطر غزنوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: محمد ابراہیم بیگ۔
سوال ۲۴: عاصی، ابرق اور محجر کے نام سے کونسا ادیب مضامین لکھا کرتا تھا؟
جواب: مرزا ادیب۔
سوال ۲۵: کولمبس کے قلمی نام سے چراغ حسن حسرت لکھتے تھے آپ بتایئے رئیس امروہوی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: سید محمد مہدی۔
سوال ۲۶: نواب مصطفٰی خان شیفتہ فارسی شاعری میں کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟
جواب: "حسرتی" ان کا پرانا تخلص ہے۔
سوال ۲۷: اردو کے مشہور شاعر شبنم رومانی کا اصل نام عظیم محمد بیگ ہے آپ مقبول احمد داؤدی کا قلمی نام بتایئے؟
جواب: "ہمراز" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۲۸: "پروفیسر ڈکنز" کے قلمی نام سے تو پطرس بخاری مضامین لکھتا تھا آپ بتایئے جوش ملیح آبادی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: شبیر حسن خان۔

سوال ۲۹: اردو کے مشہور شاعر میر سوز پہلے کس تخلص سے شاعری کرتے تھے؟
جواب: "میر" کے تخلص سے۔
سوال ۳۰: پروفیسر سحر انصاری کا اصل نام تو انور مقبول ہے۔ آپ حکیم اجمل کا قلمی نام بتایئے؟
جواب: "شیدا" کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۳۱: اردو کے ایک مشہور سوانح نگار "نقاد" "کشاف" اور "صاف" کے قلمی نام سے لکھتے تھے آپ ان کا نام بتایئے؟
جواب: شبلی نعمانی۔
سوال ۳۲: نذر محمد راشد کس مشہور شاعر و ادیب کا نام ہے؟
جواب: ن۔م راشد کا۔
سوال ۳۳: ڈاکٹر عطش درانی کا اصل نام عطاء اللہ خان ہے آپ صدیق سالک کا اصل نام بتایئے؟
جواب: محمد صدیق۔
سوال ۳۴: شوکت تھانوی کا اصل نام "محمد عمر" ہے آپ بتایئے اورنگزیب کس مشہور شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: قتیل شفائی کا۔
سوال ۳۵: "پریم پجاری" کے قلمی نام سے کونسا شاعر لکھتا تھا؟
جواب: عندلیب شادانی۔
سوال ۳۶: شورش کاشمیری کا اصل نام "عبدالکریم" ہے آپ بتایئے فرمان فتحپوری کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: سید دلدار علی۔
سوال ۳۷: "سندباد جہازی" کے قلمی نام سے کونسا ادیب لکھتا تھا؟
جواب: چراغ حسن حسرت۔
سوال ۳۸: اردو کے مشہور شاعر ماہر القادری کا اصل نام تو منظور حسین ہے آپ بتایئے آئی آئی قاضی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: امداد امام علی قاضی۔
سوال ۳۹: مشفق خواجہ کا اصل نام عبدالحئی تھا۔ آپ بتایئے اردو کے مشہور شاعر ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: ان کا بھی عبدالحئی اصل نام تھا۔
سوال ۴۰: "باغ و بہار" کے خالق میر امن کا پرانا تخلص کیا تھا؟
جواب: پہلے "لطف" کے نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۴۱: مین الحق فریدکوٹی کا اصل نام "فضل الٰہی" تھا آپ بتایئے مرزا ادیب کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: دلاور علی۔
سوال ۴۲: پاکستان کی پہلی اردو شاعرہ ادا جعفری پہلے کس نام سے شاعری کرتی تھی؟
جواب: "ادا بدایونی" کے نام سے۔

سوال ۴۳: اردو کے مشہور شاعر قمر جلالوی کا اصل نام محمد حسین ہے آپ بتایئے شیفتہ کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: نواب محمد مصطفیٰ خان۔
سوال ۴۴: ''فلک پیما'' کے قلمی نام سے کونسا ادیب لکھتا تھا؟
جواب: عبدالعزیز۔
سوال ۴۵: نظم طباطبائی کا اصل نام تو ''سید حیدر علی'' ہے آپ بتایئے کہ اردو کے مشہور شاعر نظیر اکبر آبادی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: شیخ محمد ولی۔
سوال ۴۶: اردو شاعر محسن بھوپالی کا اصل نام عبدالرحمٰن ہے آپ بتایئے محسن نقوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: غلام عباس۔
سوال ۴۷: قتیل شفائی پہلے کس تخلص سے شاعری کرتے تھے؟
جواب: ''ذیب'' پرانا تخلص ہے۔
سوال ۴۸: اردو کے شاعر محشر بدایونی کا اصل نام فاروق احمد تھا آپ بتایئے آتش کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: خواجہ حیدر علی۔
سوال ۴۹: اردو کے مشہور تاریخی ناول نگار نسیم حجازی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: محمد شریف۔
سوال ۵۰: مجنوں گورکھپوری کا اصل نام تو ''احمد صدیقی'' تھا آپ بتایئے فراق گورکھپوری کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: رگھو پتی سہائے۔
سوال ۵۱: مرزا اسد اللہ خان غالب کا پہلا تخلص کونسا تھا؟
جواب: اسد۔
سوال ۵۲: نعیم صدیقی کا اصل نام ''فضل الرحمٰن'' ہے آپ بتایئے خواجہ میر کا تخلص کونسا ہے؟
جواب: درد۔
سوال ۵۳: مرزا فرحت اللہ بیگ کا قلمی نام بتایئے؟
جواب: مرزا الم نشرح۔
سوال ۵۴: مولانا ابوالکلام آزاد کا اصل نام ''محی الدین احمد'' ہے آپ بتایئے سید فضل الحسن کس اردو کے مشہور شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: حسرت موہانی کا۔
سوال ۵۵: شیخ بقاء اللہ بقاء پہلے کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟
جواب: تمکین۔
سوال ۵۶: فانی بدایونی کا اصل نام ''شوکت علی'' ہے آپ بتایئے یاس یگانہ چنگیزی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: مرزا واجد علی۔

112

سوال ۵۷: شیخ نجم الدین آبرو کی عرفیت ''شاہ مبارک'' ہے آپ بتایئے اکبر الہ آبادی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: سید اکبر حسین۔
سوال ۵۸: احسن مارہروی کا اصل نام ''سید شاہ علی احسن'' ہے آپ بتایئے پریم چند کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: دھنپت رائے۔
سوال ۵۹: اردو کا کونسا مشہور شاعر ''ناصر حجازی'' کے نام سے فلمی گانے لکھا کرتا تھا؟
جواب: ساغر صدیقی۔
سوال ۶۰: پنڈت دیا شنکر کا قلمی نام ''نسیم'' ہے آپ بتایئے شیر محمد خان کس مشہور ادیب کا اصل نام ہے؟
جواب: ابن انشاء کا۔
سوال ۶۱: اردو کے مشہور مرثیہ نگار میر ببر علی کا تخلص ''میر انیس'' ہے آپ بتایئے امیر احمد کس شاعر کا اصل نام ہے؟
جواب: امیر مینائی کا۔
سوال ۶۲: محسن بھوپالی کا پرانا تخلص کونسا ہے؟
جواب: ''زیبا بھوپالی'' کے نام سے لکھتے تھے۔
سوال ۶۳: اصغر گونڈوی کا اصل نام ''اصغر حسین'' ہے آپ بتایئے اردو کے مشہور ڈرامہ ''اندر سبھا'' کے خالق امانت لکھنوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: سید آغا حسن۔
سوال ۶۴: معین احسن کا قلمی نام ''جذبی'' ہے آپ بتایئے چکبست کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: عبدالوہاب۔
سوال ۶۵: ''مظفر ل غازی'' کے نام سے کون لکھتا تھا؟
جواب: ابن صفی۔
سوال ۶۶: ''تاباں'' کا اصل نام ''غلام ربانی'' ہے آپ بتایئے ''بیدل'' کے تخلص سے کس شاعر نے شاعری کی ہے؟
جواب: مرزا عبدالقادر نے۔
سوال ۶۷: مرزا رفیع سودا کا تخلص ان کے کس استاد نے ''سودا'' رکھا تھا؟
جواب: شاہ حاتم نے۔
سوال ۶۸: جگر مراد آبادی کا اصل نام ''علی سکندر'' ہے آپ بتایئے مرزا سلامت علی کا تخلص کیا ہے؟
جواب: دبیر۔
سوال ۶۹: شورش کاشمیری کس قلمی نام سے لکھتے تھے؟
جواب: ''الیت'' کے قلمی نام سے۔
سوال ۷۰: جرأت کا اصل نام ''یحییٰ امان'' ہے آپ بتایئے جوش ملسیانی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: پنڈت لبھو رام۔
سوال ۷۱: اردو کے مشہور شاعر فانی بدایونی پہلے کس تخلص سے شاعری کرتے تھے؟
جواب: پرانا تخلص ''شوکت'' تھا۔

113

سوال ۷۲: راسخ کا اصل نام "شیخ غلام علی" ہے۔ آپ بتایئے "زینتؔ" کے قلمی نام سے کون لکھتا تھا؟

جواب: صفدر میر۔

سوال ۷۳: فضل الحق خیر آبادی کا پہلا تخلص کونسا ہے؟

جواب: "فرقتی" پرانا تخلص ہے۔

سوال ۷۴: جمیل الدین عالی پہلے کونسا تخلص اختیار کرتے تھے؟

جواب: پرانا تخلص "نائل" یہ تخلص صرف پندرہ بیس دن استعمال کیا تھا۔

سوال ۷۵: "خامہ بگوش" کے قلمی نام سے کس ادیب نے مضامین لکھے؟

جواب: مشفق خواجہ۔

سوال ۷۶: وہ کونسا شاعر تھا جن کا ابتداء میں تخلص "اصغر" تھا لیکن چونکہ بچپن میں یہ شاعر بہت ہنستے تھے اسلیے ان کے استاد نے انکا تخلص "تبسم" رکھ دیا۔ آپ شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: صوفی غلام مصطفیٰ

سوال ۷۷: محشر بدایونی کا پرانا تخلص "راحت" تھا آپ بتایئے مولانا محمد علی جوہر کا لقب کونسا تھا؟

جواب: رئیس الاحرار۔

سوال ۷۸: آرزو لکھنوی کی عرفیت "منجھو صاحب" ہے آپ بتایئے "عنقا" کے قلمی نام سے کونسا مشہور شاعر لکھتا تھا؟

جواب: احمد ندیم قاسمی۔

سوال ۷۹: میر انیس پہلے "حزیں" تخلص کرتے تھے لیکن پھر کس کے کہنے پر "انیس" تخلص اختیار کرلیا؟

جواب: شیخ امام بخش ناسخ کے کہنے پر "انیس" تخلص اختیار کیا۔

سوال ۸۰: جرأت کی عرفیت "قلندر بخش" تھی۔ آپ بتایئے علی عادل شاہ کا تخلص کونسا تھا؟

جواب: "شاہی"۔

سوال ۸۱: انشاء کے والد بھی شاعر تھے آپ بتایئے ان کا تخلص اور نام کیا تھا؟

جواب: میر ماشاء اللہ خان نام اور تخلص "مصدر" تھا۔

سوال ۸۲: "نصرت آراء نصرت" کے فرضی نام سے ایک سال تک کونسا مشہور شاعر اور ادیب نظمیں لکھتا رہا؟

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔

سوال ۸۳: صوفی تبسم فارسی شاعری میں کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: "صہبائی"۔

سوال ۸۴: شورش کاشمیری کا اصل نام عبدالکریم تھا لیکن وہ الفت کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔ آپ بتایئے کس شاعر نے ان کا قلمی نام الفت کی بجائے "شورش کاشمیری" رکھا؟

جواب: قتیل شفائی نے۔

سوال ۸۵: واجد علی شاہ کا تخلص "اختر" تھا۔ آپ بتایئے مرزا رجب علی بیگ کا تخلص کیا تھا؟

جواب: "سرور"۔

سوال ۸۶: امرتسر کے ماہنامہ دینی رسالہ "بلاغ" میں صوفی تبسم کس قلمی نام سے اعزازی مدیر مقرر ہوئے؟

جواب: شہباز کشمیری ایم اے۔

سوال ۸۷: فقیر محمد گویا کا تخلص کیا تھا؟

جواب: گویا۔

سوال ۸۸: ایم اے او اسکول امرتسر کے ریاضی کے استاد مولانا دین محمد غریب نے اردو شعر گوئی کے لیے صوفی تبسم کا کونسا تخلص رکھا؟

جواب: اصغر۔

سوال ۸۹: "سروش سخن" کے خالق سید محمد فخر الدین حسین کا تخلص کونسا تھا؟

جواب: سخن۔

سوال ۹۰: مشہور تذکرہ نگار عبدالغفور نساخ پہلے کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: مہجور۔

سوال ۹۱: سید آغا حسن امانت لکھنوی کا تخلص کونسا تھا اور یہ تخلص کس نے تجویز کیا تھا؟

جواب: مرثیہ گو "میاں دلگیر" نے "امانت" تخلص تجویز کیا تھا۔

سوال ۹۲: بہادر شاہ ظفر اور ذوق کے استاد شاہ نصیر کا تخلص "نصیر" تھا آپ بتایئے کہ بہادر شاہ ظفر کا تاریخی اصل نام کیا تھا؟

جواب: ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ۔

سوال ۹۳: محمد ابراہیم ذوق نے اپنا تخلص ذوق کس کی مناسبت سے رکھا تھا؟

جواب: ذوق کے مکتبی استاد شاعر غلام رسول شوق کی مناسبت سے ذوق تخلص رکھا۔

سوال ۹۴: بہادر شاہ ظفر کا تخلص اردو میں تو "ظفر" تھا۔ آپ بتایئے بھاکا یا بھاشا اور دوسری زبانوں کی شاعری میں کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: شوق رنگ۔

سوال ۹۵: اکبر شاہ ثانی بھی شاعر تھے انکا تخلص کونسا تھا؟

جواب: شعاع۔

سوال ۹۶: شاہ عالم ثانی کے دو تخلص تھے آپ دونوں کے نام بتایئے؟

جواب: اردو اور فارسی شاعری میں "آفتاب" اور برج بھاشا میں "شاہ عالم" تخلص استعمال کرتے تھے۔

سوال ۹۷: قربان علی بیگ "سالک" سے پہلے کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: "قربان" پرانا تخلص تھا۔

سوال ۹۸: مرزا مچھو بیگ ستم ظریف کا تخلص "عاشق" تھا آپ بتایئے ان کی عرفیت کیا تھی؟

جواب: "مچھو بیگ" عرفیت تھی۔

سوال ۹۹: منیر شکوہ آبادی کا اصل نام "سید اسماعیل حسین" تھا آپ بتایئے وہ شاعری میں کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: منیر۔

سوال ۱۰۰: شبلی نعمانی کو شعر و شاعری کا شوق بچپن ہی سے تھا۔ فارسی اور اردو دونوں میں شعر کہتے تھے، اور عربی میں بھی شعر کہے مگر کم۔ آپ بتایئے شبلی نے اردو میں کونسا تخلص استعمال کیا؟

جواب: "تسنیم"۔

سوال ۱۰۱: شبلی نے فارسی شاعری میں کونسے تخلص استعمال کیے؟

جواب: شبلی اور نعمان کے تخلص۔

سوال ۱۰۲: محسن کاکوروی کا تاریخی نام "منظور الٰہی" تھا آپ بتایئے امیر مینائی کا تخلص کیا ہے؟

جواب: امیر۔

سوال ۱۰۳: امیر مینائی کس نسبت سے مینائی کہلاتے تھے؟

جواب: "شاہ مینا" سے امیر مینائی کا خاندانی رشتہ تھا اس خاندانی نسبت کی وجہ سے امیر مینائی کہلائے۔

سوال ۱۰۴: شہزاد منظر کا اصل نام "ابراہیم عبدالرحمٰن عارف" ہے آپ ان کے قلمی نام بتایئے؟

جواب: "تبسم عارف" اور "عمر خیام"۔

سوال ۱۰۵: نیاز فتحپوری کا اصل نام "نیاز محمد خان" تھا آپ بتایئے مجنوں گورکھپوری کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: احمد صدیق۔

سوال ۱۰۶: رشید امجد پہلے کس نام سے لکھتے تھے؟

جواب: "والدین نے اختر رشید نام رکھا پھر اختر رشید ناز کے نام سے لکھتے رہے"۔

سوال ۱۰۷: عرش صدیقی کا اصل نام "ارشاد الرحمٰن" تھا۔ آپ بتایئے "عبداللہ حسین" کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: محمد خان۔

سوال ۱۰۸: راشد الخیری کو ان کے والدین "اِتی" کے نام سے پکارتے تھے آپ ان کا اصل نام بتایئے؟

جواب: محمد عبدالرشید۔

سوال ۱۰۹: پریم چند کا اصل نام "دھنپت رائے سری واستو" تھا۔ آپ ان کے دوسرے قلمی نام بتایئے؟

جواب: "نواب رائے الہ آبادی" اور "نواب رائے بنارسی"۔

سوال ۱۱۰: سجاد حیدر یلدرم ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۴۳ء میں لکھنؤ میں فوت ہو گئے آپ بتایئے یلدرم کے قلمی نام کیا تھے؟

جواب: "خاقی خان"، "مسٹر شولز" اور "یلدرم"۔

سوال ۱۱۱: اردو کے وہ کونسے افسانہ نگار تھے جو ۱۹۱۰ء تک "نواب رائے" اور "نواب رائے بنارسی" کے قلمی ناموں سے لکھا کرتے تھے اس کے بعد وہ کس قلمی نام سے لکھنے لگے؟

جواب: پریم چند کے نام سے۔

سوال ۱۱۲: نیاز فتحپوری کا اصل نام والد نے "لیاقت علی خان" رکھا تھا آپ بتایئے ان کا نام "نیاز محمد خان" کس نے رکھا؟

جواب: والد نے۔

سوال ۱۱۳: اوپندر ناتھ اشک کا اصل نام "مادھو رام" تھا۔ آپ رشید جہاں کا اصل نام بتایئے؟

جواب: رشیدہ۔

116

سوال ۱۱۴: راجندر سنگھ بیدی کا قلمی نام "محسن لاہوری" ہے آپ بتایئے اختر حسین رائے پوری کس قلمی نام سے لکھتے تھے؟

جواب: "ناخدا" کے قلمی نام سے۔

سوال ۱۱۵: سعادت حسن منٹو کو ان کے اسکول کے کلاس فیلو "ٹامی" کے نام سے پکارتے تھے آپ بتایئے منٹو کن قلمی ناموں سے لکھتے تھے؟

جواب: "آدم" اور "منٹو" کے نام سے۔

سوال ۱۱۶: ممتاز مفتی کا اصل نام "مفتی ممتاز حسین" تھا آپ بتایئے کرشن چندر کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: کرشن چندر چوپڑا۔

سوال ۱۱۷: مرزا ادیب کا قلمی نام "مرزا ادیب عاصی" تھا آپ بتایئے قدرت اللہ شہاب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: قدرت اللہ۔

سوال ۱۱۸: محمد حسن عسکری کا اصل نام "اظہار الحق" تھا آپ بتایئے انھوں نے کس مضمون میں ایم اے کیا تھا؟

جواب: انگریزی میں الہ آباد یونیورسٹی سے ۱۹۴۲ء میں۔

سوال ۱۱۹: قدرت اللہ شہاب نے ادبی زندگی کا آغاز شعر گوئی سے کیا تھا۔ آپ بتایئے کہ انھوں نے شاعری میں کونسے تخلص استعمال کیے؟

جواب: سب سے پہلے "روحی" اور بعد ازاں "جعفر" تخلص اختیار کیا تھا۔

سوال ۱۲۰: عصمت چغتائی کا اصل نام "عصمت خانم" تھا آپ ان کے والد کا نام بتایئے؟

جواب: مرزا قسیم بیگ چغتائی۔

سوال ۱۲۱: جعفر زٹلی کا اصل نام بتایئے؟

جواب: سید محمد جعفر۔

سوال ۱۲۲: محسن الملک کا اصل نام مہدی علی خان تھا آپ بتایئے وقار الملک کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: مولوی مشتاق حسین۔

سوال ۱۲۳: امیر اللہ تسلیم لکھنوی کا اصل نام احمد حسین تھا آپ بتایئے ان کا عرف کیا تھا؟

جواب: "امیر اللہ"۔

سوال ۱۲۴: "اختر مونگا" کا اصل نام غلام احمد ہے۔ آپ بتایئے اختر الایمان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: امان اللہ ملک۔

☆☆☆

117

شعراء و ادباء کے اساتذہ اور شاگرد

سوال ۱: سعادت یار خان رنگین کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: شاہ حاتم۔
سوال ۲: مرزا رجب علی بیگ سرور کس کے شاگرد تھے؟
جواب: آغا نوازش حسین کے۔
سوال ۳: عزیز لکھنوی کے استاد کا کیا نام ہے؟
جواب: صفی لکھنوی۔
سوال ۴: عندلیب شادانی کس مشہور شخصیت کے شاگرد تھے؟
جواب: شاداں بلگرامی کے۔
سوال ۵: اردو کے مشہور شاعر قتیل شفائی کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: "حکیم یحییٰ خان شفا" جن کی نسبت سے شفائی کہلاتے تھے۔
سوال ۶: قمر جلالوی کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: امیر مینائی کے۔
سوال ۷: محسن بھوپالی اور سیماب اکبر آبادی کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
جواب: سیماب اکبر آبادی استاد تھے محسن بھوپالی کے۔
سوال ۸: مرزا محمد ہادی رسوا کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: مرزا اوج۔
سوال ۹: اردو کے مشہور شاعر ناصر کاظمی کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: حفیظ ہوشیار پوری کے۔
سوال ۱۰: سحر البیان کے خالق میر حسن کس کے شاگرد تھے؟
جواب: ضیاالدین ضیاء کے۔
سوال ۱۱: مرزا سلامت علی دبیر کے استاد کون تھے؟
جواب: سید مظفر حسین ضمیر۔
سوال ۱۲: جوش ملیح آبادی کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: عزیز لکھنوی کے۔
سوال ۱۳: جگر مراد آبادی کے دو اساتذہ کے نام بتایئے؟
جواب: داغ دہلوی اور اصغر گونڈوی۔
سوال ۱۴: قلندر بخش جرأت کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: جعفر علی حسرت کے۔

سوال ۱۵: حبیب جالب کے استاد کا نام کیا ہے؟
جواب: رافب مراد آبادی۔
سوال ۱۶: شیخ بقاء اللہ بقاء کن شاعروں کے شاگرد تھے؟
جواب: شاہ حاتم اور خواجہ میر درد کے۔
سوال ۱۷: اکبر الہ آبادی کے استاد کون تھے؟
جواب: وحید الہ آبادی۔
سوال ۱۸: مشہور شاعر امیر مینائی کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مظفر علی اسیر لکھنوی کے۔
سوال ۱۹: ڈاکٹر جمیل جالبی کس مشہور ادیب کے شاگرد تھے جو کہ سندھ یونیورسٹی میں اردو ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ بھی تھے؟
جواب: ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے۔
سوال ۲۰: مرزا رفیع سودا کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: شاہ حاتم اور خان آرزو کے۔
سوال ۲۱: سید انشاء اللہ خان انشا کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: فاخر مکیں کے۔
سوال ۲۲: نقیر محمد گویا کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: امام بخش ناسخ۔
سوال ۲۳: امانت لکھنوی کس اردو مرثیہ گو کے شاگرد تھے؟
جواب: مرثیہ گو "میاں دلگیر" کے۔
سوال ۲۴: محمد ابراہیم ذوق شروع شروع میں کس شاعر سے اصلاح لیتے تھے؟
جواب: شاہ نصیر سے۔
سوال ۲۵: قربان علی بیگ سالک مرزا غالب سے پہلے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مومن خان مومن کے۔
سوال ۲۶: شیفتہ اور مومن کا آپس میں کیا تعلق تھا؟
جواب: مومن خان مومن استاد تھے شیفتہ کے۔
سوال ۲۷: منیر شکوہ آبادی کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: امام بخش ناسخ اور علی اوسط رشک کے۔
سوال ۲۸: منیر شکوہ آبادی مرثیہ میں کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مرزا دبیر کے۔
سوال ۲۹: مظفر علی اسیر لکھنوی مصحفی کے شاگرد تھے آپ بتایئے امیر مینائی کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: اسیر لکھنوی کے۔

سوال ۳۰: خوب چند ذکاء کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: شاہ نصیر۔
سوال ۳۱: فیض احمد فیض کے عربی کے استاد شمس العلماء میر حسن تھے آپ بتایئے ان کے اردو کے استاد کون تھے؟
جواب: پروفیسر یوسف سلیم چشتی۔
سوال ۳۲: فیض نے درسی تعلیم کن اساتذہ سے حاصل کی؟
جواب: پطرس بخاری اور صوفی غلام مصطفیٰ تبسم۔
سوال ۳۳: فیض کے ادبی اساتذہ کے نام بتایئے؟
جواب: ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر، مولانا عبدالمجید سالک اور چراغ حسن حسرت۔
سوال ۳۴: ضیا جالندھری کا میراجی سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: میراجی استاد تھے ان کے۔
سوال ۳۵: ماسٹر رام چندر کے مشہور شاگردوں کے نام بتایئے؟
جواب: محمد حسین آزاد، ڈپٹی نذیر احمد اور مولوی ذکاء اللہ۔
سوال ۳۶: میر تقی میر کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: عظیم آباد کے ایک شاعر "میر جعفر"۔
سوال ۳۷: دارالعلوم دیوبند کے بانی محمد قاسم نانوتوی کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: رشید احمد گنگوہی۔
سوال ۳۸: امیر مینائی کا استاد سید مظفر علی اسیر ہے آپ بتایئے اسماعیل میرٹھی کے استاد کا کیا نام ہے؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال ۳۹: سرسید احمد خان کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: مفتی صدرالدین آزردہ۔
سوال ۴۰: ظہیر دہلوی پہلے محمد ابراہیم ذوق کے شاگرد ہوئے پھر مرزا غالب کے آپ بتایئے کہ ان کا تیسرا استاد کون تھا؟
جواب: مومن خان مومن۔
سوال ۴۱: امیر مینائی کے شاگردوں کے نام بتایئے؟
جواب: حسرت موہانی، ریاض خیرآبادی، پنڈت دیا شنکر نسیم، عبدالحلیم شرر، نورالحسن نیر اور حبیب الرحمٰن شیروانی۔
سوال ۴۲: امیر اللہ تسلیم، نسیم دہلوی کے شاگرد تھے آپ بتایئے نسیم دہلوی کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مومن خان مومن کے۔
سوال ۴۳: حسرت موہانی کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: امیر اللہ تسلیم لکھنوی۔
سوال ۴۴: مرزا غالب کے مشہور شاگردوں کے نام بتایئے؟
جواب: قربان علی بیگ سالک، الطاف حسین حالی، ہرگوپال تفتہ، میر مہدی مجروح۔

سوال ۴۵: علامہ اقبال کا معنوی استاد کس مشہور شخصیت کو کہا جاتا ہے؟
جواب: مولانا روم کو۔
سوال ۴۶: سرسید احمد خان کے بچپن کے استاد کا کیا نام تھا؟
جواب: حمید الدین۔
سوال ۴۷: جرمنی میں اقبال کے السنہ کے استاد کون تھے؟
جواب: میک ٹیگرٹ۔
سوال ۴۸: سرسید کے کس ساتھی نے پروفیسر آرنلڈ سے مغربی فلسفہ کی تعلیم اور فرانسیسی زبان سیکھی؟
جواب: شبلی نعمانی نے۔
سوال ۴۹: علامہ اقبال نے شاعری میں سب سے پہلے کس شاعر سے اصلاح لی تھی؟
جواب: داغ دہلوی سے۔
سوال ۵۰: خواجہ حیدر علی آتش اور غلام ہمدانی مصحفی کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
جواب: آتش شاگرد تھے مصحفی کے۔
سوال ۵۱: علامہ اقبال کے بچپن کے استاد کون تھے؟
جواب: مولوی میر حسن۔
سوال ۵۲: شاہ مبارک آبرو کے استاد کا نام بتایئے جو ان کے رشتہ دار بھی تھے؟
جواب: سراج الدین علی خان آرزو
سوال ۵۳: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی کے استاد کا نام پروفیسر رشید احمد صدیقی ہے۔ آپ بتایئے ابن انشاء کے اساتذہ کون تھے؟
جواب: ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان اور حبیب اللہ غضنفر۔
سوال ۵۴: آرزو لکھنوی جن کی عرفیت منجھو صاحب تھی کے استاد کا نام کیا ہے؟
جواب: جلال لکھنوی۔
سوال ۵۵: مثنوی "خواب وخیال" کے شاعر میر اثر جو کہ خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: خواجہ میر درد۔
سوال ۵۶: شاعر مزدور احسان دانش کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: تاجور نجیب آبادی کے۔
سوال ۵۷: واجد علی شاہ کے اساتذہ کے نام بتایئے؟
جواب: مظفر علی اسیر اور محمد رضا برق۔
سوال ۵۸: سید اصغر حسین گونڈوی اردو کے کن شعراء کے شاگرد تھے؟
جواب: وجد بلگرامی اور تسلیم لکھنوی۔
سوال ۵۹: علامہ اقبال نے شروع شروع میں کس شاعر کو اپنی غزلیں دکھائیں اور اصلاح لی؟
جواب: ارشد گورگانی کو۔

سوال۶۰: ظہیر دہلوی کے چھوٹے بھائی انور دہلوی اردو کے کن مشہور شعراء کے شاگرد تھے؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق اور مرزا غالب کے۔
سوال۶۱: میر ببر علی انیس اپنا کلام کس شاعر کو دکھا کر اصلاح لیتے تھے؟
جواب: اپنے والد میر مستحسن خلیق کو کلام دکھاتے تھے۔
سوال۶۲: واجد علی شاہ کے استاد محمد رضا برق کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: امام بخش ناسخ کے۔
سوال۶۳: حسرت موہانی کے استاد تسلیم لکھنوی کس کے شاگرد تھے؟
جواب: امیر علی نسیم۔
سوال۶۴: شیخ ظہور الدین شاہ حاتم کے مشہور شاگردوں کے نام بتایئے؟
جواب: مرزا رفیع سودا اور میر عبدالحئی تاباں ان کے مشہور شاگرد تھے۔
سوال۶۵: الطاف حسین حالی اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مرزا غالب کے۔
سوال۶۶: اردو کی مشہور کتاب "داستان تاریخ اردو" کے مصنف حامد حسن قادری کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: راز رام پوری۔
سوال۶۷: قلندر بخش جرأت کے استاد مرزا جعفر علی حسرت کے استاد کا کیا نام ہے؟
جواب: رائے سرب سکھ دیوانہ۔
سوال۶۸: حفیظ جالندھری کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: مولانا غلام قادر گرامی جالندھری۔
سوال۶۹: ناصر کاظمی کے استاد حفیظ ہوشیار پوری کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: راحیل ہوشیار پوری کے۔
سوال۷۰: نواب مرزا داغ دہلوی اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق کے۔
سوال۷۱: خواجہ میر درد کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: سراج الدین علی خاں آرزو۔
سوال۷۲: نواب سید محمد خان رند کن شعراء کے شاگرد تھے؟
جواب: میر مستحسن خلیق اور خواجہ حیدر علی آتش کے۔
سوال۷۳: ریاض خیر آبادی اردو کے کن شعراء کو اپنا کلام دکھاتے تھے؟
جواب: مظفر علی اسیر اور امیر مینائی کو۔
سوال۷۴: مصطفیٰ زیدی اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: فراق گورکھپوری کے۔

سوال۷۵: خواجہ فخر الدین حسین سخن کا مرزا غالب سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: وہ مرزا غالب کے شاگرد تھے۔
سوال۷۶: میاں داد خان سیاح کے اس استاد کا نام بتایئے جنھوں نے ان کے پرانے تخلص مشتاق کو بدل کر سیاح رکھا کیونکہ انکو سفر کا بہت شوق تھا؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال۷۷: قرآن شریف کا منظوم اردو ترجمہ کرنے والے شاعر سیماب اکبر آبادی کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: نواب مرزا داغ دہلوی۔
سوال۷۸: شاد عظیم آبادی کو اپنے عہد کا میر بھی کہا جاتا تھا آپ بتایئے وہ کس کے شاگرد تھے؟
جواب: الطاف حسین فریاد عظیم آبادی کے۔
سوال۷۹: مثنوی "زہر عشق" کے شاعر مرزا شوق کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: خواجہ حیدر علی آتش کے۔
سوال۸۰: فتح علی شیدا اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مرزا رفیع سودا کے۔
سوال۸۱: صبا اکبر آبادی کا استاد کون تھا؟
جواب: اخضر اکبر آبادی۔
سوال۸۲: صفی لکھنوی جن کا خطاب "لسان القوم" ہے آپ ان کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: علی میاں کامل۔
سوال۸۳: بہادر شاہ ظفر کے اساتذہ کے نام بتایئے؟
جواب: شاہ نصیر، ذوق اور مرزا غالب۔
سوال۸۴: فراق گورکھپوری (رگھوپتی سہائے) کے اساتذہ کا نام بتایئے؟
جواب: پروفیسر ناصری اور وسیم خیر آبادی۔
سوال۸۵: تذکرہ "مخزن نکات" کے مؤلف قائم چاند پوری کے اساتذہ کون تھے؟
جواب: خواجہ میر درد اور مرزا رفیع سودا۔
سوال۸۶: اسرار الحق مجاز لکھنوی نے اپنی غزلیں ابتداء میں اردو کے کس شاعر کو دکھائیں تھیں؟
جواب: فانی بدایونی کو۔
سوال۸۷: مرزا غالب کے سُسر الٰہی بخش معروف کن مشہور شعراء کے شاگرد تھے؟
جواب: شاہ نصیر اور محمد ابراہیم ذوق۔
سوال۸۸: مومن خان مومن کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: شاہ نصیر کو اپنا کلام اصلاح کے لیے دکھاتے تھے۔
سوال۸۹: میر تقی میر اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: سراج الدین علی خاں آرزو۔

سوال ۹۰: دبستان لکھنؤ کا بانی شاعر شیخ امام بخش ناسخ کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: محمد عیسیٰ تنہا۔
سوال ۹۱: مثنوی گلزار نسیم کے خالق دیا شنکر نسیم کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: خواجہ حیدر علی آتش۔
سوال ۹۲: بہادر شاہ ظفر کے پہلے استاد شاہ نصیر کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: میر محمدی مائل۔
سوال ۹۳: ''شرح دیوان غالب'' کے خالق سید حیدر علی نظم طباطبائی کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: مینڈو لال زار۔
سوال ۹۴: وحشت کلکتوی کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: شمس فرید پوری۔
سوال ۹۵: اکبر الہ آبادی کے استاد وحید الہ آبادی کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: شیخ بشیر علی بشیر۔
سوال ۹۶: یاس یگانہ چنگیزی کن شعراء سے اصلاح سخن لیتے تھے؟
جواب: سید علی جان بیتاب اور شاد عظیم آبادی۔
سوال ۹۷: پروفیسر ڈاکٹر عطش درانی کے اس ادبی استاد کا نام بتایئے جو ایک بہت ہی مشہور شاعر تھے اور جنھوں نے پنجاب یونیورسٹی لاہور کے تعمیراتی کام کے دوران مزدوری بھی کی تھی؟
جواب: احسان دانش۔

☆☆☆

ادبی رسائل و جرائد

سوال ۱: مولانا ابوالکلام آزاد نے رسالہ ''البلاغ'' کب جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۹۱۵ میں کلکتہ سے۔
سوال ۲: ہفت روزہ ''الہلال'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ابوالکلام آزاد۔
سوال ۳: ابوالکلام آزاد نے ''الہلال'' کلکتہ سے کب جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۹۱۲ میں۔
سوال ۴: مشہور اردو رسالہ ''رومان'' لاہور سے ۱۹۳۶ میں کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: اختر شیرانی نے۔
سوال ۵: مولانا محمد علی جوہر نے ''کامریڈ'' کے نام سے انگریزی میں رسالہ کب جاری کیا؟
جواب: ۱۴۔ جنوری ۱۹۱۱ میں۔
سوال ۶: رسالہ ''ہمدرد'' مولانا محمد علی جوہر نے ۱۹۱۳ میں کہاں سے جاری کیا تھا؟
جواب: دہلی سے۔
سوال ۷: ۱۹۰۳ میں میں رسالہ ''زمیندار'' کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: مولوی سراج الدین اور ظفر علی خان نے۔
سوال ۸: رسالہ ''فنون'' احمد ندیم قاسمی نے لاہور سے کب جاری کیا؟
جواب: ۱۹۶۳ میں۔
سوال ۹: رسالہ ''مخزن'' کس ادیب نے ۱۹۰۱ میں جاری کیا تھا؟
جواب: شیخ عبدالقادر۔
سوال ۱۰: عبدالحلیم شرر نے ''دلگداز'' ۱۸۸۷ میں جاری کیا آپ بتایئے ''مہذب'' شرر نے کب جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۸۹۰ میں۔
سوال ۱۱: رسالہ ''ساقی'' شاہد احمد دہلوی نے کب جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۰ میں۔
سوال ۱۲: منشی سجاد حسین نے ''اودھ پنچ'' کب شائع کیا تھا؟
جواب: ۱۶۔ جنوری ۱۸۸۷ میں لکھنؤ سے۔
سوال ۱۳: روزنامہ ''جنگ'' ۱۹۴۰ میں جاری ہوا تھا آپ بتایئے روزنامہ ''نوائے وقت'' پہلی بار کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۹۴۰ میں۔
سوال ۱۴: ماہنامہ ''نگار'' کا خالق کون ہے جسے انھوں نے ۱۹۲۲ میں جاری کیا؟
جواب: نیاز فتحپوری نے آگرہ سے جاری کیا تھا۔

سوال ۱۵: ''اردوئے معلی'' حسرت موہانی نے ۱۹۰۳ میں کہاں سے شائع کیا تھا؟
جواب: علی گڑھ سے۔
سوال ۱۶: ''اودھ اخبار'' رتن ناتھ سرشار نے کہاں سے جاری کیا؟
جواب: لکھنؤ سے۔
سوال ۱۷: سیماب اکبرآبادی نے بمبئی سے ۱۹۸۰ میں کونسا رسالہ جاری کیا تھا؟
جواب: ''شاعر'' کے نام سے شائع کیا تھا۔
سوال ۱۸: ''افسانہ'' مولانا ظفر علی خان نے کب جاری کیا؟
جواب: ۱۹۰۳ میں۔
سوال ۱۹: ''شام و سحر'' ۱۹۷۳ میں کس شہر سے جاری کیا گیا تھا؟
جواب: لاہور سے۔
سوال ۲۰: احمد ہمیش نے کراچی سے ۱۹۹۰ میں کونسا رسالہ جاری کیا تھا؟
جواب: ''تشکیل'' کے نام سے شائع کیا تھا۔
سوال ۲۱: رسالہ ''اقدار'' کراچی سے شبنم رومانی نے کب جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۹۸۹ میں۔
سوال ۲۲: ماہنامہ ''ادب لطیف'' کا خالق چوہدری برکت علی ہے یہ کب جاری کیا گیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۶ میں۔
سوال ۲۳: اردو کا مشہور رسالہ ''نقوش'' ۱۹۴۸ میں لاہور سے کس نے جاری کیا؟
جواب: محمد طفیل نے۔
سوال ۲۴: ''دامن گلچیں'' کا خالق کونسا مشہور شاعر ہے؟
جواب: امیر مینائی۔
سوال ۲۵: ہفت روزہ ''چٹان'' کس مشہور شاعر نے جاری کیا تھا؟
جواب: شورش کاشمیری نے۔
سوال ۲۶: اردو کے مشہور رسالے ''ادبی دنیا'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ''مولانا صلاح الدین احمد''۔
سوال ۲۷: ''صباح'' کا خالق قاضی عبدالغفار تھا آپ بتایئے ''سراج الاخبار'' کا بانی کون تھا؟
جواب: بہادر شاہ ظفر۔
سوال ۲۸: ''صدق'' اخبار کس مشہور شاعر نے جاری کیا تھا؟
جواب: عبدالماجد دریاآبادی نے۔
سوال ۲۹: اردو کا مشہور رسالہ ''اوراق'' سرگودھا سے ۱۹۶۶ میں کس نے شائع کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا نے۔

سوال ۳۰: ''فاران'' ماہر القادری نے جاری کیا تھا آپ بتایئے کہ ''اعجاز'' رسالہ کس نے جاری کیا تھا؟

جواب: حفیظ جالندھری نے۔

سوال ۳۱: ''نخلستان'' مجید لاہوری نے کس شہر سے جاری کیا تھا؟

جواب: کراچی سے۔

سوال ۳۲: ماہنامہ ''تمدن''، ''جوہر نسواں''، ''عصمت'' اور ''بنات'' کس مشہور ادیب نے جاری کیے؟

جواب: راشد الخیری نے۔

سوال ۳۳: اخبار ''منادی'' کس نے جاری کیا تھا؟

جواب: خواجہ حسن نظامی نے۔

سوال ۳۴: ماہنامہ ''ماہِ نو'' پہلی بار ۱۹۴۸ میں کہاں سے جاری ہوا؟

جواب: لاہور سے۔

سوال ۳۵: رسالہ ''علامت'' لاہور سے جاری ہوتا ہے آپ بتایئے کہ سہ ماہی ''ادبیات'' پاکستان کے کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟

جواب: اسلام آباد سے۔

سوال ۳۶: ماہنامہ ''افکار'' صہبا لکھنوی پاکستان کے کس شہر سے شائع کرتے تھے؟

جواب: کراچی سے۔

سوال ۳۷: رسالہ ''قرآن السعدین'' دہلی کالج کے پرنسپل سپرنگر نے جاری کیا تھا آپ بتایئے رسالہ ''محبِ وطن'' کس نے جاری کیا؟

جواب: ماسٹر رام چندر نے۔

سوال ۳۸: رسالہ ''سیپ'' کا خالق نسیم درانی ہے آپ بتایئے کہ ''تجدید'' کا خالق کون ہے؟

جواب: عذرا اصغر۔

سوال ۳۹: رسالہ ''نیا دور'' کی خالق ممتاز شیریں ہے آپ بتایئے ''صحیفہ'' کا خالق کون تھا؟

جواب: سید عابد علی عابد۔

سوال ۴۰: رسالہ ''مخزن'' پہلے لاہور سے نکلتا تھا پھر عبدالقادر نے لندن سے واپسی پر اسے کہاں منتقل کر دیا تھا؟

جواب: دہلی میں۔

سوال ۴۱: ''انجمن ترقی اردو'' کے زیرِ اہتمام کونسا رسالہ شائع ہوتا تھا؟

جواب: قومی زبان۔

سوال ۴۲: ''کشاف، صاف اور نقاد جیسے فرضی ناموں سے ''الہلال'' رسالے میں کسی کی نظمیں چھپتی تھیں؟

جواب: شبلی نعمانی کی۔

سوال ۴۳: سرسید نے رسالہ ''اسبابِ بغاوتِ ہند'' کب شائع کیا تھا؟

جواب: ۱۸۵۹ء میں۔

سوال ۴۴: سرسید نے رسالہ "لائل محمڈنز آف انڈیا" کب جاری کیا؟
جواب: ۱۸۶۰ میں۔
سوال ۴۵: ماہنامہ "کتاب" پاکستان کا کونسا ادارہ شائع کرتا ہے؟
جواب: نیشنل بک فاؤنڈیشن (NBF)۔
سوال ۴۶: ادبی جریدے "روشنائی" کراچی کے مدیر کون ہیں؟
جواب: احمد زین الدین۔
سوال ۴۷: "اودھ پنچ" اخبار میں کس قسم کے مضامین شائع ہوتے تھے؟
جواب: مزاحیہ اور طنزیہ مضامین۔
سوال ۴۸: جوش کی کونسی نظم ۲۱ سال کے بعد پہلی بار ایک ماہنامہ میں چھپی؟
جواب: نظم "تلاشی"۔
سوال ۴۹: راشد الخیری نے عورتوں کے علاوہ مردوں کے لیے کونسا رسالہ نکالا تھا؟
جواب: ماہنامہ "تمدن"۔
سوال ۵۰: جوش کو ۱۹۳۵ء میں کانپور کے ایک رسالے کے مدیر نے کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: "شاعر اعظم" کا خطاب۔
سوال ۵۱: منشی نولکشور نے رتن ناتھ سرشار کو کب "اودھ اخبار" کا مدیر مقرر کیا تھا؟
جواب: ۱۰ اگست ۱۸۸۷ کو۔
سوال ۵۲: ماہنامہ "دبدبۂ آصفی" کے نام سے کب اور کس نے رسالہ جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۸۹۸ میں رتن ناتھ سرشار نے۔
سوال ۵۳: عربی زبان کے دو رسالے "ارشاد السلاطین" اور "ہدایت السلاطین" کی فارسی زبان میں کس شاعر نے شرح لکھی؟
جواب: امیر مینائی نے۔
سوال ۵۴: "اخبار النساء" دہلی سے ۱۸۸۴ میں مولوی سید احمد دہلوی نے جاری کیا تھا جو کہ خواتین کا پہلا ادبی رسالہ تھا اور یہ مہینہ میں تین بار شائع ہوتا تھا آپ بتایئے اس رسالے کے بارے میں راشد الخیری کیا کہا کرتے تھے؟
جواب: اخباروں کی جورو۔
سوال ۵۵: راشد الخیری نے رسالہ "عصمت" دہلی سے کب جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۹۰۸ میں
سوال ۵۶: ابراہیم جلیس روزنامہ جنگ کراچی میں کس نام سے کالم لکھتے تھے؟
جواب: کالم "وغیرہ وغیرہ" کے نام سے۔
سوال ۵۷: عندلیب شادانی "ساقی" دہلی میں کس قلمی نام سے لکھتے تھے؟
جواب: "پریم پجاری" کے نام سے۔

سوال ۵۸: مرزا ادیب "ادب لطیف" کے کتنے سال تک مدیر رہے تھے؟
جواب: ۷ برس تک۔
سوال ۵۹: انتظار حسین نے اپنے کالموں کا انتخاب کس نام سے شائع کیا تھا؟
جواب: "ذرّے" کے نام سے کالموں کا مجموعہ۔
سوال ۶۰: ماہنامہ "داستان گو" کا اجراء کس نے کیا تھا؟
جواب: اشفاق احمد اور بانو قدسیہ نے۔
سوال ۶۱: راشد الخیری کو "مصورِ غم" کا خطاب "شام زندگی" کی اشاعت پر "اسوۂ حسنہ" میرٹھ کے کس مدیر نے دیا تھا؟
جواب: احسان الحق نے۔
سوال ۶۲: مرزا ادیب نے نظمیں بھی لکھی تھیں آپ بتایئے کہ انھوں نے اپنی نظموں میں کونسا تخلص اختیار کیا تھا؟
جواب: عاصی۔
سوال ۶۳: انجمن ترقی اردو ہند اورنگ آباد کے ادبی مجلّہ "اردو" میں اختر حسین رائے پوری کس قلمی نام سے لکھتے تھے؟
جواب: "ناخدا" کے قلمی نام سے۔
سوال ۶۴: مرزا ادیب کے ادبی کالموں کا نام "اذکار و افکار" ہے۔ آپ بتایئے شفیق الرحمٰن پاکستان کے کس ادبی ادارے کے چیئرمین بھی رہے تھے؟
جواب: "اکادمی ادبیات پاکستان" اسلام آباد (۱۹۸۰ میں)۔
سوال ۶۵: انتظار حسین روزنامہ "مشرق" کے لیے کس عنوان سے کالم لکھتے تھے؟
جواب: "لاہور نامہ" کے نام سے۔
سوال ۶۶: اردو کا رسالہ "دانشور" کونسا محقق اور ادیب نکالتا تھا؟
جواب: انیس ناگی۔
سوال ۶۷: "جھلکیاں" کے نام سے اردو کے کس مشہور نقاد کے کالموں کا مجموعہ شائع ہوا؟
جواب: کلیم الدین احمد کا۔
سوال ۶۸: "سرگوشیاں" اور "تجاہل کالمانہ" کالموں کے مجموعے کس مزاح نگار کے مجموعے ہیں؟
جواب: عطاء الحق قاسمی۔
سوال ۶۹: اردو زبان کا پہلا ماہنامہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: خیر خواہ ہند۔
سوال ۷۰: "جدید اردو" کلکتہ سے نکلنے والا مشہور علمی و ادبی جریدہ تھا بتایئے اس جریدے نے ۱۹۴۱ میں کس مشہور بنگالی دانشور پر خاص نمبر نکالا؟
جواب: رابندر ناتھ ٹیگور کا خاص نمبر۔
سوال ۷۱: ادبی رسالہ "اردو پنچ" راولپنڈی سے شائع ہوتا ہے آپ بتایئے کہ رسالہ "شگوفہ" کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟
جواب: حیدرآباد سے۔

سوال ۹۵: حکیم یوسف حسن کا رسالہ "نیرنگ خیال" نیاز مندانِ لاہور کے ترجمان کی حیثیت میں کب سے شروع ہوا تھا؟
جواب: ۱۹۲۳ میں۔
سوال ۹۶: شاہد احمد دہلوی کے رسالے "ساقی" کا آخری "شاہد احمد دہلوی" نمبر کس نے مرتب کر کے شائع کرایا تھا؟
جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی نے۔
سوال ۹۷: رسالہ "معارف" وحید الدین سلیم نے جاری کیا تھا آپ بتایئے شبلی نعمانی نے کس نام سے رسالہ جاری کیا تھا؟
جواب: رسالہ "الندوہ" کے نام سے۔
سوال ۹۸: "پاکستان میں ادبی رسائل کی تاریخ" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سدید کی۔
سوال ۹۹: سرسید کا وہ کونسا اخبار تھا جس میں اردو اور انگریزی متن کو ساتھ ساتھ شائع کیا جاتا تھا اور یہ کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۸۶۶ میں اخبار "سائنٹفک سوسائٹی" کے نام سے جاری ہوا۔
سوال ۱۰۰: منشی نولکشور نے ہفت روزہ "اودھ اخبار" کب جاری کیا تھا اور اسے روزنامہ اخبار کب بنایا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۵۷ میں جاری کیا اور اسے روزنامہ ۱۸۷۳ میں بنایا گیا تھا۔
سوال ۱۰۱: رسالہ "شب خون" الہ آباد سے ۱۹۶۶ میں کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: شمس الرحمٰن فاروقی نے۔
سوال ۱۰۲: ادبی جریدہ ماہنامہ "چہار سُو" کے ایڈیٹر کون ہیں؟
جواب: نسیم درانی۔
سوال ۱۰۳: "مجلس ترقی ادب" کے زیر اہتمام کونسا ادبی جریدہ شائع ہوتا ہے؟
جواب: ادبی جریدہ "صحیفہ"۔

☆☆☆

مشہور ادبی کردار

سوال ۱: "مرزا ظاہر دار بیگ" کا کردار کس ناول اور کس ناول نگار کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد کے ناول "توبۃ النصوح" کا مشہور کردار ہے۔
سوال ۲: اردو کے پہلے ناول "مراۃ العروس" کے مشہور کردار کونسے ہیں؟
جواب: "اصغری اور حجن بی" ڈپٹی نذیر احمد کے تخلیق کردہ کردار ہیں۔
سوال ۳: ڈپٹی نذیر احمد کے مشہور کردار "ماما عظمت" اور "اکبری" کس ناول کے کردار ہیں؟
جواب: "مراۃ العروس" کے۔
سوال ۴: ڈپٹی نذیر احمد کے ناول "فسانہ مبتلا" کے مشہور کردار کونسے ہیں؟
جواب: "غیرت بیگم"، "ہریالی" اور "مبتلا"۔
سوال ۵: "صابرہ"، "ذاکر" اور "شیراز" انتظار حسین کے تخلیق کردہ کردار ہیں آپ بتایئے یہ کردار کس مشہور ناول کے ہیں؟
جواب: ناول "بستی" کے کردار ہیں۔
سوال ۶: "حاجی بغلول" کا کردار کس مشہور شخصیت کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: منشی سجاد حسین کا۔
سوال ۷: مشہور کردار "حاجرہ" اور "جلیل الدین" کس ناول اور ناول نگار کے ہیں؟
جواب: فضل احمد کریم فضلی کے ناول "خون جگر ہونے تک" کے کردار ہیں۔
سوال ۸: اردو کا مشہور کردار "رمضانی" کس مزاح نگار کی تخلیق ہے؟
جواب: مجید لاہوری کی۔
سوال ۹: عزیز احمد کے کس مشہور ناول کا کردار "نعیم" ہے آپ ناول کا نام بتایئے؟
جواب: ناول "گریز" کا۔
سوال ۱۰: عزیز احمد کے مشہور ناول "ایسی بلندی ایسی پستی" کے کرداروں کے نام بتایئے؟
جواب: "نورجہاں" اور "سلطان حسین"۔
سوال ۱۱: "سلمیٰ" ایک مشہور کردار ہے آپ اس کے خالق کا نام بتایئے؟
جواب: اختر شیرانی۔
سوال ۱۲: "عذرا" کا کردار عبداللہ حسین کے کس ناول کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: ناول "اداس نسلیں" کا۔
سوال ۱۳: "فردوسِ بریں" کے مشہور کرداروں کے نام بتایئے؟
جواب: "حسین"، "زمرد" اور "شیخ علی وجودی"۔

سوال ۱۴: اردو کا مشہور کردار "خوجی" رتن ناتھ سرشار کے کس ناول کا ہے؟
جواب: "فسانۂ آزاد" کا۔
سوال ۱۵: "قرن چوڑی والی" کا کردار کس ناول نگار کا ہے؟
جواب: رتن ناتھ سرشار کا۔
سوال ۱۶: "میر روشن" کا کردار پریم چند کا تخلیق کردہ ہے آپ بتایئے "مرزا سجاد علی" پریم چند کی کس کتاب کا کردار ہے؟
جواب: "شطرنج کے کھلاڑی" کا۔
سوال ۱۷: "خواجہ سگ پرست" کس داستان کا مشہور کردار ہے؟
جواب: میر امن کی "باغ و بہار" کا۔
سوال ۱۸: "باغ و بہار" میں کل کتنے کردار ہیں؟
جواب: پانچ۔
سوال ۱۹: خدیجہ مستور کے مشہور ناول "آنگن" کے مشہور کرداروں کے نام بتایئے؟
جواب: "کریمن بوا"، "چھمی"، "شکیل"، "نجمہ" اور "ساجد"۔
سوال ۲۰: ڈپٹی نذیر احمد کے ناول "بنات النعش" کے کردار بتایئے؟
جواب: "حسن آرا" اور "محمودہ"۔
سوال ۲۱: "مرزا عبدالودود بیگ" کا کردار کس مزاح نگار کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: مشتاق احمد یوسفی کا۔
سوال ۲۲: "چچا چھکن" کا کردار کس ڈرامہ نگار نے تخلیق کیا؟
جواب: سید امتیاز علی تاج نے۔
سوال ۲۳: اردو کے مشہور کردار "کامنی" اور "دیو آنند" عصمت چغتائی کی کس کتاب کے ہیں؟
جواب: "چوتھی کا جوڑا" کے۔
سوال ۲۴: مشہور کردار "مرزا جنگی" کا خالق کون ہے؟
جواب: مرزا عظیم بیگ چغتائی۔
سوال ۲۵: مرزا رجب علی بیگ کے مشہور کردار "جان عالم"، "ماہ طلعت"، "نور"، "انجمن آرا" کس مشہور کتاب کے ہیں؟
جواب: "فسانۂ عجائب" کے۔
سوال ۲۶: "قاضی جی" کا مشہور کردار کس کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: شوکت تھانوی کا۔
سوال ۲۷: "حمیدہ جی"، "وانچو"، "نیل کنٹھ" کس افسانہ نگار اور شاعر کے کردار ہیں؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال ۲۸: اردو کا مشہور کردار "مرزا جی" کا خالق کون ہے؟
جواب: ایم اسلم۔

"رئیس امروہوی" کا مشہور کردار کونسا ہے؟
سوال ۲۹: نواب اچھے مرزا۔
جواب: اردو کے کردار "امام قلی" اور "نصرت الدین" کس ناول نگار اور افسانہ نگار خاتون کے کردار ہیں؟
سوال ۳۰: قرۃ العین حیدر۔
جواب: "یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے" کے مشہور کردار کونسے ہیں اور ان کا خالق کون ہے؟
سوال ۳۱: "امام قلی" اور "نصرت الدین" خالق قرۃ العین حیدر۔
جواب: "نوٹ بوٹ" کا کردار صوفی غلام تبسم کا ہے آپ بتایئے کہ "تلقین شاہ" کا کردار کس مشہور شخصیت کا ہے؟
سوال ۳۲: اشفاق احمد کا۔
جواب: "حسن بانو" کا کردار حیدر بخش حیدری کی تخلیق ہے آپ بتایئے "آرائش محفل" کا مشہور کردار کونسا ہے؟
سوال ۳۳: "حاتم طائی" خالق حیدر بخش حیدری۔
جواب: "گل بکاؤلی" اور "تاج الملوک" کے کردار دیا شنکر نسیم نے کس کتاب میں تخلیق کیے تھے؟
سوال ۳۴: مثنوی "گلزار نسیم" میں۔
جواب: اردو کے مشہور کردار "نانی عشو" اور "رانی اشوک" کا خالق کون ہے؟
سوال ۳۵: راشد الخیری۔
جواب: "قیوم"، "سہیل" اور "سیمی" کس ناول کے کردار ہیں اور اس کی خالق کونسی افسانہ نگار اور ناول نگار ادیبہ ہے؟
سوال ۳۶: یہ "راجہ گدھ" کے کردار ہیں اور ناول بانو قدسیہ کا ہے۔
جواب: امیر خسرو کے مشہور کردار "شہریار" اور "شاہ زمان" ان کی کس کتاب کے ہیں؟
سوال ۳۷: الف لیلیٰ کے۔
جواب: فارسی کے مشہور کردار "پیر مغاں" کا خالق کون ہے؟
سوال ۳۸: حافظ شیرازی۔
جواب: "رستم و سہراب" فارسی کی کس کتاب کے مشہور کردار ہیں؟
سوال ۳۹: فردوسی کے "شاہنامہ" کے۔
جواب: مشہور کردار "خلیل خان فاختہ" کا خالق کون ہے؟
سوال ۴۰: میر باقر علی۔
جواب: ہاجرہ مسرور کی مشہور کتاب "نقاب پوش" کے کردار کا نام بتایئے؟
سوال ۴۱: "شیما"۔
جواب: میر حسن نے "بدر منیر" اور "بے نظیر" کے کردار کس مثنوی کے لیے لکھے تھے؟
سوال ۴۲: مثنوی "سحر البیان" کے لیے۔
جواب:

سوال ۱۴: اردو کا مشہور کردار "خوجی" رتن ناتھ سرشار کے کس ناول کا ہے؟
جواب: "فسانۂ آزاد" کا۔
سوال ۱۵: "قمرن چوڑی والی" کا کردار کس ناول نگار کا ہے؟
جواب: رتن ناتھ سرشار کا۔
سوال ۱۶: "میر روشن" کا کردار پریم چند کا تخلیق کردہ ہے آپ بتایئے "مرزا سجاد علی" پریم چند کی کس کتاب کا کردار ہے؟
جواب: "شطرنج کے کھلاڑی" کا۔
سوال ۱۷: "خواجہ سگ پرست" کس داستان کا مشہور کردار ہے؟
جواب: میر امن کی "باغ و بہار" کا۔
سوال ۱۸: "باغ و بہار" میں کل کتنے کردار ہیں؟
جواب: پانچ۔
سوال ۱۹: خدیجہ مستور کے مشہور ناول "آنگن" کے مشہور کرداروں کے نام بتایئے؟
جواب: "کریمن بوا"، "چھمی"، "شکیل"، "نجمہ" اور "ساجد"۔
سوال ۲۰: ڈپٹی نذیر احمد کے ناول "بنات النعش" کے کردار بتایئے؟
جواب: "حسن آرا" اور "محمودہ"۔
سوال ۲۱: "مرزا عبدالودود بیگ" کا کردار کس مزاح نگار کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: مشتاق احمد یوسفی کا۔
سوال ۲۲: "چچا چھکن" کا کردار کس ڈرامہ نگار نے تخلیق کیا؟
جواب: سید امتیاز علی تاج نے۔
سوال ۲۳: اردو کے مشہور کردار "کامنی" اور "دیو آنند" عصمت چغتائی کی کس کتاب کے ہیں؟
جواب: "چوتھی کا جوڑا" کے۔
سوال ۲۴: مشہور کردار "مرزا جنگی" کا خالق کون ہے؟
جواب: مرزا عظیم بیگ چغتائی۔
سوال ۲۵: مرزا رجب علی بیگ کے مشہور کردار "جان عالم"، "ماہ طلعت" اور "انجمن آرا" کس مشہور کتاب کے ہیں؟
جواب: "فسانۂ عجائب" کے۔
سوال ۲۶: "قاضی جی" کا مشہور کردار کس کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: شوکت تھانوی کا۔
سوال ۲۷: "حیدی جی"، "وانچو"، "نیل کنٹھ" کس افسانہ نگار اور شاعر کے کردار ہیں؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال ۲۸: اردو کا مشہور کردار "مرزا ابی" کا خالق کون ہے؟
جواب: ایم اسلم۔

نواب اچھے مرزا۔
سوال ۲۹: اردو کے کردار "امام قلی" اور "امرت الدین" کس ناول نگار اور افسانہ نگار خاتون کے کردار ہیں؟
جواب: قرۃ العین حیدر۔
سوال ۳۰: "یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے" کے مشہور کردار کونسے ہیں اور ان کا خالق کون ہے؟
جواب: "امام قلی" اور "امرت الدین" خالق قرۃ العین حیدر۔
سوال ۳۱: "ٹوٹ بٹوٹ" کا کردار صوفی غلام تبسم کا ہے آپ بتایئے کہ "تلقین شاہ" کا کردار کس مشہور شخصیت کا ہے؟
جواب: اشفاق احمد کا۔
سوال ۳۲: "حسن بانو" کا کردار حیدر بخش حیدری کی تخلیق ہے آپ بتایئے "آرائش محفل" کا مشہور کردار کونسا ہے؟
جواب: "حاتم طائی" خالق حیدر بخش حیدری۔
سوال ۳۳: "گل بکاؤلی" اور "تاج الملوک" کے کردار دیا شنکر نسیم نے کس کتاب میں تخلیق کیے تھے؟
جواب: مثنوی "گلزار نسیم" میں۔
سوال ۳۴: اردو کے مشہور کردار "نانی عشو" اور "رانی اشوک" کا خالق کون ہے؟
جواب: راشد الخیری۔
سوال ۳۵: "نعیم"، "سہیل" اور "سیمی" کس ناول کے کردار ہیں اور اس کی خالق کونسی افسانہ نگار اور ناول نگار ادیبہ ہے؟
جواب: "راجہ گدھ" کے کردار ہیں اور ناول بانو قدسیہ کا ہے۔
سوال ۳۶: امیر خسرو کے مشہور کردار "شہریار" اور "شاہ زمان" ان کی کس کتاب کے ہیں؟
جواب: الف لیلیٰ کے۔
سوال ۳۷: فارسی کے مشہور کردار "پیر مغاں" کا خالق کون ہے؟
جواب: حافظ شیرازی۔
سوال ۳۸: "رستم و سہراب" فارسی کی کس کتاب کے مشہور کردار ہیں؟
جواب: فردوسی کے "شاہنامہ" کے۔
سوال ۳۹: مشہور کردار "خلیل خان فاختہ" کا خالق کون ہے؟
جواب: میر باقر علی۔
سوال ۴۰: ہاجرہ مسرور کی مشہور کتاب "نقاب پوش" کے کردار کا نام بتایئے؟
جواب: "شیما"۔
سوال ۴۱: میر حسن نے "بدر منیر" اور "بے نظیر" کے کردار کس مثنوی کے لیے لکھے تھے؟
جواب: مثنوی "سحر البیان" کے لیے۔

سوال ۴۳: ملا وجہی کی سب رس میں کتنے کردار شامل ہیں؟
جواب: ۶۷ کردار۔
سوال ۴۴: ۱۹۶۸ میں اشفاق احمد نے لاہور ریڈیو سے کونسا پروگرام جاری کیا تھا جس کا کردار آج بھی اردو ادب میں زندہ ہے؟
جواب: تلقین شاہ کا کردار۔
سوال ۴۵: سرشار کے ناول "سیر کہسار" کا سب سے اہم اور مشہور کردار کونسا ہے؟
جواب: مہراج بلی۔
سوال ۴۶: اردو کا مزاحیہ کردار سیٹھ ٹارجی، ٹیوب جی" کس ادیب کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: مجید لاہوری کا۔
سوال ۴۷: "ہیررانجھا" کے مرکزی کردار میں ہیر کا اصل نام بتایئے؟
جواب: جنت بی بی۔
سوال ۴۸: اردو کا مشہور کردار "روشن آغا" عبداللہ حسین کے ناول "اداس نسلیں" کا ہے آپ بتایئے "مائی تاجو" احمد ندیم قاسمی کے کس افسانے کا کردار ہے؟
جواب: "کپاس کا پھول" کا۔
سوال ۴۹: ڈرامہ انارکلی کے مشہور کرداروں کے نام بتایئے؟
جواب: جلال الدین اکبر، سلیم، انارکلی، دلارام اور ثریا۔
سوال ۵۰: ریڈیو پروگرام میں اشفاق احمد کس مشہور کردار کے نام سے پہچانے جاتے ہیں؟
جواب: "تلقین شاہ" کے۔
سوال ۵۱: افسانہ "امی" اشفاق احمد کا تخلیق کردہ ہے آپ بتایئے کہ افسانہ "امی" کا مرکزی کردار کونسا ہے نام بتایئے؟
جواب: "مسعود"۔
سوال ۵۲: غلام عباس کے مشہور افسانہ "کتبہ" کے مرکزی کردار کا کیا نام ہے؟
جواب: شریف حسین۔
سوال ۵۳: محمد خالد اختر نے اردو ادب کو ایک مشہور کردار تخلیق کر کے دیا ہے آپ کردار کا نام بتایئے؟
جواب: "چچا عبدالباقی" کا کردار۔

☆☆☆

ہم نام یا ملتے جلتے نام کی کتب

سوال ۱: "بہارستان" کے نام سے نعتوں کا مجموعہ مولانا ظفر علی خان نے شائع کیا تھا آپ بتایئے اسی نام سے کس شاعر نے اپنی شاعری کا مجموعہ لکھا تھا لیکن شائع نہ ہو سکا تھا کیونکہ یہ مجموعہ ۱۸۵۷ کے ہنگاموں کی نذر ہو گیا تھا؟
جواب: امیر مینائی کا۔
سوال ۲: "ماہِ تمام" کے نام سے پروین شاکر کی کلیات شائع ہو چکی ہے۔ آپ بتایئے کہ کس شاعر نے اپنا مجموعہ کلام "ماہِ تمام" کے نام سے شائع کیا تھا؟
جواب: قمر جلالوی نے۔
سوال ۳: ناول "اے عشق کہیں اور لے چل" کا خالق راشد الخیری ہے۔ آپ بتایئے کہ "اے عشق کہیں اور لے چل" کے نام سے کس شاعر کا مجموعہ کلام شائع ہوا ہے؟
جواب: اختر شیرانی کا۔
سوال ۴: "سفر نامہ حجاز" کے نام سے الیاس برنی نے سفر نامہ تحریر کیا ہے۔ آپ بتایئے کہ اسی نام سے دوسرا سفر نامہ کس نے لکھا تھا؟
جواب: قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے۔
سوال ۵: داستان "باغ و بہار" تو میر امن نے تخلیق کی تھی آپ بتایئے کہ "باغ و بہار" کے نام سے کس شاعر نے اپنا شعری مجموعہ شائع کیا؟
جواب: عبدالحمید عدم نے۔
سوال ۶: "سرگزشت" کے نام سے عبدالمجید سالک نے خودنوشت سوانح عمری لکھی تھی آپ بتایئے کہ اسی نام سے اردو کے کس ادیب کی سوانح عمری شائع ہو چکی ہے؟
جواب: زیڈ اے بخاری نے بھی "سرگزشت" کے نام سے سوانح عمری لکھی تھی۔
سوال ۷: ناول "اندھیری رات کے مسافر" کا مصنف نسیم حجازی ہے۔ آپ بتایئے کہ "اندھیری رات کا تنہا مسافر" کس کا ناول ہے؟
جواب: شہزاد منظر کا۔
سوال ۸: نظم "اندھیری رات کا مسافر" کا شاعر کون ہے؟
جواب: اسرار الحق مجاز لکھنوی۔
سوال ۹: "خوابِ ہستی" کے نام سے مرزا محمد سعید نے ناول لکھا تھا۔ آپ بتایئے کہ ڈرامہ "خوابِ ہستی" کا مصنف کون ہے؟
جواب: آغا حشر کاشمیری۔

سوال۱۰: مثنوی "خواب وخیال" کا خالق خواجہ میر درد کا بھائی میر اثر ہے۔ آپ بتایئے "خواب وخیال" کے نام سے دوسری مثنوی کس شاعر کی ہے؟
جواب: میر تقی میر۔
سوال۱۱: "آرائش محفل" کا خالق حیدر بخش حیدری ہے۔ آپ بتایئے "آرائش محفل" کے نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی تھی؟
جواب: شیر علی افسوس نے۔
سوال۱۲: مثنوی "قرآن السعدین" کا خالق امیر خسرو ہے۔ آپ بتایئے "قرآن السعدین" رسالے کا خالق کون تھا؟
جواب: دہلی کالج کے پرنسپل اشپرنگر۔
سوال۱۳: "قصص الہند" محمد حسین آزاد کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے "قصص الہند" کے نام سے دوسری کتاب کس کی شائع ہوئی؟
جواب: پیارے لعل آشوب کی۔
سوال۱۴: افسانوی مجموعہ "واردات" کا خالق پریم چند ہے۔ آپ بتایئے "واردات" کے نام سے کس کا شعری مجموعہ شائع ہوا تھا؟
جواب: پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی کا۔
سوال۱۵: تنقیدی کتاب "ترقی پسند ادب" کا خالق عزیز احمد ہے۔ آپ بتایئے دوسری کتاب "ترقی پسند ادب" کے نام سے کس نے لکھی ہے؟
جواب: علی سردار جعفری نے۔
سوال۱۶: تذکرہ "آب حیات" محمد حسین آزاد کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے "آب حیات" کے نام سے افسانہ کس نے لکھا تھا؟
جواب: عزیز احمد نے۔
سوال۱۷: "مردم دیدہ" کے نام سے چراغ حسن حسرت نے خاکوں کا مجموعہ شائع کیا تھا۔ آپ بتایئے "مردم دیدہ" کے نام ہی سے کس شاعر نے اپنی آپ بیتی لکھی؟
جواب: حسرت موہانی نے۔
سوال۱۸: تذکرہ "مردم دیدہ" کا مصنف اور خالق کون ہے؟
جواب: حاکم لاہوری۔
سوال۱۹: "اقبال ایک مطالعہ" کا مصنف جابر علی سید ہے۔ آپ بتایئے "اقبال ایک مطالعہ" کے نام سے دوسری کتاب کا خالق کون ہے؟
جواب: غلام حسین ذوالفقار۔
سوال۲۰: "شعرائے اردو کے تذکرے اور تذکرہ نگاری کا فن" سید عبداللہ کی کتاب ہے۔ آپ بتایئے "اردو شعراء کے تذکرے اور تذکرہ نگاری" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی۔

سوال۲۱: "اردو کی منظوم داستانیں" تو ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے کہ "اردو کی نثری داستانیں" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر گیان چند جین۔
سوال۲۲: "سندھ میں اردو" ڈاکٹر شاہدہ بیگم کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے "سندھ میں اردو شاعری" کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ۔
سوال۲۳: "لکھنؤ کا دبستان شاعری" کا مصنف ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ہے۔ آپ بتایئے کہ "دلی کا دبستان شاعری" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: نورالحسن ہاشمی کی۔
سوال۲۴: "گل رعنا" کے نام سے مرزا غالب نے اپنے اردو اور فارسی اشعار کا مجموعہ شائع کیا تھا۔ آپ بتایئے "گل رعنا" کے نام سے کس ادیب نے تذکرہ شائع کیا تھا؟
جواب: مولوی عبدالحئی نے۔
سوال۲۵: شعری مجموعہ "لب گویا" کی خالق کشور ناہید ہے۔ آپ بتایئے "لب گویا" کے نام سے کس ادیب کا افسانوی مجموعہ شائع ہو چکا ہے؟
جواب: آغا بابر کا۔
سوال۲۶: "گرد راہ" اختر حسین رائے پوری کی مشہور خودنوشت آپ بیتی ہے۔ آپ بتایئے کہ افسانہ "گرد راہ" کا خالق کون ہے؟
جواب: خالدہ حسین۔
سوال۲۷: سفرنامہ "گرد وراہ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: پرتو روہیلہ۔
سوال۲۸: تذکرہ "مسرت افزاء" کے نام سے کن دو ادیبوں نے تذکرے لکھے؟
جواب: قاضی عبدالودود نے اور امیر اللہ الہ آبادی نے۔
سوال۲۹: "حالی کا ذہنی ارتقاء" کا مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ہے۔ آپ بتایئے "شبلی کا ذہنی ارتقاء" کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟
جواب: سید یحیٰی احمد ہاشمی نے۔
سوال۳۰: "یادگار غالب" کا مصنف الطاف حسین حالی ہے۔ آپ بتایئے "یادگار حالی" کا خالق کون ہے؟
جواب: صالحہ عابد حسین۔
سوال۳۱: "یادگار شبلی" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شیخ محمد اکرام۔
سوال۳۲: "ارمغان حجاز" علامہ اقبال کا آخری شعری مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ "ارمغان مجنوں" کا خالق کون ہے؟
جواب: مجنوں گورکھپوری۔

سوال ۳۳: "[illegible]" کا مصنف کون ہے؟

جواب: [illegible]

سوال ۳۴: "حیات جاوید" الطاف حسین حالی کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتائیے "حیات غالب" کا مصنف کون ہے؟

جواب: شیخ محمد اکرام۔

سوال ۳۵: "حیات شبلی" کے نام سے سید سلیمان ندوی نے کتاب لکھی تھی۔ آپ بتائیے کہ "حیات امیر" کس کی کتاب ہے؟

جواب: [illegible]

سوال ۳۶: "حیات سعید" کا مصنف [illegible] ہے۔ آپ بتائیے کہ "حیات النذیر" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: افتخار عالم بلگرامی کی۔

سوال ۳۷: اردو کا مشہور سفرنامہ "سفر یاترا" کا خالق ممتاز مفتی ہے۔ آپ بتائیے کہ "پاکستان یاترا" کے نام سے سفرنامہ کس نے لکھا تھا؟

جواب: [illegible]

سوال ۳۸: ناول "ابن الوقت" کا خالق ڈپٹی نذیر احمد ہے۔ آپ بتائیے "بنت الوقت" کے نام سے کس نے ناول لکھا تھا؟

جواب: راشد الخیری نے۔

سوال ۳۹: "شہاب نامہ" قدرت اللہ شہاب کی خود نوشت سوانح عمری ہے۔ آپ بتائیے "غالب نامہ اور شبلی نامہ" کا مصنف کون ہے؟

جواب: شیخ محمد اکرام۔

سوال ۴۰: "تذکرہ سرشار" کا مصنف ڈاکٹر تبسم کاشمیری ہے آپ بتائیے "تذکرہ میر" کس نقاد اور ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ کی۔

سوال ۴۱: "تذکرہ اکبر" کے نام سے کس ادیب نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار۔

سوال ۴۲: وحید قیصر نے "حدیث دل" کے نام سے سفرنامہ لکھا تھا۔ آپ بتائیے "حدیث دل" کے نام سے دوسرا سفرنامہ کس نے لکھا ہے؟

جواب: عبداللہ ملک۔

سوال ۴۳: "شہر در شہر" سفرنامہ کا خالق امجد اسلام امجد ہے۔ آپ بتائیے سفرنامہ "سفر در سفر" کا مصنف کون ہے؟

جواب: اشفاق احمد۔

سوال ۴۴: سفرنامہ "سفر ہم سفر" کس ادیب کا ہے؟

جواب: راغب شکیب کا۔

سوال ۴۵: رسالہ "انجمن" کا مدیر محمد حسین آزاد تھا جو کہ انجمن پنجاب لاہور کے زیر اہتمام شائع ہوتا تھا۔ آپ بتائیے کہ اردو کے کس مشہور شاعر کا شعری مجموعہ "انجمن" کے نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کا۔

سوال ۴۶: خاکوں کا مجموعہ "بزم خوش نفساں" کا مصنف شاہد احمد دہلوی ہے۔ آپ بتائیے "ہم نفسان رفتہ" کا خالق کون ہے؟

جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی۔

سوال ۴۷: "داستان زبان اردو" کا خالق ڈاکٹر شوکت سبزواری ہے۔ آپ بتائیے کہ "داستان تاریخ اردو" کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: حامد حسن قادری کی۔

سوال ۴۸: "مقدمہ تاریخ زبان اردو" کس کی اہم تنقیدی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر مسعود حسین خان۔

سوال ۴۹: "ارسطو سے ایلیٹ تک" ڈاکٹر جمیل جالبی کی تنقیدی مضامین پر مشتمل کتاب ہے۔ آپ بتائیے کہ "افلاطون سے ایلیٹ تک" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر عابد صدیقی۔

سوال ۵۰: سلیم احمد نے مرزا غالب کی شخصیت پر "غالب کون" کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی آپ بتائیے مرزا غالب پر دوسری کتاب "غالب کون" کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: ڈاکٹر قدرت نقوی۔

سوال ۵۱: "نقش و مزاح" کا مصنف ڈاکٹر طاہر تونسوی ہے۔ آپ بتائیے دوسری کتاب اسی نام سے کس ادیب نے لکھی ہے؟

جواب: کلیم الدین احمد نے۔

سوال ۵۲: "کھوئے ہوؤں کی جستجو" کے نام سے حال ہی میں پروفیسر فتح محمد ملک نے اپنی تنقیدی کتب کا مجموعہ شائع کیا ہے۔ آپ بتائیے دوسری کتاب اس ہی نام سے کس ادیب نے شائع کی تھی؟

جواب: شہرت بخاری نے۔

سوال ۵۳: "نشاط خواب" ناصر کاظمی کا شعری مجموعہ ہے۔ آپ بتائیے کہ "نشاط روح" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: غلام ہمدانی مصحفی کا۔

سوال ۵۴: "اردو میں نعتیہ شاعری" کا مصنف ڈاکٹر رفیع الدین اشفاق ہے۔ آپ یہ بتائیے کہ "اردو کی نعتیہ شاعری" کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: ڈاکٹر طلحہ رضوی برق نے۔

سوال ۵۵: مثنوی ''عالم خیال'' کا خالق مرزا شوق ہے۔ آپ بتایئے کہ مثنوی ''بوستان خیال'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: سراج اورنگ آبادی۔
سوال ۵۶: داستان ''بوستان خیال'' کا خالق کون ہے؟
جواب: محمد تقی خیال۔
سوال ۵۷: ''خیالستان'' مولانا ظفر علی خان کا نعتیہ مجموعہ کلام ہے۔ آپ بتایئے کہ ''خیالستان'' کے نام سے افسانوی مجموعہ کس نے تصنیف کیا ہے؟
جواب: سید سجاد حیدر یلدرم۔
سوال ۵۸: ''اردو لسانیات'' ڈاکٹر شوکت سبزواری کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے ''ہندوستانی لسانیات'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محی الدین قادری زور۔
سوال ۵۹: ''ہندوستانی لسانیات کا خاکہ'' کس تنقید نگار کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید احتشام حسین کی۔
سوال ۶۰: شمس اللہ قادری نے ''اردوئے قدیم'' کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی آپ بتایئے کہ ''قدیم اردو'' کے نام سے کس نے کتاب تصنیف کی تھی؟
جواب: مسعود حسین خان نے۔
سوال ۶۱: ''اشارات تنقید'' سید عبداللہ نے مشہور کتاب لکھی ہے۔ آپ بتایئے کہ ''اشارات'' کے نام سے کس ادیب کی کتاب شائع ہوئی ہے؟
جواب: قاضی عبدالودود کی۔
سوال ۶۲: مثنوی ''سحر البیان'' کا خالق تو میر حسن ہے۔ آپ یہ بتایئے کہ داستان ''سحر البیان'' کے نام سے کس نے تحریر کی تھی اور کب؟
جواب: غلام علی عشرت نے ۱۸۱۴ء میں تخلیق کی تھی۔
سوال ۶۳: ''تنقید آب حیات'' حافظ محمود شیرانی کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے اسی نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی ہے؟
جواب: میر محمد رضا ظہیر نے۔
سوال ۶۴: قتیل شفائی نے ''گفتگو'' کے نام سے شاعری کا مجموعہ تخلیق کیا تھا آپ بتایئے کہ ''گفتگو'' کے نام سے تنقیدی کتاب کا مصنف کون ہے؟
جواب: مظہر جمیل۔
سوال ۶۵: ''مشرقی بنگال میں اردو'' کا مصنف اقبال عظیم ہے۔ آپ بتایئے کہ ''بنگال میں اردو'' کا خالق کونسا شاعر ہے؟
جواب: وفا راشدی۔

سوال ۶۶: ''نکات سخن'' حسرت موہانی کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''داد سخن'' کا خالق کونسا شاعر ہے؟
جواب: خان آرزو۔
سوال ۶۷: ''اردو غزل'' رشید احمد صدیقی کی کتاب ہے بتایئے اس نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی؟
جواب: یوسف حسین خان نے۔
سوال ۶۸: ''خنداں'' پروفیسر رشید احمد صدیقی کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ ''چاہ خنداں'' انشائیوں کا مجموعہ کس مشہور ادیب کا ہے؟
جواب: ڈاکٹر یونس بٹ کا۔
سوال ۶۹: نظم ''خالق باری'' کا شاعر امیر خسرو ہے آپ بتایئے ''واحد باری'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اشرف بیابانی۔
سوال ۷۰: ''صمد باری'' بھی خالق باری کی پیروی میں لکھی گئی تھی۔ پ اس کے خالق کا نام بتایئے؟
جواب: اشرف بیابانی۔
سوال ۷۱: ''مراۃ الشعراء'' محمد یحییٰ تنہا کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''مراۃ الشعراء'' کے نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی تھی؟
جواب: عبدالرحمن نے۔
سوال ۷۲: ''اردو میں قصیدہ نگاری'' کا مصنف ڈاکٹر ابو محمد سحر ہے آپ بتایئے کہ اسی نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمود الٰہی نے۔
سوال ۷۳: ''اردو نثر کا فنی ارتقاء'' کا مصنف ڈاکٹر فرمان فتحپوری ہے۔ آپ بتایئے کہ ''اردو شاعری کا فنی ارتقاء'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر فرمان فتحپوری کی۔
سوال ۷۴: ''ولی سے اقبال تک'' اور ''وجہی سے عبدالحق تک'' ڈاکٹر سید عبداللہ کی مشہور کتب ہیں آپ بتایئے کہ ''داستان سے افسانے تک'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: سید وقار عظیم۔
سوال ۷۵: ''آزاد بحیثیت محقق'' ڈاکٹر اسلم فرخی کی تصنیف ہے آپ بتایئے کہ اسی نام کی دوسری کتاب کا مصنف کون ہے؟
جواب: قاضی عبدالودود کی۔
سوال ۷۶: ''اردو شاعری پر ایک نظر'' کا مصنف کلیم الدین احمد ہے آپ بتایئے کہ ''اردو تنقید پر ایک نظر'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: کلیم الدین احمد۔
سوال ۷۷: مثنوی ''مہر و ماہ'' کا خالق جمالی دہلوی ہے آپ بتایئے دوسری کتاب اسی نام سے کس نے لکھی تھی؟
جواب: عاقل خان رازی نے بھی اس نام سے ایک کتاب لکھی تھی۔

سوال ۷۸: تذکرہ "جلوۂ خضر" کا خالق صفیر بلگرامی ہے۔ بتایئے "جلوۂ خضر" کے نام کی دوسری کتاب کا مصنف کون ہے؟

جواب: سید فرزند احمد بلگرامی۔

سوال ۷۹: "اقبال کی طویل نظمیں" ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ "اقبال کی تیرہ نظمیں" کس ادیب کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر اسلوب انصاری کی۔

سوال ۸۰: "شعر اقبال" سید عابد علی عابد کی مشہور تصنیف ہے آپ بتایئے "شعریات اقبال" کا مصنف کون ہے؟

جواب: قاضی عبدالرحمن ہاشمی۔

سوال ۸۱: اردو کا مشہور سفرنامہ "خانہ بدوش" مستنصر حسین تارڑ کا ہے۔ آپ بتایئے کہ ناول "خانہ بدوش" کا خالق کون ہے؟

جواب: شبانہ یونس۔

سوال ۸۲: "تذکرہ شعراء اردو" میر حسن کا مشہور تذکرہ ہے۔ آپ بتایئے کہ "شعراء اردو کا تذکرہ" کا مصنف کون ہے؟

جواب: امام بخش صہبائی۔

سوال ۸۳: رسالہ "شب خون" الہ آباد سے شمس الرحمن فاروقی نے ۱۹۶۶ء میں جاری کیا تھا۔ آپ بتایئے کہ "شب خون" کے نام سے کس مشہور شاعر کا مجموعہ کلام بھی شائع ہو چکا ہے؟

جواب: احمد فراز کا۔

سوال ۸۴: "نقد اکبر" ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ "نقد اقبال" کس کی کتاب ہے؟

جواب: میکش اکبر آبادی۔

سوال ۸۵: "اردو ادب میں طنز و مزاح" ڈاکٹر وزیر آغا کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ وہ کونسا مصنف ہے جس نے "اردو ادب میں طنز و مزاح" کے نام سے ایک اور کتاب لکھی ہے؟

جواب: "فرقت کاکوروی" نے بھی لکھی ہے۔

سوال ۸۶: "کپاس کا پھول" احمد ندیم قاسمی کا افسانہ ہے آپ بتایئے "باسی پھول" کس ادیب کی کتاب ہے؟

جواب: علی عباس حسینی کی۔

سوال ۸۷: ناول "نگری نگری پھرا مسافر" کی خالق نثار عزیز بٹ ہے آپ بتایئے کہ سفرنامہ "نگری نگری پھرا مسافر" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ابن انشاء۔

سوال ۸۸: ناول "بارہواں کھلاڑی" کا خالق احمد شجاع پاشا ہے آپ بتایئے کہ نظم "بارہواں کھلاڑی" کس مشہور شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب: افتخار عارف کی۔

سوال ۸۹: "لندن کی ایک رات" سجاد ظہیر کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ "پیرس کی ایک رات" ناول کس ادیب کا ہے؟

جواب: آغا افتخار حسین کا۔

سوال ۹۰: اردو کی مشہور کتاب "زندگی" کا مصنف چودھری افضل حق ہے آپ بتایئے کہ "زندگی" کے نام سے ہی دوسری کتاب کس نے تصنیف کی تھی؟

جواب: سید رشید کاظمی نے۔

سوال ۹۱: "خمار گندم" ابن انشاء کی کتاب ہے۔ آپ بتایئے کہ "خمار گندم" کے ہی نام سے دوسری کتاب کس نے لکھی ہے؟

جواب: سرور جمال نے۔

سوال ۹۲: "موج کوثر" شیخ محمد اکرام کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے کہ "موج کوثر" کے نام سے دوسری کتاب کس نے تحریر کی ہے؟

جواب: کوثر چاند پوری نے۔

سوال ۹۳: "حرف و حکایت" کے نام سے چراغ حسن حسرت کے علاوہ کس مزاح نگار نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: مجید لاہوری نے۔

سوال ۹۴: "داستان امیر حمزہ" کا مصنف خلیل خان اشک ہے آپ بتایئے کہ "داستان غریب حمزہ" کا خالق کونسا ادیب ہے؟

جواب: اے حمید۔

سوال ۹۵: "غبار خاطر" اردو کے مشہور ادیب مولانا ابوالکلام آزاد کے خطوط کا مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ خطوط کا مجموعہ "بار خاطر" کا خالق کونسا مشہور ادیب ہے؟

جواب: شوکت تھانوی کا۔

سوال ۹۶: "اردوئے معلیٰ" مرزا غالب کے خطوط کا مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ "اردوئے معلیٰ" کے نام سے کس شاعر نے ادبی جریدہ لکھنؤ سے جاری کیا تھا؟

جواب: ۱۹۰۳ء میں حسرت موہانی نے جاری کیا تھا۔

سوال ۹۷: "اردو زبان کا ارتقاء" ڈاکٹر شوکت سبزواری کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ "زبان کا ارتقاء" کا مصنف کون ہے؟

جواب: خلیل صدیقی۔

سوال ۹۸: خواجہ حسن نظامی اور گاندھی جی نے اپنی خودنوشت "آپ بیتی" کے نام سے لکھی تھی آپ بتایئے کہ "آپ بیتی" ہی کے نام سے پاکستان کے کس ادیب نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی؟

جواب: ظفر حسین ایبک نے۔

سوال ۹۹: "اصول انتقاد ادبیات" اور "انتقاد" کا مصنف سید عابد علی عابد ہے آپ بتایئے "انتقادیات" کس مشہور ادیب کی تنقیدی کتاب ہے؟

جواب: نیاز فتح پوری کی۔

سوال ۱۰۰: ''تاریخ جمالیات'' احمد صدیق مجوں کی کتاب ہے آپ بتائیے کہ دوسری کتاب ''تاریخ جمالیات'' کے نام سے کس نے لکھی؟
جواب: نصیر احمد ناصر نے۔
سوال ۱۰۱: ''معیار'' کی مصنف ممتاز شیریں ہے آپ بتائیے کہ ''معیار ادب'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر شوکت سبزواری۔
سوال ۱۰۲: ''نسخہ ہائے وفا'' فیض احمد فیض کی کلیات کا نام ہے آپ بتائیے ''نسخہ ہائے وفا'' کے نام سے کس ادیب نے دوسری کتاب لکھی ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد داؤد رہبر نے۔
سوال ۱۰۳: ''لوح ایام'' مختار مسعود کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے ''یادِ ایام'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد عبدالرزاق کانپوری اور بریگیڈیئر گلزار احمد۔
سوال ۱۰۴: ''اقبال کامل'' مولانا عبدالسلام ندوی کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''انسان کامل'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر خالد علوی۔
سوال ۱۰۵: ''قواعد اردو'' مولوی عبدالحق کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''اردو قواعد'' کے نام سے کس مشہور شخصیت کی تصنیف شائع ہوئی ہے؟
جواب: ڈاکٹر شوکت سبزواری۔
سوال ۱۰۶: اردو کی مشہور کتاب ''قواعد زبان اُردو'' مشہور بہ رسالہ گلکرسٹ کا مؤلف کون ہے؟
جواب: میر بہادر علی حسینی۔
سوال ۱۰۷: ''یا خدا'' قدرت اللہ شہاب کی کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''اے خدا'' کس مشہور افسانہ نگار کی کتاب ہے؟
جواب: مظہر الاسلام کی۔
سوال ۱۰۸: پروین شاکر کا پہلا مجموعہ کلام ''خوشبو'' کے نام سے شائع ہوا تھا آپ بتائیے اردو کا ایک اصلاحی رومانی ناول بھی ''خوشبو'' کے نام سے شائع ہوا تھا وہ ناول کس کا ہے؟
جواب: مینا ناز کا۔
سوال ۱۰۹: مرزا غالب کی فارسی اور اردو شاعری کی کتاب ''گل رعنا'' ہے۔ دوسری کتاب ''گل رعنا'' کے نام سے مولوی عبدالحئی نے تالیف کی ہے۔ آپ بتائیے کہ ناول ''شاہد رعنا'' کا خالق کون ہے؟
جواب: قاری سرفراز حسین۔
سوال ۱۱۰: ''اردو کی دو قدیم مثنویاں'' کے نام سے نائب حسین نقوی نے کتاب لکھی ہے آپ بتائیے اسی نام سے دوسری کتاب کس ادیب نے لکھی تھی؟
جواب: اسماعیل امروہوی نے بھی اسی نام سے کتاب لکھی۔

☆☆☆

جوابی اور انعام یافتہ کتب

سوال ۱: علامہ اقبال کے پہلے شعری مجموعہ ''بانگ درا'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی گئی تھی؟
جواب: ''بانگ دہل'' اس کا خالق امام دین ہے۔
سوال ۲: ولیم میور کی مشہور کتاب ''لائف آف محمدؐ'' کے جواب میں سرسید احمد خان نے کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: خطبات احمدیہ۔
سوال ۳: ''المیزان'' کس مشہور کتاب کے جواب میں لکھی گئی؟
جواب: ''موازنہ انیس و دبیر'' کے جواب میں۔
سوال ۴: فخر الدین حسین سخن نے ''فسانہ عجائب'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: سروش سخن۔
سوال ۵: ''سروش سخن'' کے جواب میں ''طلسم حیرت'' کس نے تخلیق کی تھی؟
جواب: جعفر علی شیون نے۔
سوال ۶: میر امن نے ''باغ و بہار'' کس کتاب کے جواب میں لکھی تھی؟
جواب: رجب علی بیگ سرور کی ''فسانہ عجائب'' کے جواب میں۔
سوال ۷: عبدالوحید خان نے ابوالکلام آزاد کی کتاب ''آزادی ہند'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: تقسیم ہند۔
سوال ۸: ''موازنہ انیس و دبیر'' کے جواب میں منشی نظیر الحسن فوق نے کونسی کتاب لکھی؟
جواب: المیزان۔
سوال ۹: مثنوی ''گلزار نسیم'' کس مثنوی کے جواب میں لکھی گئی تھی؟
جواب: میر حسن کی مثنوی ''سحر البیان'' کے جواب میں۔
سوال ۱۰: فرقت کاکوروی نے ن۔م راشد کے مجموعہ کلام ''ماورا'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: ''مداوا'' کے نام سے۔
سوال ۱۱: حالی نے ایک نظم ''شکوہ ہند'' لکھی تھی۔ آپ بتائیے اس کے جواب میں یزدانی نے کونسی نظم لکھی تھی؟
جواب: رخصت عروس۔
سوال ۱۲: شبلی نعمانی کی ''شعر العجم'' کے جواب میں کونسی تنقیدی کتاب لکھی گئی تھی؟
جواب: ''تنقید شعر العجم'' کے نام سے حافظ محمود شیرانی نے لکھی تھی۔
سوال ۱۳: محمد حسین آزاد کی ''آب حیات'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی گئی تھی؟
جواب: ''تنقید آب حیات'' کے نام سے حافظ محمود شیرانی نے لکھی تھی۔
سوال ۱۴: مرزا ہادی رسوا کا مشہور ناول ''امراؤ جان ادا'' کس ناول کے جواب میں لکھا گیا تھا؟
جواب: ''قاری سرفراز حسین'' کے ناول ''شاہد رعنا'' کے جواب میں۔

سوال ۱۵: مرزا غالب نے اپنی مثنوی "ابرِ گہربار" کس مثنوی کی تنقید میں لکھی تھی؟
جواب: عالی تجوزن کی مثنوی "ساقی نامہ" کی تنقید میں۔
سوال ۱۶: مرزا غالب نے "برہانِ قاطع" کے جواب میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: قاطع برہان۔
سوال ۱۷: احسن فاروقی نے ناول "سنگم" میں قرۃ العین حیدر کے کس ناول کا جواب دینے کی کوشش کی تھی؟
جواب: "آگ کا دریا" کا۔
سوال ۱۸: "زندہ رود" کے ایک باب کے جواب میں ایک پوری کتاب "اقبال اور احمدیت" ۱۹۹۱ میں کس نے لکھی تھی؟
جواب: "شیخ عبدالماجد" نے۔
سوال ۱۹: علامہ اقبال نے اپنی فارسی تصنیف "جاوید نامہ" دانتے کی کس کتاب کے جواب میں لکھی تھی؟
جواب: "ڈیوائن کامیڈی" کے جواب میں۔
سوال ۲۰: امیر خسرو کی "خالق باری" کی پیروی میں "نوسرہار" کے خالق اشرف بیابانی نے کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: واحد باری۔
سوال ۲۱: مصحفی نے اپنی مثنوی "بحرالمحبت" کس شاعر کی مثنوی کے جواب میں لکھی تھی؟
جواب: میر تقی میر کی مثنوی "دریائے عشق" کے جواب میں۔
سوال ۲۲: "سب رس" کے خالق ملا وجہی کی "قطب مشتری" کے جواب میں غواصی نے کونسی مثنوی لکھی تھی؟
جواب: سیف الملوک و بدیع الجمال۔
سوال ۲۳: سعادت یار خان رنگین نے اپنی مثنوی "دل پذیر" کس مثنوی کے جواب میں لکھی تھی؟
جواب: "سحر البیان" کے جواب میں۔
سوال ۲۴: حالی نے "تریاق مسموم" کس کتاب کے جواب میں لکھی تھی؟
جواب: عیسائی پادری عمادالدین کی کتاب "ہدایت المسلمین" کے جواب میں۔
سوال ۲۵: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کو ان کی ادبی خدمات پر کونسا اعزاز دیا گیا تھا؟
جواب: نشانِ سپاس۔
سوال ۲۶: سب سے زیادہ تعداد میں ادب کے نوبل انعامات ادب کن ممالک کو ملے؟
جواب: فرانس اور امریکہ کو۔
سوال ۲۷: محمد اظہار الحق کی وہ کونسی کتاب ہے جسے آدم جی ادبی ایوارڈ ملا تھا؟
جواب: "دیوارِ آب"۔
سوال ۲۸: مولانا عبدالمجید سالک کو ان کی کس کتاب پر یونیسکو نے ۴۸۰ ڈالر کا انعام دیا تھا؟
جواب: "ہندوستان میں اسلامی تمدن" کو۔
سوال ۲۹: حسن اکبر کمال کو شاعری پر ۱۹۸۰ میں آدم جی ادبی انعام ملا آپ بتایئے رفعت سروش کو ان کی کس طویل نظم پر "نہرو ایوارڈ" ملا تھا؟
جواب: "وائٹ نائٹ" پر۔

سوال ۳۰: سندھی زبان کے کس ادیب کو ۱۹۸۰ میں سیرت مصطفیٰ لکھنے پر صدارتی انعام ملا؟
جواب: مولوی محمد عظیم شیدا اسوگی کو۔
سوال ۳۱: الطاف حسین حالی کی وہ کونسی کتاب ہے جس پر انہیں چار سو روپے انعام ملا؟
جواب: "مجالس النساء" یہ ۱۸۷۴ میں لکھی گئی تھی۔
سوال ۳۲: ۱۹۸۷ میں نقوش ادبی ایوارڈ اردو کی کن شخصیات کو دیا گیا تھا؟
جواب: شمس الرحمٰن فاروقی، اعجاز حسین بٹالوی، آغا بابر، حمایت علی شاعر، جمیل ملک۔
سوال ۳۳: مولانا صلاح الدین احمد کو ان کی ادبی خدمات کے سلسلے میں کب صدارتی ایوارڈ ملا؟
جواب: ۲۳۔ مارچ ۱۹۶۵ میں۔
سوال ۳۴: شوکت صدیقی کے ناول "خدا کی بستی" پر کس ادارے کی طرف سے پہلا انعام ملا؟
جواب: آدم جی ادبی ایوارڈ۔
سوال ۳۵: نذیر احمد کو مراۃ العروس پر ایک ہزار کے علاوہ سر ولیم میور نے اور کونسا انعام دیا تھا؟
جواب: ایک گھڑی اور اپنی جیب خاص سے دو ہزار نسخوں کی خریداری کا آرڈر۔
سوال ۳۶: "جب امرتسر جل رہا تھا" اردو کے کس ادیب کی انعام یافتہ کتاب ہے؟
جواب: خواجہ افتخار کی۔
سوال ۳۷: ڈاکٹر راشد حمید کو ان کی کس کتاب پر صدارتی ایوارڈ دیا گیا تھا؟
جواب: "اقبال کا تصور تاریخ" پر۔
سوال ۳۸: کیف بنارسی کو ان کے کس مجموعے پر بنک کلچرل ویلفیئر سوسائٹی نے "قائداعظم ایوارڈ" دیا تھا؟
جواب: "چراغ آشیاں سرحد" پر۔
سوال ۳۹: بیگم اختر ریاض الدین کے سفرنامے "دھنک پر قدم" پر کونسا ادبی انعام ملا تھا؟
جواب: آدم جی ادبی ایوارڈ۔
سوال ۴۰: محمد علی صدیقی کو ان کی کس کتاب پر پاکستان رائٹرز گلڈ انعام ملا تھا؟
جواب: کتاب کا نام تھا "توازن"۔
سوال ۴۱: رابندر ناتھ ٹیگور کو ۱۹۱۳ میں کس کتاب پر ادب کا نوبل انعام ملا تھا؟
جواب: "گیتان جلی" پر۔
سوال ۴۲: ناصر کاظمی کو شاعری کے کس مجموعہ پر آدم جی ادبی ایوارڈ ملا؟
جواب: غزلوں کے مجموعہ "دیوان" پر۔
سوال ۴۳: سب سے پہلے اردو کے کس شاعر کو اور کس کتاب پر آدم جی ادبی ایوارڈ ۱۹۶۲ میں دیا گیا تھا؟
جواب: جعفر طاہر کو ان کی کتاب "ہفت کشور" پر۔
سوال ۴۴: دنیا میں ادب کا پہلا ادبی نوبل انعام کب دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۹۰۱ میں۔
سوال ۴۵: نوبل انعام کا بانی کون تھا؟
جواب: نوبل انعام کا بانی "الفریڈ نوبل" سویڈن کا کیمیادان، انجینئر، فوجی جنگی سازوسامان تیار اور فروخت کرنے والا اور ڈائنامائٹ کا موجد تھا۔

سوال ۴۶: ابتداء میں نوبل انعام کن شعبوں میں دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۹۰۱ میں سائنس، ادب اور امن کے شعبوں میں دیا گیا تھا۔
سوال ۴۷: ۱۹۶۸ سے نوبل انعام کے شعبوں میں کس نئے شعبہ کا اضافہ کر دیا گیا تھا؟
جواب: معاشیات کے شعبے کا۔
سوال ۴۸: برصغیر میں سب سے پہلے کس ادیب کو ادب کا نوبل انعام دیا گیا تھا؟
جواب: رابندر ناتھ ٹیگور کو ۱۹۱۳ میں۔
سوال ۴۹: کس سال پہلی مرتبہ نوبل انعام نہ دیا گیا اور کیوں؟
جواب: ۱۹۱۴ میں پہلی جنگ عظیم کی وجہ سے۔
سوال ۵۰: عبیداللہ علیم کی کس کتاب پر اور کب آدم جی ادبی انعام دیا گیا تھا؟
جواب: ''چاند چہرہ ستارہ آنکھیں'' پر ۱۹۷۴ میں۔
سوال ۵۱: ''ہادی عالم'' کے نام سے حضور اکرم ﷺ کی بے نقط سیرت لکھنے پر محمد ولی رازی کو پاکستان میں کونسا انعام ملا؟
جواب: صدارتی انعام۔
سوال ۵۲: علامہ عنایت اللہ مشرقی کی کونسی کتاب نوبل انعام کے لیے زیر غور رہی؟
جواب: کتاب کا نام ہے ''تذکرہ''۔
سوال ۵۳: بتائیے کہ پہلی مرتبہ لگاتار چار برس تک نوبل انعام تقسیم کیوں نہیں کیا گیا تھا وجہ بتائیے؟
جواب: ۱۹۴۰ سے ۱۹۴۳ تک بوجہ جنگ عظیم دوم۔
سوال ۵۴: علامہ اقبال کے ایک مغربی ہم عصر اور نوبل انعام یافتہ ادیب نے ایک بار کہا تھا کہ ''مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب یہ دونوں کبھی نہیں مل سکتے'' آپ ادیب کا نام بتائیے؟
جواب: یہ رڈیارڈ کپلنگ کا قول ہے۔
سوال ۵۵: علامہ اقبال نے ادب کا نوبل انعام نہ ملنے پر کن خیالات کا اظہار کیا تھا؟
جواب: انھوں نے کہا کہ میری شاعری میں سب کچھ مغرب کے خلاف ہے اس لیے وہ مجھے نوبل انعام کیسے دے سکتے ہیں۔
سوال ۵۶: اردو کا پہلا نقوش ادبی ایوارڈ کس ادیب کو دیا گیا جو مقتدرہ قومی زبان کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی کو۔
سوال ۵۷: جمیلہ ہاشمی کو کس کتاب پر اور کب آدم جی ادبی ایوارڈ دیا گیا تھا؟
جواب: ''تلاش بہاراں'' پر ۱۹۶۱ میں دیا گیا تھا۔
سوال ۵۸: اردو افسانے کا پہلا آدم جی ادبی ایوارڈ کس کتاب پر اور کس افسانہ نگار کو دیا گیا تھا؟
جواب: عرشی صدیقی کو (''باہر کفن سے پاؤں'' پر)۔
سوال ۵۹: پہلا علامہ اقبال ہجری ایوارڈ کس شاعر کو اور کس کتاب پر ۱۹۸۳ میں میں دیا گیا تھا؟
جواب: محسن احسان کی کتاب ''ناتمام'' پر۔
سوال ۶۰: مشتاق احمد یوسفی کے کس مزاحیہ مجموعہ پر آدم جی ادبی ایوارڈ دیا گیا تھا؟
جواب: ''خاکم بدہن'' پر۔

سوال ۶۱: ساحر لدھیانوی کو ان کی کس کتاب پر ''لینن انعام'' ملا تھا؟
جواب: ''متاع غیر'' پر۔
سوال ۶۲: راجندر سنگھ بیدی کو ان کے ناولٹ ''ایک چادر میلی سی'' پر ساہیہ اکیڈمی نے انعام دیا آپ بتائیے بھارتی حکومت نے انھیں کونسا ایوارڈ دیا تھا؟
جواب: پدم شری ایوارڈ۔
سوال ۶۳: ایک عیسائی پادری احمد شاہ شوق کی کتاب ''امہات المومنین'' کے جواب میں ڈپٹی نذیر احمد نے کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: ''امہات الامہ'' کے نام سے۔
سوال ۶۴: ''امہات الامہ'' (۱۹۰۸) یہ وہ کتاب ہے جو پادری احمد شاہ شوق کی کتاب ''امہات مومنین'' کے جواب میں لکھی گئی تھی۔ یہ دوسری بار ۱۹۳۵ میں چھپی اور دونوں بار علماء و عوام کے دباؤ پر جلا دی گئی تھی آپ اس کتاب کا موضوع بتائیے؟
جواب: حضور اکرم ﷺ کی ''تعداد ازواج'' اس کتاب کا موضوع ہے۔
سوال ۶۵: مرزا غالب کی ''قاطع برہان'' کے جواب میں آغا احمد علی اصفہانی نے کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: ''موید برہان'' کے نام سے۔
سوال ۶۶: مرزا غالب نے ''موید برہان'' کا جواب کونسی کتاب لکھ کر دیا تھا؟
جواب: ''تیغ تیز'' لکھ کر جواب دیا تھا۔
سوال ۶۷: آغا احمد علی اصفہانی نے مرزا غالب کی ''تیغ تیز'' کا جواب کونسی کتاب لکھ کر دیا تھا؟
جواب: ''شمشیر تیز تر''۔
سوال ۶۸: یہ کس نقاد نے کہا تھا؟
''بوستان خیال'' داستان امیر حمزہ کا جواب ہے۔
جواب: کلیم الدین احمد نے۔
سوال ۶۹: مولوی امداد العلی نے سرسید کے رسالے ''تہذیب الاخلاق'' کے جواب میں کونسا رسالہ جاری کیا؟
جواب: رسالہ ''امداد الآفاق''۔
سوال ۷۰: عبدالحلیم شرر نے اپنے ناولوں میں کس مغربی ناول نگار کے مسلمانوں کے خلاف تعصب کو محسوس کر کے اس کا جواب دیا ہے؟
جواب: والٹر اسکاٹ کے۔
سوال ۷۱: چودھری افضل حق کو ان کی کتاب ''زندگی'' پر کس ادارے نے کتنا انعام دیا تھا؟
جواب: پنجاب یونیورسٹی نے پانچ سو روپے نقد انعام پیش کیا تھا۔
سوال ۷۲: مرزا غالب نے مرزا رحیم بیگ میرٹھی کی ''ساطع برہان'' کے جواب میں کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: ''نامۂ غالب'' کے نام سے جو کہ خط کی صورت میں ہے۔
سوال ۷۳: ''اقبال کا تصور تاریخ'' پر کب اور کونسا انعام دیا گیا تھا؟
جواب: قومی صدارتی اقبال ایوارڈ برائے سال ۲۰۰۸۔

سوال ۷۴: ''اقبال کی حب الوطنی'' نامی کتاب لکھنے پر بنگلور یونیورسٹی کے ایک طالب علم کو ۱۹۸۵ کے لیے رب کا سروجنی نائیڈو ایوارڈ دیا گیا تھا آپ نام بتائیے؟
جواب: مسٹر محمد ابراہیم۔
سوال ۷۵: اقبالیات کی ماہر جرمنی کی اُس پہلی ادیبہ کا نام بتائیے جس نے ۲۳۔ مارچ ۱۹۸۳ کو پاکستان کا اعزاز ''ہلال امتیاز'' پانے کا اعزاز حاصل کیا؟
جواب: این میری شمل۔
سوال ۷۶: اردو کی مشہور شاعرہ بسمل صابری کو کس سال فرید اکیڈمی ساہیوال کی طرف سے بہترین شاعرہ کا اکیڈمی ایوارڈ ملا تھا؟
جواب: ۱۹۸۱ میں۔
سوال ۷۷: ۱۹۸۶ میں ''زندہ رود'' کی پہلی جلد پر کس ادارے نے ۵۰ ہزار روپے کا انعام دیا تھا؟
جواب: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد نے۔
سوال ۷۸: ''زندہ رود'' کی تینوں جلدوں پر ۱۹۸۸ میں کونسا انعام دیا گیا تھا؟
جواب: ۵۰ ہزار روپے کا صدارتی انعام۔
سوال ۷۹: اقبال کی مثنوی ''اسرار خودی'' کے جواب میں ۱۹۶۲ میں مثنوی ''سرالاسرار'' کے نام سے مشرقی پاکستان سے کس نے شائع کرائی تھی؟
جواب: ڈاکٹر خواجہ معین الدین جمیل نے۔
سوال ۸۰: صدر ایوب خان کے دورِ حکومت میں کونسے ادارے کی بنیاد رکھی گئی جو اُدباء اور شعراء کو ادبی انعام دیتا تھا؟
جواب: پاکستان رائٹرز گلڈ۔
سوال ۸۱: اردو کا وہ کونسا مشہور شاعر ہے۔ جسے ۱۹۶۸ میں نوبل فاؤنڈیشن نے انعامات کی تقریب دیکھنے کے لیے ''اسٹاک ہوم'' بلایا تھا۔ غالباً یہ پہلے ایشائی ادیب ہیں جنھیں انعام ملے بغیر تقسیم انعامات میں مہمان کے طور پر بلایا گیا؟
جواب: جمیل الدین عالی۔
سوال ۸۲: رام بابو سکسینہ نے ''تاریخ ادب اردو'' کس انگریز پروفیسر کی کتاب کی طرز پر لکھی تھی۔ کتاب کا نام بھی بتائیے؟
جواب: پروفیسر سینٹ گری کی کتاب ''مختصر تاریخ علم و ادب'' کی طرز پر۔
سوال ۸۳: مرزا غالب کے سہرے کے جواب میں کس شاعر نے سہرا لکھا تھا؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق۔
سوال ۸۴: پروین شاکر کے کس شعری مجموعے پر ۱۹۷۸ء میں آدم جی ادبی ایوارڈ ملا تھا؟
جواب: پہلے شعری مجموعے ''خوشبو'' پر

☆☆☆

علی گڑھ تحریک اور اس کا ردِ عمل

سوال ۱: علی گڑھ تحریک کو دوسرے کس نام سے پکارا جاتا ہے؟
جواب: ''تحریک سرسید'' کے نام سے۔
سوال ۲: سرسید احمد خان نے علی گڑھ میں اسکول کب قائم کیا تھا؟
جواب: ۱۸۷۵ میں۔
سوال ۳: سرسید نے علی گڑھ میں اسکول کو کالج کا درجہ ۱۸۷۷ میں دلوا دیا تھا آپ بتائے علی گڑھ کالج کو یونیورسٹی کا درجہ کب دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۹۲۰ میں۔
سوال ۴: ''محمڈن اینگلو اورینٹل کالج'' کس مشہور کالج کا نام ہے؟
جواب: علی گڑھ کالج۔
سوال ۵: سرسید کے مشہور رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کا انگریزی نام کیا ہے؟
جواب: محمڈن سوشل ریفارمر۔
سوال ۶: مولوی چراغ علی کا کس تحریک سے تعلق تھا؟
جواب: علی گڑھ تحریک سے۔
سوال ۷: علی گڑھ تحریک کا بانی کون تھا؟
جواب: سرسید احمد خان۔
سوال ۸: سرسید کی کتاب ''آ ئین اکبری'' کی کتنی جلدیں ہیں؟
جواب: تین جلدیں تھیں، پہلی اور تیسری جلدیں موجود ہیں لیکن دوسری جلد ضائع ہوگئی تھی۔
سوال ۹: سرسید نے ''احکام طعام اہل کتاب'' میں ثابت کیا ہے کہ مسلمان انگریزوں کے ساتھ کھانا کھا سکتے ہیں آپ بتائیے یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۸۶۸ میں۔
سوال ۱۰: سرسید نے ''ٹیٹلر''، ''شیکسپیئر'' اور ''گارڈین'' اخبارات سے متاثر ہو کر کونسا رسالہ شائع کیا تھا؟
جواب: رسالہ ''تہذیب الاخلاق''۔
سوال ۱۱: سرسید کی کس کتاب کا فرانسیسی زبان میں ۱۸۶۱ میں ترجمہ کیا گیا تھا؟
جواب: آثار الصنادید کا۔
سوال ۱۲: سرسید نے شبلی نعمانی کو علی گڑھ کالج میں کن مضامین کا استاد مقرر کیا تھا؟
جواب: عربی اور فارسی مضامین کا۔
سوال ۱۳: آثار الصنادید کا خاص موضوع علم تعمیرات ہے آپ بتائیے اس کتاب کے کتنے حصے ہیں؟
جواب: یہ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔

سوال ۱۴: سرسید کی وہ کونسی کتاب ہے، جس کے لکھنے پر ان کے لیے سزائے موت تجویز کی گئی تھی؟
جواب: اسبابِ بغاوت ہند۔
سوال ۱۵: اردو کے کس مشہور شاعر کی نکالی ہوئی تاریخ وفات سرسید کے لوحِ مزار پر موجود ہے؟
جواب: علامہ اقبال کی۔
سوال ۱۶: سرسید نے شاعری میں کونسا تخلص استعمال کیا تھا؟
جواب: آہی۔
سوال ۱۷: ''تہذیب الاخلاق'' رسالہ میں سرسید کے بعد سب سے زیادہ مضامین کس نے لکھے؟
جواب: محسن الملک نے۔
سوال ۱۸: ۱۸۶۹ میں انگریز حکومت نے سرسید کو کونسا خطاب دیا تھا؟
جواب: سی ایس آئی CSI کا خطاب۔
سوال ۱۹: سرسید کی پہلی تصنیف کونسی ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: ''جام جم'' کے نام سے یہ ۱۸۳۹ میں شائع ہوئی تھی۔
سوال ۲۰: ''سائنٹیفک سوسائٹی'' کی بنیاد کب رکھی گئی؟
جواب: ۱۸۶۳ میں۔
سوال ۲۱: ''دارالمصنفین'' کا ادارہ کب اور کہاں قائم کیا گیا تھا؟
جواب: اعظم گڑھ میں یہ ۱۹۱۳ کو قائم ہوا۔
سوال ۲۲: اردو نثر کا سنہری دور کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: سرسید کے دور کو۔
سوال ۲۳: ''ندوۃ العلماء'' کی بنیاد کب اور کس نے رکھی تھی؟
جواب: سید محمد کانپوری نے ۱۸۹۴ میں لکھنؤ میں بنیاد رکھی تھی۔
سوال ۲۴: اردو مضمون نگاری کا بانی کس ادیب کو قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: سرسید احمد خان کو۔
سوال ۲۵: ''انجمن ترقی اردو'' کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟
جواب: ۱۹۰۳ میں۔
سوال ۲۶: سرسید نے انگریزی کتب کا اردو میں ترجمہ کرنے کے لیے ایک سوسائٹی کی بنیاد رکھی تھی آپ نام بتایئے؟
جواب: ''سائنٹیفک سوسائٹی'' کے نام سے ۱۸۶۳ میں بنیاد رکھی گئی۔
سوال ۲۷: سرسید کے بچپن کے استاد کا نام بتایئے؟
جواب: حمید الدین۔
سوال ۲۸: ماسٹر رام چندر کس ادارے سے منسلک تھے؟
جواب: علی گڑھ کالج سے۔

سوال ۲۹: سرسید نے سب سے پہلا اسکول کہاں قائم کیا؟
جواب: مراد آباد میں ایک فارسی مدرسہ ۱۸۵۹ء میں قائم کیا تھا۔
سوال ۳۰: ''آثار الصنادید'' اور ''آئین اکبری'' کی تقریظ کس نے لکھی تھی؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۳۱: علی گڑھ میں سرسید کے قریب ان کے کونسے دوست دفن ہیں؟
جواب: محسن الملک۔
سوال ۳۲: پروفیسر رشید احمد صدیقی کس یونیورسٹی میں پروفیسر رہے تھے؟
جواب: علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں۔
سوال ۳۳: ۱۸۵۷ کے واقعات سے متعلق سرسید کی اہم کتاب کونسی ہے؟
جواب: ''اسبابِ بغاوت ہند''۔
سوال ۳۴: سرسید کی زندگی کا مقصد کیا تھا؟
جواب: مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ۔
سوال ۳۵: تحریک سرسید کے زیر اثر جو نثر سامنے آئی وہ کس انداز کی پیروی تھی؟
جواب: فورٹ ولیم کالج کی نثر کی۔
سوال ۳۶: ۱۸۶۹ میں سرسید کی زندگی کا کونسا اہم واقع ہوا؟
جواب: انگلستان کا سفر۔
سوال ۳۷: سرسید کی ابتدائی تحریریں کن موضوعات پر تھیں؟
جواب: تاریخ نگاری، ریاضی، تصوف اور مناظرہ و تقابلِ مذاہب پر۔
سوال ۳۸: الطاف حسین حالی نے ''حیات جاوید'' میں سرسید کی زندگی کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟
جواب: تین ادوار میں ۱۸۵۷، ۱۸۶۹، ۱۸۹۸ تک۔
سوال ۳۹: سرسید کی تصنیفی زندگی کے پہلے دور کا اختتام ۱۸۵۷ کو ہوتا ہے آپ بتایئے دوسرا دور کب ختم ہوتا ہے؟
جواب: ۱۸۶۹ کو۔
سوال ۴۰: سرسید کی تصنیفی زندگی کا دوسرا دور ۱۸۵۷ تا ۱۸۶۹ سفر انگلستان تک گردانا جاتا ہے۔ تیسرا دور ان کی وفات پر ختم ہوتا ہے آپ تاریخ وفات بتایئے؟
جواب: ۱۸۹۸ میں۔
سوال ۴۱: سرسید کی تصنیف ''جام جم'' کا موضوع کیا ہے اور یہ کس زبان میں ہے؟
جواب: اس میں امیر تیمور سے لے کر بہادر شاہ ظفر تک ۴۳ بادشاہوں کا مختصر حال بیان کیا گیا ہے اور یہ فارسی زبان میں لکھی گئی ہے۔
سوال ۴۲: آثار الصنادید کو آسان اردو میں کب لکھا گیا تھا؟
جواب: سرسید نے ۱۸۵۴ میں دوسرا ایڈیشن شائع کیا تھا۔

سوال ۴۳: سرسید نے پیری مریدی کے مروجہ طریقے کے خلاف کونسی کتاب لکھی؟
جواب: ''کلمۃ الحق'' کے نام سے ۱۸۴۹ میں لکھی۔
سوال ۴۴: ۱۸۵۷ میں سرسید بجنور میں تھے بعد میں انھوں نے واقعات جنگ مئی ۱۸۵۷ تا اپریل ۱۸۵۸ء کتاب ''تاریخ سرکشی بجنور'' میں لکھے یہ کتاب انھوں نے کہاں آ کر لکھی تھی؟
جواب: مراد آباد میں۔
سوال ۴۵: ''اسباب بغاوت ہند'' کا انگریزی میں ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: کرنل گراہم نے۔
سوال ۴۶: سرسید نے علی گڑھ میں ''سائنٹیفک سوسائٹی اخبار'' ۱۸۶۶ میں جاری کیا جس کے وہ مدیر خود تھے اس میں شائع ہونے والے سیاسی مضامین کا کیا مقصد تھا؟
جواب: انگریزوں اور ہندوستانیوں کو متحد کرنا۔
سوال ۴۷: ''خطبات احمدیہ'' سرسید نے کہاں لکھی تھی؟
جواب: انگلستان میں پہلا مسودہ تحریر کیا تھا۔
سوال ۴۸: سر ولیم میور نے ''لائف آف محمد ﷺ'' میں آپ ﷺ پر متعدد اعتراضات کیے اس کتاب کے جواب میں سرسید نے کونسی کتاب لکھی جس میں انھوں نے محمد ﷺ کی ذات بابرکات کو ہر عیب سے مبرا قرار دیا؟
جواب: ''خطبات احمدیہ'' میں۔
سوال ۴۹: سرسید نے انگلستان سے واپس آ کر اپنے سفر کے مشاہدات و تاثرات لکھنے شروع کیے جن کی کچھ اقساط سوسائٹی اخبار میں شائع ہوئیں مگر کچھ عوامی مخالفت کے باعث انھیں اس سلسلے کو بند کرنا پڑا۔ ان تجربات و مشاہدات کو انھوں نے کس نام سے لکھا؟
جواب: سفرنامہ لندن۔
سوال ۵۰: سرسید کس ہندو رہنما سے سب سے زیادہ متاثر تھے؟
جواب: راجہ رام موہن رائے سے۔
سوال ۵۱: سرسید نے انجیل کی تفسیر کس نام سے لکھی؟
جواب: ''تبیین الکلام'' کے نام سے
سوال ۵۲: ۱۸۶۵ میں سرسید نے ''سائنٹیفک سوسائٹی'' غازی پور سے کہاں منتقل کر دی تھی؟
جواب: علی گڑھ میں۔
سوال ۵۳: تحریک علی گڑھ کا نقطۂ آغاز کس واقعہ کو گردانا جاتا ہے؟
جواب: علی گڑھ سائنٹیفک سوسائٹی کا قیام۔
سوال ۵۴: سرسید لندن کب گئے تھے اور واپس کب آئے؟
جواب: یکم اپریل ۱۸۶۹ میں گئے اور واپسی ۲ اکتوبر ۱۸۷۰ کو ہوئی تھی۔
سوال ۵۵: سرسید ادب کے بارے میں کیا نظریہ رکھتے تھے؟
جواب: ادب بامقصد ہونا چاہیے۔

سوال ۵۶: سرسید کو سب سے پہلا ترقی پسند ادیب اور نقاد کس نے قرار دیا؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ نے۔
سوال ۵۷: علی گڑھ کے معاملات میں سرسید کے دست و بازو کون تھے؟
جواب: محسن الملک۔
سوال ۵۸: نواب محسن الملک کو سرسید کے حوالے سے کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: سرسید کے ترجمان۔
سوال ۵۹: نواب محسن الملک کا اصل نام تو سید مہدی علی ہے آپ بتایئے کہ وقار الملک کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: مولوی مشتاق حسین۔
سوال ۶۰: سرسید کے ساتھیوں میں سے سب سے زیادہ عوامی کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد کو۔
سوال ۶۱: تحریک علی گڑھ سے وابستہ کونسا ادیب سب سے بہتر سوانح نگار ہے؟
جواب: الطاف حسین حالی۔
سوال ۶۲: نظریہ ''ادب برائے زندگی'' کا امام کس مشہور ادیب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: الطاف حسین حالی کو۔
سوال ۶۳: سرسید کے اس ساتھی کا نام بتایئے جو سرسید سے الگ ہو کر ''ندوۃ العلماء'' لکھنؤ سے وابستہ ہو گئے تھے؟
جواب: شبلی نعمانی۔
سوال ۶۴: شبلی نعمانی نے ''ندوۃ العلماء'' سے بھی الگ ہو کر اعظم گڑھ میں تصنیف و تالیف، تحقیق و تراجم کے لیے کونسے ادارے کی بنیاد رکھی؟
جواب: ۱۹۱۳ میں ''دار المصنفین'' کے نام سے بنیاد رکھی تھی۔
سوال ۶۵: سرسید کے کس ساتھی نے علی گڑھ میں پروفیسر آرنلڈ سے مغربی فلسفہ کی تعلیم لی اور فرانسیسی زبان بھی سیکھی؟
جواب: شبلی نعمانی نے۔
سوال ۶۶: ''تہذیب الاخلاق'' کے جواب میں مولوی امداد علی نے کونسا رسالہ جاری کیا؟
جواب: امداد الآفاق۔
سوال ۶۷: مولانا قاسم نانوتوی نے سرسید کے خلاف رسالے لکھے۔ آپ بتایئے مولانا قاسم نانوتوی کس ادارے کے نمائندے تھے؟
جواب: مدرسہ دیوبند کے۔
سوال ۶۸: تحریک علی گڑھ کے خلاف اوچھے حربوں اور ہتھکنڈوں کا سرخیل کونسا رسالہ تھا؟
جواب: اودھ پنچ۔
سوال ۶۹: اودھ پنچ نے سرسید کی تحریک کو ''نیچریہ مذہب'' قرار دیا۔ آپ بتایئے کہ اودھ پنچ نے ''لامذہب'' کا مرکز کسے قرار دیا؟
جواب: علی گڑھ کالج کو۔

سوال ۷۰: ''اودھ پنچ'' کے کس شاعر کی طنزیہ اور مزاحیہ شاعری سرسید کے خلاف ایک توانا آواز قرار پاتی ہے؟
جواب: اکبر الٰہ آبادی کی مزاحیہ شاعری۔
سوال ۷۱: علی گڑھ تحریک سے وابستگی کے دوران شبلی کی دو نظمیں بہت مشہور ہوئیں ایک مثنوی ''صبح امید'' اور دوسری ''تماشائے عبرت'' ہے۔ آپ بتائیے کہ نظم ''تماشائے عبرت'' کس ہیئت میں ہے؟
جواب: ''مسدس'' ہیئت میں۔
سوال ۷۲: شبلی نعمانی کے دوسرے دور کی شاعری کی بنیاد کیا تھی؟
جواب: سرسید کی تحریک کا ردعمل۔
سوال ۷۳: تحریک علی گڑھ کے مقصدی ادب کے خلاف ردعمل شاعری میں شبلی نعمانی نے کیا تھا آپ بتائیے نثر میں ردعمل کس ادیب نے ظاہر کیا؟
جواب: ابوالکلام آزاد نے۔
سوال ۷۴: سرسید کی وہ کونسی کتاب تھی جسے وہ مکمل نہ کر سکے تھے؟
جواب: ''تفسیر القرآن'' کے نام سے قرآن شریف کی تفسیر لکھی تھی جس کی صرف چھ جلدیں لکھی تھیں لیکن موت نے اجازت نہ دی اور وہ صرف نصف قرآن کی تفسیر لکھ پائے۔ یہ تفسیر یہ ثابت کرنے کے لیے لکھی تھی کہ اسلام اور سائنس ایک ہے۔
سوال ۷۵: ''خطبات احمدیہ'' میں کتنے خطبات ہیں اور یہ کہاں لکھی گئی تھی؟
جواب: کل ۱۲ خطبات اور یہ ۱۸۷۰ء میں لندن میں لکھی گئی تھی۔
سوال ۷۶: ''تہذیب الاخلاق'' کے جاری کرنے کے کیا اغراض و مقاصد تھے؟
جواب: ۱۔ مسلمانوں کو کامل درجے کی تہذیب اختیار کرنے پر راغب کرنا۔
۲۔ مسلمانوں کو پوری دنیا میں معزز اور مہذب بنا کر دکھانا۔
۳۔ مسلمانوں کی دینی اور دنیاوی بھلائی۔
سوال ۷۷: رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' میں سرسید کے کل کتنے مضامین چھپے تھے؟
جواب: کل ۱۷۵ مضامین۔
سوال ۷۸: سرسید نے کس کتاب کو لکھنے کے لیے ایک یہودی سے عبرانی زبان سیکھی؟
جواب: ''تبیین الکلام'' ''ترجمہ انجیل'' بائبل کی تفسیر کے لیے۔
سوال ۷۹: ''دہلی کی مختصر تاریخ'' سرسید کی کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ''آثار الصنادید'' پہلی جلد ۱۸۴۷ء میں شائع ہوئی تھی۔
سوال ۸۰: سرسید کے رسالے ''لائل محمڈنز آف انڈیا'' کا اردو نام بتائیے؟
جواب: خیر خواہان مسلمان ۱۸۶۰ء۔
سوال ۸۱: سرسید نے ''علی گڑھ برٹش انڈین ایسوسی ایشن'' کی بنیاد کب رکھی تھی؟
جواب: مئی ۱۸۶۶ء میں۔
سوال ۸۲: سرسید نے ''محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس'' کی بنیاد کب اور کہاں رکھی تھی؟
جواب: ۲۷ دسمبر ۱۸۸۶ء کو ایم اے او کالج میں۔

سوال ۸۳: سرسید کو ''پبلک سروس کمیشن'' انڈیا کا ممبر کب اور کس نے بنوایا تھا؟
جواب: لارڈ ڈفرن نے ۱۸۸۷ء میں۔
سوال ۸۴: سرسید نے ''آثار الصنادید'' میں محمد ابراہیم ذوق اور بہادر شاہ ظفر کے استاد شاہ نصیر کے اشعار کی تعداد کتنی بتائی ہے؟
جواب: دو لاکھ اشعار سے زیادہ تعداد ہے۔
سوال ۸۵: سرسید کو ''پیر نیچر'' کا خطاب کس شخصیت نے دیا تھا؟
جواب: منشی سجاد حسین نے۔
سوال ۸۶: سرسید کے والد اور والدہ کے نام بتائیے؟
جواب: والد کا نام میر متقی اور والدہ کا نام عزیز النساء بیگم۔
سوال ۸۷: امام بخش صہبائی کو انگریزوں نے کب پھانسی دی تھی؟
جواب: ۱۸۵۷ء میں۔
سوال ۸۸: سرسید کا پنشن لینے کے بعد کس ملک میں سکونت اختیار کرنے کا ارادہ تھا؟
جواب: مصر میں۔
سوال ۸۹: سرسید نے مراد آباد سے ایک رسالہ اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں شائع کیا۔ آپ رسالے کا نام بتائیے؟
جواب: ''رائل محمڈنز آف انڈیا'' کے نام سے ۱۸۶۰ء میں شائع کیا۔
سوال ۹۰: ''رائل محمڈنز آف انڈیا'' رسالے کے کل کتنے شمارے شائع ہوئے اور اسے کب بند کر دیا گیا تھا؟
جواب: صرف تین شمارے اور اسے ۱۸۶۱ء میں بند کر دیا گیا تھا۔
سوال ۹۱: سرسید کو ایڈنبرا یونیورسٹی نے ان کی تعلیمی، تصنیفی اور علمی خدمات کے صلے میں اعزازی ڈگری کب دی؟
جواب: ۱۸۸۹ء میں۔
سوال ۹۲: سرسید کا ملازم جو ان کی خدمت پر مامور رہتا تھا ان کا نام بتائیے؟
جواب: ملازم کا نام ''عظیم'' تھا۔
سوال ۹۳: سرسید کو ''نائٹ کمانڈر طبقہ اعلیٰ ستارہ ہند'' کا خطاب کب دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۸۸ء میں۔
سوال ۹۴: سرسید لندن میں کتنا عرصہ مقیم رہے؟
جواب: صرف ۱۷ ماہ مقیم رہے (یکم اپریل ۱۸۶۹ء تا ۲ اکتوبر ۱۸۷۰ء)۔
سوال ۹۵: ''آثار الصنادید'' پہلی بار کس اخبار میں شائع ہوئی؟
جواب: ''سید الاخبار'' ۱۸۴۷ء (یہ چار ابواب پر مشتمل ہے)۔
سوال ۹۶: ''مقالات سرسید'' محمد اسماعیل نے کتنی جلدوں میں اور کس ادارے سے شائع کرائی تھی؟
جواب: ۱۶ جلدوں میں مجلس ترقی اردو لاہور نے شائع کی ہیں۔

سوال ۹۷: محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا پہلے کیا نام تھا؟

جواب: مدرسۃ العلوم۔

سوال ۹۸: سرسید نے سائنٹیفک سوسائٹی کے زیر اہتمام "علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ اخبار" کی بنیاد کب رکھی تھی؟

جواب: ۱۸۶۶ء میں۔

سوال ۹۹: "مدرسۃ العلوم" علی گڑھ میں تعلیم کب شروع ہوئی تھی؟

جواب: ۱۸۷۵ء میں۔

سوال ۱۰۰: سرسید نے اپنی تصنیفی زندگی کا آغاز کس حیثیت سے کیا تھا؟

جواب: محقق کی حیثیت سے۔ "آثار الصنادید" ایک تحقیقی کاوش کی زندہ مثال ہے۔

سوال ۱۰۱: "دربار اکبری" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: تاریخ نویسی۔

سوال ۱۰۲: پروفیسر آرنلڈ نے علی گڑھ کالج کو کب چھوڑا تھا؟

جواب: ۱۸۹۸ء میں۔

سوال ۱۰۳: اردو کے کس مزاحیہ اخبار نے سرسید کو "نیچری" کا خطاب دیا تھا اور اسی اخبار نے علی گڑھ تحریک کو "لامذہبیت" کا مرکز اور سرسید کی تحریک کو "نیچریہ مذہب" قرار دیا تھا؟

جواب: "اودھ پنچ اخبار" نے۔

سوال ۱۰۴: شبلی نعمانی علی گڑھ کالج سے کتنے سال وابستہ رہے؟

جواب: (۱۶) سولہ سال تک۔

سوال ۱۰۵: شبلی نعمانی کو سرسید نے علی گڑھ کالج میں کونسے مضامین کا استاد مقرر کیا تھا؟

جواب: عربی اور فارسی کا۔

سوال ۱۰۶: سرسید احمد خان علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں دفن ہیں آپ بتایئے کہ ان کے مزار پر اردو کے کس مشہور شاعر کا شعر لکھا ہے شعر بھی بتایئے؟

جواب: علامہ اقبال کی نظم "سید کی لوح تربت" کا شعر لکھا ہے۔

سونے والوں کو جگا دے شعر کے اعجاز سے

خرمن باطل جلا دے شعلہ آواز سے

سوال ۱۰۷: سرسید کے مضمون "امید کی خوشی" کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

"امید کی خوشی" کو اسی طرح اردو ادب کا بہترین مضمون کہہ سکتے ہیں جیسے چارلس لیمب کے "ڈریم چلڈرن" (Dream Children) کو انگریزی کا بہترین مضمون (Essay) کہا جاتا ہے۔

جواب: ڈاکٹر احسن فاروقی نے

سوال ۱۰۸: مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی طرز پر ہندوؤں نے بنارس میں کونسی یونیورسٹی اور کب بنائی تھی؟

جواب: "ہندو یونیورسٹی بنارس" کے نام سے ۱۹۱۶ء میں قائم کی تھی۔

☆☆☆

ترقی پسند تحریک اور رومانی تحریک

سوال ۱: اردو ادب کی وہ کونسی تحریک ہے جس کا باقاعدہ منشور جاری کیا گیا؟

جواب: "ترقی پسند تحریک" ۱۹۳۶ء میں۔

سوال ۲: ترقی پسند تحریک کی سب سے پہلی کانفرنس اپریل ۱۹۳۶ء لکھنؤ میں ہوئی تھی۔ آپ بتایئے اسکی صدارت کس نے کی تھی؟

جواب: پریم چند نے۔

سوال ۳: ترقی پسند تحریک کی دوسری کانفرنس ۱۹۳۸ء کلکتہ میں ہوئی اور اس کا آخری خطبہ کس نے دیا تھا؟

جواب: رابندر ناتھ ٹیگور نے۔

سوال ۴: پاکستان میں ترقی پسندوں کی پہلی سالانہ کانفرنس کی صدارت حفیظ جالندھری نے کی۔ آپ بتایئے دوسری کانفرنس کی صدارت کس نے کی تھی؟

جواب: مولوی عبدالحق نے۔

سوال ۵: ترقی پسند تحریک کے ادب کو مخالفین نے کیا قرار دیا تھا؟

جواب: پروپیگنڈہ قرار دیا تھا۔

سوال ۶: ترقی پسند تحریک کا پہلا اعلان نامہ سجاد ظہیر، ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر اور ملک راج آنند نے کہاں تیار کیا تھا؟

جواب: ۱۹۳۵ء میں "نانکنگ ہوٹل لندن" میں۔

سوال ۷: ترقی پسند تحریک کے اکثر نوجوان شعراء کا تعلق پہلے کس تحریک سے تھا؟

جواب: "رومانی تحریک" سے۔

سوال ۸: ترقی پسند تحریک کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

جواب: تین ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

سوال ۹: ترقی پسند تحریک کا اہم ترین دور پہلا دور ہے آپ بتایئے یہ کب سے کب تک کا ہے؟

جواب: ۱۹۳۶ سے ۱۹۴۰ تک کا دور ہے۔

سوال ۱۰: کس ادیب نے افسانوی مجموعہ "انگارے" کو سماج پر پہلا وحشیانہ حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کی اشاعت سے نئے ادب نے خود مختاری کا علم بلند کیا؟

جواب: احمد علی کے بقول۔

سوال ۱۱: ترقی پسند تحریک کی دوسری اہم کتاب کونسی ہے سال اشاعت اور خالق کا نام بتایئے؟

جواب: پروفیسر احمد علی نے ۱۹۳۶ء میں "شعلے" کے نام سے افسانوی مجموعہ لکھا تھا۔

سوال ۱۲: ترقی پسند تحریک ہندوستان میں کس پس منظر میں ابھری؟

جواب: ہندوستان کو سیاسی و معاشی بحران وجہ بنی۔

سوال ۱۳: ترقی پسند تحریک کے پہلے منشور کو ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر، سجاد ظہیر، فیض احمد فیض اور صوفی تبسم نے ابتدائی شکل دی۔ یہ منشور انھوں نے کہاں تیار کیا تھا؟

جواب: لاہور میں۔

سوال ۱۴: ترقی پسند تحریک کے ذریعے ان کے ارکان کیا مقصد حاصل کرنے کے خواہش مند تھے؟

جواب: انقلاب کے خواہش مند تھے۔

سوال ۱۵: ۱۹۳۸ میں ترقی پسند تحریک کے زیرِ اہتمام ایک کل ہند کانفرنس منعقد کی گئی تھی۔ اس کانفرنس کا افتتاحی خطبہ کس نے دیا تھا؟

جواب: رابندر ناتھ ٹیگور نے۔

سوال ۱۶: ترقی پسند تحریک کے فروغ کے لیے کس نام سے انگریزی میں ایک سہ ماہی رسالہ جاری کیا گیا تھا؟

جواب: سہ ماہی ''نیو انڈین لٹریچر''۔

سوال ۱۷: سب سے پہلا ترقی پسند افسانہ نگار کسے قرار دیا جاتا ہے؟

جواب: پریم چند کو۔

سوال ۱۸: رومانی باغی کس ترقی پسند شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: فیض احمد فیض کو۔

سوال ۱۹: ترقی پسند تحریک کے شاعروں کا ''سرخیل'' کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: جوش ملیح آبادی کو۔

سوال ۲۰: ترقی پسند تحریک کا نقطۂ آغاز اردو کے کس افسانوی مجموعہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب: ''انگارے'' کو۔

سوال ۲۱: پروفیسر احمد علی نے ترقی پسند تحریک کے سیاسی زاویے کی مخالفت کی جس پر جذباتی اور انتہا پسند ادیبوں نے کان نہ دھرے۔ نتیجتاً یہ تحریک دو دبستانوں میں تقسیم ہوگئی، پہلے ''دبستان سیاسی'' کی نمائندگی سجاد ظہیر، علی سردار جعفری اور ڈاکٹر عبدالعلیم نے کی۔ آپ بتائیے دوسرے دبستان کی رہنمائی کس نے کی؟

جواب: احمد علی نے اور اختر حسین رائے پوری نے۔

سوال ۲۲: ترقی پسند تحریک نے شاعری کی کس صنف کو پروان چڑھایا؟

جواب: نظم کو۔

سوال ۲۳: کونسی کتاب ترقی پسند تحریک کی تاریخ اور تنقید کہلاتی ہے مصنف کا نام بھی بتائیے؟

جواب: ''روشنائی'' کے نام سے سجاد ظہیر نے لکھی تھی۔

سوال ۲۴: ترقی پسند تحریک کا کیا مقصد تھا؟

جواب: زندگی کے ٹھوس مسائل پر ادب کی تخلیق۔

سوال ۲۵: جن ادیبوں کو ترقی پسند نہیں مانا گیا انھیں کیا کہا گیا ہے؟

جواب: رجعت پسند ادیب۔

سوال ۲۶: ترقی پسند افسانے میں فرد سے زیادہ کسے اہمیت دی گئی ہے؟

جواب: معاشرے کو۔

سوال ۲۷: مارچ ۱۹۳۳ میں کسی نزاعی کتاب کو ضبط کیا گیا تھا؟

جواب: افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کو۔

سوال ۲۸: ترقی پسند تحریک کس سیاسی نظام سے وابستہ تھی؟

جواب: اشتراکی نظام سے۔

سوال ۲۹: ترقی پسند تحریک کو سب سے زیادہ نقصان کس الزام سے پہنچا؟

جواب: لادینیت کے الزام سے۔

سوال ۳۰: ترقی پسند تحریک کو کس ادیب نے منظم کیا؟

جواب: سجاد ظہیر نے۔

سوال ۳۱: ترقی پسند تحریک کے خلاف بھرپور مخالفت کس نے کی؟

جواب: حکومت اور مذہبی حلقوں نے۔

سوال ۳۲: افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کے افسانہ نگاروں سے متعلق یہ قول کس کا ہے کہ ''یہ نوجوان مصنف زندگی کی بے کیفی اور یک رنگی سے گھبرائے اور جذباتی انقلابی تصورات سے بھرے ہوئے تھے''؟

جواب: بقول: سید احتشام حسین۔

سوال ۳۳: فیض احمد فیض کی ابتدائی غزلوں میں کس عظیم شاعر کا عکس نظر آتا ہے؟

جواب: علامہ اقبال کا۔

سوال ۳۴: فیض احمد فیض کی بیوی کا نام بتائیے؟

جواب: جارج ایلس فیض۔

سوال ۳۵: فیض نے ''زندان نامہ'' کی غزلیں اور نظمیں کن شہروں میں لکھی تھی؟

جواب: کراچی اور منٹگمری میں۔

سوال ۳۶: فیض احمد فیض کے بارے میں یہ قول کس کا تھا؟ کہ ''میں ایک شرعی آدمی ہوں اور فیض صاحب ملامتی صوفی ہیں''۔

جواب: بقول: اشفاق احمد۔

سوال ۳۷: سابق صدر پاکستان ایوب خان فیض کے ''لینن امن انعام'' پانے کے لیے ماسکو (روس) جانے پر ناخوش تھے۔ لیکن آپ بتائیے کہ وہ کونسے سیاستدان تھے جن کا فیض کو تعاون حاصل تھا؟

جواب: ذوالفقار علی بھٹو۔

سوال ۳۸: ۱۹۱۲ میں فیض کس کالج کے پرنسپل بنے تھے؟

جواب: عبداللہ ہارون کالج کراچی کے۔

سوال ۳۹: فیض احمد فیض ایم اے او کالج میں کب لیکچرار مقرر ہوئے؟

جواب: ۱۹۳۵ میں۔

سوال ۴۰: فیض احمد فیض نے کن مضامین میں ایم اے کیے تھے؟

جواب: ایم اے انگریزی ۱۹۳۳ میں اور ایم اے عربی ۱۹۳۴ میں۔

سوال ۴۱: ترقی پسند تحریک کو سب سے پہلے فکری اساس ۱۹۳۴ میں ''ادب اور زندگی'' کے عنوان سے چھپنے والے مقالے نے دی۔ آپ مقالے کے خالق کا نام بتائیے؟

جواب: اختر حسین رائے پوری۔

سوال ۴۲: اختر حسین رائے پوری نے اپنے مقالے ''ادب اور زندگی'' میں کس کے خیالات کو اردو میں منتقل کر کے متعارف کرانے کی کوشش کی ہے؟

جواب: گورکی اور لینن کے خیالات کو۔

سوال ۴۳: کس سال تک ترقی پسند تحریک نے اپنے مراکز لاہور، لکھنؤ اور حیدرآباد دکن میں قائم کیے؟

جواب: ۱۹۳۸ تک۔

سوال ۴۴: دو عظیم جنگوں کے درمیاں پیدا ہونے والے معاشی بحران سے سب سے زیادہ متاثر پڑھا لکھا نوجوان طبقہ ہوا کیونکہ اس کے پاس ڈگریاں تو تھیں لیکن نوکریاں نہ تھیں۔ آپ بتائیے اس طبقے کی سب سے کامیاب تصویر کشی کس شاعر نے کی تھی؟

جواب: اسرار الحق مجاز لکھنوی نے۔

سوال ۴۵: احسان دانش نے اپنی شاعری میں مزدوروں اور کسانوں کو کیا پیغام دیا؟

جواب: تدبیر کی راہ دکھانے کا۔

سوال ۴۶: اسرار الحق مجاز لکھنوی کی وہ کونسی نظم ہے جس نے اس وقت کے پڑھے لکھے نوجوان طبقے کی نمائندگی کی؟

جواب: نظم ''آوارہ'' نے۔

سوال ۴۷: ''اندھیری رات کا مسافر'' اور ''خواب سحر'' تعلیم یافتہ نوجوان طبقے کی نظمیں ہیں آپ شاعر کا نام بتائیے؟

جواب: اسرار الحق مجاز لکھنوی کی۔

سوال ۴۸: قحط بنگال کے موقع پر ترقی پسند شاعر مخدوم محی الدین نے ایک عظیم الشان گیت تخلیق کیا جس میں وطن کی بے بس اور مغموم روح تڑپتی نظر آتی ہے۔ آپ گیت کا عنوان بتائیے؟

جواب: نظم ''بھوکا ہے بنگال'' کے عنوان سے۔

سوال ۴۹: ترقی پسند تحریک کے عروج کے موقع پر پوری دنیا کی فضا کیسی تھی؟

جواب: دوسری جنگ عظیم کے بادل منڈلا رہے تھے۔

سوال ۵۰: فیض کی شاعری کی وہ کونسی خصوصیت ہے جو انھیں دوسرے ترقی پسند شعراء سے ممتاز کرتی ہے؟

جواب: دھیما لہجہ۔

سوال ۵۱: فیض کا ڈکشن کس شاعر کے ڈکشن کی توسیع قرار دیا جاتا ہے؟

جواب: مرزا غالب اور علامہ اقبال کے ڈکشن کی۔

سوال ۵۲: فیض کی شاعری کا سب سے زبردست محرک کیا ہے؟

جواب: احساس درد۔

سوال ۵۳: ترقی پسند تحریک نے ادب کی کن اصناف کو زیادہ متاثر کیا؟

جواب: شاعری، تنقید اور افسانہ کو۔

سوال ۵۴: کرشن چندر کس ادبی تحریک سے وابستہ رہے؟

جواب: ترقی پسند تحریک سے۔

سوال ۵۵: راجندر سنگھ بیدی ترقی پسند تحریک سے وابستہ تھے ان کی شہرت کی وجہ بتائیے؟

جواب: افسانہ نگاری۔

سوال ۵۶: اردو کی مشہور نظم ''ایسٹ انڈیا کے فرزندوں کے نام'' کس ترقی پسند شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب: جوش کی۔

سوال ۵۷: فیض کی شاعری میں کس کے اثرات ہیں؟

جواب: قدیم فارسی شاعری، قدیم اردو شاعری اور انگریزی شاعری کے اثرات۔

سوال ۵۸: جب ترقی پسند تحریک حکومتی احتساب کی زد میں آئی تو اس کے کس رکن نے تحریک کے منشور کی تنسیخ کا اعلان کیا؟

جواب: احمد ندیم قاسمی نے۔

سوال ۵۹: ترقی پسند تحریک کے ناقدین نے تنقید میں کونسا پیمانہ اپنے سامنے رکھا؟

جواب: مارکسی اور سائنسی۔

سوال ۶۰: ترقی پسند تحریک کی تنقید نگاری میں کونسا نقاد شائستگی اور لطافت کا نمائندہ قرار دیا جاتا ہے؟

جواب: مجنوں گورکھپوری۔

سوال ۶۱: ترقی پسند تحریک کے انتہا پسندانہ رویہ کا نمائندہ کونسا نقاد کہلاتا ہے؟

جواب: علی سردار جعفری۔

سوال ۶۲: ترقی پسند تحریک کا سب سے موثر، معتبر اور معتدل نقاد کون قرار پایا؟

جواب: عبدالعلیم۔

سوال۶۳: اردو کا مشہور رسالہ ''مخزن'' کی ادبی تحریکیں کیوں دھیمی پڑ گئی تھیں؟
جواب: کیونکہ شیخ عبدالقادر لندن چلے گئے تھے۔
سوال۶۴: کس شاعر کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ الفاظ ان کے غلام اور تشبیہات ان کی کنیزیں ہیں؟
جواب: فیض احمد فیض کے بارے میں۔
سوال۶۵: فیض احمد فیض کی کتنی بیٹیاں تھیں آپ ان کے نام بتایئے؟
جواب: دو منیزہ ہاشمی اور سلیمہ ہاشمی۔
سوال۶۶: اردو کے اس رومانی ادیب کا نام بتایئے جس کے ہاں جذبات پرستی کو ایک مذہب مانا جاتا ہے؟
جواب: نیاز فتحپوری۔
سوال۶۷: اردو کی مشہور نظمیں ''رس بھرے ہونٹ''، ''دیوداسی''، ''مان بھی جاؤ'' اور ''لندن کی ایک شام'' کس مشہور رومانی شاعر کی ہیں؟
جواب: ڈاکٹر محمد دین تاثیر۔
سوال۶۸: ترقی پسند تحریک کے مشہور شاعر فیض ۱۳۔ فروری ۱۹۱۱ کو پیدا ہوئے تھے آپ ان کی تاریخ وفات بتایئے؟
جواب: ۲۰۔ نومبر ۱۹۸۴۔
سوال۶۹: رومانی تحریک کا مقصد کیا تھا؟
جواب: ''اردو ادب میں رومانی تحریک کی وجہ علی گڑھ تحریک کی عقلیت پرستی اور ہندوستانی نوجوانوں کا مغرب کے رومانی شعراء کا براہ راست مطالعہ اور پرانی روایات اور قدیم اقدار کے خلاف نوجوان نسل کا ردعمل تھا''۔
سوال۷۰: اردو کے کس رومانی شاعر کی شاعری کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ''جگ بیتی'' بھی ہے اور ''آپ بیتی'' بھی؟
جواب: احسان دانش کی شاعری کے بارے میں۔
سوال۷۱: کس شاعر کی شاعری میں اقبال کا آہنگ اور حفیظ کی موسیقیت پائی جاتی ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد دین تاثیر کی شاعری میں۔
سوال۷۲: کس شاعر کی زندگی کو ''رومانی بغاوت'' کی مثال قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: حافظ محمود شیرانی کے بیٹے اور اردو کے مشہور شاعر اختر شیرانی کی زندگی کو۔
سوال۷۳: شیخ عبدالقادر کے مشہور رسالہ ''مخزن'' کے ذریعے رومانی تحریک کے بانی اقبال قرار دیئے جاتے ہیں۔ آپ بتایئے کہ نثر میں یہ مقام کس ادیب کے حصے میں آیا ہے؟
جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔
سوال۷۴: اردو ادب میں رومانیت کا باقاعدہ آغاز رسالہ ''مخزن'' سے ہوتا ہے آپ بتایئے یہ رسالہ کب جاری ہوا؟
جواب: اپریل ۱۹۰۱ میں لاہور سے جاری ہوا تھا۔

سوال۷۵: ''مخزن'' پہلے لاہور سے جاری ہوتا تھا پھر عبدالقادر نے لندن سے واپسی پر اسے کہاں منتقل کر دیا تھا؟
جواب: دہلی میں۔
سوال۷۶: ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر ترقی پسند تحریک کے بانیوں میں سے تھے ان کی شاعری بنیادی طور پر کیسی تھی؟
جواب: رومانی شاعری تھی۔
سوال۷۷: ہندوستان میں رومانی تحریک کس تحریک کی مقصدیت اور مادیت پرستی کا ردعمل تھی؟
جواب: علی گڑھ تحریک کا ردعمل تھی۔
سوال۷۸: محمد حسین آزاد کی کس کتاب میں رومانیت کی رنگین پناہ گاہ نظر آتی ہے؟
جواب: ''نیرنگ خیال'' میں۔
سوال۷۹: اردو نثر کا پہلا عظیم انشاء پرداز اور رومانی نثر کا بانی کسے قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: محمد حسین آزاد کو۔
سوال۸۰: روسو کی اس آواز کو کس تحریک کا مطلع کہا جاتا ہے کہ ''انسان آزاد پیدا ہوا ہے مگر جہاں دیکھو وہ پابہ زنجیر ہے؟
جواب: رومانی تحریک کا مطلع کہا جاتا ہے۔
سوال۸۱: ''اردو افسانے میں رومانی رجحانات'' کا مصنف ڈاکٹر محمد عالم ہے آپ بتایئے کہ ''ترقی پسند تحریک کا ارتقاء'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر قمر رئیس۔
سوال۸۲: ہندوستان میں رومانی تحریک کے آغاز کا سہرا کن ادیبوں کے سر بندھتا ہے؟
جواب: محمد حسین آزاد، عبدالحلیم شرر اور میر ناصر علی کے سر۔
سوال۸۳: رومانی تحریک کا مطلع اول کس کو کہا جاتا ہے؟
جواب: میر ناصر علی کو۔ VIP
سوال۸۴: اردو تنقید کا رومانی دبستان'' ڈاکٹر محمد خان اشرف کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے کہ ''رومانیت اور اردو ادب میں رومانی تحریک'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد خان اشرف۔
سوال۸۵: اردو نثر میں رومانیت کا مطلع اول کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: سجاد حیدر یلدرم۔
سوال۸۶: ''اردو ادب میں رومانی تحریک'' کس نقاد کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد حسن کی۔
سوال۸۷: رومانی شاعر حامد اللہ افسر کی مشہور نظموں کے نام بتایئے؟
جواب: ''میں جس کو ڈھونڈتا ہوں''، ''مالن'' اور ''مسافر'' مشہور نظموں کے نام ہیں

سوال ۸۸: رومانیت کا آغاز کرنے والے اس ادیب کا نام بتایئے جس نے ''ادب برائے ادب'' کے نظریہ کو ملحوظِ خاطر رکھا اور سرسید کی جامد نثر کا انداز بدل کر انشاء پردازی کی نئی طرز اپنائی؟

جواب: میر ناصر علی نے۔

سوال ۸۹: علامہ اقبال ابتداء میں رومانی شاعر تھے آپ ان کی رومانی نظموں کے نام بتایئے؟

جواب: ''ابرِ کہسار''، ''آفتاب''، ''چاند''، ''شمع''، ''ستارۂ صبح'' اور ''جگنو''۔

سوال ۹۰: ''ترقی پسند ادب کی تحریک'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: خلیل الرحمٰن اعظمی۔

سوال ۹۱: شرر ۱۸۶۰ء میں پیدا ہوئے تھے آپ بتایئے وہ ۱۹۲۶ء میں انڈیا کے کس مشہور شہر میں فوت ہوئے تھے؟

جواب: لکھنؤ میں۔

سوال ۹۲: رومانی تحریک کے چند ادیبوں کے نام بتایئے؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم، مہدی افادی، سجاد انصاری اور مجنوں گورکھپوری۔

سوال ۹۳: رومانی تنقید نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب: نیاز فتحپوری اور شیخ عبدالقادر۔

سوال ۹۴: اس رومانی ادیب کا نام بتایئے جس نے اردو ادب میں تعلیم یافتہ طبقۂ نسواں کو متعارف کروایا اور زندگی میں اسکی اہمیت کو تسلیم کیا؟

جواب: سید سجاد حیدر یلدرم۔

سوال ۹۵: عبدالحلیم شرر نے اپنے رومان زدہ ناولوں کو کس پس منظر میں لکھا تھا؟

جواب: تاریخِ اسلام کے پس منظر میں۔

سوال ۹۶: یہ اردو کے کس ادیب کے بارے میں مشہور ہے کہ ''نثری اسلوب میں خطیب کا لہجہ، فاتح کی یلغار اور رومانیت کا خروش یکجا نظر آتے ہیں؟

جواب: ابوالکلام آزاد کے بارے میں۔

سوال ۹۷: فیض احمد فیض کی تقاریر اور متفرق تحریروں کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: ''متاعِ لوح و قلم'' کے نام سے ۱۹۱۳ء میں شائع ہوا۔

سوال ۹۸: حفیظ جالندھری اپنی شاعری میں علامہ اقبال، ٹیگور اور الطاف حسین حالی سے متاثر نظر آتے ہیں آپ بتایئے انھوں نے شاعری کی کس صنف میں کی ہے؟

جواب: غزل، گیت اور نظم میں اپنی شاعری کے جوہر دکھائے ہیں۔

سوال ۹۹: اس رومانی شاعر کا نام بتایئے جس نے اردو شاعری کا قدیم رنگ یکسر بدل ڈالا اور ادب کو ایک تخلیقی انداز میں استعمال کرنے کا مشورہ دیا؟

جواب: علامہ اقبال۔

سوال ۱۰۰: اردو کے اس رومانی مشہور ناول نگار کا نام بتایئے جس نے اپنے ناولوں میں پہلی مرتبہ مسلمانوں کے عظیم الشان ماضی کی تصویر دکھائی ہے؟

جواب: عبدالحلیم شرر۔

سوال ۱۰۱: ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر کی شاعری کا مجموعہ جوان کی وفات کے بعد شائع ہوا کونسا ہے؟

جواب: ''آتش کدہ''۔

سوال ۱۰۲: سرسید نے رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' جاری کیا اس کے جواب میں ''فسانۂ ایام''، ''ملائے عام'' اور ''تیرھویں صدی'' کس شخصیت نے جاری کیے؟

جواب: میر ناصر علی نے۔

سوال ۱۰۳: عبدالحلیم شرر نے سب سے پہلے اپنے ادبی مضامین کس اخبار کے لیے لکھے تھے؟

جواب: ''اودھ اخبار'' کے لیے۔

سوال ۱۰۴: اردو کا وہ کونسا مشہور رومانی شاعر ہے جس کی نظموں میں انگریز حکومت کے خلاف شدید جذبہ ہے؟

جواب: جوش ملیح آبادی کی نظموں میں۔

سوال ۱۰۵: ''میر امن کی باغ و بہار کا تحقیقی و تنقیدی مطالعہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال ۱۰۶: میر ناصر علی نے اپنے رسائل و جرائد کے ذریعے ادب کی مادیت کا رخ رومانیت کی طرف موڑ دیا، زبان و ادب کے لحاظ سے ان رسائل کی کیا خصوصیت تھی؟

جواب: ''زبان کی خوبی کو خیال کی خوبی پر فوقیت دی گئی تھی''۔

سوال ۱۰۷: کرنل ہالرائیڈ کس تحریک سے وابستہ رہے؟

جواب: انجمن پنجاب لاہور سے۔

سوال ۱۰۸: عبدالحلیم شرر کے رومانی ناولوں میں ان کا مقصدِ حیات کیا نظر آتا ہے؟

جواب: مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ۔

سوال ۱۰۹: ''فورٹ ولیم کالج ایک مطالعہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سمیع اللہ۔

سوال ۱۱۰: اردو ادب کی تاریخ میں اس ادیب کا نام بتایئے جس میں آزاد کا جمالیاتی اسلوب اور شبلی کا استدلال باہم مرکب ہو کر دکھائی دیتے ہیں۔

جواب: میر ناصر علی۔

☆☆☆

دہلی کالج اور انجمن پنجاب لاہور

سوال۱: دہلی کالج کی ابتداء کب ہوئی تھی؟
جواب: ۱۸۲۵ء میں۔
سوال۲: دہلی کالج کے پہلے پرنسپل کا نام بتایئے؟
جواب: جے۔ ایچ۔ ٹیلر
سوال۳: ۱۸۵۷ء میں دہلی کالج کو بند کر کے اس کے اسٹاف کو کس ادارے میں ضم کر دیا گیا تھا؟
جواب: علی گڑھ کالج میں ضم کر دیا گیا تھا۔
سوال۴: محمد حسین آزاد اور ڈپٹی نذیر احمد نے دہلی کالج کے کس استاد سے ادبی اور تہذیبی اثرات قبول کیے؟
جواب: ماسٹر رام چندر سے۔
سوال۵: دہلی کالج کو کب ہمیشہ کے لیے بند کر دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۷۷ء میں کالج کو ہمیشہ کے لیے بند کر دیا گیا تھا۔
سوال۶: "دہلی بری کالج" کا قیام کب عمل میں آیا تھا اور یہ کیوں قائم کیا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۰۵ء میں افسروں کی تعلیم و تربیت کے لیے۔
سوال۷: دہلی کالج کس مدرسہ میں قائم کیا گیا تھا؟
جواب: مدرسہ غازی الدین میں۔
سوال۸: دہلی کالج میں ذریعہ تعلیم کس زبان میں تھی؟
جواب: اُردو زبان میں۔
سوال۹: دہلی کالج میں انگریزی جماعت کا اضافہ کب کیا گیا؟
جواب: ۱۸۲۹ء میں۔
سوال۱۰: شاہ ولی اللہ کے فکر و فلسفہ کی تبلیغ دہلی کالج میں کس نے کی تھی؟
جواب: مولوی مملوک علی نے۔
سوال۱۱: امام بخش صہبائی دہلی کالج میں کیا پڑھاتے تھے؟
جواب: فارسی پڑھاتے تھے۔
سوال۱۲: دہلی کالج کے کس پرنسپل کو قتل کر دیا گیا تھا؟
جواب: جے ایچ ٹیلر کو۔
سوال۱۳: جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کے ہنگاموں کے بعد دہلی کالج کب دوبارہ شروع کیا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۶۴ء میں۔

سوال۱۴: کس یونیورسٹی نے برصغیر میں سب سے پہلے اردو زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا تھا؟
جواب: عثمانیہ یونیورسٹی نے۔
سوال۱۵: پروفیسر وحید الدین سلیم پانی پتی کس یونیورسٹی میں اردو ادب کے پہلے پروفیسر مقرر ہوئے؟
جواب: عثمانیہ یونیورسٹی میں۔
سوال۱۶: دہلی کالج کا وہ کونسا انگریز پرنسپل تھا جو عربی زبان و ادب کا بھی عالم تھا؟
جواب: ڈاکٹر اسپرنگر۔
سوال۱۷: ڈاکٹر اسپرنگر نے دہلی کالج کا ہفتہ وار مجلّہ کس نام سے جاری کیا تھا؟
جواب: "قرآن السعدین" کے نام سے۔
سوال۱۸: "قرآن السعدین" کا موضوع کیا تھا؟
جواب: معاشرتی مسائل، سائنسی علوم اور ادب و حکمت، اس کے علاوہ یہ با تصویر مجلّہ تھا۔
سوال۱۹: دہلی کالج نے کتابوں کی اشاعت اور طلباء کی تربیت کے علاوہ اور کونسا اہم کارنامہ سرانجام دیا؟
جواب: نامور ادیب پیدا کیے۔
سوال۲۰: سرسید احمد خان نے "آثار الصنادید" کے نام سے دہلی کی تاریخ کالج کے کس پرنسپل کی تحریک پر تحریر کی تھی؟
جواب: ڈاکٹر اسپرنگر کی تحریک پر۔
سوال۲۱: دہلی کالج میں کس نے "تاریخ یمنی" کو مرتب کیا؟
جواب: ڈاکٹر اسپرنگر نے۔
سوال۲۲: دہلی کالج کے مشہور شاگردوں کے نام بتایئے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد، محمد حسین آزاد، مولوی ذکاء اللہ اور مولوی کریم الدین۔
سوال۲۳: دہلی کالج کی وہ کونسی شخصیت ہے، جس نے ہندو مذہب چھوڑ کر عیسائی مذہب اختیار کر لیا تھا؟
جواب: ماسٹر رام چندر نے۔
سوال۲۴: انگریزوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازمین کو ہندوستانی زبان سکھانے کے لیے کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج قائم کیا۔ آپ بتایئے دہلی میں انگریزوں نے کونسا کالج کھولا؟
جواب: دہلی کالج ۱۸۲۵ میں کھولا تھا۔
سوال۲۵: گارساں دتاسی نے یہ الفاظ دہلی کالج سے وابستہ کس شخصیت کے بارے میں کہے تھے "یہ کامل مصنف دہلی میں سب سے زیادہ قابل ادیب تصور کیے جاتے ہیں" شخصیت کا نام بتایئے؟
جواب: امام بخش صہبائی کے بارے میں کہا تھا۔
سوال۲۶: "دہلی کالج" کے مشہور اساتذہ کے نام بتایئے؟
جواب: امام بخش صہبائی، ماسٹر رام چندر اور مولوی مملوک علی۔

سوال ۲۷: اردو کے مندرجہ ذیل ادیبوں میں کیا چیز مشترک ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد، محمد حسین آزاد، ماسٹر رام چندر، مولوی کریم الدین، مولوی ذکاء اللہ یہ تمام ادیب دلی کالج کے پڑھے ہوئے تھے۔
سوال ۲۸: دہلی کالج کے اغراض و مقاصد بیان کریں؟
جواب: ''ہندوستانی عوام کو جدید علوم دینا اور عوام کے قدامت پر مبنی واضح اعتقادات کو جدیدیت میں تبدیل کرنا تھا اور اس کے علاوہ سیاسی مفادات بھی حاصل کرنا تھا۔ ۱۸۵۷ کے ہنگاموں میں دہلی کالج کے اردو حصے کو آگ لگادی گئی، کتب خانہ لوٹ لیا گیا لیکن پھر ۱۸۶۲ میں دوبارہ شروع کیا گیا لیکن دوبارہ آغاز کے باوجود دہلی کالج اپنی سابقہ حیثیت برقرار نہ رکھ سکا اس لیے کالج کو ہمیشہ کے لیے بند کردیا گیا اور ۱۸۷۷ میں اس کے اسٹاف کو علی گڑھ کالج میں ضم کردیا گیا۔
سوال ۲۹: محمد حسین آزاد کی سوچ، فکر اور اسلوب میں کس ادارے نے سب سے اہم کردار ادا کیا؟
جواب: دہلی کالج نے۔
سوال ۳۰: دہلی کالج میں ''صحیح بخاری'' اور ''بہار عجم'' کی اشاعت کس کا کارنامہ ہے؟
جواب: ڈاکٹر اسپرنگر۔
سوال ۳۱: دہلی کالج میں ریاضی پر کس ادیب نے کتابیں تالیف کی تھیں؟
جواب: ماسٹر رام چندر نے۔
سوال ۳۲: ''فصاحت و بلاغت''، ''اردو صرف و نحو'' اور ''شعراء اردو کا تذکرہ'' کس ادیب کی کتب ہیں؟
جواب: امام بخش صہبائی۔
سوال ۳۳: میر ناصر علی، پیارے لعل آشوب، موہن لال کشمیری اور پنڈت من پھول میں قدر مشترک کیا تھی؟
جواب: تمام دہلی کالج کے طلبہ تھے۔
سوال ۳۴: لسانی اور ادبی ثقافت کے مقابلے میں سائنسی ثقافت کو فروغ دہلی کالج نے دیا تھا آپ بتایئے کہ دلی ورنیکولر ٹرانسلیشن سوسائٹی کس کالج سے وابستہ تھی؟؟
جواب: دہلی کالج۔
سوال ۳۵: فرانسس ٹیلر دہلی کالج کا سیکریٹری اور سپرنٹنڈنٹ تھا۔ ۱۸۴۵ میں اسے پرنسپل بنادیا گیا یہ بہت متعصب عیسائی تھا۔ ۱۸۵۷ میں اسے قتل کردیا گیا تھا۔ آپ بتایئے اس کے قتل کے الزام میں دلی کالج کے کس استاد کو گولی مار کر قتل کردیا گیا تھا؟
جواب: مولوی محمد باقر کو جو محمد حسین آزاد کے والد تھے
سوال ۳۶: ڈاکٹر اسپرنگر کو دلی کالج کا پرنسپل کب بنایا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۴۴ میں۔

سوال ۳۷: دہلی کالج ابتدائی صورت میں ۱۷۹۲ میں قائم کردہ ''مدرسہ غازی الدین'' تھا آپ بتایئے اسے کالج کا درجہ کب دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۲۵ میں کالج کا درجہ دیا گیا تھا۔
سوال ۳۸: اردو کی مشہور کتاب جو کہ مرثیہ بھی ہے ''مرحوم دہلی کالج'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق۔
سوال ۳۹: ''تذکرہ طبقات شعرائے ہند'' کا خالق مولوی کریم الدین کا تعلق کس مشہور کالج سے تھا؟
جواب: دہلی کالج سے۔
سوال ۴۰: ماسٹر رام چندر نے علمی مباحث کے سلسلے میں کونسے رسالے جاری کیے تھے؟
جواب: رسالہ ''فوائد الناظرین'' اور ''خیر خواہ ہند'' (محبِ ہند) کے نام سے۔
سوال ۴۱: ''ماسٹر رام چندر اور اردو نثر کے ارتقاء میں ان کا حصہ'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سیدہ جعفری۔
سوال ۴۲: دہلی کالج کو جن انگریزوں نے احیاء العلوم کا مرکز بنانے میں سرگرم حصہ لیا ان کے نام بتایئے؟
جواب: مسٹر جے ایچ ٹیلر، فلیکس بوترو، کارگل اور ڈاکٹر اسپرنگر کے نام ممتاز ہیں۔
سوال ۴۳: انجمن پنجاب لاہور کے بانی کا نام بتایئے؟
جواب: ڈاکٹر لائٹر۔
سوال ۴۴: گورنمنٹ کالج لاہور کے پہلے پرنسپل کون تھے؟
جواب: ڈاکٹر لائٹر۔
سوال ۴۵: انجمن پنجاب کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: انجمن اشاعت مطالب مفیدہ۔
سوال ۴۶: انجمن پنجاب کی بنیاد کب اور کس شہر میں رکھی گئی تھی؟
جواب: ۲۱۔ جنوری ۱۸۶۵ کو لاہور میں۔
سوال ۴۷: اردو شاعری میں اجتہاد کی نئی تحریک کسے کہتے ہیں؟
جواب: انجمن پنجاب لاہور کو۔
سوال ۴۸: انجمن پنجاب لاہور کے اغراض و مقاصد کیا تھے؟
جواب: انجمن کا بڑا مقصد جدید طرز کے مشاعرے بھی کرانے تھے جن میں مروجہ مشاعروں سے ہٹ کر مصرعہ طرح کی بجائے ایک عنوان دیا جاتا تھا اور شعراء اس پر نظمیں لکھتے تھے، ان نظموں میں فطری سادگی اور حقیقت نگاری پر زیادہ زور دیا جاتا تھا۔ الطاف حسین حالی اور محمد حسین آزاد نے ان مشاعروں میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ ان مشاعروں کی نظموں سے اردو زبان میں جدید نظم کا آغاز ہوا۔

سوال ۴۹: انجمن پنجاب کے سرپرست کون تھے؟
جواب: کرنل ہالرائیڈ۔
سوال ۵۰: انجمن پنجاب لاہور کی ادبی شہرت کس وجہ سے تھی؟
جواب: انجمن پنجاب کے مشاعرے۔
سوال ۵۱: انجمن پنجاب لاہور کے ''معتمد'' اور ''روحِ رواں'' کونسے ادیب تھے؟
جواب: محمد حسین آزاد۔
سوال ۵۲: مولوی محمد باقر نے ۱۸۳۶ میں دہلی سے اردو کا پہلا اخبار ''اردو اخبار'' کے نام سے جاری کیا۔ بعد ازاں ۱۸۵۷ کی جنگِ آزادی کے بعد انگریزوں نے انھیں بغاوت کے الزام میں گولی ماری تھی۔ آپ بتائیے مولوی محمد باقر کا محمد حسین آزاد سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: وہ محمد حسین آزاد کے والد تھے۔
سوال ۵۳: محمد حسین آزاد نے کس وجہ سے اردو شاعری پر تنقید کی تھی؟
جواب: انگریزی شاعری سے متاثر ہو کر۔
سوال ۵۴: انجمن پنجاب لاہور کے مشاعروں میں نظم کے لیے پہلا عنوان کونسا دیا گیا؟
جواب: ''برکھارت'' کا عنوان۔
سوال ۵۵: انجمن پنجاب کے مشاعرے کل گیارہ ماہ چلے آپ بتائیے ان مشاعروں کا ردِعمل کیا ہوا؟
جواب: ملک گیر احتجاج۔
سوال ۵۶: انجمن پنجاب کے مشاعروں کے اجتہادی زاویے کا نقطۂ عروج کس کتاب کو قرار دیا گیا ہے؟
جواب: الطاف حسین حالی کی مشہور کتاب ''مقدمہ شعر و شاعری'' کو۔
سوال ۵۷: انجمن پنجاب کے مشاعروں کے ''روحِ رواں'' اردو کے کن دو مشہور شعراء کو کہا جاتا ہے؟
جواب: محمد حسین آزاد اور الطاف حسین حالی کو۔
سوال ۵۸: انجمن پنجاب کے مشاعروں کو اور کس دوسرے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟
جواب: نیچرل شاعری کے مشاعرے۔
سوال ۵۹: انجمن پنجاب کے مشاعروں میں کن لوگوں نے زیادہ حصہ لیا؟
جواب: طلبہ نے۔
سوال ۶۰: الطاف حسین حالی نے انجمن پنجاب کے مشاعروں میں کل کتنی نظمیں پڑھیں؟
جواب: صرف چار۔
سوال ۶۱: محمد حسین آزاد نے انجمن پنجاب کے مشاعروں میں جو نظمیں پڑھیں ان میں سے بیشتر کس قسم کی ہیں؟
جواب: انگریزی نظموں کا ترجمہ۔
سوال ۶۲: اردو شاعری میں رومانیت کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے؟
جواب: انجمن پنجاب کے مشاعروں سے۔

سوال ۶۳: انجمن پنجاب کی کارروائیوں کی نشرواشاعت کے لیے محمد حسین آزاد کی زیرِ ادارت کونسا رسالہ شائع ہوتا تھا؟
جواب: رسالہ کا نام ''انجمن'' تھا۔
سوال ۶۴: انجمن پنجاب کے پہلے جلسہ میں زیادہ تر سرکاری ملازموں، روساء اور جاگیرداروں نے شرکت کی تھی، بعد ازاں انجمن کی رکنیت کن لوگوں کے لیے کھول دی گئی؟
جواب: عام لوگوں کے لیے۔
سوال ۶۵: ''اورینٹل کالج'' کی تجویز کس ادارے نے پیش کی تھی؟
جواب: انجمن پنجاب لاہور نے۔
سوال ۶۶: انجمن اشاعت مطالب مفیدہ پنجاب کا پہلا اجلاس کب ہوا تھا؟
جواب: ۲۱ جنوری ۱۸۶۵ میں۔
سوال ۶۷: انجمن پنجاب کے مشاعروں کا اصل مقصد کیا تھا؟
جواب: ''محکمہ تعلیم کے نصاب کے لیے انگریزی طرز پر اردو کی نئی نظموں کی فراہمی''۔
سوال ۶۸: مشاعروں کے علاوہ انجمن پنجاب لاہور نے کونسا اہم کام کیا؟
جواب: ہفتہ وار مباحث کا اہتمام کیا۔
سوال ۶۹: کس ادارے کو انجمن پنجاب کی توسیع قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: اورینٹل کالج کو۔
سوال ۷۰: انجمن پنجاب کے جلسوں میں مضامین پڑھے جاتے تھے بعد میں ان پر بحث و نظر ہوتی تھی۔ اس طرح انجمن نے ادب کی کس صنف کو فروغ دیا؟
جواب: مجلسی تنقید۔
سوال ۷۱: انجمن پنجاب کی تحریک کا مزاج کیسا تھا؟
جواب: ترقی پسند۔
سوال ۷۲: انجمن پنجاب کے اگست ۱۸۶۷ کے اجلاس میں کرنل ہالرائیڈ نے کس قسم کے مشاعروں کی بنیاد رکھی؟
جواب: مصرعہ طرح کی بجائے نظم کا عنوان دیا گیا۔
سوال ۷۳: محمد حسین آزاد کی تربیت کس مشہور شاعر نے کی تھی؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق نے۔
سوال ۷۴: آزاد نے شاعری کی کونسی صنف کو پروان چڑھایا؟
جواب: نظم کو۔
سوال ۷۵: محمد حسین آزاد کا ۱۸۹۹ میں شاعری کا مجموعہ کس نام سے طبع ہوا تھا؟
جواب: ''نظمِ آزاد'' کے نام سے۔

سوال ۷۶: محمد حسین آزاد کی بیٹی کا انتقال ۱۸۸۶ء میں ہوا تھا جس کی وجہ سے آزاد کا ذہنی توازن بگڑ گیا تھا اور ۲۲ جنوری ۱۹۱۰ء کو انتقال تک عالم جنون میں رہے تھے۔ آپ ان کی بیٹی کا نام بتایئے؟

جواب: امۃ السکینہ۔

سوال ۷۷: محمد حسین آزاد نے کب انجمن پنجاب میں ایسے ماہانہ مشاعروں کا سلسلہ شروع کیا جس میں مصرعِ طرح پر غزل کی بجائے کسی عنوان یا موضوع پر نظم لکھی جاتی تھی لیکن اس نئی روش نے ملک گیر احتجاج کو جنم دیا؟

جواب: مئی ۱۸۷۴ء میں۔

سوال ۷۸: ''انجمن پنجاب کے مشاعرے'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر عارف ثاقب۔

سوال ۷۹: ''انجمن پنجاب: تاریخ و خدمات'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر صفیہ بانو۔

سوال ۸۰: محمد حسین آزاد لاہور میں کب آئے تھے؟

جواب: ۱۸۶۴ء میں۔

سوال ۸۱: الطاف حسین حالی نے انجمن پنجاب کے لیے کون کونسی نظمیں لکھی تھیں؟

جواب: ''برسات''، ''امید''، ''رحم و انصاف'' اور ''حبِ وطن''۔

سوال ۸۲: انجمن پنجاب لاہور جس کا پورا نام ''انجمن اشاعت مطالب مفیدہ پنجاب'' ہے جو ۲۱ جنوری ۱۸۶۵ء کو قائم ہوئی آپ بتایئے اردو میں نئے قسم کے مشاعرے کس سال سے شروع ہوئے؟

جواب: ۹۔ اپریل ۱۸۷۴ء سے نئے مشاعروں کی بنیاد پڑی۔

سوال ۸۳: انجمن پنجاب لاہور کے زیرِ اہتمام کتنے موضوعاتی مشاعرے ہوئے تھے؟

جواب: دس مشاعرے۔

☆☆☆

فورٹ ولیم کالج کلکتہ

سوال ۱: فورٹ ولیم کالج کا باقاعدہ افتتاح کب ہوا؟

جواب: ۴۔ مئی ۱۸۰۰ء کو کلکتہ میں۔

سوال ۲: فورٹ ولیم کالج میں جو تراجم کیے گئے ان کی کیا خصوصیت تھی؟

جواب: لفظی ترجموں کی بجائے سلیس پر توجہ دی گئی۔

سوال ۳: میر امن کی نثر نگاری بعد میں کس عظیم شاعر کی نثر میں نمایاں ہوئی؟

جواب: مرزا غالب کے خطوط کی نثر میں۔

سوال ۴: فورٹ ولیم کالج میں سب سے زیادہ کتابیں مرتب کرنے کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

جواب: حیدر بخش حیدری۔

سوال ۵: ڈاکٹر گلکرسٹ نے فورٹ ولیم کالج میں کل کتنی کتب تحریر کیں؟

جواب: کل ۱۲ کتب۔

سوال ۶: میر بہادر علی حسینی نے ''نثر بے نظیر'' کے نام سے کس مثنوی کا ترجمہ کیا تھا؟

جواب: مثنوی سحر البیان کا۔

سوال ۷: فورٹ ولیم کالج میں باقاعدہ تدریس کا آغاز کب ہوا؟

جواب: ۶۔ فروری ۱۸۰۱ء میں۔

سوال ۸: انگریزوں نے فورٹ ولیم کالج کیوں قائم کیا تھا؟

جواب: ایسٹ انڈیا کمپنی کے انگریز ملازمین کو ہندوستانی زبانیں سکھانے کے لیے۔

سوال ۹: فورٹ ولیم کالج میں ڈاکٹر گلکرسٹ کس عہدے پر مقرر تھے؟

جواب: وہ ہندوستانی زبان کے سربراہ تھے۔

سوال ۱۰: ڈاکٹر گلکرسٹ فورٹ ولیم کالج سے کتنے سال وابستہ رہے؟

جواب: صرف ۴ سال۔

سوال ۱۱: ڈاکٹر گلکرسٹ نے فورٹ ولیم کالج سے کب استعفیٰ دیا؟

جواب: ۲۳۔ فروری ۱۸۰۴ء میں۔

سوال ۱۲: میر امن سے پہلے ''قصہ چہار درویش'' کا ترجمہ کس کس نے کیا تھا؟

جواب: محمد عوض زریں اور میر محمد حسین عطا خاں تحسین نے۔

سوال ۱۳: حیدر بخش حیدری کے علاوہ ''آرائشِ محفل'' کے نام سے کس نے ترجمہ کیا تھا؟

جواب: شیر علی افسوس نے۔

سوال ۱۴: فورٹ ولیم کالج میں کالی داس کی کتاب ''شکنتلا'' کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: کاظم علی جوان نے نومبر ۱۸۰۰ء میں ترجمہ کیا۔

سوال ۱۵: ہندوستان میں اردو کا پہلا چھاپہ خانہ کہاں قائم کیا گیا تھا؟
جواب: فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں۔
سوال ۱۶: فورٹ ولیم کالج کا پہلا پرنسپل کون تھا؟
جواب: ڈیوڈ براؤن۔
سوال ۱۷: ''باغ و بہار'' کے علاوہ میر امن نے فورٹ ولیم کالج میں اور کونسا ترجمہ کیا؟
جواب: ''گنج خوبی'' کے نام سے۔
سوال ۱۸: فورٹ ولیم کالج کب بند کر دیا گیا تھا؟
جواب: ۲۴۔ جنوری ۱۸۵۴ء میں لارڈ ڈلہوزی نے کالج بند کرنے کا حکم جاری کر دیا۔
سوال ۱۹: فورٹ ولیم کالج نے کس میدان میں اردو کی خدمت کی؟
جواب: تراجم میں۔
سوال ۲۰: ''نوطرز مرصع'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ''میر محمد حسین عطا خاں تحسین''۔
سوال ۲۱: ''باغ و بہار'' کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کس ادیب نے اور کب کیا تھا؟
جواب: گارساں دتاسی نے ۱۸۷۸ء میں۔
سوال ۲۲: اردو نثر کے ارتقا کا اولین مرکز کونسا شہر ہے؟
جواب: کلکتہ شہر۔
سوال ۲۳: اردو کا پہلا نثری ادب پیدا کرنے کا سہرا کس انگریز ادیب کے سر باندھا جاتا ہے؟
جواب: ڈاکٹر گلکرسٹ کے سر۔
سوال ۲۴: فورٹ ولیم کالج میں کتنی اہم قابل ذکر کتب تصنیف ہوئیں؟
جواب: کوئی بھی نہیں کیونکہ کالج میں صرف تراجم کیے گئے تھے۔
سوال ۲۵: مذہبی نقطہ نظر سے فورٹ ولیم کالج نے کیا کردار ادا کیا؟
جواب: عیسائیت کی تبلیغ۔
سوال ۲۶: ڈاکٹر گلکرسٹ نے فورٹ ولیم کالج سے پہلے اردو کی کونسی پہلی کتاب تالیف کی؟
جواب: ''انگریزی ہندوستانی لغت''۔
سوال ۲۷: فورٹ ولیم کالج میں ڈاکٹر گلکرسٹ کے رسالے ''قواعد زبان اردو'' کو کس نے مرتب کیا؟
جواب: میر بہادر علی حسینی نے۔
سوال ۲۸: ڈاکٹر گلکرسٹ کا پورا نام بتایئے؟
جواب: ڈاکٹر جان بارتھوک گلکرسٹ۔
سوال ۲۹: فورٹ ولیم کالج میں ''ہتوپدیش'' کا ترجمہ ''اخلاق ہندی'' کے عنوان سے کس نے کیا؟
جواب: میر بہادر حسینی نے۔
سوال ۳۰: حیدر بخش حیدری کی کہانیوں میں سب سے اہم کونسی خصوصیات ہیں؟
جواب: مختصر افسانے کے اوصاف۔

سوال ۳۱: فورٹ ولیم کالج کا پہلا دور کب ختم ہوا؟
جواب: جب ولزلی اپنی میعاد پوری کر کے انگلستان واپس چلے گئے تو اس کالج کا پہلا دور ۱۸۰۵ء میں ختم ہوا۔
سوال ۳۲: گلکرسٹ فورٹ ولیم کالج میں ہندوستانی زبان کے پروفیسر کب مقرر ہوئے؟
جواب: ۱۸۔ اگست ۱۸۰۰ء کو۔
سوال ۳۳: فورٹ ولیم کالج نے میر حسن کی کونسی مثنوی ۱۸۰۲ء میں شائع کی؟
جواب: مثنوی ''سحر البیان''۔
سوال ۳۴: ''دیوان سوز'' پہلی بار ۱۸۰۱ء میں کس ادارے نے شائع کی؟
جواب: فورٹ ولیم کالج کلکتہ نے۔
سوال ۳۵: ''کلیات میر'' فورٹ ولیم کالج نے کب شائع کی؟
جواب: ۱۸۱۱ء میں۔
سوال ۳۶: فورٹ ولیم کالج سے وہ کونسی کتاب ہے جو پہلی بار شائع کی گئی؟
جواب: شیر علی افسوس کی ''باغ اردو'' جو کہ ''گلستان سعدی'' کا اردو ترجمہ ہے۔
سوال ۳۷: گلکرسٹ نے ہندوستان میں قیام کے دوران ۱۷۸۲ء تا ۱۸۰۴ء میں ہندوستانی زبان سے متعلق کتنی کتابیں لکھیں جن کی تفصیل عتیق صدیقی نے درج کی ہے؟
جواب: ۱۷ کتب۔
سوال ۳۸: ''باغ و بہار'' کا اصل ماخذ کس کتاب سے ہے؟
جواب: ''نوطرز مرصع'' سے۔
سوال ۳۹: میر امن کی ''گنج خوبی'' کس کتاب کا ترجمہ ہے؟
جواب: ملا واعظ حسین کاشفی کی ''اخلاق محسنی'' کی۔
سوال ۴۰: میر امن کو گلکرسٹ سے پہلی بار کس ادیب نے ملوایا تھا؟
جواب: میر بہادر علی حسینی نے۔
سوال ۴۱: میر شیر علی افسوس نے ''آرائش محفل'' سبحان رائے کی کس کتاب کو پیش نظر رکھ کر لکھی؟
جواب: ''تاریخ خلاصۃ التواریخ'' کو۔
سوال ۴۲: حیدر بخش حیدری کی تالیفات کی ترتیب و اشاعت کا سب سے زیادہ کام کس ادیب نے کیا؟
جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی نے۔
سوال ۴۳: میر شیر علی افسوس کو اردو کا پہلا صاحب طرز انشا پرداز کس نے کہا تھا؟
جواب: سید عابد علی عابد نے۔
سوال ۴۴: اردو نثر میں حیدر بخش حیدری کا پہلا کام کونسا ہے؟
جواب: ''قصہ مہر و ماہ'' کے نام سے کتاب لکھی تھی۔
سوال ۴۵: کاظم علی جوان نے ''تاریخ فرشتہ'' کے اس حصے کا اردو ترجمہ کیا جس میں بہمنی سلطنت کے حالات و واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: ''تاریخ بہمنی'' کے نام سے۔

سوال ۴۶: حفیظ الدین احمد نے ابوالفضل علامی کی "عیارِ دانش" کا فارسی سے اردو میں ترجمہ کس نام سے کیا؟
جواب: "خرد افروز" کے نام سے۔
سوال ۴۷: حفیظ الدین احمد فورٹ ولیم کالج میں شعبہ فارسی میں کس حیثیت سے کام کرتے تھے؟
جواب: بحیثیت منشی کے۔
سوال ۴۸: فقیر محمد گویا کی "بستانِ حکمت" ملا واعظ حسین کاشفی کی کس کتاب کا آزاد اردو ترجمہ ہے؟
جواب: "انوارِ سہیلی" کا۔
سوال ۴۹: خلیل علی خان اشک نے ۱۸۰۹ میں ابوالفضل کی فارسی تالیف "اکبر نامہ" کا اردو ترجمہ کیا۔ آپ بتائیے اس کا تاریخی نام کیا رکھا تھا؟
جواب: "کتاب واقعات اکبر"۔
سوال ۵۰: خلیل علی خان اشک نے فورٹ ولیم کالج سے وابستگی کے زمانے میں کل چھ کتابیں ترجمہ و تصنیف کیں جن میں سے صرف ایک شائع ہوئی؟ آپ نام بتائیے؟
جواب: "داستان امیر حمزہ" کے نام سے۔
سوال ۵۱: اشک نے "داستان امیر حمزہ" ۱۸۰۱ میں کس کی فرمائش پر لکھی تھی؟
جواب: ڈاکٹر گلکرسٹ کی فرمائش پر۔
سوال ۵۲: کاظم علی جوان کا اصل نام حسن علی خان تھا آپ بتائیے ان کی عرفیت کیا تھی؟
جواب: مرزا کاظم علی ان کی عرفیت تھی۔
سوال ۵۳: "نگار خانہ چین" جس کا ایک نام "گلزار چین" بھی ہے یہ کس کی کتاب ہے اور اس میں کس کا قصہ بیان کیا گیا ہے؟
جواب: "یہ خلیل علی خاں اشک نے لکھی ہے اور اس میں رضوان شاہ اور روح افزا پری زاد کا قصہ بیان کیا گیا ہے"۔
سوال ۵۴: بہادر علی حسینی کی کتاب "نقلیاتِ ہندی" اکثر غلط فہمی کی بنا پر کس سے منسوب کی جاتی ہے؟
جواب: ڈاکٹر گلکرسٹ سے منسوب کی جاتی ہے۔
سوال ۵۵: "نقلیات ہندی" کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟
جواب: دو حصوں پر مشتمل ہے۔
سوال ۵۶: مظہر علی خان ولا کس زبان میں شاعری کرتے تھے؟
جواب: اردو اور فارسی میں۔
سوال ۵۷: کاظم علی جوان کا تقرر فورٹ ولیم کالج میں کس حیثیت سے ہوا تھا؟
جواب: بحیثیت مترجم کے۔
سوال ۵۸: مولوی اکرام علی نے فورٹ ولیم کالج کے لیے کتنی کتب لکھی تھیں؟
جواب: صرف ایک "اخوان الصفا" کے نام سے ۱۸۱۱ میں لکھی تھی۔
سوال ۵۹: بینی نرائن جہاں کی پہلی تصنیف "چار گلشن" ہے آپ بتائیے آخری مجموعہ کونسا ہے؟
جواب: "تنبیہ الغافلین" کے نام سے مجموعہ شائع ہوا تھا۔

سوال ۶۰: مرزا علی لطف کی کل کتنی تصانیف ہیں؟
جواب: صرف تین۔
سوال ۶۱: مظہر علی ولا کی صرف ایک کتاب نثر میں فورٹ ولیم کالج سے شائع ہوئی نام بتائیے؟
جواب: "بیتال پچیسی" کے نام سے ۱۸۰۵ میں شائع ہوئی۔
سوال ۶۲: فورٹ ولیم کالج میں جتنے منشی ملازم ہوئے ان میں سے کتنے قابل ذکر شاعر تھے؟
جواب: شیر علی افسوس اور مظہر علی خان ولا۔
سوال ۶۳: کاظم علی جوان کا بارہ ماسہ مثنوی کی ہیئت میں ہے آپ نام بتائیے؟
جواب: "دستور ہند"۔
سوال ۶۴: "توتا کہانی" حیدر بخش حیدری کی تیسری تالیف ہے آپ بتائیے حیدری نے یہ ترجمہ کس کتاب سے کیا؟
جواب: سید محمد قادری کی "طوطی نامہ" سے۔
سوال ۶۵: "توتا کہانی" اردو رسم الخط میں پہلی بار کب شائع ہوئی؟
جواب: بقول محمد عتیق صدیقی کے ۱۸۰۴ میں۔
سوال ۶۶: حیدر بخش حیدری کی "آرائش محفل" ۱۸۰۱ میں شائع ہوئی آپ بتائیے کہ یہ فارسی کے کس قصے سے ماخوذ ہے؟
جواب: یہ "قصہ حاتم طائی" سے ماخوذ ہے۔
سوال ۶۷: حیدر بخش حیدری کی وہ کونسی کتاب ہے جو تین متفرق کتابوں کا مجموعہ ہے؟
جواب: گلدستۂ حیدری۔
سوال ۶۸: "مقدمہ آرائش محفل" کا مصنف کون ہے؟
جواب: کلب علی خان فائق۔
سوال ۶۹: "فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات" کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر عبیدہ بیگم۔
سوال ۷۰: اردو صرف ونحو پر کتاب "ہندوستانی زبان کے قواعد" کس ادیب نے اور کب لکھی؟
جواب: ڈاکٹر گلکرسٹ نے ۱۷۹۶ میں پہلی مرتبہ شائع کی۔
سوال ۷۱: "فورٹ ولیم کالج تحریک و تاریخ" کے نام سے اردو کے کس مشہور نقاد نے کتاب لکھی تھی؟
جواب: پروفیسر سید وقار عظیم۔
سوال ۷۲: فورٹ ولیم کالج اردو ادب کی تاریخ میں تراجم کی وجہ سے بہت مشہور ہے بتائیے ان تراجم کی کیا خاصیت تھی؟
جواب: سلیس اور آسان فہم۔
سوال ۷۳: فورٹ ولیم کالج میں کتنی زبانیں لازمی پڑھائی جاتی تھیں؟
جواب: "صرف دو زبانیں اردو اور انگریزی"۔
سوال ۷۴: "حکایت لقمان" کا خالق میر بہادر علی حسینی ہے آپ بتائیے کہ مظہر علی خان ولا کے والد قمر الدین منت کو کونسا خطاب ملا تھا؟
جواب: "فخر الشعراء" کا خطاب ملا تھا۔

سوال ۷۵: فورٹ ولیم کالج میں "ہتوپدیش" کا اردو ترجمہ میر بہادر علی حسینی نے کس نام سے کیا تھا؟

جواب: "اخلاق ہندی" کے نام سے۔

سوال ۷۶: "نوید فکر" سبط حسن کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ "فورٹ ولیم کالج کی نثری داستانیں" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر عفت زیدی۔

سوال ۷۷: "حیدر بخش حیدری"، "میر شیر علی افسوس" اور مرزا علی لطف ہندوستان کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب: دہلی میں۔

سوال ۷۸: تذکرہ "گلشن ہند" کے خالق مرزا علی لطف بنیادی طور پر کیا تھے؟

جواب: شاعر تھے۔

سوال ۷۹: مظہر علی خان ولا دہلی میں پیدا ہوئے اور بینی نرائن جہاں لاہور میں پیدا ہوئے آپ بتایئے ڈاکٹر گلکرسٹ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

جواب: ایڈنبرا (اسکاٹ لینڈ) میں۔

سوال ۸۰: فورٹ ولیم کالج کا مقصد انگریز افسروں کو اردو زبان سے روشناس کرانا تھا آپ بتایئے فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کس شہر میں رکھی گئی تھی؟

جواب: کلکتہ شہر میں۔

سوال ۸۱: پادری ڈیوڈ براؤن فورٹ ولیم کالج کے پرنسپل تھے آپ بتایئے گلکرسٹ کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب: ہندوستانی زبان کے پروفیسر۔

سوال ۸۲: شیر علی افسوس فورٹ ولیم کالج سے کتنے سال وابستہ رہے؟

جواب: ۹ سال۔

سوال ۸۳: میر امن فورٹ ولیم کالج سے ۵ سال وابستہ رہے آپ بتایئے حیدر بخش حیدری کتنے سال تک وابستہ رہے؟

جواب: ۱۳ سال۔

سوال ۸۴: "گلکرسٹ اور اس کا عہد" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: عتیق صدیقی۔

سوال ۸۵: "فورٹ ولیم کالج ایک مطالعہ" کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سمیع اللہ۔

☆☆☆

مرثیہ نگاری

سوال ۱: مرثیہ کی محفل کو "مجلس تحت اللفظ" کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ "سلام" کی محفل کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: "مسالمہ"۔

سوال ۲: یہ کس اردو نقاد کا قول ہے؟ "پہلا مرثیہ ہابیل کی موت پر حضرت آدم نے لکھا تھا"

جواب: ڈاکٹر صفدر حسین نے۔

سوال ۳: "بیسویں صدی اور اردو مرثیہ نگاری"، "روح انقلاب"، "قندیل عبر" اور "اشارو پکار" کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر ہلال نقوی۔

سوال ۴: مرثیہ گوئی کا امام کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: مرزا سلامت علی دبیر کو۔

سوال ۵: اردو میں مرثیہ نگاری کا آغاز کہاں سے ہوا تھا؟

جواب: دکن سے۔

سوال ۶: میر انیس کے والد کا نام بتایئے؟

جواب: میر مستحسن خلیق۔

سوال ۷: "مرثیہ بعد انیس" اردو کے کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر صفدر حسین۔

سوال ۸: مرثیوں کا مجموعہ "سر کف" کا شاعر کون ہے؟

جواب: صبا اکبر آبادی۔

سوال ۹: کس مرثیہ گو شاعر کے دو بھائی اور تین بیٹے مرثیہ نگار تھے؟

جواب: میر انیس کے۔

سوال ۱۰: میر انیس کے دادا کا نام بتایئے؟

جواب: میر حسن "سحر البیان" کے شاعر۔

سوال ۱۱: میر انیس نے اپنی شاعری کی ابتداء مرثیہ سے کی یا غزل سے؟

جواب: غزل سے ابتداء کی تھی۔

سوال ۱۲: مرثیہ کے ایک بند میں کتنے شعر ہوتے ہیں؟

جواب: تین اشعار۔

سوال ۱۳: میر انیس نے کل کتنے اشعار کہے تھے؟

جواب: تقریباً دو لاکھ۔

سوال ۱۴: مرزا دبیر نے ایک بے نقط مرثیہ بھی لکھا اس کا مطلع کیا تھا؟
جواب: "ہم طالع ہما مراد ہم رسا ہوا"۔
سوال ۱۵: مرزا دبیر کس شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: میر مظفر حسین ضمیر کے۔
سوال ۱۶: مرثیہ کے ابتدائی حصے کو شاعری کی اصلاح میں کیا کہتے ہیں؟
جواب: چہرہ۔
سوال ۱۷: مشہور مرثیہ "حسین اور انقلاب" کس شاعر کا ہے؟
جواب: جوش ملیح آبادی کا۔
سوال ۱۸: بے نقط مرثیہ میں مرزا دبیر کا تخلص کیا تھا؟
جواب: عطارد۔
سوال ۱۹: "اردو مرثیہ کی سرگزشت" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر اسد اریب نے یہ کتاب ۱۹۸۹ میں طبع کرائی تھی۔
سوال ۲۰: "کلیات مراثی" کا شاعر کون ہے؟
جواب: میر انیس۔
سوال ۲۱: نصیر الدین ہاشمی نے "دکن میں اردو" میں کس شاعر کو اردو کا سب سے قدیم مرثیہ گو قرار دیا ہے؟
جواب: ملا وجہی کو۔
سوال ۲۲: "مرزا دبیر اور ان کی مرثیہ نگاری" کس شاعرہ کی تخلیق ہے؟
جواب: نفیس فاطمہ نے ۱۹۸۹ میں شائع کی تھی۔
سوال ۲۳: "شہادت سے پہلے" اور "شہادت کے بعد" کس شاعر کے مرثیے ہیں؟
جواب: سید آل رضا یہ ۱۹۴۳ میں شائع ہوئے تھے۔
سوال ۲۴: نظیر اکبر آبادی نے جو مرثیے کہے وہ کس ہیئت میں ہیں؟
جواب: مخمس میں۔
سوال ۲۵: ایران میں مرثیہ خوانی کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: روضہ خوانی۔
سوال ۲۶: مرثیہ کو مسدس کی شکل کس شاعر نے دی تھی؟
جواب: مرزا رفیع سودا نے۔
سوال ۲۷: اٹھارویں صدی تک اردو مرثیہ کی کوئی خاص ہیئت مقرر نہیں تھی، مرثیہ عام طور پر کس ہیئت میں لکھا جاتا تھا؟
جواب: غزل کی ہیئت میں۔
سوال ۲۸: میر مستحسن خلیق کے والد کا نام بتائیے؟
جواب: میر حسن۔

سوال ۲۹: مرثیہ گوئی کس شاعر کی ایجاد ہے جو کہ مرثیہ کے وزن پر "ہرثیہ" نام دیا گیا ہے؟
جواب: میر ضمیر کی۔
سوال ۳۰: میر انیس کے پڑدادا کا نام بتائیے؟
جواب: میر ضاحک۔
سوال ۳۱: محمد حسین آزاد نے "آب حیات" میں میر انیس اور مرزا دبیر میں سے کس شاعر کو فوقیت دی ہے؟
جواب: مرزا دبیر کو۔
سوال ۳۲: شبلی نعمانی نے "موازنہ انیس و دبیر" میں کس شاعر کو فوقیت دی ہے؟
جواب: میر انیس کو۔
سوال ۳۳: مرزا دبیر نے اپنی شاعری کا آغاز غزل سے کیا یا مرثیہ سے؟
جواب: غزل سے۔
سوال ۳۴: مرزا دبیر کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: مرزا غلام حسین۔
سوال ۳۵: مرزا دبیر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: ۲۹ اگست ۱۸۰۳ کو دلی کے "بلی ماراں محلہ" میں۔
سوال ۳۶: مرثیہ گوئی کی اصل ترقی کس دبستان شاعری کے تحت ہوئی؟
جواب: دبستان لکھنؤ کے تحت۔
سوال ۳۷: میر انیس نے مرثیہ کے علاوہ کس صنف میں شاعری کی تھی؟
جواب: غزل میں۔
سوال ۳۸: "اردو مرثیہ کا ارتقاء" ڈاکٹر مسیح الزماں کی کتاب ہے آپ بتائیے کہ "مرثیہ نگاری اور میر انیس" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر احسن فاروقی۔
سوال ۳۹: "مجموعہ مرثیہ ہائے مسکین" کا خالق کونسا شاعر ہے؟
جواب: میر عبداللہ مسکین۔
سوال ۴۰: اردو کے اس پہلے مرثیہ گو شاعر کا نام بتائیے جس کی غزلیات وقصائد اور مثنویات میں مرثیے بھی شامل ہیں؟
جواب: محمد علی قطب شاہ۔
سوال ۴۱: میر ببر علی انیس اور مرزا سلامت علی دبیر میں کونسی قدر مشترک ہے؟
جواب: دونوں مرثیہ گو شاعر ہیں۔
سوال ۴۲: مرزا سلامت علی دبیر کے مرثیوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: کم و بیش تین ہزار۔
سوال ۴۳: ڈاکٹر صفدر حسین کے کس مقالے پر انھیں پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی تھی؟
جواب: مقالہ "مرثیہ بعد انیس" کے لکھنے پر۔

سوال ۴۴: ''بخدا فارس میدان تہور تھا حُر'' یہ مشہور مرثیہ کس شاعر کا ہے؟

جواب: میر انیس کا۔

سوال ۴۵: شادؔ عظیم آبادی نے مرثیے میں زبان وخیال کے اعتبار سے میر انیس کی پیروی کی تھی آپ بتائیے انھوں نے فریادؔ عظیم آبادی کے علاوہ کس سے اصلاح لی؟

جواب: مرزا دبیر سے۔

سوال ۴۶: ''مرثیہ خوانی کا فن'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: نیر مسعود۔

سوال ۴۷: مرثیہ کی ذیلی اصناف کے نام بتایئے؟

جواب: سلام، نوحہ، سوز اور مرثیہ۔

سوال ۴۸: سید آل رضا کا ایک مرثیہ ۱۹۶۷ میں شائع ہوا جس میں بارہ افراد کے تبصرے بھی شامل تھے آپ اس مرثیہ کا نام بتایئے؟

جواب: عظمت انسان۔

سوال ۴۹: جوش ملیح آبادی کے پہلے مرثیہ کا کیا نام ہے؟

جواب: ''آوازۂ حق''۔

سوال ۵۰: ''بصیرت'' کس خاتون شاعرہ کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: تصویر فاطمہ کے۔

سوال ۵۱: جوش ملیح آبادی کا خط ڈاکٹر ہلال نقوی کے کس مرثیے میں شائع ہوا تھا؟

جواب: ''جدید مرثیے کے تین معمار''۔

سوال ۵۲: جوش نے اپنا معرکہ آراء مرثیہ ''حسین اور انقلاب'' کس کتاب میں لکھا ہے؟

جواب: ''آیات ونغمات'' ۱۹۴۳ میں۔

سوال ۵۳: لکھنؤ میں مرثیہ پڑھنے کے دو گروہ بن گئے تھے ایک گروہ کو مرزا سلامت علی دبیر کی نسبت سے دبیریے کہا جاتا تھا۔ آپ بتایئے میر انیس کے گروہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

جواب: انیسیے۔

سوال ۵۴: مرثیے کے غزلیہ کو کیا اصطلاحی نام دیا جاسکتا ہے؟

جواب: سلام۔

سوال ۵۵: یہ مشہور مصرعہ کس شاعر کا ہے؟
''ہوتے ہیں بہت رنج مسافر کو سفر میں''

جواب: میر انیس کا۔

سوال ۵۶: قیصر بارہوی کو ان کی گولڈن جوبلی کے موقع پر لاہور میں مئی ۱۹۹۰ میں ایرانی ثقافتی مرکز کے ڈائریکٹر جنرل آقائے صادق گنجی نے کیا خطاب دیا تھا؟

جواب: ''انیس وقت'' کے لقب سے نوازا تھا۔

سوال ۵۷: میر انیس کا یہ مشہور مرثیہ کس شخصیت کے بارے میں ہے؟
''یارب چمن نظم کو گلزار ارم کر''

جواب: حضرت امام حسینؓ کے بارے میں۔

سوال ۵۸: مثنوی کے انداز میں لکھا ہوا مرثیہ ''نوسرہار'' کا شاعر کون ہے؟

جواب: سید شاہ اشرف بیابانی۔

سوال ۵۹: مرثیہ کی کیا ترتیب ہوتی ہے؟

جواب: چہرہ، آمد، سراپا، رجز، جنگ، شہادت، خاتمہ، دعا۔

سوال ۶۰: نصیر الدین ہاشمی نے کس مثنوی نگار کو پہلا مرثیہ نگار قرار دیا تھا؟

جواب: ''نوسرہار'' کے خالق سید شاہ اشرف بیابانی کو۔

سوال ۶۱: نسیم امروہوی کے دادا مرثیہ گو تھے جن کا نام شمیم احمد امروہوی تھا آپ بتایئے ۱۹۳۸ میں ان کا کونسا مرثیہ شائع ہوا؟

جواب: ''فلسفۂ غم'' کے نام سے نسیم امروہوی نے مرثیہ شائع کیا۔

سوال ۶۲: مرثیے کے ادایئے کا کیا نام ہے؟

جواب: سوز خوانی۔

سوال ۶۳: حالی نے اقبال کا مرثیہ لکھا تھا آپ بتایئے اقبال نے کس شاعر کا مرثیہ لکھا تھا؟

جواب: داغ دہلوی کا۔

سوال ۶۴: آپ بتایئے کہ کیا یہ درست ہے کہ میر مستحسن خلیق اس قدر غریب تھا کہ وہ غزلیں بیچ کر زندگی کے دن بسر کرتا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال ۶۵: سلام کے اشعار کی تعداد کم از کم چار ہوتی ہے آپ بتایئے زیادہ سے زیادہ تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب: ۱۲۷ اشعار۔

سوال ۶۶: دکنی مرثیہ گو شعراء کے نام بتایئے؟

جواب: ملا وجہی، غواصی، کاظم، افضل اور ہاشمی۔

سوال ۶۷: لکھنؤ میں مرثیے کے پہلے اہم شاعر کون تھے؟

جواب: میاں سکندر۔

سوال ۶۸: ''مراثی یادر'' یا ورا عظمی کے مرثیوں کا مجموعہ ہے آپ بتایئے قمر جلالوی کے کس مجموعے میں مرثیے بھی شامل ہیں؟

جواب: ''غم جاوداں'' میں۔

سوال ۶۹: مسدس کی صورت میں سب سے پہلا مرثیہ میر مہدی قیس ہریانپوری کا لکھا ہوا ملتا ہے آپ بتایئے یہ کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

جواب: ۱۶ بندوں پر مشتمل ہے۔

سوال ۷۰: ''اردو مرثیہ میں مرزا دبیر کا مقام'' کا خالق کون ہیں؟

جواب: ڈاکٹر مظفر حسن ملک۔

سوال ۷۱: ''مراثی انیس'' کا مرتب نائب حسین نقوی ہے آپ بتایئے کتاب ''انسانیت'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مسعود حسن رضوی ادیب۔

سوال ۷۲: ''اودھ میں اردو مرثیہ کا ارتقاء'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر اکبر حیدر کاشمیری۔

سوال ۷۳: ''یادگار انیس'' کا مصنف امیر احمد علوی ہے آپ بتایئے ''حیات دبیر'' کا خالق کون ہے؟

جواب: سید افضل حسین ثابت لکھنوی۔

سوال ۷۴: ''دبستان عشق کی مرثیہ گوئی'' کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر جعفر رضا۔

سوال ۷۵: سید آل رضا کے مرثیوں کا مجموعہ ''مراثی رضا'' ۲۰ مرثیوں پر مشتمل ہے آپ بتایئے نجم آفندی کا مرثیہ ''فتح مبین'' کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۹۴۰ میں۔

سوال ۷۶: ''میر انیس حیات اور شاعری'' کس نقاد کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر فرمان فتحپوری کی۔

سوال ۷۷: ''مختصر تاریخ مرثیہ گوئی'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: حامد حسن قادری۔

سوال ۷۸: تمام ناقدین اور محققین نے یک زبان ہو کر کس کتاب کو شمالی ہند میں نثری اور منظوم مرثیوں کی اولین کتاب تسلیم کیا ہے؟

جواب: فضل علی فضلی کی ''کربل کتھا'' یا ''دہ مجلس'' کو۔

سوال ۷۹: افراد کے ساتھ ساتھ بعض اوقات کسی شہر، ادارے یا عہد کا مرثیہ بھی لکھا جاتا رہا ہے۔ آپ بتایئے اس ضمن میں الطاف حسین حالی نے غزل کے پیرائے میں کس شہر کا اور کس نام سے مرثیہ لکھا تھا؟

جواب: دہلی کا ''دہلی مرحوم'' کے نام سے۔

سوال ۸۰: حالی کے مرثیے کا مطلع سنایئے؟

جواب: تذکرۂ دہلی مرحوم کا اے دوست نہ چھیڑ
نہ سنا جائیگا ہم سے یہ فسانہ ہرگز

سوال ۸۱: یہ مشہور فارسی مرثیہ کس کا ہے؟
شاہ است حسین بادشاہ است حسین
دین است حسین و دین پناہ است حسین
داد و نداد دست دردست یزید
حقا کہ بنائے لاالہ است حسین

جواب: حضرت خواجہ معین الدین چشتی۔

سوال ۸۲: ''جدید اردو مرثیہ'' کا خالق محمد رضا کاظمی ہے آپ بتایئے کہ ''واقعات انیس'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: میر مہدی حسن احسن لکھنوی۔

سوال ۸۳: ''روح انیس'' اور ''شاعر اعظم انیس'' کس ادیب کی مشہور کتب ہیں؟

جواب: سید مسعود حسن رضوی ادیب کی۔

سوال ۸۴: ''شاہکار انیس'' اور ''نادرات مرزا دبیر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر صفدر حسین۔

سوال ۸۵: ''انیس کی مرثیہ نگاری'' اثر لکھنوی کی کتاب ہے آپ بتایئے ''دبستان دبیر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی۔

سوال ۸۶: میر انیس کے مراثی کے کتنے مجموعے شائع ہو چکے ہیں؟

جواب: صرف پانچ مجموعے۔

سوال ۸۷: اردو غزل میں چار اجزائے ترتیبی ہوتے ہیں مثلاً مطلع، قافیہ، ردیف اور مقطع۔ آپ بتایئے کہ اساتذہ نے کلاسیکی مرثیے کے کتنے اور کون کونسے اجزائے ترکیبی مقرر کیے ہیں؟

جواب: نو اجزائے ترکیبی مقرر کیے ہیں۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:۔
چہرہ، ماجرا، سراپا، رخصت، آمد، رجز، جنگ اور سامانِ جنگ، شہادت، بین۔

☆☆☆

مثنوی نگاری

سوال ۱: "گل بکاؤلی" کے پرانے قصے کو کس نے نئے اور دلچسپ انداز میں مثنوی "گلزار نسیم" کے طور پر پیش کیا؟
جواب: پنڈت دیا شنکر نسیم نے۔

سوال ۲: لکھنوی دبستان ادب کی پہلی مثنوی کونسی ہے؟
جواب: گلزار نسیم۔

سوال ۳: میر حسن نے "سحر البیان" مثنوی فضل علی خان قید کی کس مثنوی سے متاثر ہو کر لکھی تھی؟
جواب: مثنوی "خوان کرم" سے متاثر ہو کر۔

سوال ۴: میر حسن بحیثیت شاعر کے دو خاص رنگ ہیں یعنی مثنوی نگار اور دوسری حیثیت آپ بتائیں؟
جواب: بحیثیت غزل گو شاعر کے۔

سوال ۵: مثنوی "ابر گہر بار" کا خالق مرزا غالب ہے آپ بتایئے مثنوی "لاجونتی" کس مشہور شاعر کی تخلیق ہے؟
جواب: خواجہ حیدر علی آتش کی۔

سوال ۶: "ترانہ شوق" مثنوی شوق قدوائی نے تخلیق کی تھی آپ بتایئے مثنوی "مراد العاشقین" کا شاعر کون ہے؟
جواب: خلیفہ محمد علی سکندر۔

سوال ۷: اردو کے کس شاعر نے غیر منقوط مثنوی لکھی؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء نے۔

سوال ۸: فارسی شاعر فردوسی نے اپنا مشہور رزمیہ "شاہنامہ" جس وزن پر لکھا اس وزن پر اردو میں بھی ایک مثنوی لکھی گئی تھی آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: مثنوی "سحر البیان" ۱۸۸۳ میں۔

سوال ۹: مثنوی "بہار عشق" کا خالق مرزا رفیع سودا ہے، بتایئے مثنوی "عالم خیال" کس شاعر نے لکھی؟
جواب: شوق قدوائی۔

سوال ۱۰: "مراد المحبین" ایسی مثنوی ہے جس میں "قصہ چہار درویش" کو منظوم کرنے کی کوشش کی گئی۔ لیکن شاعر صرف پہلے درویش کی سیر کو منظوم کر سکا۔ یوں یہ ایک نامکمل مثنوی ہے اس کے خالق کا نام بتایئے؟
جواب: مراد شاہ لاہوری۔

سوال ۱۱: کس شاعر نے میر تقی میر کی مثنوی "شعلہ عشق" کو نثر میں لکھا؟
جواب: مرزا رفیع سودا نے۔

سوال ۱۲: مثنوی "ماہ پیکر" کا شاعر جنیدی ہے۔ آپ بتایئے مثنوی "شام ابد" کا خالق کون ہے؟
جواب: امیر مینائی۔

سوال ۱۳: مثنوی "حب وطن"، "خواب امن"، "ابر کرم" اور "صبح امید" کس شاعر وادیب نے تخلیق کی ہیں؟
جواب: محمد حسین آزاد نے۔

سوال ۱۴: مثنوی "جنگ نامے" کا شاعر محمد حنیف ہے۔ مثنوی "قتیل نامہ" کس شاعر کی تخلیق ہے؟
جواب: بندہ نواز گیسو دراز۔

سوال ۱۵: مثنوی "شکایت ستم" اور مثنوی "جہادیہ" کس مشہور شاعر کی ہیں؟
جواب: مومن خان مومن کی۔

سوال ۱۶: امیر خسرو کی پہلی مثنوی کا نام بتایئے؟
جواب: مثنوی "قران السعدین"۔

سوال ۱۷: مثنوی کس ملک کی ایجاد ہے اور اردو مثنوی کی ابتدا کہاں سے ہوئی؟
جواب: یہ ایران کی ایجاد ہے اور اردو مثنوی کی ابتدا دکن سے ہوئی۔

سوال ۱۸: اردو کی مشہور مثنوی "شاہنامہ اسلام" کی کتنی جلدیں ہیں اور شا...م بھی بتایئے؟
جواب: حفیظ جالندھری، کل چار جلدیں۔

سوال ۱۹: "کامروپ کلا" قدیم عہد کی ایک مثنوی کا نام ہے اس میں قابل غور بات یہ ہے کہ اس کا مصنف مسلمان ہے لیکن اشخاص قصہ سب ہندو ہیں۔ اس مثنوی کو گارساں دتاسی نے ۱۸۳۶ میں قصہ "کامروپ" کے نام سے شائع کیا اور یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ مشہور جرمن شاعر گوئٹے نے اس نظم کو ترجمہ کرا کر سنا اور اس سے بہت محظوظ ہوئے۔ مثنوی کے خالق کا نام بتایئے؟
جواب: تحسین الدین۔

سوال ۲۰: میر حسن کی سوانحی مثنوی کا نام "گلزار ارم" ہے آپ بتایئے واجد علی شاہ کی آپ بیتی نما مثنوی کا کیا نام ہے؟
جواب: مثنوی "حزن اختر"۔

سوال ۲۱: اردو کا پہلا مثنوی نگار کا نام فخر الدین نظامی دکنی ہے آپ مثنوی کا نام بتایئے؟
جواب: کدم راؤ پدم راؤ۔

سوال ۲۲: اردو کی پہلی باقاعدہ رزمیہ مثنوی کونسی ہے اور اس کا شاعر کون ہے؟
جواب: نصرتی کی "خاور نامہ"۔

سوال ۲۳: مثنوی کے اشعار کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟
جواب: تعداد مقرر نہیں ہے۔

سوال ۲۴: میر انیس کے دادا کا نام بتایئے جو شاعر بھی تھے؟
جواب: میر حسن، مثنوی "سحر البیان" کے خالق۔

سوال ۲۵: اردو کے وہ کونسے شاعر ہیں جو بہت خوبصورت تھے اور وہ "یوسف ثانی" کہلاتے تھے اس کے حسن کی تعریف میں اشعار کہے جاتے تھے اور وہ اپنے حسن کو دوبالا کرنے کے لیے عموماً سیاہ کپڑے پہنتے تھے؟
جواب: میر عبدالحئی تاباں۔

سوال ۲۶: میر انیس کے مراثی کے کتنے مجموعے شائع ہوئے؟
جواب: صرف پانچ مراثی کے مجموعے شائع ہوئے۔

سوال ۲۷: مثنوی ''قرآن السعدین'' امیر خسرو نے کس کی فرمائش پر لکھی تھی؟
جواب: کیقباد کی فرمائش پر۔
سوال ۲۸: مثنوی ''پھول بن'' میں تصوف کے مسائل بیان کیے گئے ہیں آپ بتائیے ''پھول بن'' کے شاعر ابن نشاطی کس بادشاہ کے درباری شاعر تھے؟
جواب: سلطان عبداللہ قطب شاہ کے درباری شاعر تھے۔
سوال ۲۹: غالب اور میر حسن نے گیارہ گیارہ مثنویاں لکھیں تھیں۔ بتائیے کہ میر نے کل کتنی مثنویاں تخلیق کیں تھیں؟
جواب: کل ۳۷ مثنویاں، بقول ڈاکٹر انور سدید۔
سوال ۳۰: میر تقی میر نے غزل کے بعد کس صنف میں شاعری کی؟
جواب: مثنوی میں۔
سوال ۳۱: میر حسن کی تین مشہور مثنویوں کے نام بتائیے؟
جواب: ''سحر البیان''، ''گلزار ارم'' اور ''رموز العارفین''۔
سوال ۳۲: غلام ہمدانی مصحفی نے میر کی کس مثنوی کو سامنے رکھ کر ''بحر الحبت'' لکھی تھی؟
جواب: مثنوی ''دریائے عشق'' کو۔
سوال ۳۳: محمد قلی قطب شاہ کے عہد جوانی کی داستان محبت ملا وجہی نے کس مثنوی میں بیان کی ہے؟
جواب: مثنوی ''قطب مشتری'' میں۔
سوال ۳۴: نصرتی کس بادشاہ کے درباری شاعر تھے؟
جواب: علی عادل شاہ اول کے درباری شاعر تھے۔
سوال ۳۵: مثنوی ''باد مخالف'' میں مرزا غالب نے فارسی کے کتنے شعراء کو اپنا معنوی استاد کہا تھا؟
جواب: ۹۔ شعراء کو۔
سوال ۳۶: ''خوب ترنگ'' کے نام سے خوب محمد چشتی نے مثنوی لکھی تھی لیکن یہ بہت ہی مشکل تھی جس کی وجہ سے اس کی خود ہی شرح کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: ''معراج خوبی'' کے نام سے۔
سوال ۳۷: ''اردو مثنوی شمالی ہند میں'' پر ڈاکٹر گیان چند کو کونسی ڈگری دی گئی؟
جواب: ڈاکٹر آف لٹریچر کی ڈگری دی گئی تھی۔
سوال ۳۸: نصرتی نے کون کون سی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب: ''گلشن عشق''، ''علی نامہ''، ''تاریخ اسکندری'' اور ''دیوان نصرتی''۔
سوال ۳۹: نصرتی کی پہلی مثنوی ''گلشن عشق'' ہے۔ آپ بتائیے مثنوی ''تاریخ اسکندری'' کا دوسرا نام کیا ہے؟
جواب: فتح نامہ بہلول خان۔
سوال ۴۰: ''خاور نامہ'' فارسی کی ایک طویل مثنوی ہے جسے ابن حسام نے ۱۴۲۶ میں لکھا تھا۔ آپ بتائیے اسے اسی نام سے اردو جامہ کس نے پہنایا؟
جواب: کمال خان رستمی نے۔

سوال ۴۱: حسن شوقی نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟
جواب: صرف دو ''فتح نامہ نظام شاہ'' اور ''میزبانی نامہ''۔
سوال ۴۲: ''علی نامہ'' مثنوی کا موضوع کیا ہے؟
جواب: علی عادل شاہ ثانی کے ابتدائی دس برسوں کے دور حکومت کی منظوم تاریخ ہے۔
سوال ۴۳: نصرتی کی کس مثنوی کو دکنی زبان کا شاہنامہ اور اردو زبان کی پہلی اور واحد رزمیہ نظم کہا جاتا ہے؟
جواب: مثنوی ''علی نامہ'' کو۔
سوال ۴۴: مثنوی ''لیلیٰ مجنوں'' اور ''یوسف زلیخاں'' کا خالق کون ہے؟
جواب: شیخ احمد گجراتی۔
سوال ۴۵: جعفر علی حسرت کی کل دو تصانیف ہیں آپ ان کے نام بتائیے؟
جواب: ''کلیات حسرت'' اور مثنوی ''طوطی نامہ''۔
سوال ۴۶: مثنوی ''سحر البیان'' کو ڈرامے کی صورت میں کس نے اور کب لکھا؟
جواب: حافظ محمد عبداللہ فتحپوری نے ۱۸۸۹ میں لکھا تھا۔
سوال ۴۷: مثنوی ''بحر الحبت'' کے بعد مصحفی کی سب سے طویل مثنوی کونسی ہے؟
جواب: مثنوی ''گلزار شہادت''۔
سوال ۴۸: نواب مرزا شوق نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟
جواب: صرف تین ''فریب عشق''، ''بہار عشق'' اور ''زہر عشق''۔
سوال ۴۹: مثنوی سحر البیان میں اشعار کی تعداد ۲۱۷۹ ہے آپ بتائیے میر حسن نے کل کتنی مثنویاں لکھیں تھیں؟
جواب: کل گیارہ۔
سوال ۵۰: ''سحر البیان'' میں میر حسن نے بے نظیر اور بدر منیر کا قصہ لکھا ہے۔ آپ بتائیے مثنوی ''دلپذیر'' میں رنگین نے کس کی داستان عشق بیان کی ہے؟
جواب: ''مہ جبیں و نازنین'' کی۔
سوال ۵۱: شیخ امام بخش ناسخ کی مثنوی کا نام بتائیے؟
جواب: مثنوی ''سراج نظم''۔
سوال ۵۲: مومن نے کل ۱۲ مثنویاں لکھیں آپ بتائیے داغ دہلوی نے کتنی مثنویاں لکھیں؟
جواب: صرف ایک ''فریاد داغ'' کے نام سے۔
سوال ۵۳: امیر مینائی نے کل ۹ مثنویاں لکھیں آپ بتائیے محسن کاکوروی کی کلیات میں کتنی مثنویاں موجود ہیں؟
جواب: پانچ مثنویاں۔
سوال ۵۴: مومن حافظ قرآن بھی تھے جس کا ذکر انھوں نے ایک مثنوی میں بھی کیا تھا آپ مثنوی کا نام بتائیے؟
جواب: مثنوی ''شکایت ستم'' میں۔
سوال ۵۵: امیر مینائی نے مثنوی ''کبوتر نامہ'' کیوں لکھی تھی؟
جواب: واجد علی شاہ کو کبوتروں کا شوق تھا اس وجہ سے دو سو اشعار کی ایک مثنوی ''کبوتر نامہ'' لکھ کر بادشاہ کو پیش کی۔

سوال۵۶: مثنوی ''سیر کراچی'' کا خالق کون ہے؟
جواب: شبنم رومانی۔
سوال۵۷: مثنوی ''صبح تجلی'' اور ''فغان محسن'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: محسن کاکوروی۔
سوال۵۸: مثنوی ''مظہر العجائب'' کا شاعر مظفر حسین ضمیر ہے آپ بتایئے کہ مثنوی ''من وسلویٰ'' کس کی مثنوی ہے؟
جواب: مفتی میر محمد عباسی۔
سوال۵۹: مثنوی ''معراج المضامین'' اور ''حجاب زنان'' کا خالق منیر شکوہ آبادی ہے آپ بتایئے مثنوی ''لعل و گوہر'' کس شاعر کی مثنوی ہے؟
جواب: عارف الدین خان عاجز کی۔
سوال۶۰: مثنوی ''وصال العاشقین'' اور ''نزہت العاشقین'' کس شاعر نے تخلیق کی ہیں؟
جواب: حسین ذوقی نے۔
سوال۶۱: اردو کی مشہور کتاب ''اردو کی تین مثنویاں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر خان رشید۔
سوال۶۲: واجد علی شاہ نے کون کون سی مثنویاں لکھی تھیں؟
جواب: دریائے تعشق، افسانہ عشق، بحر الفت اور عشق نامہ۔
سوال۶۳: مثنوی ''چھند چھنداں'' کا خالق خوب محمد چشتی ہے آپ بتایئے ''مثنوی عالم'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: بادشاہ گل عالم۔
سوال۶۴: مثنوی ''خوان کرم'' کا شاعر فضائل علی خان ہے آپ بتائے مثنوی ''توشۂ آخرت'' کا خالق کون ہے؟
جواب: کچھی نرائن شفیق۔
سوال۶۵: مثنوی ''کشش عشق'' اور ''اعجاز عشق'' کا شاعر غلام علی راسخ عظیم آبادی ہے آپ بتایئے مثنوی ''طلسم الفت'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: غلام محمد مولی قلق میرٹھی۔
سوال۶۶: مثنوی ''اسرار محبت'' نواب محبت خان محبت کی ہے آپ بتایئے ''من لگن'' مثنوی کا شاعر کون ہے؟
جواب: قاضی محمود بحری۔
سوال۶۷: مثنوی ''شکایت نامہ'' کا شاعر انشاء اللہ خان انشاء ہے آپ بتایئے ''ہشت گلزار'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: شاہ حسین کی۔
سوال۶۸: ''اردو کی دو قدیم مثنویاں'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: نائب حسین نقوی کی۔
سوال۶۹: مثنوی ''نیرنگ عشق'' کا خالق مرزا علی لطف ہے۔ آپ بتایئے ''بہار سخن'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: شیر علی افسوس کی۔

سوال۷۰: ''مثنوی صیدیہ'' کا شاعر میر وزیر علی صبا لکھنوی ہے آپ بتایئے ''باغ بہار'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ریحان الدین ریحان۔
سوال۷۱: ''فرس نامہ'' کا خالق سعادت یار خان رنگین ہے آپ بتایئے ''معراج نامہ'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: شیخ امام بخش ناسخ۔
سوال۷۲: مثنوی ''قصہ بے نظیر'' کا خالق مصحفی ہے آپ بتایئے ''نو سر ہار'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: اشرف بیابانی۔
سوال۷۳: ''فتح نامہ بکھیری'' مرزا مقیم کی مثنوی ہے آپ بتایئے ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: غواصی۔
سوال۷۴: مثنوی ''بہرام و گل اندام'' کا شاعر طبعی ہے۔ آپ بتایئے ''پرت نامہ'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: فیروز بیدری۔
سوال۷۵: مثنوی ''رضوان شاہ و روح افزا'' کا خالق فائز ہے آپ بتایئے مثنوی ''مخزن عشق'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: وجدی۔
سوال۷۶: مثنوی ''چندر بدن مہیار'' کا شاعر مقیمی ہے آپ بتایئے ''مراۃ الحشر'' کا خالق کون ہے؟
جواب: سید محمد فراقی۔
سوال۷۷: ''خواب و خیال'' میر اثر کی کتاب ہے آپ بتایئے ''بوستان خیال'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: سراج اورنگ آبادی۔
سوال۷۸: مثنوی ''نجات نامہ'' کا شاعر محمد امین ایاغی ہے آپ بتایئے ''ارشاد نامہ'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: شاہ برہان الدین جانم۔
سوال۷۹: ''اردو شاعری میں ہندوستانی عنصر'' اور ''ہندوستانی قصوں سے ماخوذ مثنویاں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر گوپی چند نارنگ۔
سوال۸۰: مثنوی ''قہر البیان'' کا شاعر راجہ مہدی علی خان ہے۔ آپ بتایئے کہ خواجہ الطاف حسین حالی کی وہ کونسی مشہور مثنوی ہے، جس کا ترجمہ غیر ملکی زبان میں بھی ہو چکا ہے؟
جواب: ''مناجات بیوہ'' کا۔
سوال۸۱: لکھنؤ میں سب سے پہلے مثنوی لکھنے کا آغاز کس نے کیا تھا؟
جواب: میر غلام حسن نے۔
سوال۸۲: محمد حسین آزاد کی فرمائش پر اسماعیل میرٹھی نے انجمن پنجاب لاہور کے مشاعروں کے لیے تین مثنویاں لکھی تھیں آپ بتایئے ''غزل صحرائی'' کس پاکستانی شاعر کی مثنوی ہے؟
جواب: برگ یوسفی کی۔
سوال۸۳: مثنوی ''در مکنون'' کے نام سے فقیر اللہ نے تخلیق کی تھی آپ بتایئے کہ ۱۹۳۲ء میں ''مغرب زدہ'' کے نام سے پاکستان کے کس شاعر نے مثنوی لکھی؟
جواب: قتیل شفائی نے۔

سوال ۸۴: شوق قدوائی نے معرکہ "چکبست وشرر" کے سلسلے میں فرضی نام سے ایک مثنوی "خارزارِ تیم" لکھی تھی آپ بتایئے اس میں کاکوروی کے فرسے مراد کیا لیا ہے؟

جواب: عبدالحلیم شرر جن کا وطن کاکور تھا۔

سوال ۸۵: علامہ اقبال نے کون کون سی مثنویاں لکھیں؟

جواب: "اسرارِ خودی"، "رموزِ بےخودی" اور "پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق"۔

سوال ۸۶: "اردو کی بہترین مثنویاں" کا خالق ڈاکٹر فرمان فتح پوری ہے آپ بتایئے کہ "اردو مثنوی کا ارتقاء" کا مصنف کون ہے؟

جواب: عبدالقادر سروری۔

سوال ۸۷: "دکنی اور دکنیات" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد علی اثر۔

سوال ۸۸: مثنوی "نہ سپہر" پر بادشاہ نے امیر خسرو کو کیا انعام دیا تھا؟

جواب: ایک ہاتھی کے وزن کے برابر روپے انعام دیے تھے۔

سوال ۸۹: نواب داغ دہلوی نے صرف ایک مثنوی لکھی تھی آپ بتایئے امیر مینائی نے کتنی مثنویاں لکھی تھیں؟

جواب: ۹ مثنویاں لکھی تھیں۔

سوال ۹۰: "تاریخ مثنویات اردو" کس کی کتاب ہے؟

جواب: جلال الدین احمد جعفری۔

سوال ۹۱: میر حسن کو کونسی تہذیب پسند تھی؟

جواب: مغل تہذیب۔

سوال ۹۲: مثنوی "سحر البیان" کا اسلوب اور لب ولہجہ کیسا ہے؟

جواب: دہلوی۔

سوال ۹۳: مرزا غالب نے صرف گیارہ مثنویاں لکھی تھی آپ بتایئے مومن خان مومن کی کل مثنویاں کتنی ہیں اور شیفتہ نے ان کو کیا قرار دیا ہے؟

جواب: مثنویوں کی تعداد چھ ہے اور شیفتہ نے ہر ایک مثنوی کو "رشکِ گلشن اور غیرتِ چمن" قرار دیا ہے۔

سوال ۹۴: کس ادیب کے مطابق "اردو مثنوی کا آغاز دکن میں ہوا" ادیب کا نام بتایئے؟

جواب: نصیر الدین ہاشمی نے۔

سوال ۹۵: یہ قول کس نقاد کا ہے کہ "مثنوی کا آغاز دکن کی بجائے شمالی ہند سے ہوا ہے"؟

جواب: ڈاکٹر محمد عقیل کا۔

سوال ۹۶: مصحفی نے پچیس اور انشاء نے آٹھ مثنویاں لکھی تھی آپ بتایئے جرأت نے کتنی مثنویاں تخلیق کی تھیں؟

جواب: صرف پانچ مثنویاں۔

سوال ۹۷: میر حسن کو کس شاعر نے "شاعرِ شیریں بیاں" قرار دیا تھا؟

جواب: مصحفی نے۔

سوال ۹۸: فرمان فتح پوری نے مومن کی کس مثنوی کو ان کی دوسری مثنویوں سے بہتر قرار دیا تھا؟

جواب: مثنوی "آفِ آتشیں" کو۔

سوال ۹۹: "اردو کی دو قدیم مثنویاں" کا خالق نائب حسین نقوی ہے آپ بتایئے دوسری مثنوی اسی نام سے اور کس نے لکھی ہے؟

جواب: اسماعیل امروہوی۔

سوال ۱۰۰: مثنوی "عشق نامہ" کا شاعر مرزا مقیم ہے آپ بتایئے "کشف الوجود" اور "ناری نامہ" کا خالق کون ہے؟

جواب: شاہ داول۔

سوال ۱۰۱: "منظوم اقدس" کا خالق شاہ عالم ثانی ہے۔ آپ بتایئے "غرقابِ عشق" اور "ریاض البنات" مثنویاں کس شاعر کی ہیں؟

جواب: محمد باقر آگاہ کی۔

سوال ۱۰۲: مثنوی "سکھ انجن" کا خالق شاہ ابوالحسن قادری ہے۔ آپ بتایئے کہ "رموز السالکین" (نظم) کا شاعر کون ہے؟

جواب: امین الدین اعلیٰ جو کہ شاہ برہان الدین کا بیٹا تھا۔

☆☆☆

قصیدہ نگاری

سوال۱: کونسے شاعر قصیدہ نگاری کو ''کارہوس پیش گاں'' کہتے تھے؟

جواب: مومن خان مومن۔

سوال۲: قصیدے کی صنف کا ''نقاش اول شاعر'' کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: محمد رفیع سودا کو۔

سوال۳: قصیدہ ''نوائے زمستاں'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مولوی اسماعیل میرٹھی۔

سوال۴: اردو قصیدے کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب: دکن سے۔

سوال۵: قصیدہ سب سے پہلے کس زبان میں بیان کیا گیا تھا اور اردو شاعری میں قصیدے کی روایت کس ادب سے آئی؟

جواب: ''عربی میں سب سے پہلے قصیدہ بیان کیا گیا تھا اور اردو شاعری میں بھی قصیدہ عربی زبان سے ہی آیا ہے''۔

سوال۶: مرزا رفیع سودا نے کل کتنے قصیدے لکھے؟

جواب: ۹۱ قصیدے لکھے۔

سوال۷: ادبی لحاظ سے سودا کے بعد اردو کا سب سے بڑا قصیدہ نگار کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

جواب: محمد ابراہیم ذوق کو۔

سوال۸: غالب نے کل ۶۲ قصیدے لکھے آپ بتائیے اردو دیوان میں کتنے قصائد ہیں؟

جواب: صرف چار قصیدے۔

سوال۹: اردو قصیدے کے سر کا تاج کس قصیدے گو شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: مرزا رفیع سودا کو۔

سوال۱۰: ''تشبیب'' کس شاعر کا مشہور قصیدہ ہے؟

جواب: خالد احمد کا۔

سوال۱۱: ''قصیدہ شہر آشوب''، ''مخمس شہر آشوب'' اور ''تضحیک روزگار'' کس شاعر کے مشہور قصائد ہیں؟

جواب: مرزا رفیع سودا کے۔

سوال۱۲: ''ابیات نعت'' کا شاعر محسن کاکوروی ہے آپ بتائیے کہ ''مدح خیر المرسلین'' قصیدہ کس شاعر کا ہے؟

جواب: محسن کاکوروی کا ہے۔

سوال۱۳: سودا، میر تقی میر کی عظمت فن کے قائل تھے اور غزل میں میر کی ہمسری کا دعویٰ نہ کر سکے لیکن ایک صنف سخن میں میر پر سودا کی اولیت مسلم ہے بتائیے کس میں؟

جواب: قصیدہ میں۔

سوال۱۴: قصیدہ کتنی اقسام کا ہوتا ہے؟

جواب: دو اقسام کا خطابیہ اور تمہیدیہ۔

سوال۱۵: نصرتی کس بادشاہ کے دربار کا شاعر تھا اور اسے کونسا خطاب ملا تھا؟

جواب: علی عادل شاہ کے دربا کا شاعر تھا اور ''ملک الشعراء'' کا خطاب۔

سوال۱۶: انشاء اللہ خان انشاء نے ایک بے نقط قصیدہ بھی لکھا اس کا نام بتائیے اور اس کی اشاعت کتنی زبانوں میں ہوئی؟

جواب: قصیدہ کا نام ''سلک گوہر'' اور اس کا ترجمہ سات زبانوں میں ہوا۔

سوال۱۷: نصرتی نے کل کتنے قصیدے لکھے؟

جواب: ۱۳ قصائد لکھے۔

سوال۱۸: سودا کو قصیدہ گوئی میں ''نقاش اول'' کس نے کہا تھا؟

جواب: غلام ہمدانی مصحفی نے۔

سوال۱۹: انشاء نے حضرت علیؓ کی منقبت میں ایک بے نقط اردو قصیدہ لکھا تھا آپ اس کا نام بتائیے؟

جواب: ''طور الکلام'' کے نام سے۔

سوال۲۰: جو شاعر قصیدہ نہیں لکھتا تھا اسے کیا کہا جاتا تھا؟

جواب: ''ادھورا شاعر'' کہا جاتا تھا۔

سوال۲۱: یہ قول کس مشہور شاعر کا ہے؟

''جو شاعر قصیدہ نہیں لکھ سکتا اسے شعراء میں شمار نہیں کرنا چاہیے اور اس بنا پر وہ ذوق کو پورا شاعر اور شاہ نصیر کو ادھورا شاعر جانتے تھے۔''

جواب: مرزا غالب۔

سوال۲۲: جب قصیدے میں تشبیب کو پیش کر کے قصیدے کا رخ دوسری طرف موڑا جاتا ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: ''گریز'' قصیدہ کا حصہ ہے۔

سوال۲۳: قصیدے کا ابتدائی حصہ کیا کہلاتا ہے؟

جواب: تشبیب۔

سوال۲۴: امیر مینائی نے محسن کاکوروی کے قصیدے ''ابیات نعت'' کی تضمین کی تھی، آپ بتائیے امیر مینائی نے اسکا تاریخی نام کیا رکھا تھا؟

جواب: مخمس نعتیہ۔

سوال۲۵: قصیدہ کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے؟

جواب: مطلع کہلاتا ہے۔

سوال۲۶: محمد حسین آزاد کے مجموعہ ''نظم آزاد'' جس میں غزلیات، قطعات اور قصائد شامل ہیں۔ یہ آزاد کی وفات کے ۲۲ سال بعد ۱۹۳۲ء میں کس نے شائع کیا تھا؟

جواب: آغا محمد طاہر نے دہلی سے شائع کرایا تھا۔

سوال ۲۷: مومن نے اردو میں کتنے قصائد لکھے؟
جواب: (۹) نو قصیدے لکھے تھے۔
سوال ۲۸: محسن کاکوروی کی کلیات میں کتنے نعتیہ قصائد ہیں؟
جواب: پانچ قصائد۔
سوال ۲۹: نعتیہ قصیدہ "مدح خیر المرسلین" سے محسن کاکوروی کا نام آتے ہی قصیدہ کا وہ کونسا شعر ہے جو ان کی پہچان بن چکا ہے؟
جواب:
سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
برق کے کاندھے پہ لائی ہے صبا گنگا جل
سوال ۳۰: قصیدہ "مدح خیر المرسلین" اور کس دوسرے نام سے مشہور ہے؟
جواب: "قصیدہ لامیہ" کے نام سے۔
سوال ۳۱: قصیدے کے لغوی معنی کیا ہیں؟
جواب: "ارادہ کرنا" کے۔
سوال ۳۲: ایک طویل قصیدہ بنام "خیر الانام" کا شاعر کون ہے اور اسے کب لکھا گیا تھا؟
جواب: قمر اجنالوی نے جون ۱۹۹۰ میں لکھا تھا۔
سوال ۳۳: سندھی زبان کے شاعر سید ثابت علی شاہ نے کس بادشاہ کے قصیدے لکھے؟
جواب: حکمران سندھ میاں سرفراز خان کلہوڑا کے۔
سوال ۳۴: بہادر شاہ ظفر کی والدہ کا نام بتایئے جو کہ ہندو تھی؟
جواب: بہادر شاہ ظفر "لال بائی" کے بیٹے تھے۔
سوال ۳۵: جلال لکھنوی منگرول کے نواب حسین میاں سے ۲۵ روپے ماہوار وظیفہ لیتے تھے آپ بتایئے انھیں ہر قصیدے کا کتنا معاوضہ ملتا تھا؟
جواب: صرف ایک سو روپیہ۔
سوال ۳۶: اردو میں سلطان محمد قلی قطب شاہ نے قصیدہ کب لکھنا شروع کیا تھا؟
جواب: ۱۶۱۱ کے لگ بھگ۔
سوال ۳۷: محمد ابراہیم ذوق کے قصائد میں لطف سخن، حسن بیاں اور قادر الکلامی پائی جاتی ہے آپ بتایئے جدت کے اعتبار سے کس شاعر کا مرتبہ بلند اور مسلم ہے؟
جواب: مرزا غالب کا۔
سوال ۳۸: تمہیدی قصیدے کے چار حصے ہوتے ہیں۔ آپ بتایئے قصیدے کی محفل کو اردو ادب میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: "مقاصدہ"۔
سوال ۳۹: اردو کے وہ کونسے شاعر ہیں جنھوں نے آئمہ کرام کی شان میں قصیدے لکھے؟
جواب: عزیز لکھنوی۔

سوال ۴۰: لکھنؤی دبستان کے چند قصیدہ گو شعراء کے نام بتایئے؟
جواب: منیر شکوہ آبادی، امیر مینائی اور جلال لکھنوی۔
سوال ۴۱: اردو میں سب سے پہلے بادشاہ کی مدح میں کس شاعر نے قصیدہ لکھا تھا؟
جواب: نظامی بیدری نے۔
سوال ۴۲: سید راجو حسینی کے فارسی قصیدے "تحفۃ النصائح" کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: قطب رازی نے۔
سوال ۴۳: محمد ابراہیم ذوق نے اکبر شاہ ثانی بادشاہ کا قصیدہ پڑھا تھا آپ بتایئے کہ قصیدہ گو "غواصی" کو عبداللہ قطب شاہ نے کہاں سفیر بنا کر بھیجا تھا؟
جواب: "بیجاپور" میں۔
سوال ۴۴: مومن نے رئیس پٹیالہ راجہ اجیت سنگھ کے دو قصیدے لکھے تھے آپ بتایئے کہ محسن کاکوروی کے قصیدوں میں سب سے مشہور قصیدہ کونسا ہے؟
جواب: مدح خیر المرسلین ﷺ
سوال ۴۵: ذوق کو اکبر شاہ ثانی نے "خاقانی ہند" کا خطاب دیا تھا اور "ملک الشعراء" کا خطاب بہادر شاہ نے دیا تھا۔ آپ بتایئے ذوق نے کل کتنے قصائد لکھے؟
جواب: ۱۵ قصائد۔
سوال ۴۶: "تاریخ قصائد اردو" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: جلال الدین احمد جعفری کی۔
سوال ۴۷: شمس الرحمٰن فاروقی نے کس شاعر کو قصیدے کی روایت کا شاعر کہا ہے اور اسے جوش پر فوقیت دی ہے؟
جواب: عبد العزیز خالد کو
سوال ۴۸: میر تقی میر نے خواجہ میر درد کو "آدھا شاعر" اس لیے کہا تھا کہ وہ قصیدہ نہیں کہتے تھے۔ آپ بتایئے مرزا غالب نے شیخ امام بخش ناسخ کو "یک فنا" شاعر کیوں کہا تھا؟
جواب: کیونکہ ناسخ بھی صرف غزل کہتے تھے۔ قصیدہ اور مثنوی سے ان کو کوئی دلچسپی نہ تھی۔
سوال ۴۹: "ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی" یہ مشہور قصیدہ کس شاعر کا ہے؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق کا۔
سوال ۵۰: درج ذیل مشہور قصیدہ کس شاعر کا ہے؟
یار مہتاب و گل و شمع بہم چاروں ایک
جواب: مرزا رفیع سودا کا۔
سوال ۵۱: تشبیب قصیدے میں کس کا متبادل ہے؟
جواب: تمہید کا۔
سوال ۵۲: قصیدے کے دوسرے حصے گریز میں اشعار کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟
جواب: زیادہ سے زیادہ دو اشعار۔

سوال۵۳: ''حسن مطلع'' کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: قصیدے کا پہلا شعر حسن مطلع کہلاتا ہے۔
سوال۵۴: قصیدے کے زیادہ سے زیادہ اشعار کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہے۔ آپ بتایئے کہ قصیدے کی کم از کم اشعار کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟
جواب: پندرہ اشعار۔
سوال۵۵: ''سودا کی قصیدہ نگاری'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: بشیر الدین احمد۔
سوال۵۶: قصیدہ کے کمالِ فن کی پہلی نشانی مطلع ہوتا ہے۔ ''مطالعۂ غزل'' میں ذوق کے مطلعوں کے بارے میں ذوق کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: ''مطلعوں کا بادشاہ''۔
سوال۵۷: ''اردو میں قصیدہ نگاری'' کا مصنف ڈاکٹر ابو محمد سحر ہے آپ بتایئے کہ ''اردو قصیدہ نگاری'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمود الٰہی۔

☆☆☆

اردو نظم نگاری

سوال۱: برصغیر میں آزاد نظم کا آغاز کب ہوا؟
جواب: ۱۹۰۱ میں۔
سوال۲: اردو میں آزاد نظم کی ابتدا کس نے اور کب کی تھی؟
جواب: تصدق حسین خالد نے ۱۹۳۶ میں۔
سوال۳: آزاد نظم کا امام کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ن۔ م راشد کو۔
سوال۴: آزاد نظم کی ابتداء کس ملک سے ہوئی؟
جواب: فرانس سے۔
سوال۵: ''نظم معریٰ'' اردو ادب میں کہاں سے آئی؟
جواب: یہ انگریزی ادب سے آئی اور اسے انگریزی میں ''بلینک ورس'' کہا جاتا ہے۔
سوال۶: ''نظم معریٰ'' کا پہلی مرتبہ اردو میں ترجمہ کس شاعر نے کیا؟
جواب: اسماعیل میرٹھی نے۔
سوال۷: اردو کی پہلی ''نظم معریٰ'' کونسی ہے اور شاعر کا نام بھی بتایئے؟
جواب: ''تاروں بھری رات''، اسماعیل میرٹھی۔
سوال۸: آزاد نظم لکھنا آسان ہے یا غزل لکھنا؟
جواب: ''آزاد نظم'' کیونکہ اس میں قافیہ اور ردیف کا خیال نہیں کیا جاتا۔
سوال۹: کس شاعر نے ن۔ م راشد کے علاوہ آزاد نظم کو پروان چڑھایا؟
جواب: مجید امجد نے۔
سوال۱۰: نظم کی ایک قسم ''سانیٹ'' بھی ہے۔ آپ بتایئے اس میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
جواب: ۱۴ مصرعے ہوتے ہیں۔
سوال۱۱: سانیٹ چودہ مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ آپ بتایئے کہ اس کے کتنے بند ہوتے ہیں؟
جواب: دو بند پر مشتمل ہوتا ہے پہلے بند میں آٹھ اور دوسرے میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔
سوال۱۲: میراجی کے کن شعری مجموعوں میں آزاد نظمیں ملتی ہیں؟
جواب: ''میراجی کی نظمیں'' اور ''تین رنگ'' کے شعری مجموعوں میں آزاد نظمیں موجود ہیں۔
سوال۱۳: اردو زبان میں سانیٹ کا مترادف کیا ہے؟
جواب: سُنیع۔
سوال۱۴: سانیٹ کے پہلے بند کو اردو میں ''مثمن'' کہتے ہیں۔ آپ بتایئے کہ دوسرے بند کو کیا کہتے ہیں؟
جواب: مسدس۔

سوال ۱۵:	عبدالحلیم شرر نے کونسی نظم لکھ کر آزاد نظم کی ابتداء کی اور یہ کس رسالے میں چھپی؟
جواب:	"سمندر" کے نام سے "دلگداز" میں فروری ۱۹۰۱ میں چھپی۔
سوال ۱۶:	مجید امجد کے کن شعری مجموعوں میں کثرت سے آزاد نظمیں موجود ہیں؟
جواب:	"شب رفتہ" اور "شب رفتہ کے بعد" میں۔
سوال ۱۷:	سانیٹ اور غزل میں موضوع کے اعتبار سے کیا فرق ہے؟
جواب:	دونوں میں بڑی مطابقت پائی جاتی ہے۔
سوال ۱۸:	اردو سانیٹ نگاری میں کسے اولیت دی جاتی ہے اور اردو کے پہلے سانیٹ کا عنوان کیا تھا؟
جواب:	عظیم الدین احمد جنھوں نے اردو کا پہلا سانیٹ "فریاد عظیم" کے نام سے ۱۹۰۳ میں لکھا۔
سوال ۱۹:	"سانیٹ" کس زبان کا لفظ ہے اور اس کا مطلب کیا ہے؟
جواب:	یہ اطالوی زبان کے لفظ Sonetto سے مشتق ہے، جس کا مطلب ہے مختصر آواز یا راگ۔
سوال ۲۰:	جوش ملیح آبادی کے پہلے شعری مجموعۂ کلام "روح ادب" ۱۹۲۰ میں کتنی نثری نظمیں ہیں؟
جواب:	۴۵ نظمیں۔
سوال ۲۱:	ن۔م راشد نے بھی سانیٹ لکھے تھے۔ ان کا پہلا سانیٹ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
جواب:	"زندگی" کے نام سے "ہمایوں" اپریل ۱۹۳۰ میں چھپا۔
سوال ۲۲:	نثری نظم کا آغاز کس ملک سے ہوا؟
جواب:	اٹلی سے۔
سوال ۲۳:	نثری نظم کا سب سے پہلا مجموعہ کس نام سے اور کس نے لکھا؟
جواب:	"اپنے اور دوستوں کے لیے نظمیں" عبدالرشید نے لکھا۔
سوال ۲۴:	نثری نظم کو انگریزی میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب:	پروز پوئم (Prose poem)۔
سوال ۲۵:	اردو کے شاعر ریاض مجید نے نثری نظم کے لیے کونسا لفظ استعمال کیا تھا؟
جواب:	"نثم" انھوں نے یہ لفظ نثر اور نظم سے بنایا ہے۔
سوال ۲۶:	نثری نظم کی طوالت کتنی ہوتی ہے؟
جواب:	عموماً آدھے صفحے سے تین چار صفحات تک۔
سوال ۲۷:	پروین شاکر کے کس شعری مجموعہ میں نثری نظمیں ملتی ہیں؟
جواب:	شعری مجموعہ "انکار" ۱۹۹۰ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۲۸:	سات مصرعوں والی نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب:	"مسبع"۔
سوال ۲۹:	رابندر ناتھ ٹیگور کی کس کتاب میں نثری نظمیں ملتی ہیں؟
جواب:	گیتان جلی میں۔

سوال ۳۰:	"آزاد نظم" کے جدید شاعر کا نام بتائیے؟
جواب:	ن۔م راشد۔
سوال ۳۱:	اردو ادب میں "جدید اردو نظم" کا آغاز کب ہوا؟
جواب:	۱۸۷۴ء میں۔
سوال ۳۲:	محمد حسین آزاد کی وہ کونسی پہلی جدید نظم ہے جو کسی ایک موضوع پر لکھی گئی تھی؟
جواب:	آزاد نے ایک مثنوی رات کی حالت کے موضوع بعنوان "شب قدر" پر لکھی تھی۔
سوال ۳۳:	اردو شاعری میں جدید شاعری کے بانی کون ہیں؟
جواب:	محمد حسین آزاد۔
سوال ۳۴:	پنجاب میں جدید نظم کی تحریک کس پلیٹ فارم سے شروع ہوئی؟
جواب:	انجمن پنجاب لاہور سے۔
سوال ۳۵:	محمد حسین آزاد کا مجموعہ "نظم آزاد" پہلی بار کب شائع ہوا؟
جواب:	۱۸۹۹ میں۔
سوال ۳۶:	آزاد کا مجموعہ نظم "نظم آزاد" دوسری بار کب شائع ہوا؟
جواب:	۱۹۱۰ میں۔
سوال ۳۷:	شبلی نعمانی کی نظموں کا ایک مجموعہ "مجموعۂ کلام شبلی" کب اور کس نے مرتب کیا؟
جواب:	۱۹۱۸ میں ظفر الملک نے۔
سوال ۳۸:	"نثری نظم" کو جوش ملیح آبادی نے کیا نام دیا تھا؟
جواب:	بے پر کی شاعری۔
سوال ۳۹:	آزاد نظم کا آغاز سب سے پہلے کس ملک سے ہوا؟
جواب:	فرانس سے اور وہاں اس کو "لبرے ورس" کہا جاتا ہے۔
سوال ۴۰:	تصدق حسین خالد کے مجموعہ "سرود نو" میں کتنے فیصد آزاد نظمیں ہیں؟
جواب:	یہ ۹۰ فیصد آزاد نظموں کا مجموعہ ہے۔
سوال ۴۱:	آزاد نظم کے بارے میں ن۔م راشد کا کیا کہنا ہے؟
جواب:	جب شاعر نئے تجربات کی ترجمانی کرنا چاہتے تھے تو اس میں قدیم اصناف سخن یا ہیئت ہی رکاوٹ نہیں بنتی تھی بلکہ پرانی شاعری کا پورا ساز و سامان جس میں اس کی رموز تلمیحات اور اشارات و کنایات یہ سب شامل ہوتے تھے جو شاعر کا راستہ روک لیتے تھے۔
سوال ۴۲:	سب سے پہلے آزاد نظم لکھنے کا آغاز عبدالحلیم شرر نے کیا تھا آپ بتائیے کہ شرر کے تجربوں سے متاثر ہو کر قیصر بھوپالی نے کس عنوان سے آزاد نظم کو ایک منظوم ڈرامے میں منتقل کیا؟
جواب:	"کرشمہ عشق" کے نام سے۔
سوال ۴۳:	تصدق حسین خالد نے اپنے کس دوسرے شعری مجموعہ میں آزاد نظم لکھی ہیں؟
جواب:	"لامکاں تالامکاں" میں۔

سوال ۴۴: آزاد نظمیں لکھنے والے اردو کے مشہور شعراء کے نام بتائیے؟
جواب: علی سردار جعفری، فیض احمد فیض، مصطفیٰ زیدی، احمد ندیم قاسمی، ڈاکٹر وزیر آغا، امجد اسلام امجد، ریاض مجید، کشور ناہید، فہمیدہ ریاض اور مجید امجد۔

سوال ۴۵: "اردو سانیٹ: تعارف و انتخاب" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر حنیف کیفی۔

سوال ۴۶: سانیٹ کو انگریزی میں ترقی دینے میں کس شاعر اور ڈرامہ نگار نے اہم کردار ادا کیا؟
جواب: ولیم شیکسپیئر نے۔

سوال ۴۷: حسرت موہانی کی کن دو نظموں میں سانیٹ کی تکنیک کی مشابہت پائی جاتی ہے؟
جواب: "پربت سلمیٰ" اور "ترانہ محبت" میں۔

سوال ۴۸: عبداللہ ٹونکی نے "ترانہ شجاعت" کے نام سے سانیٹ لکھا تھا آپ بتائیے تصدق حسین خالد نے "تیری محبت" کے نام سے سانیٹ کب لکھا تھا؟
جواب: ۱۹۳۸ء میں۔

سوال ۴۹: ڈاکٹر حنیف کیفی نے اپنی کتاب "اردو سانیٹ: تعارف و انتخاب" میں سانیٹ کی کیا تعریف لکھی ہے؟
جواب: "سانیٹ تمثالی شاعری کی چودہ مصرعوں پر مشتمل ایک ایسی صنف ہے جس کی ایک مخصوص بحر ہوتی ہے جس کے مصرعوں میں قوافی کی ترتیب مقررہ اصولوں کے ماتحت ایک خاص انداز میں ہوتی ہے اور جس میں صرف ایک خیال، جذبے یا احساس کی ترجمانی ہوتی ہے۔ یہ خیال یا جذبہ اکثر نقطۂ عروج تک پہنچ جاتا ہے۔ وحدت خیال اور شدت احساس سانیٹ کے لازمی عناصر ہیں"۔

سوال ۵۰: طویل نظم "آدھی صدی کے بعد" کس شاعر کی ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا کی۔

سوال ۵۱: طویل نظم "آئینہ خانہ" کا شاعر کون ہے اور یہ نظم ان کے کس مجموعہ میں ہے؟
جواب: اختر حسین جعفری کے نظموں کے مجموعہ "آئینہ خانہ" میں۔

سوال ۵۲: سجاد ظہیر کی نثری نظموں کا مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۹۶۴ء میں "پگھلا نیلم" کے نام سے۔

سوال ۵۳: فہمیدہ ریاض نے اپنی کس نظم میں خود کو "بت ہجر" قرار دیا ہے؟
جواب: نظم "سنگ دوت" میں۔

سوال ۵۴: ظہیر کاشمیری کی ملی، قومی اور مذہبی نظموں کا مجموعہ کس نام سے چھپا؟
جواب: "عکس نیاز" کے نام سے۔

سوال ۵۵: حمدیہ نظموں کا مجموعہ "الحمد" کا خالق کون ہے؟
جواب: مظفر وارثی۔

سوال ۵۶: "میرے آقا" امید فاضلی کا نعتیہ مجموعہ ہے آپ بتائیے کہ "حمد و ثناء" کا خالق کون ہے؟
جواب: شاہد الوری۔

سوال ۵۷: نعتوں کا مجموعہ "تشبیب" کا شاعر خالد احمد ہے آپ بتائیے نظموں کا مجموعہ "ہارون کی آواز" کا شاعر کون ہے؟
جواب: حمایت علی شاعر۔

سوال ۵۸: طویل نظم "کنز شیر خان" کس شاعر نے تخلیق کی تھی؟
جواب: سید ضمیر جعفری نے۔

سوال ۵۹: فیض احمد فیض کی لندن، ماسکو، سمرقند، بیروت، پیرس اور امریکہ میں لکھی گئی نظموں پر مشتمل شاعری کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: "مرے دل مرے مسافر" کے نام سے ۱۹۸۰ء میں شائع ہوا تھا۔

سوال ۶۰: نثری نظموں کے مجموعے "پھٹا ہوا بادبان"، "اپنے لیے، دوستوں کے لیے نظمیں" اور "انی کنت من الضالمین" کا شاعر کون ہے؟
جواب: عبدالرشید۔

سوال ۶۱: "پروفیسر اقبال" کے عنوان سے کس شاعر نے "مخزن" میں نظم لکھی تھی؟
جواب: سرور جہاں آبادی نے۔

سوال ۶۲: اردو میں سب سے پہلے "نظم معراء" شرر نے لکھی آپ بتائیے کہ اردو گیتوں کا مجموعہ "سریلے بول" کس شاعر کا ہے؟
جواب: عظمت اللہ خان۔

سوال ۶۳: سانیٹ کو اردو میں "مسبع"، "نظم معراء" کو انگریزی میں "بلینک ورس" کہتے ہیں آپ بتائیے آزاد نظم کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟
جواب: فری ورس۔

سوال ۶۴: اردو کی پہلی آزاد نظم تصدق حسین خالد نے لکھی تھی آپ بتائیے کہ "ادب لطیف" کو انگریزی میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: لائٹ لٹریچر۔

سوال ۶۵: "بلینک ورس" کے لیے "نظم معراء" کا نام کس ادیب نے تجویز کیا تھا؟
جواب: مولوی عبدالحق نے۔

سوال ۶۶: نظم "پنواڑی" کا شاعر کون ہے؟
جواب: مجید امجد۔

سوال ۶۷: علامہ اقبال نے "بلینک ورس" کو کیا قرار دیا تھا؟
جواب: نثر مرجز۔

سوال ۶۸: "اردو نظم کا نیا رنگ و آہنگ" کس کی کتاب ہے؟
جواب: خلیل الرحمن اعظمی کی۔

سوال ۶۹: عبدالحلیم شرر "بلینک ورس" کو کیا کہتے تھے؟
جواب: نظم غیر مقفیٰ۔

سوال ۷۰: ''اردو میں نظم معراء اور نظم آزاد'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر حنیف نقوی۔
سوال ۷۱: نظموں کا مجموعہ ''جذبات ہمایوں'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: شاہ دین ہمایوں۔
سوال ۷۲: ''نیرنگ خیال'' کے مدیر حکیم یوسف حسن نے نثری نظموں کا مجموعہ کس نام سے مرتب کیا؟
جواب: ''پنکھڑی'' کے نام سے۔
سوال ۷۳: نظموں کے مجموعے ''منزل شب'' اور ''سہ حرفی'' کا شاعر مختار صدیقی ہے آپ بتائیے ''رس بھرے ہونٹ''، ''مان بھی جاؤ''، ''لندن کی ایک شام'' نظمیں کس شاعر وادیب کی ہیں؟
جواب: ایم ڈی تاثیر کی۔
سوال ۷۴: اردو کی مشہور نظمیں ''تاج محل''، ''مادام''، ''ثنا خوانِ تقدیس مشرق'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ساحر لدھیانوی۔
سوال ۷۵: الطاف حسین حالی کی چار مشہور نظموں کے نام بتائیے؟
جواب: ''مناجات بیوہ'' ۱۸۸۴، ''مسدس حالی'' ۱۸۷۹ء، ''حقوق اولاد'' ۱۸۸۸ء، ''شکوۂ ہند'' ۱۸۸۸ء۔
سوال ۷۶: ''مسدس حالی'' الطاف حسین حالی نے ۱۸۷۹ میں پہلی بار شائع کی تھی آپ بتائیے ''مسدس حالی'' کا ضمیمہ کب اور کس نام سے لکھا تھا؟
جواب: ۱۸۸۶ میں حالی نے اس کا ضمیمہ لکھا اور ۱۸۸۸ میں ''عرض حال'' بہ سرورِ کائنات ﷺ لکھا جسے مسدس میں اس لیے شامل کرنا ضروری ہے کہ یہ پورے مسدس کے مقصد کا خلاصہ ہے۔
سوال ۷۷: ''بہارستان''، ''نگارستان''، ''خیالستان'' اور ''چمنستان'' کس مشہور شاعر کے مجموعہ کلام ہیں؟
جواب: مولانا ظفر علی خان کے۔
سوال ۷۸: اردو کی مشہور نظمیں ''ٹیپو سلطان کے مزار پر''، ''شب معراج'' اور ''شیوۂ مسلم'' کس شاعر کی ہیں؟
جواب: مولانا ظفر علی خان کی۔
سوال ۷۹: ''منزل شب''، ''انا دُنسر'' اور ''کیسے کیسے لوگ'' کس شاعر کی مشہور نظمیں ہیں؟
جواب: مختار صدیقی کی۔
سوال ۸۰: ''آدھی صدی کے بعد'' یہ اردو کی پہلی طویل نظم ہے جس میں شاعر نے فکری اور سوانحی تجربہ کو شعری روپ دیا ہے۔ آپ شاعر کا نام بتائیے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔
سوال ۸۱: نظم ''انسان کی فریاد'' کس شاعر کی مشہور نظم ہے؟
جواب: غلام بھیک نارنگ۔
سوال ۸۲: ''اردو نظم کے ارباب اربعہ'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سدید کی۔

سوال ۸۳: ''اصناف سخن اور شعری ہیئتیں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: شمیم احمد۔
سوال ۸۴: وطنی اور ملی نظموں کا مجموعہ ''حرف سپاس'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: ظہیر کاشمیری۔
سوال ۸۵: مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

جواب: شاہ احمد رضا خان بریلوی کا۔
سوال ۸۶: اردو کی مشہور نظمیں ''پنواڑی''، ''پھولوں کی پلٹن''، ''رفتگان'' اور ''پیش رو'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: مجید امجد۔
سوال ۸۷: یہ مصرع ''گراں خواب چینی سنبھلنے لگے'' کس مشہور شاعر کا ہے؟
جواب: علامہ اقبال کی مشہور نظم ''ساقی نامہ'' کا۔
سوال ۸۸: مشہور نظم ''انا دُنسر'' کا شاعر مختار صدیقی ہے آپ بتائیے کہ ''بن کی چڑیا'' کس مشہور شاعر کی نظم ہے؟
جواب: مجید امجد کی۔
سوال ۸۹: ''بلیک آؤٹ'' نظم کس شاعر کی تخلیق ہے؟
جواب: فیض احمد فیض کی۔
سوال ۹۰: علامہ اقبال نے اپنی کس نظم میں سرمایہ ومحنت کے بارے میں اپنے خیالات بیان کیے تھے؟
جواب: ''خضر راہ'' میں۔
سوال ۹۱: ''ہارٹ اٹیک'' نظم کا شاعر فیض احمد فیض ہے آپ بتائیے نظم ''منٹو'' کس شاعر کے مجموعہ کلام میں ہے اور مجموعہ کلام کا بھی نام بتائیے؟
جواب: مجید امجد کے مجموعہ کلام ''شب رفتہ'' میں۔
سوال ۹۲: مجید امجد کے دو مجموعے ''شب رفتہ'' اور ''شب رفتہ کے بعد'' ان کی زندگی میں ہی شائع ہو گئے تھے۔ آپ بتائیے ان کی وفات کے بعد کونسا شعری مجموعہ شائع ہوا تھا؟
جواب: آخری مجموعہ ''میرے دل میرے خدا'' کے نام سے شائع ہوا۔
سوال ۹۳: اردو کے مشہور مجموعے ''تنہا تنہا''، ''دردِ آشوب''، ''نایافت''، ''جانان جاناں'' اور ''میرے خواب ریزہ ریزہ'' احمد فراز کی تخلیقات ہیں آپ بتائیے کہ ''بے آواز گلی کوچوں میں'' اور ''نابینا شہر میں آئینہ'' کس مشہور شاعر کے مجموعۂ کلام ہیں؟
جواب: احمد فراز کے۔
سوال ۹۴: ''اردو کی قدیم اصناف شعر'' کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: خواجہ محمد زکریا۔

سوال ۹۵: اردو صنف "سانیٹ" کا ترجمہ "غزلت جی" کے نام سے کس شاعر نے کیا تھا؟
جواب: اردو کے مجموعے "میرے بول" کے شاعر محمد عظمت اللہ خان نے۔
سوال ۹۶: علامہ اقبال کے اس مصرعہ سے مسلمانوں کو کس بات کا سبق دیا گیا ہے؟
"نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر"
جواب: اتحاد کا سبق دیا گیا ہے۔
سوال ۹۷: طویل نظم "شہادت التحقیق" کا شاعر تو میراں جی ہے آپ یہ بتائیے کہ "لازم المبتدی" طویل نظم کس شاعری کی ہے؟
جواب: اشرف بیابانی کی۔
سوال ۹۸: "پس انداز موسم"، "سب آوازیں میری ہیں"، "خواب گل پریشاں ہیں" اور "غزل بہانہ کروں" کس مشہور ترقی پسند شاعر کے شاعری کے مجموعے ہیں؟
جواب: احمد فراز کے۔
سوال ۹۹: اردو میں سانیٹ کو متعارف کرانے کا سہرا اردو کے کس مشہور شاعر کے سر ہے؟
جواب: اختر شیرانی کے۔
سوال ۱۰۰: ڈاکٹر وزیر آغا کی نظموں کا پہلا مجموعہ کس نام سے اور کب شائع ہوا؟
جواب: "شام اور سائے" کے نام سے ۱۹۶۴ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۱۰۱: اردو کی مشہور نظم "اردو کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے" کا شاعر کون ہے؟
جواب: رئیس امروہوی۔
سوال ۱۰۲: مجید امجد کی مشہور نظموں کے نام بتایئے؟
جواب: "کنواں"، "بھدا"، "آٹوگراف"، "منٹو"، "ایکسیڈنٹ"، "بھکارن" اور "پھولوں کی پلٹن" مجید امجد کی مشہور نظموں میں شامل ہیں۔
سوال ۱۰۳: مجید امجد ۲۹۔ جون ۱۹۱۴ کو پنجاب کے شہر جھنگ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۔ مئی ۱۹۷۴ کو ساہیوال میں فوت ہوئے۔ آپ بتایئے ان کے مزار پر ان کا کونسا شعر لکھا ہوا ہے؟
جواب: کٹی ہے عمر بہاروں کے سوگ میں امجد
مری لحد پہ کھلیں جاوداں گلاب کے پھول
سوال ۱۰۴: نعت کی محفل کو "نعتیہ مشاعرہ" کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ منقبت کی محفل کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: "مناقبہ"۔
سوال ۱۰۵: اردو کے کس مشہور شاعر کو "دوہے کا موجد" کہا جاتا ہے؟
جواب: امیر خسرو۔
سوال ۱۰۶: اردو شاعری میں نو مصرعوں والے بند کی نظم کو "متسع" کہا جاتا ہے۔ آپ بتایئے کہ دس مصرعوں والے بند کی نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: "معشر"۔

افسانہ نگاری

سوال ۱: اردو کے رومانیت کا نمائندہ افسانہ نگار کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: سجاد حیدر یلدرم کو۔
سوال ۲: اردو کے علامتی افسانہ نگاری کا نمائندہ افسانہ نگار کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سجاد۔
سوال ۳: مختصر افسانہ نگاری کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: پہلے پریم چند کو تسلیم کیا جاتا تھا لیکن اب سجاد حیدر یلدرم کو کہا جاتا ہے۔
سوال ۴: احمد ندیم قاسمی کا پہلا افسانہ "بت تراش" ہے آپ بتایئے سعادت حسن منٹو کا پہلا افسانہ کونسا ہے؟
جواب: افسانہ "تماشا"۔
سوال ۵: اردو کے کس افسانہ نگار نے تصوف اور دانش پر لکھا تھا؟
جواب: اشفاق احمد نے۔
سوال ۶: اردو کے کس افسانہ نگار نے ترکی زبان سے اردو میں تراجم کیے؟
جواب: سجاد حیدر یلدرم۔
سوال ۷: پریم چند کے افسانوں کا موضوع کیا ہے؟
جواب: دیہی اور معاشرتی زندگی۔
سوال ۸: احمد ندیم قاسمی کا پہلا افسانہ "بت تراش" اختر شیرانی کے کس رسالے میں چھپا تھا؟
جواب: "رومان" میں۔
سوال ۹: نیاز فتحپوری کا پہلا طویل افسانہ کونسا ہے؟
جواب: افسانہ "ایک شاعر کا انجام"۔
سوال ۱۰: اردو کا مشہور افسانوی مجموعہ "انگارے" پہلی بار کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۹۳۲ میں۔
سوال ۱۱: اردو کے بارہ افسانوں پر مشتمل مجموعہ "شعلے" کا خالق کون ہے اور یہ پہلی بار کب شائع ہوا؟
جواب: احمد علی ۱۹۳۶ میں۔
سوال ۱۲: افسانوی مجموعہ "آتش پارے" کس کا اولین مجموعہ ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو کا۔
سوال ۱۳: اردو کا مشہور افسانہ "دنیا کا انمول رتن" کب اور کس نے لکھا؟
جواب: ۱۹۰۷ میں پریم چند نے۔

سوال ۱۴: "ریت کی دیوار" سائرہ ہاشمی کا پہلا افسانوی مجموعہ ہے آپ بتائیے "کچھ دیر پہلے نیند سے" کس کا پہلا افسانوی مجموعہ ہے؟
جواب: شکیلہ رفیق کا۔
سوال ۱۵: اردو افسانے کا پہلا آدم جی ادبی ایوارڈ کس کتاب پر دیا گیا اور اس کا خالق کون تھا؟
جواب: عرش صدیقی کی کتاب "باہر کفن سے پاؤں" پر۔
سوال ۱۶: سجاد حیدر یلدرم نے کس نوعیت کے افسانے لکھے؟
جواب: رومانی افسانے۔
سوال ۱۷: اردو میں جدید افسانے کی ابتداء کب ہوئی؟
جواب: ۱۹۶۰ کے لگ بھگ۔
سوال ۱۸: افسانے کی ابتداء کس ملک سے ہوئی تھی؟
جواب: امریکہ سے۔
سوال ۱۹: اردو زبان میں افسانے کی ابتداء کس صدی میں ہوئی؟
جواب: بیسویں صدی میں۔
سوال ۲۰: سعادت حسن منٹو کے کتنے افسانوں پر مقدمات چلے اور وہ کونسے افسانے تھے نام بتائیے؟
جواب: چھ افسانوں پر مقدمے چلے جن کے نام یہ ہیں:۔
(۱) دھواں (۲) بو (۳) کالی شلوار (۴) ٹھنڈا گوشت (۵) اوپر نیچے اور درمیان (۶) کھول دو۔
سوال ۲۱: "ندیم کے افسانے" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: پروفیسر فتح محمد ملک۔
سوال ۲۲: اردو کی مشہور افسانہ نگار اور ناول نگار قرۃ العین حیدر کس افسانہ نگار کی بیٹی تھی؟
جواب: سید سجاد حیدر یلدرم۔
سوال ۲۳: ابراہیم جلیس کا آخری افسانہ "الٹی قبر" ہے۔ آپ پہلے افسانے کا نام بتائیے؟
جواب: بورژوائی عہد کی ایک شام۔
سوال ۲۴: برصغیر پاک و ہند میں افسانہ نگاری کا آغاز کس افسانہ نگار نے کیا؟
جواب: پریم چند نے۔
سوال ۲۵: ۱۹۹۷ میں دو افسانوں کا مجموعہ "رات" شائع ہوا تھا۔ آپ اس کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: عبداللہ حسین۔
سوال ۲۶: ڈاکٹر سلیم اختر کے افسانوں کے مجموعے کا نام "کاٹھ کی عورتیں" ہے آپ بتائیے "بارہ آنے کی عورت" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟
جواب: بشریٰ اعجاز کا۔

سوال ۲۷: سعادت حسن منٹو نے اپنے کس افسانوی مجموعے کے دیباچے میں لکھا ہے کہ "یہ افسانے دبی ہوئی چنگاریاں ہیں، ان کو شعلوں میں تبدیل کرنا پڑھنے والوں کا کام ہے"؟
جواب: افسانوی مجموعہ "آتش پارے"۔
سوال ۲۸: احمد ندیم قاسمی کے افسانوں کا رنگ "رومانوی" تھا۔ آپ بتائیے عصمت چغتائی کے افسانوں کا موضوع کیا ہے؟
جواب: جنس نگاری۔
سوال ۲۹: خواجہ احمد عباس کے افسانوں کا بنیادی مرکز کیا ہے؟
جواب: سماجی مسائل اور سیاسی الجھنیں۔
سوال ۳۰: عصمت چغتائی جنس کی آڑ میں کیا کرنا چاہتی تھی؟
جواب: وہ معاشرتی اقدار کو توڑنا چاہتی تھی۔
سوال ۳۱: کس خوبی کی بنا پر سجاد حیدر یلدرم کے افسانوں کو رومانی قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: تخیل اور جذبے کی فراوانی کی بنیاد پر۔
سوال ۳۲: سید سجاد حیدر یلدرم سرکاری ملازمت کے سلسلے میں کتنے برس تک بغداد میں مقیم رہے؟
جواب: تین برس تک۔
سوال ۳۳: افسانہ نگاری کے جدید رجحان میں "شعور کی رو" ایک منفرد تکنیک ہے اس تکنیک کا مکمل ترین نمونہ قرۃ العین حیدر کے کس ناول میں نظر آتا ہے؟
جواب: "آگ کا دریا" میں۔
سوال ۳۴: "غلام عباس ایک مطالعہ" کا مصنف شہزاد منظر ہے آپ بتائیے "غلام عباس سوانح و فن کا تحقیقی جائزہ" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: سویا مانے یاسر۔
سوال ۳۵: ڈاکٹر معین الرحمٰن نے "سجاد حیدر یلدرم" کے کس افسانے کو اردو کا پہلا افسانہ قرار دیا تھا؟
جواب: "نشے کی پہلی ترنگ" کو۔
سوال ۳۶: ڈاکٹر سلیم اختر نے "سجاد حیدر یلدرم" کے کس افسانے کو اردو کا پہلا جنسی افسانہ قرار دیا ہے؟
جواب: خارستان و گلستان۔
سوال ۳۷: اوپندر ناتھ اشک نے منٹو کے افسانے "بلاؤز" کے جواب میں کونسا افسانہ لکھا؟
جواب: افسانہ "اُبال"۔
سوال ۳۸: راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں کا موضوع کیا ہے؟
جواب: ان کے افسانوں کا موضوع "انسانی دکھ اور محرومیاں اور پریشانیاں" ہے۔
سوال ۳۹: ممتاز مفتی کا کونسا افسانوی مجموعہ بے نقط ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: "گہما گہمی" یہ ۱۹۴۴ میں شائع ہوا تھا۔

سوال ۴۰: محمد حسین آزاد کی مشہور کتاب ''نیرنگ خیال'' کے مضامین کو اردو مختصر افسانے کا پہلا نقش کس نے کہا تھا؟
جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی نے۔
سوال ۴۱: پریم چند کی سب سے اہم خدمت کیا ہے؟
جواب: ''اردو افسانے کو داستانی ماحول سے نکال کر اس کا رشتہ زندگی سے قائم کیا۔
سوال ۴۲: اردو کی مشہور کتاب ''اردو افسانہ ایک صدی کا قصہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر انوار احمد۔
سوال ۴۳: سجاد حیدر یلدرم نے حسرت موہانی کی گرفتاری پر کس فرضی نام سے مضمون لکھا تھا؟
جواب: ''خانی خان'' کے نام سے۔
سوال ۴۴: سجاد حیدر یلدرم کی شادی کس ادیبہ سے ہوئی؟
جواب: ۱۹۱۲ میں نذر زہرہ بیگم سے۔
سوال ۴۵: سجاد حیدر یلدرم کس سال رجبہ صاحب آف محمود آباد کے سیکرٹری مقرر ہوئے؟
جواب: ۱۹۱۴ میں۔
سوال ۴۶: سلطان حیدر جوش کا پہلا افسانہ ''نابینا بیوی'' ہے۔ آپ بتائیے کونسا افسانہ نگار اپنی وضع قطع کے سبب ''جان بُل'' کہلاتے تھے؟
جواب: سلطان حیدر جوش۔
سوال ۴۷: نیاز فتحپوری انڈیا سے ۱۹۶۲ میں پاکستان آ گئے تھے آپ بتائیے کہ مجنوں گورکھپوری ہندوستان سے پاکستان کب آئے؟
جواب: ''۱۹۶۸'' میں۔
سوال ۴۸: افسانوی مجموعہ ''ڈاچی'' کا خالق اوپندر ناتھ اشک ہے آپ بتائیے کہ اوپندر ناتھ اشک نے اپنا افسانہ ''اُبال'' اپنی دانست میں منٹو کے کس افسانے کا جواب لکھا ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو کے مشہور افسانے ''بلاؤز'' کا۔
سوال ۴۹: افسانوی مجموعہ ''چٹان'' اوپندر ناتھ اشک کا ہے آپ اختر حسین رائے پوری کے دو افسانوی مجموعوں کے نام بتائیے؟
جواب: ''محبت اور نفرت'' اور ''زندگی کا میلہ''۔
سوال ۵۰: افسانوی مجموعے ''شعلے''، ''ہماری گلی''، ''قید خانہ'' اور ''موت سے پہلے'' کا خالق کونسا ترقی پسند ادیب ہے؟
جواب: احمد علی۔
سوال ۵۱: جس طرح علامہ اقبال نے نظم ''شکوہ'' لکھ کر ''جواب شکوہ'' لکھی اور بات نہ بنی ویسے ہی قاضی عبدالغفار نے ''لیلیٰ کے خطوط'' کے بعد کونسی کتاب لکھی؟
جواب: ''مجنوں کی ڈائری'' کے نام سے۔
سوال ۵۲: ''تین پیسے کی چھوکری'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟
جواب: قاضی عبدالغفار کا۔

سوال ۵۳: قدرت اللہ شہاب کا ایک طویل مختصر افسانہ ''یا خدا'' ۱۹۴۸ میں شائع ہوا آپ اس افسانے کے عنوانات بتائیے؟
جواب: ''رب المشرقین''، ''رب المغربین'' اور ''رب العالمین''۔
سوال ۵۴: افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کے خالق ادیبوں کے نام بتائیے؟
جواب: سجاد ظہیر، احمد علی، رشید جہاں اور محمود الظفر۔
سوال ۵۵: سجاد ظہیر نے ''انگارے'' میں پانچ افسانے لکھے تھے آپ بتائیے کہ ''انگارے'' میں واحد ڈرامہ کس نے لکھا تھا اور ڈرامے کا نام بھی بتائیے؟
جواب: رشید جہاں نے ڈرامہ ''پردے کے پیچھے'' کے نام سے لکھا تھا۔
سوال ۵۶: افسانوی مجموعہ ''انگارے'' میں وہ کونسا افسانہ ہے جسے محمود الظفر نے پہلے انگریزی میں لکھا، پھر سجاد ظہیر نے اسے اردو کا روپ دیا؟
جواب: افسانہ ''جوانمردی'' کو۔
سوال ۵۷: ہاجرہ مسرور اور خدیجہ مستور کو احمد ندیم قاسمی کیا کہتے تھے؟
جواب: منہ بولی بہنیں۔
سوال ۵۸: افسانوی مجموعے ''انگلیاں فگار اپنی'' اور ''زدچوں کا بن'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اختر جمال۔
سوال ۵۹: سعادت حسن منٹو نے پہلا افسانہ ''تماشا''، ''آدم'' کے فرضی نام سے شائع کیا آپ بتائیے منٹو نے اپنا پہلا افسانوی مجموعہ ''آتش پارے'' کب شائع کیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۶ میں۔
سوال ۶۰: ترقی پسند تحریک کے اہم رکن احمد علی نے ۱۹۳۶ میں افسانوی مجموعہ ''شعلے'' شائع کیا تھا آپ بتائے احمد علی کا اردو کا پہلا افسانہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''مہاوٹوں کی ایک رات''، ''ہمایوں'' کے سالنامے جنوری ۱۹۳۲ میں طبع ہوا۔
سوال ۶۱: اردو افسانے کا ''شہباز'' کس افسانہ نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: کرشن چندر کو۔
سوال ۶۲: کرشن چندر نے پروفیسر رشید احمد صدیقی کی بیٹی سلمیٰ سے شادی کی تھا آپ بتائیے کرشن چندر نے شادی کے بعد اپنا کونسا نام رکھا تھا؟
جواب: ''شہباز''۔
سوال ۶۳: اردو کے مشہور شاعر ن م راشد نے اپنی لاش کو جلانے کی وصیت کی تھی آپ بتائیے وہ کونسی افسانہ نگار خاتون تھی جنھوں نے اپنی لاش کو بھی جلانے کی وصیت کی تھی؟
جواب: عصمت چغتائی نے۔
سوال ۶۴: مرزا عظیم بیگ چغتائی اور عصمت چغتائی کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
جواب: بہن بھائی کا رشتہ تھا۔

سوال ۶۵: افسانوی مجموعہ "یہ بہاریں یہ خزائیں" حجاب امتیاز علی نے امتیاز علی تاج کے نام معنون کیا تھا آپ بتائیے برصغیر پاک وہند کی پہلی ہوا باز افسانہ نگار خاتون کا نام کیا ہے؟

جواب: حجاب امتیاز علی۔

سوال ۶۶: مرزا ادیب کا پہلا افسانہ ۱۹۳۶ کے "ادب لطیف" کے سالنامہ میں کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب: افسانہ "خونیں" کے نام سے۔

سوال ۶۷: غلام عباس کا پہلا افسانوی مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: "آنندی" کے نام سے ۱۹۴۸ میں۔

سوال ۶۸: غلام عباس کے دوسرے مجموعے "جاڑے کی چاندنی" کو آدم جی ادبی انعام ملا تھا آپ بتائیے یہ کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۹۶۰ میں۔

سوال ۶۹: قرۃ العین حیدر ۱۹۶۱ میں پاکستان سے بھارت ہجرت کر گئیں آپ بتائیے غلام عباس کب بھارت سے پاکستان تشریف لائے تھے؟

جواب: ۱۹۴۷ میں۔

سوال ۷۰: افسانوی مجموعہ "کوکھ جلی" (۱۹۴۹) اور "اپنے دکھ مجھے دے دو" کا خالق کون ہے؟

جواب: راجندر سنگھ بیدی۔

سوال ۷۱: انتظار حسین کا پہلا افسانوی مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: "گلی کوچے" ۱۹۵۲ میں شائع ہوا۔

سوال ۷۲: خدیجہ مستور کا افسانوی مجموعہ "ٹھنڈا میٹھا پانی" ۱۹۸۱ میں شائع ہوا آپ بتائیے کہ اسے ہجری ایوارڈ کب دیا گیا تھا؟

جواب: ۱۹۸۴ میں۔

سوال ۷۳: اشفاق احمد دیال سنگھ کالج لاہور میں اردو لیکچرار رہے آپ بتائیے کہ پنجاب یونیورسٹی میں ایک سال تک کس مضمون کے اعزازی طور پر لیکچرار رہے؟

جواب: پنجابی کے لیکچرار۔

سوال ۷۴: اشفاق احمد نے ایم اردو گورنمنٹ کالج لاہور سے کیا تھا آپ بتائیے اردو افسانے کی رابعہ بصری کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: بانو قدسیہ کو۔

سوال ۷۵: افسانوی مجموعوں "کاٹھ کی عورتیں" اور "چالیس منٹ کی عورت" کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال ۷۶: عبداللہ حسین کا افسانوی مجموعہ "نشیب" ۱۹۸۱ میں شائع ہوا آپ بتائیے کہ عرش صدیقی کے افسانوی مجموعے "باہر کفن سے پاؤں" میں کتنے افسانے ہیں اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب: نو افسانوں کا مجموعہ ہے اور یہ ۱۹۷۸ میں شائع ہوا تھا؟

سوال ۷۷: ممتاز مفتی کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام "ان کہی" ہے آپ بتائیے راشد الخیری نے اپنا پہلا افسانہ "نصیر اور خدیجہ" کب لکھا؟

جواب: ۱۹۰۳ میں۔

سوال ۷۸: ۱۹۵۵ میں پروفیسر وقار عظیم نے اردو کا پہلا افسانہ نگار کسے قرار دیا تھا؟

جواب: پریم چند کو۔

سوال ۷۹: ۱۹۶۱ میں پروفیسر احتشام حسین نے اردو کا پہلا افسانہ نگار کسے قرار دیا تھا؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم کو۔

سوال ۸۰: سجاد حیدر یلدرم کی کتاب "خیالستان" میں کتنے افسانے اور مضامین ہیں؟

جواب: سات افسانے اور چھ مضامین۔

سوال ۸۱: طویل مختصر افسانے "ایک شاعر کا انجام" اور "شہاب کی سرگزشت" کس نے لکھے تھے؟

جواب: نیاز فتحپوری نے۔

سوال ۸۲: اردو کے کس افسانہ نگار کو "نائٹ ہڈ" کا خطاب دیا گیا تھا؟

جواب: چوہدری محمد علی ردولوی۔

سوال ۸۳: "کیوپڈ و سائیکی" طویل مختصر افسانہ نیاز فتحپوری نے تحریر کیا تھا آپ بتائیے کہ "اردو افسانے کی روایت" کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر مرزا حامد بیگ۔

سوال ۸۴: افسانوی مجموعہ "چوراہا" اور "آج" کا خالق ڈاکٹر انور سجاد ہے آپ بتائیے کہ افسانوی مجموعہ "ادھ کھایا امرود" کس کا ہے؟

جواب: خان فضل الرحمٰن۔

سوال ۸۵: "معروف عورت" خالدہ حسین کا افسانوی مجموعہ ہے آپ بتائیے افسانوی مجموعہ "باسی پھول" کا افسانہ نگار کون ہے؟

جواب: علی عباس حسینی۔

سوال ۸۶: راجندر سنگھ بیدی کا اولین افسانہ کونسا تھا جسے انھوں نے محسن لاہوری کے قلمی نام سے لکھا تھا؟

جواب: "بندے ماترم" کے نام سے ۱۹۳۰ میں لکھا تھا۔

سوال ۸۷: رشید جہاں کے کتنے افسانے "انگارے" میں شامل ہیں؟

جواب: صرف ایک افسانہ "دلی کی سیر" اور ایک ڈرامہ "پردے کے پیچھے"۔

سوال ۸۸: افسانوی مجموعہ "باسی پھول" کا خالق علی عباس حسینی ہے آپ بتائیے کہ افسانوی مجموعہ "عورت کی فطرت" کا مصنف کون ہے؟

جواب: اوپندر ناتھ اشک۔

سوال ۸۹: "لمبی لڑکی" اور "لاجونتی" کس کے افسانے ہیں؟

جواب: راجندر سنگھ بیدی کے۔

سوال ۹۰: افسانوی مجموعے ''کوکھ جلی''، ''اپنے دکھ مجھے دے دو'' اور ''ہاتھ ہمارے قلم ہوئے'' کس کے ہیں؟

جواب: راجندر سنگھ بیدی کے۔

سوال ۹۱: حجاب امتیاز علی اور امتیاز علی تاج کی شادی پر سہرا کس افسانہ نگار نے لکھا؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم نے۔

سوال ۹۲: غلام عباس کے افسانوی مجموعہ ''آنندی'' میں دس افسانے شامل ہیں آپ بتایئے کہ ''جاڑے کی چاندنی'' میں کتنے افسانے شامل ہیں؟

جواب: ۱۳ افسانے۔

سوال ۹۳: رشید جہاں کی شادی ۱۹۳۴ میں محمود الظفر سے ہوئی تھی جو کہ ایم اے او کالج امرتسر کے وائس پرنسپل تھے۔ آپ بتایئے رشید جہاں دہلی میں ۱۹۰۵ میں پیدا ہوئی تھیں، اور وہ کب فوت ہوئیں اور کہاں دفن ہیں؟

جواب: ۱۹۵۲ میں فوت ہوئیں اور ماسکو (روس) میں دفن ہیں۔

سوال ۹۴: عزیز احمد ۱۹۱۳ میں حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے تھے آپ بتایئے وہ کب فوت ہوئے اور کہاں دفن ہیں؟

جواب: ۱۹۷۸ میں فوت ہوئے اور ٹورنٹو (کینیڈا) میں دفن ہیں۔

سوال ۹۵: حیات اللہ انصاری کو مراکش کی یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری ''الکفایۃ الفکریہ'' دی تھی آپ بتایئے عزیز احمد کس یونیورسٹی میں بطور لیکچرار انگریزی پڑھاتے رہے؟

جواب: جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن میں۔

سوال ۹۶: افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کے افسانہ نگار احمد علی نے کس مضمون میں ایم اے کیا تھا؟

جواب: انگریزی میں۔

سوال ۹۷: کرشن چندر نے انگریزی مضمون میں ماسٹر کیا تھا آپ بتایئے اختر حسین رائے پوری نے کس مضمون میں ایم اے کیا تھا؟

جواب: ایم اے ''تاریخ''۔

سوال ۹۸: افسانوی مجموعہ ''کن رس'' غلام عباس کا ہے۔ آپ بتایئے غلام عباس کو ''آنندی'' پر کونسا انعام ملا تھا؟

جواب: چیکوسلواکیہ بین الاقوامی ادب ایوارڈ۔

سوال ۹۹: فحش نگاری کے الزام میں منٹو کو کن افسانوں کی وجہ سے انجمن ترقی پسند مصنفین سے باہر نکال دیا گیا تھا؟

جواب: ''دھواں''، ''کالی شلوار''، ''بو''، ''کھول دو'' اور ''ٹھنڈا گوشت'' افسانوں کی وجہ سے۔

سوال ۱۰۰: ''اردو افسانہ عہد بہ عہد'' اور ''اردو افسانے میں دیہات کی پیشکش'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر انور سدید۔

سوال ۱۰۱: ممتاز مفتی کے افسانوی کلیات کا نام بتایئے؟

جواب: ''مفتیانے'' کے نام سے کلیات شائع ہو چکی ہے۔

سوال ۱۰۲: ''صحرانورد کے خطوط''، ''صحرانورد کے رومان'' اور ''حسرت تعمیر'' کس ادیب کے افسانوی مجموعے ہیں؟

جواب: مرزا ادیب کے۔

سوال ۱۰۳: ''صحرانورد کا نیا خط'' مرزا ادیب کا افسانہ ہے۔ آپ بتایئے افسانوی مجموعے ''ماں جی''، ''نفسانے'' اور ''سرخ فیتہ'' کس ادیب کے ہیں؟

جواب: قدرت اللہ شہاب کے۔

سوال ۱۰۴: خواجہ احمد عباس کی والدہ مسرورہ خاتون کا رشتہ الطاف حسین حالی سے کیا تھا؟

جواب: وہ الطاف حسین حالی کی پوتی تھی۔

سوال ۱۰۵: افسانوی مجموعے ''دو ہاتھ''، ''لحاف''، ''بدن کی خوشبو'' اور ''آدھی عورت، آدھا خواب'' کا خالق کون ہے؟

جواب: عصمت چغتائی۔

سوال ۱۰۶: ''ناقابل ذکر'' کس ادیبہ کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: بانو قدسیہ کا۔

سوال ۱۰۷: افسانوی مجموعے ''بازگزشت''، ''امربیل'' اور ''دانت کا دستہ'' بانو قدسیہ نے لکھے ہیں آپ ان کی افسانوی کلیات کا نام بتایئے؟

جواب: ''توجہ کی طالب'' ۱۹۸۵ میں شائع ہوئی۔

سوال ۱۰۸: افسانوی مجموعے ''گلی کوچے''، ''کنکری''، ''آخری آدمی''، ''کچھوے'' اور ''خیمے سے دور'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: انتظار حسین۔

سوال ۱۰۹: بانو قدسیہ نے ایم اے اردو گورنمنٹ کالج لاہور سے کیا تھا آپ بتایئے انتظار حسین نے کس مضمون میں ایم اے کیا تھا اور کس کالج سے؟

جواب: ایم اے ''اردو'' میرٹھ کالج سے ۱۹۴۶ میں کیا تھا۔

سوال ۱۱۰: اشفاق احمد کے افسانوی مجموعے ''سفر مینا'' میں گیارہ (۱۱) افسانے ہیں آپ بتایئے ان کا مشہور افسانہ ''گڈریا'' ان کے کس افسانوی مجموعے میں ہے؟

جواب: افسانوی مجموعہ ''اجلے پھول'' میں۔

سوال ۱۱۱: ''چاک گریباں''، ''لب گویا''، ''پھول کی کوئی قیمت نہیں'' کس ادیب کے افسانوی مجموعے ہیں؟

جواب: آغا بابر کے۔

سوال ۱۱۲: ''پہلا پتھر'' اور ''جگا'' کس کے مشہور افسانے ہیں؟

جواب: بلونت سنگھ۔

سوال ۱۱۳: تقسیم پاکستان کے موضوع پر منٹو کے دو افسانوں کے نام بتایئے؟

جواب: ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' اور ''گورکھ سنگھ کی وصیت''۔

سوال ۱۱۴: اردو نثری ذخیرے کو مزاجاً کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

جواب: دو حصوں میں ایک افسانوی ادب اور دوسرا غیر افسانوی ادب میں۔

سوال ۱۱۵: افسانوی ادب کی اقسام بتایئے؟

جواب: افسانوی ادب کو چار اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے مثلاً پہلا داستان دوسرا ناول تیسرا افسانہ اور چوتھا ڈرامہ۔

سوال ۱۱۶: غیر افسانوی ادب کی اقسام بتایئے؟

جواب: مضمون، مقالہ، انشائیہ، سوانح نگاری، آپ بیتی، مکتوب نگاری، خاکہ نگاری، تبصرہ نگاری، ترجمہ نگاری، طنز و مزاح، صحافت نویسی اور نثر لطیف وغیرہ۔

سوال ۱۱۷: اردو ادب میں افسانے کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: چار نفسیاتی افسانہ، واقعاتی افسانہ، کرداری افسانہ اور معاشرتی افسانہ۔

سوال ۱۱۸: غلام عباس نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز کس رسالے سے کیا تھا؟

جواب: سید امتیاز علی تاج کے رسالے ''پھول'' سے۔

سوال ۱۱۹: غلام عباس کے کل تین افسانوی مجموعے شائع ہوئے تھے آپ ان کے نام بتایئے؟

جواب: پہلا افسانوی مجموعہ ''آنندی'' دوسرا ''جاڑے کی چاندنی'' اور تیسرا ''کن رس''۔

سوال ۱۲۰: غلام عباس کے افسانوی مجموعے ''جاڑے کی چاندنی'' میں کتنے افسانے ہیں؟

جواب: ۱۳ افسانے۔

سوال ۱۲۱: غلام عباس کے مشہور افسانہ ''کتبہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

جواب: ''کتبہ'' کا مرکزی کردار شریف حسین ہے اور اس کا مرکزی خیال یہ ہے کہ انسان اپنی خواہشات کے لیے ساری عمر کوششیں کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ موت آجاتی ہے لیکن خواہشات ادھوری رہتی ہیں۔

سوال ۱۲۲: غلام عباس کے مشہور افسانے ''اوورکوٹ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

جواب: افسانہ ''اوورکوٹ'' کا مرکزی خیال احساس کمتری ہے کہ بظاہر خوبصورت چیز ضروری نہیں کہ باطنی طور پر بھی خوبصورت ہو۔ بہت سی اچھی چیزیں دیکھنے میں اچھی مگر حقیقت میں اچھی نہیں ہوتیں۔

سوال ۱۲۳: طوائف کی زندگی پر منٹو نے کون کون سے افسانے لکھے تھے آپ صرف چار افسانوں کے نام بتایئے؟

جواب: ''دھواں''، ''کالی شلوار''، ''ٹھنڈا گوشت'' اور ''موذیل''۔

سوال ۱۲۴: غلام عباس کو کس آدمی کا داستان گو کہا جاتا ہے؟

جواب: چھوٹے آدمی کا۔

سوال ۱۲۵: اردو کے کس افسانے کا بنیادی موضوع تصنع و ظاہرداری ہے؟

جواب: غلام عباس کے افسانے ''اوورکوٹ'' کا موضوع۔

سوال ۱۲۶: احمد ندیم قاسمی کے مشہور افسانوی مجموعے ''کپاس کا پھول'' میں کتنے افسانے ہیں؟

جواب: ۱۷ افسانوں کا مجموعہ ہے۔

سوال ۱۲۷: ''میگھ ملہار'' اور ''اپنی نگریا'' افسانوی مجموعوں کی مصنف ممتاز شیریں ہے آپ بتایئے کہ ''سیاہ آنکھ میں تصویر'' کس مشہور سفرنامہ نگار اور ناول نگار کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ کا۔

سوال ۱۲۸: ''برگ حنا'' اور ''نیلا پتھر'' احمد ندیم قاسمی کے افسانوی مجموعے ہیں۔ آپ بتایئے کہ ''دن ڈھلے''، ''ستاروں کی چال'' اور ''گلاب خاص'' کس افسانہ نگار کے افسانوی مجموعے ہیں؟

جواب: ابوالفضل صدیقی کے۔

آخری آدمی انتظار حسین کا ہے

سوال ۱۲۹: ''راتوں کا شہر''، ''عشق کے دو چار دن'' اور ''تیسرا آدمی'' کے نام سے افسانوی مجموعے کس افسانہ نگار نے شائع کیے تھے؟

جواب: شوکت صدیقی نے۔

سوال ۱۳۰: افسانوی مجموعے ''رقص ناتمام'' اور ''بیکار دن بیکار راتیں'' کا خالق عزیز احمد ہے آپ یہ بتایئے کہ ''تیز ہوا کا شور'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: یونس جاوید کا۔

سوال ۱۳۱: ''پھول کی کوئی قیمت نہیں'' آغا بابر کا افسانوی مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ افسانوی مجموعہ ''رگِ سنگ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: مسعود مفتی۔

سوال ۱۳۲: ''آتش فشاں پر کھلے گلاب''، ''شہر ماجرا'' اور ''میں شاخ سے کیوں ٹوٹا'' آصف فرخی کے افسانوی مجموعے ہیں۔ آپ بتایئے کہ ''گھوڑوں کے شہر میں اکیلا آدمی'' کس افسانہ نگار کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: مظہر الاسلام کا۔

سوال ۱۳۳: ''زندگی کی بندگی'' سائرہ ہاشمی کا دوسرا افسانوی مجموعہ ہے آپ پہلے افسانوی مجموعہ کا نام بتایئے؟

جواب: افسانوی مجموعہ ''ریت کی دیوار''۔

سوال ۱۳۴: افسانوی مجموعے ''آندھی میں صدا'' اور ''بے آب سمندر'' کا خالق مرزا ریاض ہے آپ بتایئے کہ ''چند روز اور'' اور ''بوچھاڑ'' کس کے افسانوی مجموعے ہیں؟

جواب: ہاجرہ مسرور کے۔

سوال ۱۳۵: غلام عباس کا دوسرا افسانوی مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: ''جاڑے کی چاندنی'' جس پر آدم جی ادبی ایوارڈ بھی ملا تھا جو ۱۹۶۰ میں شائع ہوا تھا۔

سوال ۱۳۶: غلام عباس کے افسانوی مجموعے کی تعداد تین ہے آپ بتایئے انھوں نے کل کتنے افسانے لکھے تھے؟

جواب: غلام عباس کے کل افسانوں کی تعداد صرف ۳۵ ہیں جو ان کے افسانوی مجموعوں ''آنندی''، ''جاڑے کی چاندنی'' اور ''کن رس'' میں شامل ہیں۔

سوال ۱۳۷: غلام عباس کے تینوں افسانوی مجموعوں کو کس نام سے کلیات کی شکل میں شائع کیا گیا تھا؟

جواب: ''زندگی، نقاب، چہرے'' کے نام سے کلیات شائع ہوئی ہے۔

سوال ۱۳۸: ''اردو افسانہ اور اساطیر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر قاضی عابد۔

سوال ۱۳۹: انتظار حسین کے افسانے ''کایا کلپ'' کا موضوع ''انسانی تشخص کا مسئلہ'' ہے آپ بتایئے کہ انتظار حسین ہی کے افسانے ''ایک بن لکھی رزمیہ'' کا موضوع کیا ہے؟

جواب: فرقہ وارانہ فسادات جو قیام پاکستان کے سلسلے میں ہوئے۔

سوال ۱۴۰: ممتاز مفتی کا مشہور افسانہ ''آپا'' ان کے کس افسانوی مجموعے میں ہے؟

جواب: ''ان کہی'' میں جو کہ پہلی بار ۱۹۴۳ میں شائع ہوا تھا۔

سوال۱۴۱: ''گھوڑوں کے شہر میں اکیلا آدمی'' مظہر الاسلام کے افسانوی مجموعہ کا نام ہے۔ آپ بتایئے افسانوی مجموعہ ''گدلا سمندر'' کی مصنف کون ہے؟

جواب: عذرا اصغر۔

سوال۱۴۲: ممتاز مفتی کا پہلا مطبوعہ افسانہ ''جھکی جھکی آنکھیں'' ہے آپ بتایئے یہ کب اور کس رسالے میں شائع ہوا تھا؟

جواب: یہ ۱۹۳۶ میں رسالہ ''ادبی دنیا'' لاہور سے شائع ہوا تھا۔

سوال۱۴۳: ''اردو افسانہ روایت اور مسائل'' کا مصنف ڈاکٹر گوپی چند نارنگ ہے آپ بتایئے ''اردو افسانہ نگاری کے رجحانات'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: فردوس انور قاضی۔

☆☆☆

ناول نگاری

سوال۱: ناول ''فردوس بریں'' کا موضوع کیا ہے؟

جواب: اس ناول میں فرقہ باطنیہ کی تحریک باخیر کا موضوع ہے۔

سوال۲: عبدالحلیم شرر کو کس ادیب نے ڈپٹی نذیر احمد پر فوقیت دیتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ اردو کے پہلے ناول نگار ہیں؟

جواب: شیخ عبدالقادر نے اپنی کتاب ''نیو اسکول آف اردو لٹریچر'' میں۔

سوال۳: عبدالحلیم شرر کا پہلا ناول ''دلچسپ'' ہے۔ آپ بتایئے شرر کا پہلا تاریخی ناول کونسا ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب: ''ملک العزیز ورجینا'' یہ ۱۸۸۸ میں شائع ہوا تھا۔

سوال۴: اردو کا کونسا ناول نگار ڈپٹی نذیر احمد کا جانشین کہلاتا ہے؟

جواب: راشد الخیری۔

سوال۵: اردو کا سب سے بڑا جاسوسی ناول نگار کا نام بتایئے؟

جواب: ابن صفی۔

سوال۶: کس ادیب نے اپنے عہد میں سب سے زیادہ ناول لکھے؟

جواب: ایم اسلم نے۔

سوال۷: اردو میں ناول نگاری کا آغاز کب ہوا؟

جواب: ۱۸۶۹ میں۔

سوال۸: پریم چند کا وہ کونسا افسانہ ہے جس میں ۲۴ گھنٹے کے واقعات بیان کیے گئے ہیں؟

جواب: افسانہ کا نام ''کفن'' ہے۔

سوال۹: اردو کے کس ناول نگار نے علامہ اقبال کے کہنے پر شاعری چھوڑ دی تھی؟

جواب: اپنے عہد میں سب سے زیادہ ناول لکھنے والے ''ایم اسلم'' نے۔

سوال۱۰: ناول نگاری کی تاریخ میں حقیقت نگاری کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: پریم چند کو۔

سوال۱۱: اردو کے کس مشہور ناول کو ''اردو کا گرو گرنتھ'' کہا جاتا ہے اور یہ خطاب کس ادیب نے دیا تھا؟

جواب: ممتاز مفتی کے مشہور ناول ''علی پور کا ایلی'' کو ابن انشاء نے خطاب دیا۔

سوال۱۲: اردو کے مشہور افسانہ نگار سعادت حسن منٹو نے صرف ایک ناول لکھا تھا آپ اس کا نام بتایئے؟

جواب: ناول ''بلا عنوان'' کے نام سے۔

سوال ۱۳: کرشن چندر نے اپنے کس ناول میں کشمیر اور اہل کشمیر کی بے بسی کو پیش کیا ہے؟

جواب: ناول ''شکست'' میں۔

سوال ۱۴: ڈپٹی نذیر احمد کا سب سے مشہور ناول ''فسانہ مبتلا'' ہے آپ بتایئے ان کا وہ کونسا ناول ہے جو ''مراۃ العروس'' کا دوسرا حصہ کہلاتا ہے؟

جواب: ''بنات النعش'' یہ ۱۸۷۲ میں شائع ہوا تھا۔

سوال ۱۵: بانو قدسیہ کے کس ناول میں حلال و حرام کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: ''راجہ گدھ'' میں جو ۱۹۸۱ میں شائع ہوا۔

سوال ۱۶: اردو کا وہ کونسا ناول ہے جس میں ایک سے زیادہ شادی کے نقصانات بیان کیے گئے ہیں اور اس کے خالق کا نام بھی بتایئے؟

جواب: عبدالماجد دریا آبادی کے ناول ''زود پشیماں'' میں۔

سوال ۱۷: وہ کونسا ناول ہے جس میں پردے کی خوبیاں اور بے پردگی کی خامیاں بیان کی گئی ہیں؟

جواب: بیخود دہلی کے ناول ''ننگ و ناموس'' میں۔

سوال ۱۸: اردو کے مشہور ناول ''خدا کی بستی'' پر شوکت صدیقی کو کس ادارے نے پہلا ادبی انعام دیا؟

جواب: آدم جی نے ادبی ایوارڈ دیا تھا۔

سوال ۱۹: ڈپٹی نذیر احمد کا ناکام ناول ''ابن الوقت'' ہے آپ بتایئے کہ ان کا وہ کونسا ناول ہے جس میں سب سے عمدہ ناول نگاری کی گئی ہے؟

جواب: ''توبۃ النصوح'' میں۔

سوال ۲۰: ڈپٹی نذیر احمد نے کل سات ناول لکھے تھے آپ بتایئے ان کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: سعادت علی جو ایک ادارے میں معلم تھے۔

سوال ۲۱: راشد الخیری اور ڈپٹی نذیر احمد کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد چھوپھا تھے راشد الخیری کے۔

سوال ۲۲: اے آر خاتون اور زبیدہ خاتون کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

جواب: ماں بیٹی کا رشتہ تھا۔

سوال ۲۳: ''فردوس بریں'' شرر کا ناول ہے آپ بتایئے افسانوی مجموعہ ''فردوس خیال'' کا خالق کون ہے؟

جواب: پریم چند۔

سوال ۲۴: مرزا ہادی رسوا کے پہلے ناول کا نام ''افشائے راز'' ہے آپ بتایئے کہ انھوں نے کس مضمون میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی تھی؟

جواب: فلسفہ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری امریکہ سے حاصل کی۔

سوال ۲۵: مرزا ہادی رسوا کے اس ناول کا نام بتایئے جو تین حصوں میں مکمل ہونا تھا لیکن رسوا اسکا صرف ایک حصہ لکھ پائے؟

جواب: ''افشائے راز''۔

سوال ۲۶: رسوا کو اردو ادب میں ناول ''امراؤ جان ادا'' نے بہت مشہور کیا اس ناول کو انھوں نے کیوں لکھا تھا؟

جواب: سائنسی تجربات کے لیے رقم کا حصول مقصد تھا۔

سوال ۲۷: مرزا ہادی رسوا نے ''امراؤ جان ادا'' میں طوائف کے کوٹھے کو کس علامت کے طور پر پیش کیا ہے؟

جواب: طوائف کے کوٹھے کو تہذیبی علامت کے طور پر پیش کیا ہے۔

سوال ۲۸: اردو ناول نگاری میں ''مکالمہ نگاری کا موجد'' کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد کو۔

سوال ۲۹: ڈپٹی نذیر احمد کا آخری ناول ''رویائے صادقہ'' ہے آپ کرشن چندر کے آخری ناول کا نام بتایئے؟

جواب: ''ف پاتھ کے فرشتے''۔

سوال ۳۰: ڈپٹی نذیر احمد کی کونسی تصنیف کو بپھرے ہوئے مسلمانوں نے چوک میں رکھ کر جلا دیا تھا جسے انھوں نے پادری احمد شاہ شوق کی کتاب ''امہات المومنین'' کے جواب میں لکھی تھی؟

جواب: کتاب ''امہات الامہ'' کو۔

سوال ۳۱: سول سروس کے امتحانی نصاب میں ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کو شامل کیا گیا تھا؟

جواب: ''توبۃ النصوح'' کو۔

سوال ۳۲: اردو کی سب سے پہلی خاتون ناول نگار کا نام بتایئے؟

جواب: رشیدۃ النساء بیگم۔

سوال ۳۳: راشد الخیری کس قسم کے ناول لکھتے تھے؟

جواب: المیائی قسم کے۔

سوال ۳۴: راجندر سنگھ بیدی کے کس ناول کو ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے انعام ملا؟

جواب: ''ایک چادر میلی سی'' کو۔

سوال ۳۵: پنڈت رتن ناتھ سرشار کے ناول ''فسانۂ آزاد'' کا مرکزی کردار ''خوجی'' ہے آپ بتائے یہ ناول کس اخبار میں قسط وار شائع ہوا؟

جواب: یہ ناول ''اودھ اخبار'' میں۔

سوال ۳۶: ''فسانۂ آزاد'' کو آپ کونسی صنف قرار دیں گے؟

جواب: یہ ناول اور داستان کی درمیانی کڑی ہے۔

سوال ۳۷: ناول ''کامنی'' پہلی بار ۱۸۹۳ میں شائع ہوا۔ آپ بتایئے ''جامِ سرشار'' کتابی صورت میں پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۸۸۷ میں۔

سوال ۳۸: ''جامِ سرشار'' ناول پہلے کس نام سے ''اودھ اخبار'' میں قسط وار شائع ہونا شروع ہوا تھا؟

جواب: ''فسانہ جدید'' کے نام سے ۱۸۷۹ میں۔

سوال ۳۹: سرشار کے ''سیر کہسار'' کو کس طرح کا ناول کہا جاتا ہے؟

جواب: یہ سماجی ناول ہے۔

۴۰: اردو کی کس مشہور کتاب کو داستانی ناول کہا جاتا ہے؟
: ''فسانۂ آزاد'' بیک وقت داستان بھی ہے اور کسی حد تک ناول بھی، اسی لیے اسے داستانی ناول کہا جاتا ہے۔
۴: عزیز احمد کا وہ کونسا ناول ہے جس میں انھوں نے کشمیر کی سماجی زندگی اور ڈوگرشاہی کو مؤثر طریقے سے بیان کیا ہے؟
: ناول ''آگ'' میں۔
۴: ۱۹۴۷ کا غدر قدیم کی موت اور جدید کی پیدائش کا عمل تھا اس حقیقت کو دریافت کرنے کے لیے عزیز احمد نے کونسا ناول لکھا؟
ایسی بلندی ایسی پستی۔
۴: ''فسانۂ آزاد'' کے مشہور کردار ''خوجی'' کی کوئی خاص بات بتائیے؟
یہ اردو کے اولین مزاحیہ کرداروں میں سب سے اہم مانا جاتا ہے۔
۴: شوکت تھانوی نے اپنا کونسا ناول ایک رات میں لکھا تھا؟
یہ ناول ''بیوی'' کے نام سے لکھا تھا۔
۴: ''راجہ گدھ'' میں ''قیوم'' کو راجہ گدھ کے کردار کے طور پر پیش کیا گیا ہے آپ بتائیے کہ اس ناول کا موضوع کیا ہے؟
انسان کا اخلاقی زوال۔
۴: اردو کے کس ناول نگار نے ''شمع فروزاں'' کے نام سے مشہور امریکی نوبل انعام یافتہ خاتون ناول نگار کے ناول ''مسز پرل بک'' کا اردو ترجمہ کیا؟
صادق الخیری نے۔
۴: قاری سرفراز حسین کی کتاب ''شاہدرعنا'' سے متاثر ہو کر اردو کا کونسا ناول لکھا گیا؟
مرزا ہادی رسوا نے ''امراؤ جان ادا'' ۱۹۰۱ میں لکھا۔
۴: قرۃ العین حیدر کا وہ کونسا ناول ہے جو بنگال کی دہشت پسند تحریک کے پس منظر میں لکھا گیا تھا؟
''آخر شب کے ہم سفر''۔
۴ پاکستان کی ادبی تاریخ کا سب سے بڑا اور ضخیم ناول کونسا ہے؟
ممتاز مفتی کا ناول ''علی پور کا ایلی''۔
: ''بارھواں کھلاڑی'' اردو کے مشہور شاعر افتخار عارف کی مشہور نظم ہے۔ آپ بتائیے اسی نام کا ناول کس نے لکھا تھا؟
احمد شجاع پاشا نے لکھا تھا۔
: ''لندن کی ایک رات'' سجاد ظہیر کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے ''پیرس کی ایک رات'' کس کا مشہور ناول ہے؟
: آغا افتخار حسین کا۔

سوال ۵۲: شوکت صدیقی کے مشہور ناول ''خدا کی بستی'' کا موضوع کیا ہے؟
جواب: طبقاتی کشاکش۔
سوال ۵۳: ڈپٹی نذیر احمد کو ایڈنبرا یونیورسٹی نے ایل ایل ڈی کی اعزازی ڈگری دی تھی۔ آپ بتائیے کہ ڈپٹی نذیر احمد نے قرآن شریف کتنے عرصے میں حفظ کیا تھا؟
جواب: صرف چھ ماہ اور سترہ دن میں۔
سوال ۵۴: جمیلہ ہاشمی نے کس ناول نگار خاتون کو اپنے ناول ''چہرہ بچہرہ روبرو'' میں موضوع بنایا ہے؟
جواب: قرۃ العین طاہرہ کو۔
سوال ۵۵: جمیلہ ہاشمی کے ناول ''دشت سوس'' کا موضوع کیا ہے؟
جواب: حسن بن منصور حلاج۔
سوال ۵۶: عبدالحلیم شرر کے رومانی ناولوں میں انکا مقصدِ حیات کیا نظر آتا ہے؟
جواب: مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ۔
سوال ۵۷: شوکت صدیقی کا وہ کونسا ناول ہے جو ''چارلس ڈکنز'' کے انداز کی حقیقت نگاری کی عمدہ مثال پیش کرتا ہے؟
جواب: ''خدا کی بستی'' یہ ۱۹۵۶ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۵۸: شرر نے کس مغربی ناول نگار کے مسلمانوں کے خلاف تعصب کو شدت سے محسوس کر کے اپنے ناولوں میں اس کا جواب دیا؟
جواب: والٹر اسکاٹ کے۔
سوال ۵۹: ناول ''آخری چٹان'' میں نسیم حجازی نے عراق کے کس شہر کے گلی کوچوں کے مناظر کا نقشہ کھینچا ہے؟
جواب: ''بغداد'' کے۔
سوال ۶۰: ناول ''پاگل خانہ'' میں حجاب امتیاز علی نے کونسا مرکزی خیال پیش کیا ہے نیز اس کے لیے مصنفہ کو کن کتب کا مطالعہ کرنا پڑا؟
جواب: مرکزی خیال سائنس تھا اور انھوں نے انجیل، زبور، توریت اور قرآن شریف کا خصوصی طور پر مطالعہ کیا۔
سوال ۶۱: ڈاکٹر احسن فاروقی نے منشی سجاد حسین کے کس ناول کو فنی اعتبار سے عمدہ ناول قرار دیا تھا؟
جواب: ''طرح دار لونڈی'' کو۔
سوال ۶۲: اردو ادب میں جاسوسی ناولوں کو سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا تھا؟
جواب: ظفر عمر زبیری نے۔
سوال ۶۳: قدرت اللہ شہاب کے ناولٹ ''یا خدا'' کا موضوع کیا ہے؟
جواب: قیام پاکستان کے وقت کے فسادات موضوع ہے۔
سوال ۶۴: عبداللہ حسین کے ناول ''اداس نسلیں'' میں ان کی کونسی خوبی نمایاں ہے؟
جواب: یہ ناول جنگ عظیم کے پس منظر میں لکھا گیا ہے اور اس میں زندگی کا مشاہدہ پیش کیا گیا ہے۔
سوال ۶۵: مشرقی پاکستان کے موضوع پر طارق محمود نے کونسا ناول لکھا؟
جواب: ناول ''اللہ میگھ دے''۔

سوال ۶۶: الطاف فاطمہ کا وہ کونسا ناول ہے جس کا موضوع مشرقی پاکستان کی تقسیم اور بہاری مہاجروں کے مصائب ہیں؟
جواب: ''چلتا مسافر''۔
سوال ۶۷: ''سرشار کی ناول نگاری'' کا مصنف ڈاکٹر سید لطیف حسین ہے۔ آپ بتایئے کہ ''رسوا کی ناول نگاری'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر ظہیر فتح پوری۔
سوال ۶۸: کرشن چندر کا وہ کونسا ناول ہے جو انھوں نے تلنگانہ کے کسانوں کی سیاسی کشمکش کے موضوع پر لکھا ہے؟
جواب: ''طوفان کی کلیاں''۔
سوال ۶۹: خدیجہ مستور کا ناول ''آنگن'' جسے آدم جی ادبی ایوارڈ ۱۹۶۲ء میں ملا اس ناول کا پس منظر کیا ہے؟
جواب: تقسیم ہند۔
سوال ۷۰: انتظار حسین کو عام طور پر لوگ قنوطی کہتے ہیں۔ آپ ان کے اس ناول کا نام بتایئے جس میں وہ اس کے برعکس نظر آتے ہیں اور اس میں انھوں نے نئے رت کی بشارت دی ہے؟
جواب: ''بستی''۔
سوال ۷۱: ناول ''بستی'' پر سب سے بڑا اعتراض کیا کیا جاتا ہے؟
جواب: ناول کی مروج تکنیک کو توڑا گیا ہے۔
سوال ۷۲: انیس ناگی نے اپنے ناول ''دیوار کے پیچھے'' میں کس موضوع کو چھیڑا ہے؟
جواب: اجڑے مرد کی بنجر نفسیات کو۔
سوال ۷۳: انیس ناگی نے ناول ''دیوار کے پیچھے'' میں کس تکنیک کو کمال ہوشیاری سے استعمال کیا ہے؟
جواب: خود کلامی کو۔
سوال ۷۴: انور غالب کی وجہ شہرت انکا ناول ''رات کا سورج'' ہے۔ آپ بتایئے ان کے دوسرے ناول ''ندی'' میں کیا اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے؟
جواب: انسانی نفسیات کی کیفیات کو۔
سوال ۷۵: انور سجاد کا وہ کونسا ناول ہے جسے تیسری دنیا کی جدوجہد کی علامتی تعبیر قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: ''خوشیوں کا باغ'' کو۔
سوال ۷۶: ڈاکٹر احسن فاروقی کا ناول ''شام اودھ'' کس موضوع پر لکھا گیا ہے؟
جواب: انحطاط پذیر جاگیرداری نظام پر۔
سوال ۷۷: وہ کونسے ناول نگار ہیں جو مدرسے میں پڑھتے تھے اور حسب دستور محلوں سے کھانا مانگ کر لاتے تھے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد؟
سوال ۷۸: حکومت کی طرف سے نذیر احمد کے ناول ''مراۃ العروس'' کو ۱۸۷۰ء میں کتنا انعام ملا تھا؟
جواب: ایک ہزار روپے۔
سوال ۷۹: ''مراۃ العروس'' کے دوسرے حصے ''بنات النعش'' پر ایک ہزار روپے انعام کب دیا گیا تھا؟
جواب: ۱۸۷۲ء میں۔

سوال ۸۰: منشی سجاد حسین نے بھی صرف ۷ ناول لکھے تھے آپ بتایئے ڈپٹی نذیر احمد کا سب سے ضخیم ناول کونسا ہے؟
جواب: ابن الوقت۔
سوال ۸۱: ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کا نام قرآن شریف سے لیا گیا ہے؟
جواب: ''توبۃ النصوح'' کا۔
سوال ۸۲: ڈاکٹر احسن فاروقی نے ڈپٹی نذیر احمد کو ناول نگار کے بجائے تمثیل نگار کہا تھا آپ بتایئے ڈپٹی نذیر احمد کے کن ناولوں کو تمثیل کہا ہے؟
جواب: ''مراۃ العروس'' اور ''توبۃ النصوح'' کو۔
سوال ۸۳: ڈاکٹر محمود الٰہی نے اردو کا پہلا ناول کس ناول کو قرار دیا ہے؟
جواب: مولوی کریم الدین کے ناول ''خط تقدیر'' کو جو کہ ۱۸۶۲ء میں لکھا گیا تھا۔
سوال ۸۴: ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ناول ''ڈینیل ڈیفو'' کے ناول ''The Family Instructor'' سے ماخوذ ہے؟
جواب: ناول ''توبۃ النصوح'' کو۔
سوال ۸۵: شرر کے ناولوں کو تاریخی ناول کہا جاتا ہے آپ بتایئے نذیر احمد کے ناولوں کو کس قسم کے ناول کہا جاتا ہے؟
جواب: تمثیلی ناول کہا جاتا ہے۔
سوال ۸۶: ''فسانہ مبتلا'' (محصنات) کا موضوع کیا ہے؟
جواب: تعدد ازدواج اور انکے خراب نتائج۔
سوال ۸۷: اردو زبان کا وہ کونسا پہلا ناول ہے جو بیواؤں کے موضوع پر لکھا گیا تھا؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد کا ناول ''ایامیٰ''۔
سوال ۸۸: ڈپٹی نذیر احمد کی وہ کونسی کتاب ہے جس میں انھوں نے اس کے دیباچے میں رسالہ اور نویں ایجوکیشنل کانفرنس ۱۸۹۴ء میں ایک لیکچر کے ذریعے اسے ناول کہا تھا؟
جواب: ''رویائے صادقہ'' کو۔
سوال ۸۹: ناول ''سیر کوہسار'' ۱۸۹۰ء میں کتنی جلدوں میں شائع ہوا تھا؟
جواب: دو جلدوں میں۔
سوال ۹۰: ''گرتی دیواریں'' کس کا ناول ہے جو کہ غالباً یہ دنیا کا ضخیم ترین ناول ہے جو کئی جلدوں میں شائع ہوا؟
جواب: اوپندر ناتھ اشک کا۔
سوال ۹۱: ''عروس ادب'' اور ''ناول کی تاریخ و تنقید'' کا خالق کون ہے؟
جواب: علی عباس حسینی۔
سوال ۹۲: حیات اللہ انصاری کے ناول ''لہو کے پھول'' کی کتنی جلدیں شائع ہوئیں؟
جواب: پانچ جلدیں۔
سوال ۹۳: جیلہ ہاشمی کے پہلے ناول ''آتش بہاراں'' پر کونسا ادبی انعام ملا تھا؟
جواب: داؤد ادبی انعام۔

سوال ۹۴: الطاف فاطمہ کے چار ناولوں کے نام بتایئے؟
جواب: ''نشانِ منزل''، ''دستک نہ دو''، ''چلتا مسافر'' اور ''خواب گر''۔
سوال ۹۵: عصمت چغتائی نے پہلا ناول ''ضدی'' ۱۹۴۱ میں لکھا تھا آپ بتایئے کہ ناول ''ہوس''، ''مرمر اور خون''، ''گریز''، ''ایسی بلندی ایسی پستی''، ''آگ'' اور ''شبنم'' کا خالق ناول نگار کون ہے؟
جواب: عزیز احمد۔
سوال ۹۶: انتظار حسین نے کتنے اور کونسے ناول لکھے تھے؟
جواب: چار ناول ''چاند گہن''، ''بستی''، ''تذکرہ''، ''آگے سمندر ہے''۔
سوال ۹۷: خدیجہ مستور نے کون کون سے ناول لکھے تھے؟
جواب: صرف دو ''آنگن'' اور ''زمین''۔
سوال ۹۸: شوکت صدیقی نے ایک ناولٹ ''کمین گاہ'' بھی لکھا تھا آپ ان کے مزید تین ناولوں کے نام بتایئے؟
جواب: ''خدا کی بستی''، ''چار دیواری'' اور ''جانگلوس''۔
سوال ۹۹: ''خدا کی بستی'' پر ۱۹۶۰ میں آدم جی ادبی ایوارڈ دیا گیا۔ آپ بتایئے کہ ناول ''نادار لوگ'' اور ''باگھ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: عبداللہ حسین۔
سوال ۱۰۰: عبداللہ حسین کا ناول ''اداس نسلیں'' ۱۹۶۳ میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے اسے کونسا ایوارڈ ملا تھا؟
جواب: آدم جی ادبی ایوارڈ۔
سوال ۱۰۱: ناول ''باگھ'' ۱۹۸۲ میں اور ناول ''قید'' ۱۹۸۹ میں شائع ہوئے آپ بتایئے کہ ۱۹۹۸ میں عبداللہ حسین کا کونسا مشہور ناول شائع ہوا؟
جواب: نادار لوگ۔
سوال ۱۰۲: ''اداس نسلیں'' ناول کا ترجمہ کن کن زبانوں میں ہو چکا ہے؟
جواب: ہندی، بنگالی، چینی اور انگریزی زبانوں میں۔
سوال ۱۰۳: بانو قدسیہ نے ناول ''راجہ گدھ'' ۱۹۸۱ میں لکھا تھا آپ بتایئے ان کا ۲۰۰۳ میں کونسا ناول منظر عام پر آیا؟
جواب: ناول ''حاصل گھاٹ''۔
سوال ۱۰۴: ''اردو ناول بیسوی صدی میں'' ڈاکٹر ممتاز احمد خان کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتایئے کہ ''اردو ناول نگاری'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سہیل بخاری۔
سوال ۱۰۵: ناول ''ایک عورت ہزار دیوانے''، ''ایک گدھے کی سرگزشت'' اور ''شکست'' کا خالق کرشن چندر ہے آپ بتایئے ''پاگل خانہ'' اور ناولٹ ''ظالم محبت'' کس کے ہیں؟
جواب: حجاب امتیاز علی۔
سوال ۱۰۶: ممتاز مفتی نے ''علی پور کا ایلی'' ۱۹۶۱ میں لکھا تھا آپ بتایئے ''الکھ نگری'' کب لکھ کر شائع کیا؟
جواب: ۱۹۹۲ میں۔

سوال ۱۰۷: غلام عباس نے ایک ناول بھی لکھا تھا آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: ناول ''گوندنی والا تکیہ'' کے نام سے۔
سوال ۱۰۸: ناولٹ ''دو جاں'' شفیق الرحمٰن نے تخلیق کیا ہے۔ آپ بتایئے ناول ''چاکیواڑہ میں وصال'' کس نے اور کب لکھا؟
جواب: محمد خالد اختر نے ۱۹۶۵ میں لکھا تھا۔
سوال ۱۰۹: انتظار حسین نے کس ناول پر رائٹرز گلڈ آدم جی ادبی ایوارڈ وصول کرنے سے انکار کر دیا تھا؟
جواب: ناول ''بستی'' ۱۹۸۳ پر۔
سوال ۱۱۰: ناول ''راجہ گدھ''، ''شہرِ بے مثال'' اور ناولٹ ''پروا'' اور ''موم کی گلیاں'' کس نے تخلیق کیے تھے؟
جواب: بانو قدسیہ نے۔
سوال ۱۱۱: ناولٹ ''رگِ سنگ'' اور ناول ''خوشیوں کا باغ'' اور ''جنم روپ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سجاد۔
سوال ۱۱۲: عبداللہ حسین کی مشہور کتاب ''نشیب'' میں کتنے افسانے اور ناولٹ ہیں؟
جواب: پانچ افسانے اور دو ناولٹ۔
سوال ۱۱۳: ''اقبال جرم'' اور ''ایک اور دریا'' محمد سعید شیخ کے ناول ہیں آپ بتایئے کہ ''اردو ناول کی تنقیدی تاریخ'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد احسن فاروقی۔
سوال ۱۱۴: ''بیسویں صدی میں اردو ناول'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: یوسف سرمست۔
سوال ۱۱۵: اردو کی پہلی ناول نگار خاتون رشیدۃ النساء بیگم ہے جو سید وحید الدین سلیم کی بیٹی اور امداد امام اثر ان کے سوتیلے بھائی تھے آپ ناول کا نام بتایئے؟
جواب: ''اصلاح النساء'' جو ۱۸۸۱ میں شائع ہوا۔
سوال ۱۱۶: ناول ''اصلاح النساء'' کو کس نقاد نے خواتین کا لکھا ہوا پہلا ناول قرار دیا ہے؟
جواب: سید وقار عظیم۔
سوال ۱۱۷: اردو کے مشہور ناول ''جانگلوس'' کے کتنے حصے ہیں؟
جواب: تین حصوں پر مشتمل ہے اور اس کا خالق شوکت صدیقی ہے۔
سوال ۱۱۸: شیخ عبدالقادر نے اپنی کتاب ''نیو اسکول آف اردو لٹریچر'' میں کس ناول نگار کو ڈپٹی نذیر احمد پر فوقیت دیتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ اردو کے پہلے ناول نگار ہیں؟
جواب: عبدالحلیم شرر کو۔
سوال ۱۱۹: ''رعایتی نمبر'' کس مشہور ناول نگار کے ناولوں کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کو۔

سوال ۱۲۰: مرزا ہادی رسوا نے کل پانچ ناول لکھے تھے اور پہلا ناول ''افشائے راز'' ہے آپ باقی چار ناولوں کے نام بتایئے؟

جواب: ''شریف زادہ''، ''ذات شریف''، ''امراؤ جان ادا'' اور اختری بیگم۔

سوال ۱۲۱: مرزا ہادی رسوا کے مشہور ناول ''امراؤ جان ادا'' کا موضوع کیا ہے؟

جواب: طوائف کی زندگی کے حالات و واقعات موضوع ہے۔

سوال ۱۲۲: قراۃ العین حیدر کے مشہور ناول ''آگ کا دریا'' کا موضوع بتایئے؟

جواب: برصغیر کی ڈھائی ہزار سالہ ثقافت اور مختلف فلسفے۔

سوال ۱۲۳: مرزا محمد سعید نے کل کتنے ناول اور کب لکھے؟

جواب: صرف دو پہلا ۱۹۰۵ میں ''خواب ہستی'' کے نام سے اور دوسرا ۱۹۰۸ میں ''یاسمین'' کے نام سے ناول لکھے۔

سوال ۱۲۴: ڈپٹی نذیر احمد کے مشہور ناول ''ابن الوقت'' کے واقعات کس شہر میں وقوع پذیر ہوئے؟

جواب: ہندوستان کے شہر دہلی میں۔

سوال ۱۲۵: ناول ''ابن الوقت'' کا موضوع کیا ہے؟

جواب: ''ابن الوقت'' معاشرے کی ترجمانی اور تنقید کے ساتھ تعمیری خدمت بھی انجام دیتا ہے۔ اس کا موضوع معاشرتی و سماجی سیاست ہے۔

سوال ۱۲۶: ناول ''اداس نسلیں'' کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے آپ بتایئے اس ناول کے کتنے ابواب ہیں؟

جواب: ۵۰ ابواب پر مشتمل ہے۔

سوال ۱۲۷: رضیہ فصیح احمد کے کس ناول پر انھیں آدم جی ادبی ایوارڈ ملا؟

جواب: ''آبلہ پا'' پر ۱۹۶۵ میں۔

سوال ۱۲۸: ''بیسویں صدی کا اردو ادب'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد صادق۔

☆☆☆

ڈرامہ نگاری

سوال ۱: ''اسیر حرص''، ''خوبصورت بلا''، ''یہودی کی لڑکی'' اور ''آنکھ کا نشہ'' کس کے ڈراموں کے مجموعے ہیں؟

جواب: آغا حشر کاشمیری کے۔

سوال ۲: اردو کا ''انڈین شیکسپیئر'' کس ڈرامہ نگار کو کہا جاتا ہے؟

جواب: آغا حشر کاشمیری کو۔

سوال ۳: آغا حشر کے پہلے ڈرامے کا نام بتایئے؟

جواب: آفتاب محبت۔

سوال ۴: ''لال قلعے سے لالو کھیت تک''، ''مرزا غالب بندر روڈ پر'' اور ''تعلیم بالغاں'' ڈراموں کا خالق کون ہے؟

جواب: خواجہ معین الدین۔

سوال ۵: اردو کے کس ڈرامہ نگار نے ایک نظم ''شکریہ یورپ'' لکھی تھی آپ نام بتایئے؟

جواب: آغا حشر کاشمیری۔

سوال ۶: ''سرکاری دکان'' کس کا پہلا ڈرامہ ہے؟

جواب: خواجہ معین الدین۔

سوال ۷: ''گھر کا بھیدی'' کس ادیب کے ڈراموں کا مجموعہ ہے؟

جواب: ابراہیم جلیس۔

سوال ۸: ''اندر سبھا'' امانت لکھنوی نے ۱۸۵۶ میں لکھا۔ آپ بتایئے ''کافی ہاؤس'' کس کا ڈرامہ ہے؟

جواب: حمید کاشمیری کا۔

سوال ۹: ''نگاہ غفلت'' اور ''لیل و نہار'' ڈرامے کس نے تحریر کیے؟

جواب: طالب بنارسی نے۔

سوال ۱۰: سید امتیاز علی تاج نے ۱۹۲۲ میں ڈرامہ ''انارکلی'' کتنے سال کی عمر میں لکھا تھا؟

جواب: ۲۲ سال کی عمر میں۔

سوال ۱۱: ڈرامہ ''کمرہ نمبر۔۵'' کا خالق امتیاز علی تاج ہے۔ آپ بتایئے کہ ''فن ڈرامہ نگاری اور انارکلی'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: پروفیسر عبدالسلام۔

سوال ۱۲: ''باپ کا گناہ'' حکیم احمد شجاع کا مشہور ڈرامہ ہے آپ بتایئے، ڈرامہ ''کیسے کیسے لوگ'' کا خالق کون ہے؟

جواب: عبدالعلی۔

سوال ۱۳: ''سورج کو ذرا دیکھ'' اور ''نگار خانہ'' کس ادیب کے ڈرامے ہیں؟

جواب: ڈاکٹر انور سجاد۔

سوال۱۴: ''ایک محبت سو ڈرامے''، ''تو تا کہانی''، ''مہمان سرائے''، ''بندگی''، ''ننگے پاؤں'' اور ''حیرت کدہ'' کس مشہور افسانہ نگار اور داستان گو کے ڈراموں کے مجموعے ہیں؟

جواب: اشفاق احمد کے۔

سوال۱۵: ''ڈرامہ کا تاریخی و تنقیدی پس منظر'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: ڈاکٹر اسلم قریشی۔

سوال۱۶: ''پس پردہ''، ''آنسو اور ستارے''، ''لہو اور قالین''، ''شیشے کی دیوار'' اور ''خاک نشین'' کس مشہور ادیب کے ڈرامے ہیں؟

جواب: مرزا ادیب کے۔

سوال۱۷: مرزا ادیب کے کس ڈرامے کو آدم جی ادبی ایوارڈ ملا تھا؟

جواب: ڈرامہ ''پس پردہ'' کو۔

سوال۱۸: ''فٹ پاتھ کی گھاس''، ''حوا کے نام''، ''تماثیل'' اور ''سورج مکھی'' کس افسانہ نگار خاتون کے ڈراموں کے مجموعے ہیں؟

جواب: بانو قدسیہ کے۔

سوال۱۹: ''آغا حشر اور ان کا فن'' تو ڈاکٹر اے بی اشرف کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''آغا حشر اور ان کے ڈرامے'' کا خالق کون ہے؟

جواب: سید وقار عظیم۔

سوال۲۰: ''پردۂ غفلت'' کس ادیب کا ڈرامہ ہے؟

جواب: ڈاکٹر عابد حسین کا۔

سوال۲۱: ''حور جنت'' ڈرامہ آغا حشر نے تخلیق کیا تھا بتائیے مختصر ڈرامہ ''بیمار'' کس ترقی پسند ادیب کا ڈرامہ ہے؟

جواب: سجاد ظہیر کا۔

سوال۲۲: مزاحیہ ڈرامہ ''شیطان'' کس ادیبہ نے لکھا تھا؟

جواب: عصمت چغتائی نے۔

سوال۲۳: ''اردو ڈرامے کی مختصر تاریخ'' کا مؤلف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر ملک حسن اختر۔

سوال۲۴: ''چاند کا مسافر'' اور ''بی جمالو'' تو خاطر غزنوی کے ڈرامے ہیں آپ بتائیے کہ ڈرامہ ''کانچ کا پل'' کس کی تخلیق ہے؟

جواب: یونس جاوید کی۔

سوال۲۵: محمد عمر الٰہی کے ڈرامے ''روح سیاست'' کی خاص بات کیا ہے؟

جواب: اس ڈرامے میں سابق امریکی صدر ابراہیم لنکن کی زندگی کے واقعات قلم بند کیے گئے ہیں۔

سوال۲۶: اردو ڈرامے کی پہلی تاریخ کس نے اور کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: نور الٰہی محمد عمر نے ''ناٹک ساگر'' کے نام سے۔

سوال۲۷: میر حسن کی مثنوی ''سحر البیان'' کو کس ادیب نے ڈرامے کی شکل میں لکھا؟

جواب: حافظ محمد عبداللہ فوق پوری نے ۱۸۸۹ء میں۔

سوال۲۸: سید محمد آزاد کا مشہور ڈرامہ ''نوابی دربار'' کس اخبار میں قسط وار چھپا؟

جواب: اودھ پنچ ۱۸۷۸ء میں۔

سوال۲۹: محمد حسین آزاد کے ''ڈرامہ اکبر'' کا موضوع کیا تھا؟

جواب: اس میں شہنشاہ جہانگیر اور ملکہ نور جہاں کی داستان عشق کو اردو ڈرامے کے روپ میں پیش کیا گیا ہے اور اسے ۱۸۸۲ء میں لکھا تھا۔

سوال۳۰: ناصر کاظمی کے منظوم ڈرامے کا نام بتائیے؟

جواب: سُر کی چھایا۔

سوال۳۱: احمد فراز کا منظوم ڈرامہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب: ''بودلک'' کے نام سے۔

سوال۳۲: امتیاز علی تاج نے کس ادیب کے کہنے پر اپنے ڈرامے ''انارکلی'' کا انتساب جناب امتیاز علی کے نام کیا تھا؟

جواب: پطرس بخاری کے کہنے پر۔

سوال۳۳: ''لہو اور قالین'' مرزا ادیب کا ڈرامہ ہے آپ بتائیے کہ مرزا ادیب کے کن ڈراموں کے مجموعوں پر آدم جی ادبی ایوارڈ ملے؟

جواب: ''پس پردہ'' اور ''شیشہ و سنگ'' پر۔

سوال۳۴: اردو ڈراموں کا ضخیم مجموعہ ''آدھی بات'' کس ادیبہ کا ہے؟

جواب: بانو قدسیہ کا۔

سوال۳۵: ''برصغیر کا ڈرامہ: تاریخ افکار و انتقاد'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر اسلم قریشی۔

سوال۳۶: ڈرامے ''آؤ'' اور ''کروٹ'' کا مصنف سعادت حسن منٹو ہے آپ بتائیے ''ستون'' اور ''آنسو اور ستارے'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مرزا ادیب۔

سوال۳۷: ڈراموں کا مجموعہ ''کافی ہاؤس'' کا مصنف حمید کاشمیری ہے آپ بتائیے عصمت چغتائی نے فسادات کے موضوع پر کونسا ڈراما لکھا تھا؟

جواب: دھانی بانکیں۔

سوال۳۸: ابصار عبد العلی نے سب سے پہلے ٹی وی ڈراموں کے دو مجموعے کتابی روپ میں لکھے تھے آپ ان کے نام بتائیے؟

جواب: ''شہ رگ'' اور ''کیسے کیسے لوگ'' کے نام سے۔

سوال۳۹: ''اردو اسٹیج ڈرامہ'' کا مصنف ڈاکٹر اے بی اشرف ہے آپ بتائیے ''حکیم احمد شجاع اور ان کا فن'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر اے بی اشرف کی۔

سوال ۴۰: "باپ کا گناہ" حکیم احمد شجاع کا ڈرامہ ہے آپ بتایئے ڈرامہ "رستم وسہراب" اور "ترکی حور" کا خالق کون ہے؟
جواب: آغا حشر کاشمیری۔
سوال ۴۱: آغا حشر کا پہلا باضابطہ ڈراما "مرید شک" ۱۸۹۹ میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے کہ ان کا آخری ڈراما کب شائع ہوا اور کونسا تھا؟
جواب: "دل کی پیاس" کے نام سے ۱۹۳۱ میں شائع ہوا۔
سوال ۴۲: مولوی سید محمد نے اپنی کتاب "ارباب نثر اردو" میں کس ادیب کے ڈرامے کو اردو کا پہلا ڈرامہ قرار دیا تھا؟
جواب: سید کاظم علی جوان کے ڈرامے "شکنتلا ناٹک" کو۔
سوال ۴۳: سید مسعود حسن رضوی ادیب نے اپنی تحقیقات کی بنا پر کس کو اردو کا پہلا ڈرامہ نگار قرار دیا تھا؟
جواب: واجد علی شاہ کو۔
سوال ۴۴: "ایک بات" عصمت چغتائی کے ڈراموں کا مجموعہ ہے آپ بتایئے ہاجرہ مسرور نے کس نام سے ڈراموں کے مجموعے لکھے تھے؟
جواب: "وہ لوگ" اور "میری منزل" کے نام سے دو ڈراموں کے مجموعے لکھے ہیں۔
سوال ۴۵: "چہرے" اور "قید حیات" اوپندر ناتھ اشک کے ڈراموں کے مجموعے ہیں آپ بتایئے ڈراموں کا مجموعہ "سحر ہونے تک" کا خالق کون ہے؟
جواب: ناصر شمسی۔
سوال ۴۶: "زندگی کے کھیل" اور "نقش اول" صالحہ عابد حسین کے ڈراموں کے مجموعے ہیں آپ بتایئے "اناس اور ایٹم بم" کس کا ڈرامہ ہے؟
جواب: خواجہ احمد عباس کا۔
سوال ۴۷: "فصیل شب" مرزا ادیب کے ڈراموں کا مجموعہ ہے آپ بتایئے "آخری نشان" اور "زوال حیدر آباد" کس کے ڈرامے ہیں؟
جواب: خواجہ معین الدین کے۔
سوال ۴۸: چھ ڈراموں کا مجموعہ "بہار تمثیل" کا خالق کون ہے؟
جواب: خادم محی الدین۔
سوال ۴۹: "نیا سویرا"، "کالا سورج"، "لال قلعے کی شام"، "شاہ جہاں" کس ادیب کے ڈرامے ہیں؟
جواب: عشرت رحمانی کے۔
سوال ۵۰: "خوابوں کے مسافر" اور "درد کی دوا کیا ہے" انتظار حسین کے ڈرامے ہیں آپ بتایئے کمال احمد رضوی نے کونسے ڈرامے لکھے؟
جواب: "لفنگے کی ڈائری"، "بدذات" اور "کس کی بیوی" کے نام سے ڈرامے تخلیق کیے ہیں۔
سوال ۵۱: "منزل منزل"، "اک تیرے آنے سے پہلے" اور "یہ جنون نہیں تو کیا ہے" کے نام سے کس نے ڈرامے لکھے ہیں؟
جواب: بانو قدسیہ نے۔

سوال ۵۲: ڈراموں کے مجموعے "آپ کون؟"، "شادی سے پہلے" اور "سورج کے تماشائی" عشرت رحمانی نے تخلیق کیے تھے آپ بتایئے "یہ تیرا بیان غالب" کس کا ڈرامہ ہے؟
جواب: عشرت رحمانی کا۔
سوال ۵۳: "ڈرامہ نگاری کا فن" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر اسلم قریشی۔
سوال ۵۴: "اردو میں ڈرامہ نگاری" کا مصنف بادشاہ حسین ہے آپ بتایئے کہ "برصغیر کا ڈرامہ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر اسلم قریشی۔
سوال ۵۵: سید آغا حسن امانت نے ۱۸۵۳ میں "اندر سبھا" لکھا تھا اور "رادھا کنہیا" کے نام سے واجد علی شاہ لکھنوی نے ڈرامہ لکھا تھا آپ بتایئے "ڈرامہ لیلیٰ مجنوں" کا خالق کون ہے؟
جواب: رونق بنارسی۔
سوال ۵۶: "بلبل بیمار" ڈرامہ طالب بنارسی کا ہے آپ بتایئے "خون ناحق" اور "دلفروش" کس ڈرامہ نگار کے ڈرامے ہیں؟
جواب: احسن لکھنوی۔
سوال ۵۷: "اردو کے اہم ڈرامہ نگار" (متقدمین) کا مصنف ابراہیم یوسف ہے آپ بتایئے "اردو کا کلاسیکی ڈرامہ" کا مرتب کون ہے؟
جواب: سید امتیاز علی تاج۔
سوال ۵۸: "اردو ڈرامے کا ارتقاء" اور "اردو ڈرامہ تاریخ وتنقید" کا مصنف کون سا ڈرامہ نگار ہے؟
جواب: عشرت رحمانی۔
سوال ۵۹: ڈراما "قاسم وزہرا" کا مصنف شوق قدوائی ہے آپ بتایئے کہ منظوم ڈرامہ "لیلیٰ مجنوں" کا خالق کون ہے؟
جواب: مرزا ہادی رسوا۔
سوال ۶۰: "شہید وفا" اور "میوہ تلخ" شرر کے ڈرامے ہیں آپ بتایئے ڈرامہ "مونگی جورو" کا مصنف کون ہے؟
جواب: سید امتیاز علی تاج۔
سوال ۶۱: ڈرامہ "جنگ روس وجاپان" کا خالق ظفر علی خان ہے آپ بتایئے کہ ڈرامے "حسن کی قیمت" اور "آخری فرعون" کا خالق کون ہے؟
جواب: حکیم احمد شجاع۔
سوال ۶۲: "گناہ کی دیوار"، "ہمزاد"، "نقش آخر" اور "نیم شب" کس کے ڈرامے ہیں؟
جواب: اشتیاق حسین قریشی۔
سوال ۶۳: میلو ڈراما سے کیا مراد ہے؟
جواب: "اس جذبات پرستانہ ڈرامے کو کہتے ہیں جس میں واقعات شورش انگیز ہوں اور انجام خوشگوار ہو۔"

سوال ۶۴: ''اردو میں ڈرامہ نگاری'' کا مصنف بادشاہ حسین ہے آپ بتائیے ''اردو ڈرامے کا مطالعہ'' کا خالق کون ہے؟

جواب: اخلاق اثر۔

سوال ۶۵: ڈرامے کے کل کتنے فنی لوازم ہوتے ہیں؟

جواب: ۹ فنی لوازم ہوتے ہیں۔

سوال ۶۶: اردو ڈرامے کی سرپرستی کرنے والے سب سے پہلے بادشاہ کا نام بتائیے؟

جواب: واجد علی شاہ۔

سوال ۶۷: ڈرامہ ''فاطمہ برناوی'' کا مصنف کونسا مشہور ڈرامہ نگار ہے؟

جواب: مرزا ادیب۔

☆☆☆

پنجاب بک ڈپو کی بنیاد چوہدری برکت علی نے رکھی۔

داستان نگاری

اردو کی سب سے قدیم اور مشہور داستان کونسی ہے؟

سوال ۱: ''نوطرز مرصع'' اسے ۱۷۷۵ء میں میر محمد حسین عطا خاں تحسین نے فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا۔

جواب: نوطرز مرصع کا اصل نام کیا تھا؟

سوال ۲: انشائے نوطرز مرصع۔

جواب: میر محمد حسین عطا خاں تحسین نے ''نوطرز مرصع'' کس نواب کو پیش کی تھی؟

سوال ۳: نواب شجاع الدولہ کو۔

جواب: داستان ''سروش سخن'' کا خالق فخر الدین حسین سخن ہے آپ بتائیے اس داستان کے جواب میں کونسی داستان لکھی گئی؟

سوال ۴: جعفر علی شیون نے ''طلسم حیرت'' کے نام سے لکھی تھی۔

جواب: ''باغ و بہار'' کے جواب میں کونسی داستان لکھی گئی تھی؟

سوال ۵: فسانہ عجائب۔

جواب: ''فسانہ عجائب'' کے جواب میں کونسی داستان لکھی گئی تھی؟

سوال ۶: سروش سخن۔

جواب: ''گل بکاؤلی'' کا قصہ ''مذہب عشق'' کس نے فارسی سے اردو میں لکھا؟

سوال ۷: نہال چند لاہوری۔

جواب: ''تحفۃ المجالس'' فارسی زبان کے کس قصے کا پہلا اردو ترجمہ ہے؟

سوال ۸: ''گل بکاؤلی'' کا۔

جواب: ''نو آئین ہندی'' کا خالق کون ہے؟

سوال ۹: مہر چند لاہوری۔

جواب: داستان ''جذب عشق'' کا خالق شاہ حسین حقیقت ہے آپ بتائیے داستان ''طلسم حیرت'' کا مصنف کون ہے؟

سوال ۱۰: جعفر علی شیون۔

جواب: ''دبستان لکھنؤ کے داستان ادب کا ارتقاء'' کا مصنف کون ہے؟

سوال ۱۱: ڈاکٹر آغا سہیل۔

جواب: ''داستان کی داستان'' کس ادیب کی تالیف ہے؟

سوال ۱۲: آرزو چودھری کی۔

جواب: ''داستان امیر حمزہ'' اردو کا مشہور قصہ ہے جس کا مصنف خلیل خان اشک ہے۔ آپ بتائیے ''داستان غریب حمزہ'' کا خالق کون ہے؟

سوال ۱۳: جواب: اے حمید۔

سوال ۱۴: داستان "بوستان خیال" کی کتنی جلدیں ہیں اور اس کا خالق کون ہے؟
جواب: سات جلدیں ہیں اور اس کا خالق میر تقی خیال ہے۔
سوال ۱۵: داستان "طلسم ہوشربا" کا خالق کون ہے اور یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
جواب: مصنف تصدق حسین ہے اور اس کی ۷ جلدیں ہیں۔
سوال ۱۶: داستان "طلسم حیرت" کا خالق کون ہے؟
جواب: جعفر علی شیون کاکوروی۔
سوال ۱۷: اردو قصوں میں کس کتاب کو سب سے زیادہ اہمیت دی جاتی ہے؟
جواب: میر امن کی "باغ و بہار" کو۔
سوال ۱۸: "فسانہ عبرت"، "شگوفہ محبت"، "سرور سلطانی"، "انشائے سرور"، "شبستان سرور" اور "گلزار سرور" کا خالق کونسا ادیب ہے؟
جواب: مرزا رجب علی بیگ سرور۔
سوال ۱۹: اردو ادب میں بہترین داستان گو کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: رتن ناتھ سرشار کو۔
سوال ۲۰: میر امن نے ملا حسین واعظ کاشفی کی کتاب "اخلاق محسنی" کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: "گنج خوبی" کے نام سے۔
سوال ۲۱: "باغ و بہار" یعنی "قصہ چہار درویش" میں کتنے قصے ہیں؟
جواب: پانچ قصے۔
سوال ۲۲: "قصہ لیلیٰ مجنوں" کا خالق حیدری ہے آپ بتایئے کہ "طوطا کہانی" اور "آرائش محفل" کا خالق کون ہے؟
جواب: حیدر بخش حیدری نے ۱۸۰۱ء میں لکھیں تھیں۔
سوال ۲۳: حیدر بخش حیدری کی آخری کتاب کونسی ہے؟
جواب: گل مغفرت۔
سوال ۲۴: میر محمد حسین عطا خان تحسین اور میر امن کے علاوہ "قصہ چہار درویش" کا اردو میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: محمد عوض زریں نے۔
سوال ۲۵: اردو کے پہلے قصے کا نام بتایئے اور اسے دوسرے کس نام سے پکارا جاتا ہے؟
جواب: ملا وجہی کی "سب رس" جسے "قصہ حسن و دل" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔
سوال ۲۶: میر امن کی زبان کو "دلی کے روڑے" کس نے کہا تھا؟
جواب: مرزا رجب علی بیگ سرور نے۔
سوال ۲۷: "باغ و بہار" تو میر امن کی کتاب ہے۔ "باغ اردو" کا خالق کون ہے؟
جواب: میر شیر علی افسوس۔
سوال ۲۸: "فن داستان گوئی" کا خالق کلیم الدین احمد ہے آپ بتایئے "ہماری داستانیں" کا مصنف کون ہے؟
جواب: سید وقار عظیم۔

سوال ۲۹: "اردو کی منظوم داستانیں" کا مصنف فرمان فتح پوری ہے آپ بتایئے "اردو کی نثری داستانیں" کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر گیان چند جین۔
سوال ۳۰: "جان عالم" مشہور داستان "فسانہ عجائب" کا کردار ہے آپ بتایئے "حاتم طائی" حیدر بخش حیدری کی کس داستان کا مشہور کردار ہے؟
جواب: "آرائش محفل" کا۔
سوال ۳۱: ملا وجہی کی "سب رس" کس قسم کی کتاب ہے؟
جواب: تمثیلی داستان ہے۔
سوال ۳۲: ملا وجہی نے "سب رس" میں اردو کو کیا نام دیا ہے؟
جواب: اردو کو "ہندی" کا نام دیا ہے۔
سوال ۳۳: میر امن کے عہد تک اردو کا کیا نام رائج تھا؟
جواب: ہندی۔
سوال ۳۴: "سرشار کا لکھنو" کا مصنف فیروز مکرجی ہے۔ آپ بتایئے کہ "فسانہ آزاد کی دنیا" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر تبسم کاشمیری۔
سوال ۳۵: "داستان امیر حمزہ" میں کتنے قصے ہیں؟
جواب: ۳۶۰ قصے۔
سوال ۳۶: "عجائب القصص" شہزادہ شجاع الشمس اور ملکہ نگار کی داستان ہے۔ آپ مصنف کا نام اور سال تالیف بتایئے؟
جواب: شاہ عالم آفتاب (۱۷۹۲ء)۔
سوال ۳۷: رجب علی بیگ سرور کے والد کا نام مرزا اصغر علی بیگ تھا بتایئے سرور کس شہر میں پیدا ہوئے تھے؟
جواب: لکھنؤ میں۔
سوال ۳۸: جب "گلزار سرور" چھپی تو اس میں دو مختصر ادب پارے بھی آخر میں شامل کیے گئے تھے آپ دونوں کے نام بتایئے؟
جواب: "شرار عشق" اور "شر شرہ نثار"۔
سوال ۳۹: سندیلے کے رئیس امجد علی خان بلوچ نے رجب علی بیگ سرور کی سرپرستی کی اور انہی کی فرمائش پر مہر چند مہر لاہوری کی سادہ زبان میں اردو تصنیف "نو آئین ہندی" کو سرور نے رنگین نثر میں کس نام سے لکھا؟
جواب: "شگوفہ محبت" کے نام سے۔
سوال ۴۰: سید فخر الدین حسین سخن کا مرزا غالب سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: مرزا غالب رشتہ میں نانا لگتے تھے۔
سوال ۴۱: "داستان امیر حمزہ" کو نولکشور پریس نے کتنی جلدوں میں شائع کیا تھا؟
جواب: ۴۶ جلدوں میں شائع کیا تھا۔

سوال ۴۲: اردو زبان میں "داستان امیر حمزہ" سب سے پہلے اشک نے فورٹ ولیم کالج کے لیے کب لکھی تھی؟
جواب: ۱۸۰۱ء میں۔
سوال ۴۳: اردو میں ضخیم داستانیں لکھوانے کا سلسلہ کب اور کس پریس سے شروع ہوا؟
جواب: ۱۸۰۱ء میں نولکشور پریس سے۔
سوال ۴۴: "اردو کی نثری داستانوں کا تنقیدی مطالعہ" ڈاکٹر سید محمود نقوی کی تصنیف ہے آپ بتائیے کہ "اردو کی زندہ داستانیں" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر مظفر عباس۔
سوال ۴۵: "داستان در داستان" اور "داستانوں کی علامتی کائنات" کا مصنف ڈاکٹر سہیل احمد ہے آپ بتائیے کہ "داستان سے افسانے تک" اور "ہماری داستانیں" کا خالق کون ہے؟
جواب: سید وقار عظیم۔
سوال ۴۶: "اردو داستان" کا مصنف ڈاکٹر سہیل بخاری ہے آپ بتائیے "فن داستان گوئی" کا خالق کون ہے؟
جواب: کلیم الدین احمد۔
سوال ۴۷: مرزا رجب علی بیگ سرور نے "فسانہ عجائب" کا آغاز کس شعر سے کیا ہے؟
جواب: مثل بی سے نہ الفاظ تلازم سے یہ خالی ہے
ہر اک فقرہ کہانی کا گواہ بے مثالی ہے
سوال ۴۸: "بوستان خیال" (فارسی) کے پہلے مترجم کون ہیں؟
جواب: خواجہ بدر الدین خاں معروف بہ خواجہ امان ہیں اور انھوں نے دس جلدوں میں سے پانچ جلدوں کا ترجمہ کیا تھا۔
سوال ۴۹: خواجہ امان نے بوستان خیال کو دو حصوں میں ترجمہ کیا تھا آپ بتائیے کس نام سے؟
جواب: "حدائق الانظار" اور "ریاض الابصار" کے نام سے۔
سوال ۵۰: "حدائق الانظار" کا دیباچہ اردو کے کس مشہور شاعر نے لکھا تھا؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۵۱: داستان "گل وصنوبر" کا خالق کون ہے؟
جواب: نیم چند کھتری۔
سوال ۵۲: "سرور اور فسانہ عجائب" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی۔
سوال ۵۳: "باغ و بہار کا تنقیدی و کرداری مطالعہ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: زہرہ معین۔
سوال ۵۴: "باغ و بہار پر ایک نظر" کا مصنف ڈاکٹر سہیل بخاری ہے آپ بتائیے کہ "باغ و بہار ایک تجزیہ" کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی۔

سوال ۵۵: آرزو چودھری نے "داستان کی داستان" کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی آپ بتائیے کہ داستان "طلسم گوہر بار" کا خالق کون ہے؟
جواب: منیر شکوہ آبادی۔
سوال ۵۶: "فسانہ عجائب کا تنقیدی مطالعہ" کا مصنف ضمیر حسین ہے آپ بتائیے کہ "سب رس کا تنقیدی جائزہ" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر معین الرحمٰن۔
سوال ۵۷: "میر امن کی باغ و بہار کا تحقیقی وتنقیدی مطالعہ" کس ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔
سوال ۵۸: اردو زبان میں "داستان امیر حمزہ" سب سے پہلے خلیل خاں اشک نے ۱۸۰۱ء میں فورٹ ولیم کالج کے لیے لکھی تھی آپ بتائیے کہ "قصہ امیر حمزہ" کس نے اور کب لکھی تھی؟
جواب: ۱۸۵۴-۵۵ء میں نواب مرزا امان علی خان بہادر غالب لکھنوی نے۔
سوال ۵۹: "اردو کی قدیم منظوم داستانیں" کا مرتب کون ہے؟
جواب: خلیل الرحمٰن داؤدی۔
سوال ۶۰: "داستان گلشن نو بہار" کا مصنف کون ہے؟
جواب: حکیم محمد بخش مہجوری لکھنوی۔
سوال ۶۱: "سر دلبراں" کے نام سے سید محمد ذوقی نے ایک کتاب لکھی ہے۔ بتائیے کہ "متاع عزیز" کا مصنف کون ہے؟
جواب: عزیز احمد۔
سوال ۶۲: "نثر بے نظیر" اور "اخلاق ہندی" کا خالق میر بہادر علی حسینی ہے آپ بتائیے "نقلیات" کا خالق کون ہے؟
جواب: میر بہادر علی حسینی۔
سوال ۶۳: "بیتال پچیسی"، "تحفت گلشن" اور "مادھونل اور کام کندلا" کس کی مشہور کتب ہیں؟
جواب: مظہر علی خان ولا۔
سوال ۶۴: شیخ فرید الدین نے "بحر دافروز" کے نام سے کتاب لکھی تھی۔ بتائیے کہ "انتخاب سلطانیہ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: خلیل خان اشک۔
سوال ۶۵: "اخوان الصفا" کا خالق مولوی اکرام علی ہے آپ بتائیے "حدائق الشفاق" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ملا محمد رضی تبریزی ابن احمد شفیع۔
سوال ۶۶: "شکنتلا"، "سنگھاسن بتیسی" اور "ترجمہ قرآن" کس کی کتاب ہیں؟
جواب: کاظم علی جوان کی۔
سوال ۶۷: "مشرقی تمدن کا آخری نمونہ" کس مشہور تاریخی ناول نگار کی کتاب ہے؟
جواب: عبدالحلیم شرر کی۔
سوال ۶۸: "بحر الفصاحت" کا مصنف کون ہے؟
جواب: حکیم نجم الغنی خان۔

آپ بیتی اور سوانح نگاری

سوال ۱: "ہنگاموں میں زندگی" کس کی آپ بیتی ہے؟
جواب: مشتاق احمد وجدی۔
سوال ۲: "توزک جہانگیری" شہنشاہ جہانگیر کی پہلی آپ بیتی ہے دوسری کا نام بتایئے؟
جواب: اقبال نامہ۔
سوال ۳: "آشفتہ بیانی میری" کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟
جواب: رشید احمد صدیقی کی۔
سوال ۴: "الفاروق"، "المامون"، "الغزالی" اور "سوانح مولانا روم" کس سوانح نگار کی مشہور کتابیں ہیں؟
جواب: شبلی نعمانی کی۔
سوال ۵: الطاف حسین حالی نے مرزا غالب کی سوانح عمری کس نام سے اور کب لکھی؟
جواب: "یادگار غالب" کے نام سے ۱۸۹۷ میں کانپور سے شائع ہوئی۔
سوال ۶: پاکستان کے کس وزیر اعظم نے اپنی آپ بیتی "چشم دید" کے نام سے لکھی تھی آپ اس کا انگریزی نام بتایئے؟
جواب: From Memory۔
سوال ۷: "فرینڈز ناٹ ماسٹر" سابق صدر ایوب کی تصنیف ہے۔ آپ بتایئے اس کا اردو ترجمہ "جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی" کے نام سے کس مشہور افسانہ نگار نے کیا؟
جواب: غلام عباس نے۔
سوال ۸: "سرگزشت" کے نام سے کس ادیب نے اپنی آپ بیتی لکھی ہے؟
جواب: عبدالمجید سالک۔
سوال ۹: "سرگزشت" کے نام ہی سے اردو کے دوسرے کس ادیب نے خودنوشت لکھی تھی؟
جواب: "زیڈاے بخاری" نے۔
سوال ۱۰: "اردو میں سوانح نگاری" کا مصنف ڈاکٹر سید شاہ علی ہے۔ بتایئے "محترم چہرے" کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سدید۔
سوال ۱۱: مشتاق احمد یوسفی نے اپنی آپ بیتی کس نام سے اور کب لکھی تھی؟
جواب: "زرگزشت" کے نام سے ۱۹۷۶ میں۔
سوال ۱۲: "پیر پگاڑا کی کہانی کچھ انکی اور کچھ میری زبانی" کا خالق کون ہے؟
جواب: اظہر سہیل۔
سوال ۱۳: "مٹی کا دیا" مرزا ادیب کی آپ بیتی ہے۔ بتایئے "لیل و نہار ذاتی ڈائری" کس ادیبہ کی آپ بیتی ہے؟
جواب: حجاب امتیاز علی کی۔

سوال ۱۴: "آزادیٔ ہند"، "تذکرہ" اور "ہماری زندگی" کس مشہور شخصیت کی مشہور کتابیں ہیں؟
جواب: ابوالکلام آزاد کی۔
سوال ۱۵: "کاروان زندگی" سید ابوالحسن ندوی کی آپ بیتی ہے آپ بتایئے "گرد راہ" کس ترقی پسند ادیب کی آپ بیتی ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: اختر حسین رائے پوری نے ۱۹۸۴ میں شائع کرائی۔
سوال ۱۶: "متاعِ گم گشتہ" اور "متاعِ بے بہا" کس ادیب کی مشہور کتب ہیں؟
جواب: حافظ لدھیانوی۔
سوال ۱۷: آل احمد سرور کی آپ بیتی "خواب باقی ہیں" کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۹۹۰ میں۔
سوال ۱۸: "کالا پانی" مولانا محمد جعفر تھانیسری کی آپ بیتی ہے۔ آپ بتایئے "ناقابلِ فراموش" کس ادیب کی مشہور آپ بیتی ہے؟
جواب: دیوان سنگھ مفتون۔
سوال ۱۹: "قیدِ فرنگ" اور "مردم دیدہ" کس شاعر اور ادیب کی آپ بیتیاں ہیں؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال ۲۰: "یادِ عہد رفتہ" ڈاکٹر عبادت بریلوی کی خودنوشت ہے آپ بتایئے کہ "آپ بیتی" کے نام سے کس بھارتی لیڈر نے اپنی خودنوشت لکھی؟
جواب: گاندھی جی نے۔
سوال ۲۱: اردو کی سب سے بہترین سوانح عمری "حیات جاوید" ہے۔ بتایئے حالی نے یہ سوانح عمری کب لکھی تھی؟
جواب: ۱۹۰۱ میں۔
سوال ۲۲: مرزا محمد عسکری نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: "من کیم" کے نام سے۔
سوال ۲۳: احسان دانش نے اپنی سوانح عمری ۱۹۷۳ میں کس نام سے لکھی تھی اور آپ بتایئے اس کے کتنے حصے ہیں؟
جواب: "جہانِ دانش" جس کے دو حصے ہیں۔
سوال ۲۴: "یادوں کی برات" جوش ملیح آبادی کی خودنوشت ہے آپ بتایئے یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۹۷۰ میں۔
سوال ۲۵: "سرگزشت" زیڈاے بخاری نے پہلی بار کب شائع کی؟
جواب: ۱۹۶۶ میں۔
سوال ۲۶: زیڈاے بخاری کی "سرگزشت" کس اخبار میں قسط وار چھپی تھی؟
جواب: روزنامہ "حریت" میں۔
سوال ۲۷: اردو زبان میں شعوری طور پر سب سے پہلے کس نے سوانح عمریاں لکھیں؟
جواب: الطاف حسین حالی نے۔

سوال ۲۸: اردو کے مشہور نقاد کلیم الدین احمد کی آپ بیتی کا نام بتایئے؟
جواب: ''اپنی تلاش میں'' کے نام سے لکھی تھی۔
سوال ۲۹: آپ بیتی ''اس آباد خرابے میں'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اختر الایمان نے ۱۹۹۷ میں لکھی۔
سوال ۳۰: ''حیاتِ سعدی'' حالی نے کب اور کتنے ابواب پر لکھی تھی؟
جواب: ۱۸۸۶ میں اور یہ دو ابواب پر مشتمل ہے۔
سوال ۳۱: ''میری زندگی کے پچھتر سال'' کس ادیب کی خودنوشت ہے؟
جواب: اعجاز الحق قدوسی کی۔
سوال ۳۲: چودھری فضل الحق نے اپنی آپ بیتی ''میرا افسانہ'' کے نام سے لکھی آپ بتایئے کہ ''میری دنیا'' کے نام سے کس نے آپ بیتی لکھی؟
جواب: ''مختصر تاریخ ادب اردو'' کے خالق ڈاکٹر اعجاز حسین نے لکھی تھی۔
سوال ۳۳: باقاعدہ اردو کی سوانح نگاری کی بنیاد کس ادیب نے ڈالی؟
جواب: الطاف حسین حالی۔
سوال ۳۴: ''خون بہا'' حکیم احمد شجاع کی آپ بیتی ہے۔ بتایئے کہ انتظار حسین نے اپنی خودنوشت کس نام سے لکھی؟
جواب: چراغوں کا دھواں۔
سوال ۳۵: ''رسیدی ٹکٹ'' امرتا پریتم کی آپ بیتی ہے، ''دوزخی'' کے نام سے کس نے اپنے بھائی کا خاکہ لکھا تھا؟
جواب: عصمت چغتائی نے۔
سوال ۳۶: کارِ جہاں دراز ہے'' کی کتنی جلدیں شائع ہوئیں اور اس کے خالق کا نام بھی بتایئے؟
جواب: تین جلدیں، قرۃ العین حیدر۔
سوال ۳۷: عبدالحلیم شرر نے کل ۲۱ سوانح عمریاں لکھیں آپ بتایئے کہ ''شبلی کی حیاتِ معاشقہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی۔
سوال ۳۸: شبلی نعمانی نے ''سیرۃ النبی'' کی صرف دو جلدیں لکھیں آپ بتایئے باقی جلدیں کس ادیب نے لکھیں؟
جواب: سید سلیمان ندوی۔
سوال ۳۹: ''ہمہ یاراں دوزخ'' کا خالق صدیق سالک ہے آپ بتایئے کہ ''کھوئے ہوؤں کی جستجو'' کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟
جواب: شہرت بخاری کی۔
سوال ۴۰: اردو کی مشہور کتاب ''مرد ابریشم'' کس ادیبہ نے اور کس ادیب کے بارے میں لکھی تھی؟
جواب: بانو قدسیہ نے قدرت اللہ شہاب کے بارے میں لکھی تھی۔
سوال ۴۱: ''ہم نفسانِ رفتہ'' کا خالق رشید احمد صدیقی ہے آپ بتایئے ''خوش نفسانِ رفتہ'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شاہد احمد دہلوی کی۔

سوال ۴۲: ''کاکولیات'' کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟
جواب: ''صولت رضا'' کی۔
سوال ۴۳: احسن مارہروی نے داغ دہلوی کی زندگی پر جو کتاب لکھی اس کا نام بتایئے؟
جواب: جلوۂ داغ۔
سوال ۴۴: وہ کونسے سوانح نگار ہیں جنھوں نے مغرب کی سوانح نگاری کے جدید رجحانات کو پیشِ نظر رکھا؟
جواب: الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی نے۔
سوال ۴۵: ''فیض احمد فیض کی شاعری ایک تعارف'' انگریزی میں کتاب کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر امداد حسین۔
سوال ۴۶: ''سید سلیمان ندوی شخصیت و ادبی خدمات'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر نعیم صدیقی ندوی۔
سوال ۴۷: ''ذکرِ میر'' میر کی خودنوشت ہے آپ بتایئے کہ یہ کہاں لکھی گئی اور کس زبان میں ہے؟
جواب: فارسی زبان میں یہ دلی سے شائع ہوئی تھی۔
سوال ۴۸: میر حسن کی سوانح مثنوی کونسی ہے؟
جواب: گلزارِ ارم۔
سوال ۴۹: اردو نثر میں ظہیر دہلوی کی خودنوشت سوانح عمری کب اور کس نام سے لکھی گئی؟
جواب: ۱۹۱۰ میں ''داستانِ غدر'' کے نام سے شائع کی تھی۔
سوال ۵۰: ''یادگارِ غالب'' کتنے حصوں میں تقسیم کی گئی ہے اور ان حصوں میں کیا بیان کیا گیا ہے؟
جواب: ''یادگارِ غالب'' کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلے حصے میں غالب کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے اور دوسرے حصے میں ان کے اردو اور فارسی کلام کی تشریح و مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔
سوال ۵۱: شبلی نعمانی کی مشہور کتاب ''سیرۃ النعمان'' کے کتنے حصے ہیں اور یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: یہ دو حصوں پر مشتمل ہے پہلا حصہ ۱۸۸۹ میں اور دوسرا حصہ ۱۸۹۰ میں شائع ہوا۔
سوال ۵۲: ''سیرۃ النعمان'' میں کس شخصیت کی سوانح عمری بیان کی گئی ہے اور اس کے دونوں حصے ایک ساتھ کتابی صورت میں پہلی بار کب شائع ہوئے؟
جواب: یہ پہلی بار علی گڑھ سے ۱۸۹۱ میں دونوں حصے کتابی صورت میں شائع ہوئی اور اس میں حضرت امام ابوحنیفہ کی سوانح عمری بیان کی گئی ہے۔
سوال ۵۳: شبلی نعمانی نے ''الفاروق'' اور ''الغزالی'' کتنے کتنے حصوں میں لکھی تھی؟
جواب: یہ دو دو حصوں پر مشتمل ہے۔
سوال ۵۴: ''فیض احمد فیض درد اور درماں کا شاعر'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد علی صدیقی۔

سوال ۵۵: شبلی نے اپنی زندگی کے آخری لمحات میں کس شاگرد کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر یہ کہا تھا ''سیرت میری تمام عمر کی کمائی ہے، سب کام چھوڑ کر سیرت مکمل کرو'' یعنی ''سیرۃ النبی'' جو کہ شبلی مکمل نہ کر سکے تھے۔ آپ شاگرد کا نام بتایئے؟

جواب: سید سلیمان ندوی۔

سوال ۵۶: ''نشانِ جگرِ سوختہ'' کس مشہور محقق کی آپ بیتی ہے؟

جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال ۵۷: خواجہ احمد عباس نے اپنی آپ بیتی انگریزی میں لکھی تھی آپ ان کا اردو نام بتایئے؟

جواب: ''میں کوئی جزیرہ نہیں'' کے نام سے۔

سوال ۵۸: عصمت چغتائی نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: ''کاغذی ہے پیرہن'' کے نام سے۔

سوال ۵۹: پاکستان کی پہلی اردو شاعرہ ادا جعفری کی آپ بیتی کا نام بتایئے؟

جواب: ''جو رہی سو بے خبری رہی'' کے نام سے۔

سوال ۶۰: کشور ناہید نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی ہے؟

جواب: ''بری عورت کی کتھا'' کے نام سے۔

سوال ۶۱: ''میرے ماہ و سال'' جاوید شاہین کی آپ بیتی ہے آپ بتایئے ''بیگم کی ڈائری'' کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: بیگم سعیدہ مشکور کی۔

سوال ۶۲: ''ایک ادھوری سرگزشت'' کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟

جواب: انیس ناگی کی۔

سوال ۶۳: ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنے والد علامہ اقبال کی شخصیت پر کونسی کتاب لکھی اور یہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

جواب: ''زندہ رُود'' یہ ۳ جلدوں پر مشتمل ہے۔

سوال ۶۴: ''ہم سفر بگولوں کا'' کے نام سے ڈاکٹر طاہر تونسوی نے ڈاکٹر سلیم اختر کی سوانح عمری لکھی ہے آپ بتایئے کہ جلیل قدوائی نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی؟

جواب: ''حیات مستعار'' کے نام سے۔

سوال ۶۵: ''میری زندگی کے ۷۵ سال'' کے نام سے اعجاز الحق قدوسی نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی آپ بتایئے کہ ''میری زندگی فسانہ'' کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: صادق الخیری کی۔

سوال ۶۶: محمد طفیل نے ''مخدومی'' کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی آپ بتایئے یہ کتاب کس شاعر کی شخصیت پر لکھی تھی؟

جواب: حفیظ جالندھری کی شخصیت پر۔

سوال ۶۷: ''شہاب نامہ'' قدرت اللہ شہاب کی زندگی میں شائع ہوا تھا یا موت کے بعد؟

جواب: بعد میں یعنی ۱۹۸۷ء میں شائع ہوئی۔

سوال ۶۸: اردو کے کس جریدے نے خود نوشت سوانح عمریوں کی اشاعت میں خصوصی کردار ادا کیا تھا؟

جواب: ماہنامہ ''افکار'' نے۔

سوال ۶۹: ''آشفتہ بیانی میری'' رشید احمد صدیقی کی آپ بیتی ہے آپ بتایئے شاد عظیم آبادی نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: ''شاد کی کہانی شاد کی زبانی'' کے نام سے۔

سوال ۷۰: ''سوانح عمری ایک انسان کی حیات ہے'' یہ قول کس ادیب کا ہے؟

جواب: کارلائل کا۔

سوال ۷۱: ''ذوالفقار علی بھٹو سے بے نظیر تک'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: خالد یزدانی کی۔

سوال ۷۲: ''آتش چنار'' کس مشہور کشمیری سیاستدان کی آپ بیتی ہے؟

جواب: شیخ محمد عبداللہ کی۔

سوال ۷۳: ''آپ بیتی'' کے نام سے بھارتی لیڈر گاندھی جی نے اپنی خود نوشت لکھی تھی آپ بتایئے کہ ''آپ بیتی'' ہی کے نام سے پاکستان کے کس ادیب نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی؟

جواب: ظفر حسین ایبک۔

سوال ۷۴: ''جہادِ زندگی'' کے نام سے مولوی فیروز دین نے آپ بیتی لکھی تھی آپ بتایئے کہ ''چشم دید'' کے نام سے کس مشہور سیاست دان نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی؟

جواب: سر فیروز خان نون نے۔

سوال ۷۵: ''اوراقِ گمشدہ'' مولانا شوکت علی کی مشہور آپ بیتی ہے آپ بتایئے کہ ''نقشِ حیات'' کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟

جواب: حسین احمد مدنی۔

سوال ۷۶: ''اعمال نامہ'' کے نام سے سر رضا علی نے اپنی آپ بیتی لکھی ہے آپ بتایئے کہ ''میں اور میرا پاکستان'' کس کی آپ بیتی ہے؟

جواب: امیر عبداللہ روکڑی۔

سوال ۷۷: ''میری کہانی میری زبانی'' سید ہمایوں مرزا کی آپ بیتی ہے آپ بتایئے کہ آپ بیتی ''میری آواز'' کا خالق کون ہے؟

جواب: طارق وحید بٹ؟

سوال ۷۸: ''مشاہدات'' کے نام سے کس ادیب نے آپ بیتی لکھی؟

جواب: نواب ہوش یار جنگ بلگرامی۔

سوال ۷۹: ''عمر رفتہ'' کے نام سے خان بہادر تقی محمد خان نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی آپ بتایئے کہ ''چشم کشا'' مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا پس منظر ہے، اس کا مصنف کون ہے؟

جواب: میجر جنرل محمد امراؤ خان۔

سوال۸۰: آپ بیتی کے بارے میں مولوی عبدالحق کا کیا کہنا تھا؟

جواب: "آپ بیتی میں جو مزہ ہے وہ جگ بیتی یا تاریخ میں کہاں، مورخ بے لاگ ہو اور تحقیق وتلاش میں سر مارے لیکن آپ بیتی لکھنے والے کو نہیں پہنچ سکتا بعض اوقات اس کے ایک بے ساختہ جملے سے وہ اسرار حل ہوجاتے ہیں جو مدتوں تاریخوں کی ورق گردانی کے بعد بھی میسر نہیں ہوتے"۔

سوال۸۱: "جنرل ضیاء الحق کے ۱۱ سال" کے مصنف اظہر سہیل تھے آپ بتایئے کہ شرف الدین علی یزدی نے تیمور کی سوانح حیات اور فتوحات پر کونسی کتاب لکھی؟

جواب: "ظفر نامہ" کے نام سے۔

سوال۸۲: ہٹلر نے اپنی سیاسی خودنوشت "مین کیمف" کے نام سے لکھی تھی آپ بتایئے کہ میکسم گورکی نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی؟

جواب: "زندگی کی شاہراہ پر" کے نام سے۔

سوال۸۳: مشکور حسین یاد نے اپنی آپ بیتی "آزادی کے چراغ" کے نام سے لکھی تھی آپ بتایئے کہ "روسو" کی کونسی کتاب آپ بیتی کے زمرے میں آتی ہے؟

جواب: "اعترافات"۔

سوال۸۴: "یادوں کی خرافات" کا مصنف مشتاق احمد ہے آپ بتایئے کہ اردو کی مشہور آپ بیتی "یادولت" کا خالق کون ہے؟

جواب: شوکت تھانوی۔

سوال۸۵: یوسف حسین خان نے اپنی آپ بیتی "یادوں کی دنیا" کے نام سے لکھی ہے آپ بتایئے کہ شورش کاشمیری نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی؟

جواب: "بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل"۔

سوال۸۶: اردو کی پہلی منظوم آپ بیتی کس شاعر نے اور کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: حمایت علی شاعر نے "آئینہ در آئینہ" کے نام سے۔

سوال۸۷: آپ بیتی "قید یاغستان" کس نے تخلیق کی ہے؟

جواب: محمد اکرام صدیقی نے۔

سوال۸۸: وقار الملک کی سوانح حیات پر "وقار حیات" کے نام سے کتاب کس نے لکھی تھی؟

جواب: اکرام اللہ ندوی نے۔

سوال۸۹: اردو کی مشہور خودنوشت "اعمال نامہ" کا خالق سر رضا علی ہے آپ بتایئے "لاہور کا چیلسی" کا مصنف کون ہے؟

جواب: حکیم احمد شجاع۔

سوال۹۰: الطاف حسین حالی کی مشہور کتاب "یادگار غالب" اور "حیات سعدیؒ" کو کتنے کتنے ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب: دو دو ابواب میں۔

250

سوال۹۱: "وے صورتیں الٰہی" اردو کے کس مشہور ادیب کی سوانح عمری ہے؟

جواب: مالک رام کی۔

سوال۹۲: "میری داستانِ حیات" ڈاکٹر غلام جیلانی برق کی سوانح حیات ہے آپ بتایئے سر ظفر اللہ خان نے اپنی سوانح عمری کس نام سے لکھی؟

جواب: "تحدیث نعمت" کے نام سے۔

سوال۹۳: "رو میں ہے رخشِ عمر" کس ادیب کی سوانح عمری ہے؟

جواب: ڈاکٹر عبدالسلام خورشید کی۔

سوال۹۴: "عشرت فانی" کے نام سے عشرت رحمانی نے اپنی سوانح حیات لکھی تھی آپ بتایئے "آئینہ ایام" کس ادیب کی سوانح عمری ہے؟

جواب: کرنل غلام سرور کی۔

سوال۹۵: "یادوں کی دنیا" کے نام سے یوسف حسین خان نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی آپ بتایئے ڈاکٹر وزیر آغا نے اپنی خودنوشت سوانح عمری کب اور کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: "شام کی منڈیر سے" کے نام سے ۱۹۸۶ میں شائع کی۔

سوال۹۶: "راشد: شاعر اور شخصیت" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر آفتاب احمد۔

سوال۹۷: "حیاتِ جاودانی" امیر اللہ تسلیم لکھنوی کی حیات پر لکھی گئی کتاب ہے آپ مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: عرش گیاوی۔

سوال۹۸: اردو کی پہلی نسائی آپ بیتی کس خاتون ادیبہ نے کس نام سے اور کب لکھی تھی؟

جواب: "بیتی کہانی" کے نام سے شہزادی سحر بانو نے ۱۸۵۷ میں لکھی۔

سوال۹۹: رحمان مذنب کی آپ بیتی کا نام بتایئے؟

جواب: "یادیں" کے نام سے آپ بیتی شائع ہوئی۔

سوال۱۰۰: ڈاکٹر جاوید اقبال نے اپنی خودنوشت سوانح حیات کس نام سے لکھی ہے؟

جواب: "اپنا گریباں چاک" کے نام سے۔

سوال۱۰۱: میر تقی میر نے اپنی آپ بیتی میں اپنے جنوں کے حوالے سے کونسا شعر درج کیا ہے؟

جواب:
جگر جور گردوں سے خوں ہوگیا
مجھے رکتے رکتے جنوں ہوگیا

سوال۱۰۲: "اردو میں آپ بیتی" کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال۱۰۳: "دارین" کے اصول شبلی نعمانی کی کس مشہور کتاب میں بیان کیے گئے ہیں؟

جواب: "سیرۃ النبی" میں۔

سوال۱۰۴: "اردو میں فن سوانح نگاری کا ارتقا" کس کی کتاب ہے؟

جواب: الطاف فاطمہ کی۔

251

Scanned by CamScanner

سوال ۱۰۵: "حافظ محمد شیرانی اوران کی علمی وادبی خدمات" دو جلدوں میں کس نے مرتب کر کے کتاب شائع کی ہے؟
جواب: ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی۔
سوال ۱۰۶: "مولانا صلاح الدین احمد: احوال وآثار" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمود اسیر۔
سوال ۱۰۷: "عبدالرحمن چغتائی: شخصیت اور فن" کا مرتب اردو کا کونسا مشہور ادیب ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔
سوال ۱۰۸: "مسعود حسن رضوی ادیب: احوال وآثار" کے نام سے کس ادیب نے مشہور کتاب لکھی ہے؟
جواب: ڈاکٹر طاہر تونسوی نے۔
سوال ۱۰۹: "ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری: حیات وخدمات" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر خالد ندیم۔
سوال ۱۱۰: "مولانا غلام رسول مہر: حیات اور کارنامے" کا مصنف کون سی شخصیت ہے؟
جواب: ڈاکٹر شفیق احمد۔
سوال ۱۱۱: "گئے دنوں کا سراغ" کس مشہور ادیبہ کی خودنوشت سوانح عمری ہے؟
جواب: نثار عزیز بٹ۔
سوال ۱۱۲: "میرے شب وروز" ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی آپ بیتی ہے۔ آپ بتائیے کہ "میرے حصے کی روشنائی" کے نام سے کس نے اپنی آپ بیتی لکھی ہے؟
جواب: نور سجاد حیدر نے۔
سوال ۱۱۳: "تمنا بیتاب" کے نام سے ڈاکٹر رشید امجد نے اپنی آپ بیتی لکھی ہے آپ بتائیے کہ انتظار حسین نے اپنی خودنوشت سوانح عمری کس نام سے لکھی ہے؟
جواب: "چراغوں کا دھواں" کے نام سے۔
سوال ۱۱۴: سوانحی اصناف میں کیا کیا شامل ہے؟
جواب: "روزنامچہ نگاری، مکتوب نگاری، سفرنامہ نگاری، رپورتاژ نگاری اور خاکہ نگاری۔
سوال ۱۱۵: سوانحی ادب کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
جواب: "دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے مثلاً پہلے حصے میں ان سوانحی تحریروں کو جگہ دی گئی ہے جن میں خود نوشت کا عنصر حاوی ہے مثلاً مکتوب، روزنامچہ، سفرنامہ اور خودنوشت سوانح وغیرہ اور دوسرے حصے میں ان سوانحی تحریروں کو شامل کیا گیا ہے جن میں سوانح عمری کا اثر غالب ہے۔ یعنی اس میں خود سے زیادہ دوسروں کے بارے میں لکھا جاتا ہے۔ مثلاً رپورتاژ، خاکہ نگاری اور سوانح عمری وغیرہ"۔
سوال ۱۱۶: اردو روزنامچہ نگاری کا موجد کس ادیب کو قرار دیا گیا ہے؟
جواب: مولوی مظہر علی سندیلوی کو۔
سوال ۱۱۷: روزنامچہ "ایک ادبی ڈائری" کا خالق کون ہے؟
جواب: اختر انصاری دہلوی نے ۱۹۴۴ء میں شائع کیا تھا۔

سوال ۱۱۸: خواجہ احمد عباس نے اپنا روزنامچہ کس نام سے لکھا تھا؟
جواب: "مسافر کی ڈائری"۔
سوال ۱۱۹: مولانا جعفر تھانیسری نے اپنی خودنوشت سوانح عمری "کالا پانی" کے نام سے لکھی تھی آپ اس کا دوسرا نام بتائیے؟
جواب: "کالا پانی" کو "تواریخ عجیب" کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے کیونکہ مصنف نے کالا پانی کی سزا کے طور پر انڈمان میں گزارے اپنے حالات کو "تواریخ عجیب" کے نام سے قلم بند کیا جو ۱۸۸۶ء میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۱۲۰: عبدالغفور نساخ نے اپنی آپ بیتی "سوانح عمری" کے نام سے لکھی تھی آپ بتائیے کہ "شاہراہ پاکستان" کے نام سے کس ادیب نے اپنی خودنوشت لکھی تھی؟
جواب: چودھری خلیق الزماں۔
سوال ۱۲۱: آپ بتائیے کہ "آپ بیتی" کے نام سے ظفر حسن ایبک اور خواجہ حسن نظامی کے علاوہ کس ادیب نے اپنی خودنوشت سوانح عمری لکھی ہے؟
جواب: عبدالماجد دریا آبادی نے۔
سوال ۱۲۲: سردار دیوان سنگھ مفتون نے اپنی خودنوشت سوانح عمری "ناقابل فراموش" کس اخبار میں شائع کرائی تھی؟
جواب: شروع میں یہ خودنوشت سوانح عمری اخبار "ریاست" میں ایک کالم "ناقابل فراموش" کے نام سے لکھی جاتی رہی اور بعد میں اسے کتابی شکل میں شائع کیا گیا۔
سوال ۱۲۳: کلیم الدین احمد کی خودنوشت سوانح "اپنی تلاش میں" ۱۹۷۵ء میں شائع ہوئی تھی آپ بتائیے کہ حکیم احمد شجاع کی خودنوشت سوانح "خوں بہا" پہلی بار کب شائع ہوئی تھی؟
جواب: ۱۹۴۳ء میں۔
سوال ۱۲۴: "اردو خودنوشت سوانح حیات" کی مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر صبیحہ انور۔
سوال ۱۲۵: "آپ بیتی اور اس کی مختلف صورتیں" کا مصنف یوسف جمال ہے آپ بتائیے کہ "بیسویں صدی میں سوانحی ادب" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر مظہر مہدی۔
سوال ۱۲۶: الطاف حسین حالی نے "حیات سعدی" ۱۸۸۶ء میں لکھی تھی آپ بتائیے کہ "یادگار غالب" اور "حیات جاوید" کب شائع ہوئی تھیں؟
جواب: "یادگار غالب" ۱۸۹۷ء میں اور "حیات جاوید" ۱۹۰۱ء میں۔
سوال ۱۲۷: سرسید کی سب سے پہلے انگریزی میں سوانح عمری ان کی وفات سے ۱۳ برس پہلے کس انگریز نے لکھی تھی؟
جواب: کرنل گراہم نے۔
سوال ۱۲۸: شبلی نعمانی کی سب سے پہلی سوانح تصنیف "المامون" ۱۸۸۷ء میں شائع ہوئی تھی آپ بتائیے "سیرۃ النعمان" کب شائع ہوئی تھی؟
جواب: ۱۸۹۱ء میں۔

سوال۱۲۹: ''الفاروق'' ۱۸۹۹ میں اور ''الغزالی'' ۱۹۰۲ میں شائع ہوئی تھی آپ بتائیے کہ ''سوانح مولانا روم'' پہلی بار کب شائع ہوئی۔

جواب: ۱۹۰۶ میں۔

سوال۱۳۰: ''سیرت عمر بن عبدالعزیز'' عبدالسلام ندوی نے ۱۹۲۳ میں شائع کی تھی آپ بتائیے کہ ''اقبال کامل'' پہلی بار کب شائع ہوئی؟

جواب: ۱۹۴۸ میں شائع ہوئی اور یہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔

سوال۱۳۱: ''حیات شبلی'' کا مصنف سید سلیمان ندوی ہے جس نے اسے ۱۹۴۳ میں شائع کیا تھا آپ بتائیے کہ غلام رسول مہر نے ''غالب'' کے نام سے مرزا غالب کی سوانح عمری کب لکھی تھی؟

جواب: ۱۹۳۶ میں پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔

سوال۱۳۲: ''آثار جمال الدین افغانی'' اور ''آثار ابوالکلام آزاد'' کے نام سے کس ادیب نے سوانح عمریاں لکھی ہیں؟

جواب: قاضی عبدالغفار نے۔

سوال۱۳۳: ''محمد علی: ذاتی ڈائری کے چند اوراق'' کے نام سے مولانا محمد علی جوہر کی زندگی پر دو جلدوں میں کس نے سوانح عمری لکھی تھی؟

جواب: عبدالماجد دریا آبادی نے پہلی جلد ۱۹۵۴ دوسری ۱۹۵۶ میں لکھی۔

سوال۱۳۴: ''سوانح نگاری کیا ہے؟'' کا مصنف ڈاکٹر عبدالقیوم ہے آپ بتائیے کہ ''فن سوانح نگاری اور دیگر مضامین'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر امیر اللہ خان شاہین۔

سوال۱۳۵: ''اردو خود نوشت فن اور تجزیہ'' کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: وہاج الدین علوی کی۔

سوال۱۳۶: ''اردو میں سوانح ادبی فن اور روایت'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد عمر رضا۔

☆☆☆

سفرنامہ نگاری

سوال۱: اردو کا پہلا سفرنامہ ''عجائبات فرہنگ'' ۱۸۴۷ میں کس نے لکھا؟

جواب: یوسف خان کمبل پوش نے۔

سوال۲: پاکستان میں سب سے پہلا سفرنامہ کس نے لکھا؟

جواب: بیگم اختر ریاض الدین نے۔

سوال۳: بیگم اختر ریاض الدین نے صرف دو سفرنامے لکھے نام بتائیے؟

جواب: ''سات سمندر پار'' اور ''دھنک پر قدم''۔

سوال۴: سفرنامہ ''اوقیانوس کے پار'' حکیم سعید نے تحریر کیا ہے آپ بتائیے ''دو مسافر دو ملک'' سفرنامہ کن دو شخصیات نے لکھا؟

جواب: حکیم سعید اور مسعود احمد برکاتی نے۔

سوال۵: سفرنامے ''ہندیاترا'' اور ''لبیک'' کس نے تخلیق کیے ہیں؟

جواب: ممتاز مفتی نے۔

سوال۶: سفرنامہ ''حدیثِ دل'' وحیدہ نسیم نے لکھا آپ بتائیے ''دیس بدیس'' سفرنامہ کس نے لکھا ہے؟

جواب: جی الانا نے۔

سوال۷: ''دنیا مرے آگے'' اور ''تماشا مرے آگے'' کس کے سفرنامے ہیں؟

جواب: جمیل الدین عالی۔

سوال۸: ایران کے سفر میں آزاد نے اپنی کس کتاب کے لیے مواد جمع کیا تھا؟

جواب: ''سخندان فارس'' کے لیے۔

سوال۹: محمد حسین آزاد کا ''سیر ایران'' کی نوعیت کیا ہے؟

جواب: یہ آزاد کا سفرنامہ ہے۔ آزاد نے ۱۸۸۵ میں پہلی اور آخری بار سفر ایران پر روانہ ہوئے اور ۱۸۸۶ میں واپس آئے۔

سوال۱۰: سفرنامہ ''جرمنی نامہ'' کا خالق محمد کاظم ہے آپ بتائیے ''نظرنامہ'' کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب: محمود نظامی۔

سوال۱۱: ''دنیا گول ہے'' اور ''ابن بطوطہ کے تعاقب میں'' کس کے سفرنامے ہیں؟

جواب: ابن انشاء کے۔

سوال۱۲: ''دیس ہوئے پردیس''، ''کارواں سرائے''، ''نکلے تری تلاش میں'' اور ''اندلس میں اجنبی'' کس ادیب کے مشہور سفرنامے ہیں؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ کے۔

سوال ۱۳: ''سفر تین درویشوں کا'' اور ''پیرس ۲۵۰ کلومیٹر'' کس کے سفرنامے ہیں؟
جواب: محمد اختر ممونکا۔
سوال ۱۴: ''سفر در سفر'' کس کا مشہور سفرنامہ ہے؟
جواب: اشفاق احمد کا۔
سوال ۱۵: سفرنامہ ''شہر در شہر'' اور ''اس پار'' کس شاعر نے تخلیق کیے ہیں؟
جواب: امجد اسلام امجد نے۔
سوال ۱۶: ''ہم تو چلے رنگون'' اور ''امریکانو'' سفرنامے کس نے تحریر کیے؟
جواب: اے حمید نے۔
سوال ۱۷: ''ماڈرن کولمبو'' جاوید اقبال کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''شوقِ آوارگی'' کا خالق کون ہے؟
جواب: عطاالحق قاسمی۔
سوال ۱۸: ''ایران میں اجنبی'' ن۔م راشد کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے ''اجنبی اپنے دیس میں'' کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: سید شوکت علی شاہ۔
سوال ۱۹: ''ایک چکر ہے میرے پاؤں میں'' کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: یونس متین کا۔
سوال ۲۰: ''تمنا بیتاب'' سفرنامہ سعید شیخ نے تخلیق کیا آپ بتایئے ''مندر میں محراب'' کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: اجمل نیازی کا۔
سوال ۲۱: ''کیمبرج او کیمبرج'' کے نام سے کس نے سفرنامہ لکھا؟
جواب: سائرہ ہاشمی نے۔
سوال ۲۲: ''چینیوں کے چین میں'' سفرنامہ ڈاکٹر حسن رضوی نے لکھا آپ بتایئے ''سفرنامہ یورپ'' کس ادیب نے لکھا؟
جواب: شیخ عبدالقادر نے۔
سوال ۲۳: ''روداد سفر حجاز'' سفرنامہ ڈاکٹر نصیر احمد ناصر نے تخلیق کیا آپ بتایئے ''کاروانِ حجاز'' کس شاعر نے تخلیق کیا؟
جواب: ماہر القادری نے۔
سوال ۲۴: ''ذرا انگلستان تک'' کس کا مشہور سفرنامہ ہے؟
جواب: علی سفیان آفاقی۔
سوال ۲۵: ''عجائبات فرہنگ'' دوسری بار ۱۸۷۳ء میں شائع ہوا۔ آپ بتایئے اس کا فارسی میں کیا نام رکھا گیا تھا؟
جواب: تاریخ یوسفی۔
سوال ۲۶: ''جنگ آمد'' اور ''بسلامت روی'' سفرنامے کس نے لکھے؟
جواب: کرنل محمد خان۔

سوال ۲۷: شبلی نعمانی کب اپنے والد کے ہمراہ سفرِ حج پر روانہ ہوئے تھے؟
جواب: ۱۸۷۶ء میں۔
سوال ۲۸: شبلی نے سفرنامہ ''روم و مصر و شام'' لکھنے کے لیے روم و شام کا سفر ۱۸۹۲ء میں کیا تھا آپ بتایئے شبلی نے سفرنامہ کب لکھنا شروع کیا اور اسے پہلی بار کب شائع کیا؟
جواب: ۱۸۹۳ء میں سفرنامہ لکھنا شروع کیا اور ۱۸۹۴ء میں مکمل کر کے اسے شائع کیا تھا۔
سوال ۲۹: ''پاکستان سے دیارِ حرم تک'' کا خالق حکیم حجازی ہے آپ بتایئے ''پاکستان کا سیاسی سفرنامہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ستار طاہر۔
سوال ۳۰: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ نے ایک فارسی زبان میں حج کا سفرنامہ بھی لکھا تھا آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: ''رہ آورد'' کے نام سے۔
سوال ۳۱: ''ہمالہ کے اس پار'' مرزا ادیب کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے ''اردو سفرنامے کی مختصر تاریخ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مرزا حامد بیگ۔
سوال ۳۲: ''سفرنامہ کیوبا'' کے نام سے فیض احمد فیض نے ۱۹۷۳ء میں سفرنامہ لکھا تھا آپ بتایئے کہ علامہ اقبال نے افغانستان کا سفر کب کیا تھا؟
جواب: ''۱۹۳۳ء میں''۔
سوال ۳۳: سفرنامے ''سوئٹزرلینڈ میں میرے چند شب و روز'' اور ''ماہ و روز'' (روزنامچہ) کا خالق کون ہے؟
جواب: حکیم محمد سعید۔
سوال ۳۴: ''نئی دنیا کا مسافر'' اکمل علیمی کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے ''سیر و سفر'' کس ادیب کا سفرنامہ ہے؟
جواب: شفیع عقیل کا۔
سوال ۳۵: سفرنامہ ''مسافر نواز بہتیرے'' کا مصنف مرزا ریاض ہے آپ بتایئے ''سفر نصیب'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مختار مسعود۔
سوال ۳۶: ''دیکھا ہندوستان'' کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: حسن رضوی کا۔
سوال ۳۷: سفرنامہ ''سیاحتِ ماجدی'' مولانا عبدالماجد دریا آبادی کا ہے آپ بتایئے ''دامنِ کوہ میں ایک موسم'' سفرنامہ کس کا ہے؟
جواب: محمد کاظم کا۔
سوال ۳۸: اردو کے مشہور مزاح نگار شفیق الرحمٰن کے سفرنامے ''دجلہ'' میں کن ملکوں کی سیر کی گئی ہے؟
جواب: جرمنی، مصر اور عراق کی۔
سوال ۳۹: ''جاپان نورد'' رفیق ڈوگر کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''سواتی مہم'' کا خالق کون ہے؟
جواب: محمد خالد اختر۔

سوال ۴۰: سفرنامے "دنیا خوبصورت ہے" اور "دلی دور است" کا خالق ایک مزاح نگار ہے آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: عطاء الحق قاسمی۔
سوال ۴۱: "ہنزہ داستان"، "کے ٹو کہانی"، "نانگا پربت"، "سفر شمال کے" اور "یاک سرائے" کس ادیب کے سفرنامے ہیں؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال ۴۲: سری لنکا کا سفرنامہ "جزیرہ" کے نام سے ذوالفقار احمد تابش نے لکھا تھا آپ بتایئے سفرنامہ "خوابوں کے جزیرے" کا خالق کون ہے؟
جواب: پروین عاطف۔
سوال ۴۳: "شیر دریا"، "جرنیلی سڑک" اور "ریل کہانی" سفرنامے کس ادیب کے ہیں؟
جواب: رضا علی عابدی۔
سوال ۴۴: "ذوقِ دشت نوردی" ڈاکٹر اے بی اشرف کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے کہ "نیل بہتا رہا" اور "اے آب رود گنگا" کس ادیب کے سفرنامے ہیں؟
جواب: رفیق ڈوگر کے۔
سوال ۴۵: "چینیوں کے چین میں" اور "ہرے سمندروں میں" کس ادیب کے سفرنامے ہیں؟
جواب: حسن رضوی کے۔
سوال ۴۶: "نیل کنارے" اور "گوریوں کا دیس" سفرنامے کس شخصیت نے تخلیق کیے تھے؟
جواب: علی سفیان آفاقی۔
سوال ۴۷: سفرنامے "افق تا افق" اور "ایران میں چودہ روز" کس ادیب نے تخلیق کیے تھے؟
جواب: ڈاکٹر آغا سہیل۔
سوال ۴۸: "سفرنامہ حجاز سرزمین پاک...... ارضِ مقدس تک" کے نام سے راحت تسیم نے سفرنامہ لکھا ہے آپ بتایئے "سفر پسماندہ قوموں کا" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: اللہ بخش کلیار۔
سوال ۴۹: سفرنامہ "سنہری پہاڑوں کی وادی" کا خالق رحمان ہے آپ بتایئے کہ "چینی منگولوں کے شہر میں" کے نام سے سفرنامہ کس نے تخلیق کیا ہے؟
جواب: ادیبہ کوثر نے۔
سوال ۵۰: ہندوستان کا سفرنامہ "خواب سفر" کے نام سے منیر فاطمی نے لکھا تھا آپ بتایئے سفرنامہ "جہان آزاد" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر یاسین رضوی۔
سوال ۵۱: "گردش میں پاؤں" فخر الزمان کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے کہ چودھری محمد اسلم نے کس نام سے سفرنامہ لکھا ہے؟
جواب: "حرم میں دو سو روز" کے نام سے۔

سوال ۵۲: سفرنامہ "براہِ راست" کی خالق بشریٰ رحمن ہے آپ بتایئے کہ سفرنامہ "سورج کے ساتھ ساتھ" کا خالق کونسی ادیبہ ہے؟
جواب: ذکیہ راشد حمید۔
سوال ۵۳: اردو کے مشہور سفرنامے "یورپ نامہ" اور "جرمن نامہ" کس نے تخلیق کیے تھے؟
جواب: حکیم سید احمد دہلوی نے۔
سوال ۵۴: سفرنامہ "چیپی" کا خالق مستنصر حسین تارڑ ہے۔ بتایئے کہ "ایک ہفتہ چین میں" کا مصنف کون ہے؟
جواب: مولانا کوثر نیازی۔
سوال ۵۵: سفرنامہ "بستی بستی نگر" کے نام سے اردو کے مشہور کالم نگار ارشاد احمد حقانی نے تحریر کیا تھا آپ بتایئے کہ "لاہور سے چین تک" کے سفرنامہ کا مصنف کون ہے؟
جواب: اسلم کمال۔
سوال ۵۶: اشفاق احمد نے امریکہ سے متعلق سفرنامہ "خوابوں کا جزیرہ" لکھا تھا آپ بتایئے کہ سفرنامہ "دنی کوفت کا سفر" کا خالق کون ہے؟
جواب: کریم الدین احمد۔
سوال ۵۷: "بلاوا آ ہی گیا" حرمین الشریفین کا سفرنامہ ہے جسے حافظ افروغ حسن نے تخلیق کیا آپ بتایئے کہ "میرا دل میرا کولمبس" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: کیف جاوید۔
سوال ۵۸: پروفیسر افضل علی نے ایران سے متعلق کونسا سفرنامہ لکھا ہے؟
جواب: "باعث تحریر آنکہ"۔
سوال ۵۹: سفرنامہ "جوار بھاٹا" سری لنکا کے سفر کے متعلق ہے آپ مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: ذوالفقار احمد تابش۔
سوال ۶۰: "آج بھی اس دیس میں" کے نام سے حمزہ فاروقی نے سفرنامہ لکھا ہے آپ بتایئے سفرنامہ "نئی دیوار چین" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ابراہیم جلیس۔
سوال ۶۱: سفرنامہ "ارمغان احباب" کا مصنف مولانا عبدالحق بریلوی ہے آپ بتایئے سفرنامہ "آ بیل مجھے مار" کا خالق کون ہے؟
جواب: اختر ممونکا۔
سوال ۶۲: جعفر تھانیسری نے "کالا پانی" کے نام سے سفرنامہ شائع کیا تھا آپ بتایئے جمیل زبیری نے بھارت کا سفرنامہ کس نام سے لکھا ہے؟
جواب: سفرنامہ "موسموں کا عکس" کے نام سے۔
سوال ۶۳: سفرنامہ "مسافران لندن" کا مصنف سرسید ہے آپ بتایئے سفرنامہ "دیارِ دوست" کا خالق کون ہے؟
جواب: شریف فاروق۔

سوال ۶۴: ''دھوپ کنارا'' امریکہ اور کینیڈا کے متعلق سفرنامہ ہے آپ اس کے خالق کا نام بتایئے؟
جواب: جمیل زبیری۔
سوال ۶۵: ''زمانہ سفر میں ہے'' یہ سفرنامہ یورپ اور مشرق وسطیٰ سے متعلق ہے جسے ڈاکٹر اسد ادیب نے تخلیق کیا تھا آپ بتایئے سفرنامہ ''اندرونِ ہند'' (Inside India) کس ادیب کا سفرنامہ ہے؟
جواب: خالدہ ادیب خانم کا۔
سوال ۶۶: سفرنامہ ''زرد پتوں کی بہار'' کا مصنف رام لعل ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''سفر وسیلہ ظفر'' کس نے تخلیق کیا تھا؟
جواب: ریحانہ عبداللہ۔
سوال ۶۷: سفرنامہ ''مسافر کی ڈائری'' کا مصنف خواجہ احمد عباس ہے آپ بتایئے کہ سفرنامہ ''آئس لینڈ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: جمیل الدین عالی۔
سوال ۶۸: ڈاکٹر عبادت بریلوی نے کس نام سے سفرنامہ لکھا تھا؟
جواب: ''سفرنامہ یورپ'' کے نام سے۔
سوال ۶۹: اردو کا پہلا سفرنامہ ''عجائبات فرنگ'' پہلی بار ۱۸۴۷ء میں دہلی سے شائع ہوا تھا آپ بتایئے دوسرا ایڈیشن یوسف خان کمبل پوش نے کب اور کہاں سے طبع کیا تھا؟
جواب: یہ لکھنؤ سے ۱۸۷۳ء میں طبع ہوا تھا۔
سوال ۷۰: یوسف خان کمبل پوش حیدرآبادی کا یہ سفرنامہ پہلی بار کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''تاریخ یوسفی'' کے نام سے۔
سوال ۷۱: منشی نولکشور نے ۱۸۷۳ء میں اس سفرنامے کا نام ''تاریخ یوسفی'' سے تبدیل کر کے ''عجائبات فرنگ'' کر دیا آپ بتایئے سفرنامے کے مصنف کے نام میں کونسا لفظ حذف کر دیا گیا؟
جواب: ''یوسف خان کمبل پوش حیدرآبادی میں سے حیدرآبادی کا لفظ حذف کر دیا گیا تھا۔
سوال ۷۲: ''سفرنامہ کشمیر'' کا خالق محمد دین فوق ہے آپ بتایئے ''سفر حجاز'' کا خالق کون ہے؟
جواب: عبدالماجد دریاآبادی۔
سوال ۷۳: ''سفرنامہ حجاز و مصر و شام'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال ۷۴: سفرنامہ ''دیارِ عرب میں چند روز'' کا مصنف مسعود عالم ندوی ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''ارض القرآن'' کا خالق کون ہے؟
جواب: محمد عاصم۔
سوال ۷۵: حافظ لدھیانوی نے ''جمال حرمین'' کے نام سے سفرنامہ لکھا تھا آپ بتایئے کہ شورش کاشمیری نے کس نام سے سفرنامہ لکھا تھا؟
جواب: ''شب جائے کہ من بودم'' کے نام سے۔

سوال ۷۶: ''آئینہ حجاز'' کے نام سے رفیع محمد شریف نے سفرنامہ لکھا تھا آپ بتایئے سفرنامہ ''ارض تمنا'' کا خالق کون ہے؟
جواب: غلام الثقلین نقوی۔
سوال ۷۷: سفرنامہ ''حدیث دل'' کا مصنف عبداللہ ملک ہے آپ بتایئے ''مسافر حرم'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: کرنل غلام سرور؟
سوال ۷۸: ''بدر سے کوفے تک'' سفرنامہ مرتضیٰ حسین سید کا ہے آپ بتایئے صہبا لکھنوی نے کس نام سے سفرنامہ لکھا تھا؟
جواب: ''میرے خوابوں کی سرزمین'' کے نام سے۔
سوال ۷۹: سفرنامہ ''زہے روانی عمرے'' کا خالق نظیر صدیقی ہے آپ بتایئے ''سفر ہم سفر'' کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: راغب شکیب کا۔
سوال ۸۰: سفرنامے ''شاہراہِ ریشم'' اور ''ہند یاترا'' ممتاز مفتی کے تخلیق کردہ ہیں آپ بتایئے ''پاکستان یاترا'' کس ادیب کا سفرنامہ ہے؟
جواب: جوگندر پال کا۔
سوال ۸۱: ''سواتی مہم'' اور ''کاغانی مہم'' محمد خالد اختر کے سفرنامے ہیں آپ بتایئے ''دریائے سوات'' کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: اکرام اللہ۔
سوال ۸۲: سفرنامہ ''تیری وادی وادی گھوموں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ظہیر قریشی۔
سوال ۸۳: محمد طفیل کی وہ کونسی تصنیف ہے جس میں لاہور سے شاہ عبداللطیف بھٹائی کے مزار تک کے سفر کا احوال سفرنامے کی صورت میں پیش کیا گیا ہے؟
جواب: خاکوں کے مجموعے ''محترم'' میں۔
سوال ۸۴: سفرنامہ ''آنکھوں نے جو دیکھا'' کا مصنف فاروق عادل ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''برساتی'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: شفیق الرحمٰن۔
سوال ۸۵: ''لندن سے آداب عرض'' اور ''دیس سے باہر'' سفرنامے آغا محمد اشرف کے ہیں آپ بتایئے ''جہانِ دیگر'' کس ادیب کا سفرنامہ ہے؟
جواب: قرۃ العین حیدر کا۔
سوال ۸۶: سفرنامے ''عرش منور'' اور ''چنگوہ پاچستان'' کا مصنف اشفاق احمد ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''مسافتیں'' کس مزاح نگار کا ہے؟
جواب: عطاء الحق قاسمی کا۔

سوال ۸۷: ''سفر آشوب'' اور ''زمان ومکان اور بھی ہیں'' محمد حمزہ کے سفرنامے ہیں آپ بتایئے نعیم صدیقی نے کونسا مشہور سفرنامہ لکھا تھا؟

جواب: سفرنامہ ''خدا کی شان دیکھ آئے'' کے نام سے۔

سوال ۸۸: سفرنامہ ''مانوس اجنبی'' کا مصنف منظور الٰہی ہے آپ بتایئے ''مقام خلافت'' کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب: شیخ عبدالقادر کا۔

سوال ۸۹: سفرنامہ ''سیر یورپ'' کی مصنفہ نازلی رفیعہ سلطانہ بیگم ہے آپ بتایئے ''سیر افغانستان'' سفرنامہ ۱۹۳۳ء میں کس نے لکھا تھا؟

جواب: سید سلیمان ندوی نے لکھا تھا جس میں انھوں نے اقبال اور سر راس مسعود کے ساتھ افغانستان کے تعلیمی اغراض ومقاصد کے لیے سفر کیا تھا۔

سوال ۹۰: سفرنامہ ''۱۹۰۷ء کا جاپان'' کا خالق ڈاکٹر محمد حسن ہے آپ بتایئے ''نقش فرنگ'' کے نام سے کس نے سفرنامہ لکھا تھا؟

جواب: قاضی عبدالغفار نے۔

سوال ۹۱: حسرت موہانی کی اہلیہ بیگم حسرت نے ۱۹۳۷ء میں کس نام سے سفرنامہ لکھا؟

جواب: ''سفرنامہ عراق'' کے نام سے۔

سوال ۹۲: سفرنامہ ''دیکھ لیا ایران'' کا مصنف افضل حسین علوی ہے آپ بتایئے کہ ''سفرنامہ لنکا'' کا خالق کون ہے؟

جواب: اختر امان۔

سوال ۹۳: ''وہ قربتیں سی وہ فاصلے سے'' مرزا ظفر الحسن کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''زیتون کے سائے'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: جلال الدین صدیقی۔

سوال ۹۴: سفرنامہ ''چند روز فرانس میں'' ڈاکٹر محمد اجمل کا مشہور سفرنامہ ہے آپ بتایئے ''اے بنی اسرائیل'' کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب: قدرت اللہ شہاب کا۔

سوال ۹۵: ''اٹھ باندھ کمر'' اور ''لندن کہ ایک شہر ہے'' سفرناموں کا خالق کون ہے؟

جواب: حسین شاہد۔

سوال ۹۶: سفرنامہ ''گرد راہ'' کا مصنف پرتو روہیلہ ہے آپ بتایئے کہ سفرنامہ ''صرف چھ گھنٹے'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مسعود اشعر۔

سوال ۹۷: ''ایک برس جرمنی میں'' محمد کاظم کا سفرنامہ ہے آپ بتایئے کہ سید احتشام حسین نے کس نام سے سفرنامہ لکھا تھا؟

جواب: ''ساحل اور سمندر'' کے نام سے۔

سوال ۹۸: ڈاکٹر وزیر آغا نے ''ایک طویل ملاقات'' کے نام سے سفرنامہ لکھا تھا آپ بتایئے کہ ڈاکٹر عبادت بریلوی نے کس نام سے سفرنامہ لکھا تھا؟

جواب: سفرنامہ ''ارض پاک سے دیار فرنگ تک'' کے نام سے۔

سوال ۹۹: ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے سفرنامہ ''دیدو بازدید'' کے نام سے لکھا تھا آپ بتایئے سفرنامہ ''خواب خواب سفر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: رام لعل۔

سوال ۱۰۰: سفرنامہ ''سیر یورپ'' نثار علی بیگ کا ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''خوفناک دنیا'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: محمد علی شاہ سبزواری۔

سوال ۱۰۱: سفرنامہ ''ماہ مغرب'' منصب علی خان میرٹھی نے ۱۸۷۱ء میں لکھا تھا آپ بتایئے ''سفرنامہ حجاز'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: مرزا عرفان علی بیگ۔

سوال ۱۰۲: سفرنامہ ''زائد الزائرین'' کا خالق مرزا قاسم علی لکھنوی ہے آپ بتایئے سفرنامہ ''بلاد اسلامیہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: حافظ عبدالرحمٰن امرتسری۔

سوال ۱۰۳: ''سفرینا'' کا مصنف اشفاق احمد ہے آپ بتایئے کہ ''دائروں میں دائرے'' کس ادیبہ کا سفرنامہ ہے؟

جواب: فردوس حیدر کا۔

سوال ۱۰۴: ''لندن لندن'' قمر علی عباسی کا مشہور سفرنامہ ہے آپ بتایئے کہ ''پرندے'' کس سفرنامہ نگار کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ۔

سوال ۱۰۵: ''اردو ادب میں سفرنامہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر انور سدید۔

سوال ۱۰۶: سفرنامہ ''سفر ہے شرط'' کا مصنف آغا سہیل ہے آپ بتایئے کہ سفرنامہ ''پیار کا پہلا شہر'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ۔

سوال ۱۰۷: ''تمنا بیتاب'' کے نام سے ڈاکٹر رشید امجد کی خودنوشت شائع ہوئی ہے آپ بتایئے کہ ''تمنا بیتاب'' کے نام سے سفرنامہ کس ادیب نے شائع کرایا تھا؟

جواب: محمد سعید شیخ نے۔

سوال ۱۰۸: اردو کا مشہور سفرنامہ ''زمین اور فلک اور'' کا مصنف انتظار حسین ہے آپ یہ بتایئے کہ ''نئے شہر پرانی بستیاں'' کے نام سے سفرنامہ کس نے لکھا؟

جواب: انتظار حسین نے۔

سوال ۱۰۹: سرسید نے کتنے اور کون کونسے سفرنامے لکھے تھے؟

جواب: صرف دو سفرنامے ''مسافران لندن'' اور ''سفرنامہ پنجاب''۔

سوال ۱۱۰: محمد حسین آزاد کے پوتے آغا محمد طاہر نے ۱۸۸۶ء میں محمد حسین آزاد کا کس نام سے سفرنامہ شائع کیا تھا؟

جواب: ''سیر ایران'' کے نام سے۔

سوال ۱۱۱: شبلی نعمانی نے اپنا سفرنامہ ''سفرنامہ روم و مصر و شام'' کے نام سے ۱۸۹۴ میں شائع کروایا تھا۔ آپ بتایئے سفرنامہ ''دہلی اور اس کے اطراف'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مولانا حکیم سید عبدالحئی۔
سوال ۱۱۲: خواجہ حسن نظامی نے ۱۹۱۱ میں ''سفرنامہ مصر و فلسطین و شام و حجاز'' لکھا تھا آپ بتایئے کہ سفرنامہ ''نقش فرنگ'' ۱۹۲۴ میں کس نے لکھا تھا؟
جواب: قاضی عبدالغفار نے۔
سوال ۱۱۳: سری لنکا کا سفرنامہ ''گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ماجد القدر یلدرم۔
سوال ۱۱۴: ''ساحل اور سمندر'' کے نام سے سید احتشام حسین نے سفرنامہ کب لکھا تھا؟
جواب: ۱۹۵۴ میں۔
سوال ۱۱۵: ''اردو سفرناموں کا تنقیدی مطالعہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر خالد محمود۔
سوال ۱۱۶: ''سفرنامہ'' جاپان چلو جاپان چلو'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مجتبیٰ حسین۔
سوال ۱۱۷: ''اردو سفرنامے۔ انیسویں صدی میں'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر قدسیہ قریشی۔
سوال ۱۱۸: ''سفرنامہ کیا ہے؟'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: عطاء الحق قاسمی۔
سوال ۱۱۹: سفرنامہ ''جہانِ دیگر'' قرۃ العین حیدر نے ۱۹۷۰ میں شائع کیا تھا آپ بتایئے کہ ''سفر آشنا'' کے نام سے ۱۹۸۲ میں سفرنامہ کس نے لکھا تھا؟
جواب: گوپی چند نارنگ۔
سوال ۱۲۰: سفرنامہ ''جزیروں کی سرگوشیاں'' بلراج کومل نے ۱۹۸۲ میں لکھا تھا آپ بتایئے کہ ۱۹۸۲ میں ہی رام لال نے کونسا سفرنامہ لکھا تھا؟
جواب: زرد پتوں کی بہار۔
سوال ۱۲۱: ''سفرنامہ یورپ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: اسی نام سے مرزا نثار علی بیگ اور منشی محبوب عالم نے دو الگ الگ سفرنامے لکھے ہیں۔
سوال ۱۲۲: ڈاکٹر عبادت بریلوی نے ''ترکی میں دو سال'' کے نام سے ۱۹۸۴ میں سفرنامہ لکھا تھا آپ بتایئے کہ ''سفرنامہ اسپین و فلسطین'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مولانا وحید الدین سلیم نے ۱۹۹۸ میں لکھا تھا۔
سوال ۱۲۳: سفرنامہ ''ذکر جل پری کا'' ڈنمارک کا مشہور سفرنامہ ہے آپ اس کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: قمر علی عباسی۔

ترجمہ نگاری

سوال ۱: ''شکنتلا'' کالی داس کا ڈرامہ ہے اس کو اردو میں ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: کاظم علی جوان نے۔
سوال ۲: ڈپٹی نذیر احمد نے قانون کی کتابوں کا انگریزی سے اردو میں ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''تعزیرات ہند'' کے نام سے۔
سوال ۳: الطاف حسین حالی کی مشہور نظم ''مناجات بیوہ'' کا کتنی زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے؟
جواب: بارہ زبانوں میں۔
سوال ۴: لارڈ کرزن کی کتاب ''Garden of Persia'' کا اردو ترجمہ ''خیابان فارس'' کے نام سے کس ادیب نے کیا تھا؟
جواب: مولانا ظفر علی خان نے۔
سوال ۵: ''گنج خوبی'' میر امن کی دوسری کتاب ہے بتایئے یہ کس کتاب کا اردو ترجمہ ہے؟
جواب: ''اخلاق محسنی'' کا۔
سوال ۶: دانتے کی مشہور کتاب ''ڈیوائن کامیڈی'' کا اردو ترجمہ مولوی عنایت اللہ دہلوی نے کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''دانتے کا جہنم'' کے نام سے۔
سوال ۷: میر شیر علی افسوس نے شیخ سعدی کی کس کتاب کا ترجمہ ''باغ اردو'' کے نام سے کیا؟
جواب: ''گلستان سعدی'' کا۔
سوال ۸: امجد علی نے بھی ''گلستان سعدی'' کا اردو ترجمہ کیا ہے نام بتایئے؟
جواب: ''گلستان امجد'' کے نام سے۔
سوال ۹: ڈپٹی نذیر احمد نے ''انکم تعزیرات لا'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''قانون محصولات آمدنی'' کے نام سے۔
سوال ۱۰: حیدر بخش حیدری کے علاوہ ''آرائش محفل'' کے نام سے دوسرا ترجمہ اور کس نے کیا تھا؟
جواب: شیر علی افسوس۔
سوال ۱۱: شبلی نعمانی کی مشہور کتاب ''الفاروق'' کا انگریزی میں ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: مولانا ظفر علی خان نے۔
سوال ۱۲: علامہ اقبال کی ''پیام مشرق'' کا انگریزی ترجمہ ۱۹۷۷ میں کس نے کیا تھا؟
جواب: محمد ہادی حسین۔
سوال ۱۳: محمد ہادی حسین نے شبلی نعمانی کی کس کتاب کا ۱۹۷۲ میں انگریزی ترجمہ کیا تھا؟
جواب: ''سیرۃ النعمان'' کا۔

سوال ۱۴: ''گیتان جلی'' کا اردو منظوم ترجمہ عبدالعزیز خالد نے کس نام سے کیا اور یہ کس کی نوبل یافتہ کتاب ہے؟
جواب: ''گل نغمہ'' کے نام سے اور کتاب کا خالق رابندر ناتھ ٹیگور ہے۔
سوال ۱۵: امجد اسلام امجد نے فلسطینی نظموں کا منظوم اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''عکس'' کے نام سے۔
سوال ۱۶: سرسید احمد خان نے کونسی کتاب لکھنے کے لیے عبرانی زبان سیکھی تھی؟
جواب: بائبل کی تفسیر ''تبیین الکلام'' لکھنے کے لیے۔
سوال ۱۷: بھارت میں جو قانون نافذ ہے اس کا اردو میں ترجمہ کس نے اور کس نام سے کیا؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد نے ''تعزیرات ہند'' کے نام سے۔
سوال ۱۸: میر بہادر علی حسینی نے میر حسن کی کس کتاب کا نثری ترجمہ کیا؟
جواب: مثنوی ''سحر البیان'' کا۔
سوال ۱۹: رجب علی بیگ سرور نے ''شمشیر خانی'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا؟
جواب: ''سرور سلطانی'' کے نام سے۔
سوال ۲۰: اردو کا وہ کونسا شاعر ہے جنھوں نے انگریزی نظموں کا منظوم ترجمہ کیا؟
جواب: اسماعیل میرٹھی نے۔
سوال ۲۱: سرسید کی کتاب ''اسباب بغاوت ہند'' کا ترجمہ انگریزی میں کس نے کیا تھا؟
جواب: کرنل گراہم نے کیا تھا۔
سوال ۲۲: رام بابو سکسینہ کی کتاب ''تاریخ ادب اردو'' کا اردو ترجمہ ۱۹۲۹ میں کس نے کیا تھا؟
جواب: مرزا محمد عسکری نے۔
سوال ۲۳: ''قصہ چہار درویش'' کا سلیس اردو ترجمہ کس نے اور کس نام سے کیا؟
جواب: میر امن نے ''باغ و بہار'' کے نام سے۔
سوال ۲۴: ''باغ و بہار'' کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: گارساں دتاسی نے۔
سوال ۲۵: فقیر محمد گویا نے ''انوار سہیلی'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''بستان حکمت'' کے نام سے۔
سوال ۲۶: بہادر علی حسینی نے ''سحر البیان'' کا نثری ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: نثر بے نظیر کے نام سے۔
سوال ۲۷: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم نے امیر خسرو کی سو (۱۰۰) فارسی غزلوں کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''دو گونہ'' کے نام سے۔
سوال ۲۸: صوفی تبسم نے علامہ اقبال کی کتاب ''جاوید نامہ'' کا آزاد اردو ترجمہ ۱۹۷۷ میں کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''سراپردۂ افلاک'' کے نام سے۔

سوال ۲۹: ''روح غالب'' میں صوفی تبسم نے غالب کے کتنے اشعار فارسی اور کتنے اردو اشعار کی شرح کی ہے؟
جواب: ۷۰ اردو اشعار اور ۱۳۰ اشعار فارسی کی شرح کی ہے۔
سوال ۳۰: رجب علی بیگ سرور کی کتاب ''گلزار سرور'' کس فارسی کتاب کا اردو ترجمہ ہے؟
جواب: حدائق العشاق کا۔
سوال ۳۱: رام بابو سکسینہ کی ''تاریخ ادب اردو'' کا انگریزی نام کیا ہے؟
جواب: A History of Urdu Litrature۔
سوال ۳۲: سید احتشام حسین کی ''اردو ادب کی تنقیدی تاریخ'' ان کی کس ہندی زبان کی کتاب کا اردو ترجمہ ہے؟
جواب: ''اردو ساہتیہ کا آلوچناتمک اتہاس'' کا۔
سوال ۳۳: ''اردو ادب کی تنقیدی تاریخ'' کے نام سے ''اردو ساہتیہ کا آلوچناتمک اتہاس'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: چودھری سبط محمد نقوی۔
سوال ۳۴: خوب محمد چشتی نے اپنی اردو مثنوی ''خوب ترنگ'' ۱۵۷۸ کا چودہ سال بعد ۱۵۹۱ میں کس نام سے فارسی زبان میں ترجمہ کیا؟
جواب: ''امواج خوبی'' کے نام سے۔
سوال ۳۵: امیر خسرو کی مثنوی ''ہشت بہشت'' کا منظوم ترجمہ ''جنت سنگار'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟
جواب: ملک خوشنود نے۔
سوال ۳۶: غلام ہمدانی مصحفی نے اپنی ''بحر المحبت'' مثنوی کس مثنوی سے متاثر ہو کر لکھی تھی؟
جواب: میر کی مثنوی ''دریائے عشق'' سے متاثر ہو کر۔
سوال ۳۷: محمد عادل شاہ کی فرمائش پر امیر خسرو کی ''یوسف زلیخا'' اور ''ہشت بہشت'' کو دکنی اردو میں کس نے منتقل کیا؟
جواب: ملک خوشنود نے۔
سوال ۳۸: ''خاور نامہ'' فارسی کی ایک طویل مثنوی ہے جسے ابن حسام نے ۱۴۲۰ میں لکھا تھا آپ بتایئے اسے اردو میں ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: کمال خان رستمی نے۔
سوال ۳۹: میر بہادر علی حسینی نے ''سحر البیان'' کو ۱۸۰۲ میں ''نثر بے نظیر'' کے نام سے نثری ترجمہ کس کی فرمائش پر کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر گلکرسٹ کی۔
سوال ۴۰: فضل علی فضلی نے ''روضۃ الشہداء'' کے خلاصہ کا آزاد ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''کربل کتھا'' یا ''دہ مجلس'' کے نام سے۔
سوال ۴۱: انشاء اللہ خان انشاء کی ''دریائے لطافت'' کا فارسی سے اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی نے ۱۹۳۵ میں ترجمہ کیا۔

سوال ۴۲: انشاء اللہ خان انشاء کا ''روزنامچہ'' جسے ترکی زبان میں لکھا گیا تھا اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر سید نعیم الدین نے۔
سوال ۴۳: انشا کی ''لطائف السعادات'' جو کہ فارسی میں ہے اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر آمنہ خاتون نے۔
سوال ۴۴: کمال خان رستمی کا ''خاور نامہ'' کس کے فارسی ''خاور نامہ'' کا منظور اردو ترجمہ ہے؟
جواب: ابن حسام کے۔
سوال ۴۵: واجد علی شاہ نے رجب علی بیگ سُرور سے توکل بیگ حسینی کی ''شمشیر خانی'' کو جو ''شاہنامہ فردوسی'' کا خلاصہ ہے اسے اردو میں ترجمہ کرنے کے لیے کہا جسے سُرور نے دو مہینے کے اندر پورا کر کے بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا آپ اس کا نام بتایئے؟
جواب: ''سُرور سلطانی'' کے نام سے۔
سوال ۴۶: مہاراجہ بنارس نے رجب علی بیگ سُرور سے ''حدائق العشاق'' کے ترجمہ کی فرمائش کی تھی آپ بتایئے انھوں نے اردو میں ترجمہ کر کے کس نام سے شائع کیا؟
جواب: ''گلزار سُرور'' کے نام سے شائع کیا تھا۔
سوال ۴۷: عبدالغفور نساخ نے فریدالدین عطار کی مشہور زمانہ تصنیف ''پندنامہ'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''چشمۂ فیض'' کے نام سے۔
سوال ۴۸: ''گلزارِ نسیم'' کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: گارساں دتاسی نے۔
سوال ۴۹: سرسید کی مشہور کتاب ''آثار الصنادید'' کا فرانسیسی زبان میں کس نے اور کب ترجمہ کیا تھا؟
جواب: ۱۸۶۱ میں گارساں دتاسی نے۔
سوال ۵۰: ڈپٹی نذیر احمد نے ''انکم ٹیکس ایکٹ'' کا اردو ترجمہ کب کیا تھا؟
جواب: ۶۰-۱۸۵۹ میں۔
سوال ۵۱: ڈپٹی نذیر احمد نے ''تعزیرات ہند'' کے ترجمہ تصحیح کا کام کب کیا؟
جواب: ۶۱-۱۸۶۰ میں۔
سوال ۵۲: ''اخلاق جلالی'' کا اردو ترجمہ ''جامع الاخلاق'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟
جواب: امانت علی شیدا نے۔
سوال ۵۳: ''بوستان خیال'' کا پہلا مترجم کون ہے؟
جواب: خواجہ بدرالدین خان معروف بہ خواجہ امان۔
سوال ۵۴: ''خدائی فوجدار'' رتن ناتھ سرشار کا آخری آزاد ترجمہ ہے یہ کب شائع ہوا؟
جواب: ۱۸۹۳ میں۔
سوال ۵۵: ڈاکٹر جاوید اقبال کی مشہور کتاب ''زندہ رُود'' کا فارسی زبان میں کس نے ترجمہ کیا ہے؟
جواب: ڈاکٹر شاہین دخت صفیاری۔

سوال ۵۶: ''مسدس حالی'' کا سندھی میں ترجمہ کس نے کیا؟
جواب: اللہ بخش ابوجھو نے ''مسدس ابوجھو'' کے نام سے۔
سوال ۵۷: ''رباعیات عمر خیام'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر نے۔
سوال ۵۸: ہائیکو کا تعارف براہ راست ہوا یا ترجمہ کی مدد سے؟
جواب: انگریزی ترجمہ کی مدد سے۔
سوال ۵۹: ''جاوید نامہ''، ''بال جبریل'' اور ''پیام مشرق'' کا جرمن زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: این مری شمل۔
سوال ۶۰: ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' اصلاً انگریزی زبان میں ہے اس کا انگریزی نام یہ ہے The Reconstruction of Religious thought in Islam اس کتاب کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: سید نذیر نیازی نے۔
سوال ۶۱: ''میٹا فزکس آف ایران'' کا ترجمہ کس عنوان سے ہوا؟
جواب: ''فلسفۂ عجم'' کے نام سے۔
سوال ۶۲: اقبال کی ''اسرار و رموز'' کا عربی ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر عبدالوہاب نے۔
سوال ۶۳: ''اسرار خودی'' کا سندھی ترجمہ ''لطف اللہ بدوی'' نے کیا تھا آپ بتایئے ڈاکٹر نکلسن نے اس کا انگریزی ترجمہ ۱۹۲۰ میں کس نام سے کیا تھا؟
جواب: ''The Secret of the Self'' کے نام سے۔
سوال ۶۴: قرآن پاک کا پہلا ٹھیٹھ اردو میں استوار اور بامحاورہ ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد نے۔
سوال ۶۵: ''چاند کے چار رنگ'' یہ کتاب بارہویں صدی کے ایک جاپانی شاعر کی نظموں کا اردو ترجمہ ہے آپ ترجمہ نگار کا نام بتایئے؟
جواب: رئیس علوی۔
سوال ۶۶: بنگالی شاعر قاضی نذرالاسلام کی نظموں کا اردو ترجمہ کس شاعر نے کیا ہے؟
جواب: اختر حسین رائے پوری نے۔
سوال ۶۷: علی سردار جعفری کی شاعری کی کس کتاب کا ۱۲ زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟
جواب: ''نئی دنیا کو سلام'' کا۔
سوال ۶۸: قرارداد پاکستان کا فی البدیہہ اردو میں ترجمہ کس مشہور شاعر نے کیا تھا؟
جواب: مولانا ظفر علی خان نے۔
سوال ۶۹: عبداللہ حسین کے مشہور ناول ''اداس نسلیں'' کا انگریزی ترجمہ کس نام سے کیا گیا تھا؟
جواب: ''The Weary Generation'' کے نام سے۔

سوال ۷۰: شیفتہ کے تذکرے "گلشن بے خار" کا اردو ترجمہ "گلشن بے خزاں" کے نام سے ۱۸۳۵ میں کس نے کیا؟
جواب: غلام قطب الدین باطن نے۔
سوال ۷۱: فیلن اور مولوی کریم الدین کا تذکرہ "طبقات الشعرائے ہند" گارساں دتاسی کی کس کتاب کا ترجمہ ہے؟
جواب: "تاریخ ادب ہندوی و ہندوستانی" کا۔
سوال ۷۲: ملا احمد راہی نے ۱۸۸۰ میں میر حسن کی کس مثنوی کا پشتو زبان میں منظوم ترجمہ کیا تھا؟
جواب: مثنوی "سحر البیان" کا۔
سوال ۷۳: شاہ حسین ذوقی نے ابوالحسن تانا شاہ کی "سب رس" کا منظوم ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟
جواب: "وصال العاشقین" کے نام سے۔
سوال ۷۴: سندھی زبان کے اولین ناول "زینت" جسے مرزا قلیچ بیگ نے ۱۸۹۰ میں لکھا تھا آپ بتایئے اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے؟
جواب: امداد حسین نے اکادمی ادبیات اسلام آباد سے شائع کیا تھا۔
سوال ۷۵: اردو کی مشہور شاعرہ کشور ناہید نے مغربی ناقدین، شعراء، دانشوروں اور مفکرین کے مقالات کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا ہے؟
جواب: "باقی ماندہ خواب" کے نام سے۔
سوال ۷۶: سیمون ڈی بوار کی مشہور عالمی کتاب "سیکنڈ سیکس" کا اردو ترجمہ کشور ناہید نے کس نام سے کیا ہے؟
جواب: "عورت ایک نفسیاتی مطالعہ" کے نام سے۔
سوال ۷۷: فلسطینی مجاہدہ لیلیٰ خالد کی آپ بیتی کا ترجمہ اردو کی کس شاعرہ نے اور کس نام سے کیا تھا؟
جواب: کشور ناہید نے "میرے لوگ زندہ رہیں گے" کے نام سے۔
سوال ۷۸: ۱۹۷۱ میں سوئٹزر لینڈ کی ایک خاتون نے ناول "امراؤ جان ادا" کا جرمن زبان میں ترجمہ کر کے سوئٹزر لینڈ سے شائع کرایا تھا آپ خاتون کا نام بتایئے جبکہ اس سے قبل یونیسکو کی طرف سے اس ناول کا انگریزی ترجمہ بھی ہو چکا ہے؟
جواب: "ارسلا روتن" نے جرمن زبان میں ترجمہ کیا تھا۔
سوال ۷۹: ناول "امراؤ جان ادا" کا انگریزی زبان میں ترجمہ کس نے اور کس نام سے کیا؟
جواب: خشونت سنگھ نے "Umrao Jan Ada Courtesan of Luknow" کے نام سے۔
سوال ۸۰: "اسباب بغاوت ہند" کا انگریزی ترجمہ کن لوگوں نے کیا تھا؟
جواب: "سرآ کلینڈ کالون" اور "جی ایف گراہم" نے۔
سوال ۸۱: گل بکاؤلی کے قصہ کو ۱۸۰۳ میں فورٹ ولیم کالج کے لیے نہال چند لاہوری نے اسے فارسی سے اردو نثر میں ترجمہ کر کے کس نام سے لکھا تھا؟
جواب: "مذہب عشق" کے نام سے۔
سوال ۸۲: سرسید کے رسالے "تہذیب الاخلاق" کا انگریزی نام کیا ہے؟
جواب: "دی محمڈن سوشل ریفارمر"۔

سوال ۸۳: حیدر بخش حیدری نے ۱۸۱۲ میں ملا حسین واعظ کاشفی کی "دختر شہداء" کا اردو ترجمہ کیا تھا "گل مغفرت" کے نام سے۔ آپ بتایئے "گل مغفرت" کا ۱۸۴۵ میں کس زبان میں ترجمہ ہوا تھا؟
جواب: فرانسیسی زبان میں۔
سوال ۸۴: شاہ حسین ضیا کے فارسی زبان میں "قصہ حسن دمشق" کے قلمی نسخے سے منشی سجاد حسین انجم کسمنڈوی نے کس نام سے اردو ترجمہ کیا تھا؟
جواب: ناول "نشتر" کے نام سے کیا تھا۔
سوال ۸۵: قرۃ العین حیدر نے "نشتر" کا انگریزی زبان میں ترجمہ کس نام سے کیا؟
جواب: "Nauchgirl" کے نام سے۔
سوال ۸۶: "انجمن پنجاب" کا پورا نام "انجمن اشاعت مطالب مفیدہ پنجاب" آپ اس کا انگریزی نام بتایئے؟
جواب: "Society for the Diff... on of useful Knowledge in the Punjab"۔
سوال ۸۷: ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں "مراۃ العروس"، "بنات النعش" اور "توبۃ النصوح" کے کن زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں؟
جواب: انگریزی، بنگالی، گجراتی، مرہٹی، پنجابی اور کشمیری زبانوں میں۔
سوال ۸۸: سائنسی مضامین کے تراجم کی طرح کس ادیب نے ڈالی تھی؟
جواب: سرسید احمد خان نے۔
سوال ۸۹: ملا حسین واعظ کاشفی کی دو مشہور کتب کے نام بتایئے؟
جواب: "انوار سہیلی" اور "دختر الشہداء"۔
سوال ۹۰: ۱۹۶۹ میں "دیوان غالب" کا پنجابی زبان میں کس ادیب نے ترجمہ کیا تھا؟
جواب: شفیع عقیل نے۔
سوال ۹۱: دیوان غالب کا ترجمہ سندھی زبان میں یوسف شاہین نے اور بلوچی زبان میں محمد صادق آزاد نے کیا تھا آپ بتایئے پشتو زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: بیگم شاہ نے کیا تھا۔
سوال ۹۲: امیر خسرو کی فارسی مثنوی "لیلیٰ مجنوں" کا اردو ترجمہ کس ادیب نے کیا تھا؟
جواب: حیدر بخش حیدری نے "قصہ لیلیٰ مجنوں" کے نام سے۔
سوال ۹۳: سرسید احمد خان نے "کیمیائے سعادت" کا اردو ترجمہ کب کیا تھا؟
جواب: ۱۸۵۳ میں۔
سوال ۹۴: ڈپٹی نذیر احمد نے کس کس زبان سے تراجم اردو زبان میں کیے تھے؟
جواب: دو زبانوں انگریزی اور عربی سے اردو میں ترجمے کیے تھے۔
سوال ۹۵: عربی سے اردو ترجمے کے حوالے سے نذیر احمد کا سب سے بڑا کارنامہ کونسا ہے؟
جواب: ترجمۃ القرآن۔

سوال ۹۶: ۱۸۶۲ میں ڈپٹی نذیر احمد نے ولیم ایڈورڈ ز کی ''سرگزشت غدر'' جو کہ انگریزی زبان میں تھی کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب: ''مصائب غدر'' کے نام سے جو ۱۸۶۳ میں شائع ہوا۔

سوال ۹۷: سید مظفر علی اسیر لکھنوی (جو مصحفی کے شاگرد تھے) نے محقق طوسی کی کتاب ''معیار الاشعار'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟

جواب: ''زر کامل عیار'' کے نام سے۔

سوال ۹۸: ''حدائق البلاغت'' میر شمس الدین فقیر کا اردو ترجمہ کس ادیب نے ۱۸۴۲ میں پہلی بار کیا تھا؟

جواب: امام بخش صہبائی نے۔

سوال ۹۹: نیاز فتح پوری نے ''گیتان جلی'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا تھا؟

جواب: ''عرض نغمہ'' کے نام سے۔

سوال ۱۰۰: ''جاوید نامہ'' علامہ اقبال کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے اس کا منظوم اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: اصغر حسین خان نے۔

سوال ۱۰۱: ''ترجمہ: روایت اور فن'' کا مصنف ڈاکٹر نثار احمد قریشی ہے آپ بتائیے ''اردو زبان میں ترجمے کے مسائل'' کا مرتب کونسا افسانہ نگار ہے؟

جواب: ڈاکٹر اعجاز راہی۔

سوال ۱۰۲: علامہ اقبال کی مشہور کتاب ''اسرار خودی'' کا سندھی ترجمہ شکار پور سندھ کی کس ادبی شخصیت نے کیا تھا؟

جواب: لطف اللہ بدوی نے۔

سوال ۱۰۳: ''اسرار خودی'' اور ''رموز بیخودی'' کو یکجا کر کے ''اسرار و رموز'' کے نام سے شائع کیا گیا تھا آپ بتائیے اس کا عربی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر عبدالوہاب نے۔

سوال ۱۰۴: ''مسدس حالی'' کا پنجابی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: چودھری شہاب الدین نے۔

سوال ۱۰۵: تصوف کے موضوع پر حضرت داتا گنج بخش (علی بن عثمان ہجویری) کی شہرہ آفاق تصنیف ''کشف المحجوب'' کا انگریزی ترجمہ کس نے اور کب کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر آر اے نکلسن نے ۱۹۱۱ میں ترجمہ کر کے شائع کیا تھا۔

سوال ۱۰۶: علامہ اقبال کی مثنوی ''رموز بیخودی''، ''زبور عجم'' اور ''جاوید نامہ'' کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر آر اے نکلسن کے کس شاگرد نے کیا تھا؟

جواب: آرتھر آربری نے۔

سوال ۱۰۷: غلام عباس کے مشہور افسانے ''آنندی'' کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر نے۔

سوال ۱۰۸: ''اسرار و رموز'' کا منظوم اردو ترجمہ ''ترجمان اقبال'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟

جواب: نظیر لدھیانوی نے۔

سوال ۱۰۹: علامہ اقبال کی مشہور کتاب ''جاوید نامہ'' کا منظوم اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: انعام اللہ خان ناصر اور نظیر لدھیانوی نے۔

سوال ۱۱۰: ''دیوان غالب'' کا منظوم پنجابی ترجمہ مع متن کس نے کیا تھا؟

جواب: اسیر عابد نے ۱۹۸۷ میں کیا تھا۔

سوال ۱۱۱: ''جدید فارسی شاعری'' جدید فارسی شعراء کے کلام کے تراجم کا مترجم اردو کا کونسا مشہور شاعر ہے؟

جواب: ن۔م راشد۔

سوال ۱۱۲: علامہ اقبال کی مشہور کتاب ''بال جبریل'' کا منظوم پنجابی ترجمہ ''جبریل اُڈاری'' کے نام سے کس نے کیا ہے؟

جواب: اسیر عابد نے۔

سوال ۱۱۳: ''خطبات اقبال'' کا پنجابی زبان میں ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب: شریف کنجاہی نے۔

سوال ۱۱۴: اردو کے کس مشہور شاعر نے قرآن شریف کا منظوم اردو ترجمہ کیا تھا؟

جواب: سیماب اکبر آبادی نے۔

سوال ۱۱۵: ''مغرب سے نثری تراجم'' اور ''ترجمے کا فن'' کا مصنف ڈاکٹر مرزا حامد بیگ ہے۔ آپ بتائیے کہ ''فن ترجمہ نگاری'' اردو کے کس ادیب مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر خلیق انجم۔

سوال ۱۱۶: ''کروچے کی سرگزشت'' (ترجمہ) ۱۹۷۹ میں شائع ہوئی تھی جس پر پاکستان رائٹرز گلڈ کی طرف سے انعام بھی ملا تھا۔ آپ مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: ڈاکٹر محمد علی صدیقی۔

سوال ۱۱۷: رابندر ناتھ ٹیگور کی آپ بیتی (جو کہ انگریزی میں ہے) کا اردو ترجمہ ''میرا لڑکپن'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟

جواب: شیر محمد اختر نے۔

سوال ۱۱۸: ۱۹۰۲ میں مولانا ظفر علی خان نے ایک رسالہ حیدر آباد دکن سے شائع کیا جس میں انگریزی ادب کے تراجم شائع کیے جاتے تھے۔ آپ رسالے کا نام بتائیے؟

جواب: رسالہ ''افسانہ''۔

سوال ۱۱۹: ''The Stray Reflections'' کے نام سے ۱۹۱۰ میں لکھی گئی علامہ اقبال کی ڈائری کے وہ اوراق ہیں جنھیں جاوید اقبال نے ۱۹۶۱ میں مرتب کر کے شائع کیا تھا۔ آپ بتائیے کہ اقبال کے صد سالہ جشن ولادت پر کس ادیب نے اسے انگریزی سے اردو ترجمہ کر کے شائع کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی۔

تحقیق وتنقید

سوال ۱: مقدمہ نگاری اور دیباچہ نگاری کی صورت میں تنقید کے لیے کونسا ادیب مشہور ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق۔
سوال ۲: ڈاکٹر عبادت بریلوی تنقید کے کس دبستان سے تعلق رکھتے تھے؟
جواب: تاثراتی تنقید کے دبستان سے۔
سوال ۳: زبان کی اصلاح پر ایک کتاب "دستور اردو" کس نے تحریر کی؟
جواب: احسان دانش۔
سوال ۴: ڈاکٹر شوکت سبزواری کی آخری تصنیف کونسی ہے؟
جواب: ''اردو قواعد''۔
سوال ۵: ابتدا میں ہندوی کس خط میں لکھی جاتی تھی؟
جواب: نسخ میں۔
سوال ۶: اردو زبان کے لیے ''ریختہ'' کا نام پہلی مرتبہ کس عہد میں مستعمل ہوا؟
جواب: شہنشاہ اکبر کے عہد میں۔
سوال ۷: کس شہنشاہ نے سب سے پہلے ملکی زبان کے لیے ''اردوئے معلیٰ'' کا نام تجویز کیا؟
جواب: شاہ جہاں نے۔
سوال ۸: باقاعدہ اردو میں تنقید نگاری کی ابتداء کس نے کی؟
جواب: الطاف حسین حالی نے۔
سوال ۹: ڈاکٹر جمیل جالبی کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: مورخ ادب۔
سوال ۱۰: تاریخ ادب اردو سب سے پہلے کس زبان میں لکھی گئی؟
جواب: ''رام بابو سکسینہ'' نے انگریزی میں لکھی جسے مرزا محمد عسکری نے اردو میں ترجمہ کیا۔
سوال ۱۱: اردو نثر کی تاریخ کونسی صدی ہجری سے شروع ہوتی ہے؟
جواب: آٹھویں صدی ہجری سے۔
سوال ۱۲: اردو نثر کے ارتقاء کا اولین مرکز کلکتہ شہر ہے آپ بتایئے اردو نثر کو باقاعدہ فروغ کس ادارے سے ملا؟
جواب: فورٹ ولیم کالج سے۔
سوال ۱۳: ''بہتر نشتر'' کس مشہور شاعر کے مشہور ہیں؟
جواب: میر تقی میر کے۔
سوال ۱۴: تنقید نگاری کی ابتدائی شکل کونسی ہے؟
جواب: تذکرہ نویسی۔

سوال ۱۵: محمد حسین آزاد نے اردو کا پہلا ''واسوخت نگار'' کس شاعر کو قرار دیا ہے؟
جواب: میر تقی میر کو۔
سوال ۱۶: محمد حسین آزاد نے کس ملک کا پیدل سفر کیا تھا؟
جواب: ایران کا۔
سوال ۱۷: محمد حسین آزاد دہلی میں پیدا ہوئے تھے آپ بتایئے ان کا مزار کہاں ہے؟
جواب: کربلا گامے شاہ لاہور میں۔
سوال ۱۸: شبلی نعمانی کی تحریروں کا خاص موضوع کیا تھا؟
جواب: تاریخ و سیرت نگاری۔
سوال ۱۹: پطرس بخاری کو کب پاکستان کی طرف سے اقوام متحدہ بھیجا گیا تھا؟
جواب: ۱۹۵۰ میں۔
سوال ۲۰: ''روح معانی'' کس ادیب کی تقریروں کا مجموعہ ہے؟
جواب: مولانا ظفر علی خان کا۔
سوال ۲۱: کس ادیب کی پہلی کہانی ''چندراوتی'' اختر شیرانی کے رسالے ''رومان'' میں چھپی؟؟
جواب: قدرت اللہ شہاب کی۔
سوال ۲۲: سید سلیمان ندوی کو ان کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں علی گڑھ یونیورسٹی نے ''ڈی لٹ'' کی اعزازی ڈگری کب دی تھی؟
جواب: ۱۹۴۱ میں۔
سوال ۲۳: فطری طرز بیان کی بنیادی اہمیت کا شعوری آغاز کس ادیب کی نثر سے ہوتا ہے؟
جواب: سرسید احمد خان کی نثر سے۔
سوال ۲۴: سرسید کی کتاب ''آثار الصنادید'' کے پہلے ایڈیشن کی تقریظ کس مشہور شاعر نے لکھی تھی؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۲۵: نثر کا اصل کام موجودہ اور معلوم مواد کا بے تکلف ابلاغ ہے۔ آپ بتایئے کہ اردو نثر کو پہلی مرتبہ نثر کے طور پر کس نے پیش کیا؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۲۶: اردو کی مشہور کتاب ''نکات سخن'' کا خالق تو حسرت موہانی ہے آپ بتایئے ''داد سخن'' کس مشہور شاعر کی تنقیدی کتاب ہے؟
جواب: خان آرزو کی۔
سوال ۲۷: اردو کا پہلا باقاعدہ محقق ہونے کا شرف کس ادیب کو حاصل ہے؟
جواب: حافظ محمود شیرانی کو۔
سوال ۲۸: کس نقاد نے اردو تنقید کو پہلی مرتبہ مارکسی نظریات سے روشناس کرایا اور تنقید کو ایک نئی جہت سے آگاہ کیا؟
جواب: اختر حسین رائے پوری نے۔

سوال ۲۹: ترقی پسند تحریک کی تنقید نگاری میں کونسا نقاد شائستگی اور لطافت کا نمائندہ قرار دیا جاتا ہے؟
جواب: مجنوں گورکھپوری۔
سوال ۳۰: اردو ادب کے سب سے پہلے تنقیدی مضامین کس رسالے میں چھپے؟
جواب: سر سید کے رسالے ''تہذیب الاخلاق'' میں۔
سوال ۳۱: اردو شاعری کی ''بوطیقا'' الطاف حسین حالی کی کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ''مقدمہ شعر و شاعری'' کو
سوال ۳۲: شبلی نعمانی کی سب سے اہم تنقیدی کتاب ''شعر العجم'' کی چوتھی جلد ہے آپ بتایئے ''تنقید شعر العجم'' اور ''تنقید آب حیات'' کا خالق کون ہے؟
جواب: حافظ محمود شیرانی۔
سوال ۳۳: ترقی پسند تحریک کے سب سے موقر، معتبر اور معتدل نقاد کون قرار پاتے ہیں؟
جواب: ڈاکٹر عبد العلیم۔
سوال ۳۴: ''ارمغانِ حجاز'' تو اقبال کا آخری اردو شعری مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ ''ارمغان حالی'' کا خالق کون ہے؟
جواب: شیخ محمد اکرام۔
سوال ۳۵: حامد اللہ افسر کی وہ کونسی کتاب ہے جس میں انھوں نے افلاطون سے لے کر اس وقت تک کے تنقیدی نظریات پیش کیے ہیں؟
جواب: ''نقد الادب''۔
سوال ۳۶: ''دیوانِ ذوق'' پر تنقیدی مقدمہ کس نے لکھا تھا؟
جواب: محمد حسین آزاد نے۔
سوال ۳۷: مختلف اخبارات اور رسائل میں چھپنے والے مہدی افادی کے مضامین کو کس عنوان سے شائع کرایا گیا تھا؟
جواب: ''افادات مہدی'' کے نام سے۔
سوال ۳۸: عزیز احمد کے علاوہ اور کس ادیب نے ''ترقی پسند ادب'' کے نام سے کتاب لکھی ہے؟
جواب: علی سردار جعفری نے۔
سوال ۳۹: پاکستان کی کس یونیورسٹی نے جالبی کو ''ڈی لٹ'' کی ڈگری دی اور کس کام پر دی تھی؟
جواب: سندھ یونیورسٹی جامشورو نے ''مثنوی کدم راؤ پدم راؤ'' کی تدوین اور ترتیب پر۔
سوال ۴۰: اردو تنقید میں سب سے پہلے کس ادیب نے ترقی پسند نقطہ نظر پیش کیا؟
جواب: اختر حسین رائے پوری نے۔
سوال ۴۱: اردو کی مشہور کتاب ''میزان'' کس شاعری کی تنقیدی مضامین پر مشتمل کتاب ہے؟
جواب: فیض احمد فیض کی۔
سوال ۴۲: اردو تنقید کی بائبل ''مقدمہ شعر و شاعری'' کو کہا جاتا ہے آپ بتایئے الطاف حسین حالی کو قومی شاعر کس نقاد نے قرار دیا تھا؟
جواب: رام بابو سکسینہ۔

سوال ۴۳: ناسخ اور آتش کا تعلق شاعری کے کس دبستان سے ہے؟
جواب: دبستان لکھنؤ۔
سوال ۴۴: میر تقی میر کا خان آرزو سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: خان آرزو میر تقی میر کے سوتیلے بھائی کے ماموں تھے۔
سوال ۴۵: محمد حسین آزاد لاہور میں ۱۸۶۴ تک مقیم رہے آپ بتایئے کہ ان کے انتقال کے بعد ان کی کتب کس ادارے کو دی گئیں؟
جواب: پنجاب یونیورسٹی لاہور کو۔
سوال ۴۶: پاکستان میں صرف ۳ محققین کو ''ڈی لٹ'' کی ڈگری ملی آپ ان کے نام بتایئے؟
جواب: ۱۔ ڈاکٹر وحید قریشی کو ''میر حسن اور ان کا عہد'' لکھنے پر۔
۲۔ ڈاکٹر جمیل جالبی کو (مثنوی کدم راؤ پدم راؤ) کی تدوین و ترتیب پر۔
۳۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری کو ''اردو شعراء کے تذکرے اور تذکرہ نگاری'' پر۔
سوال ۴۷: ''تنقیدی دبستان'' تو ڈاکٹر سلیم اختر کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ ''مغرب میں نفسیاتی تنقید'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔
سوال ۴۸: اردو کی تنقیدی کتاب ''کاشف الحقائق'' بیک وقت تذکرہ بھی ہے اور شاعری کی بوطیقا بھی آپ مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: امداد امام اثر۔
سوال ۴۹: ''اردو تنقید کا ارتقاء'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی کی۔
سوال ۵۰: ''اصولِ انتقاد ادبیات'' کا خالق سید عابد علی عابد ہے آپ بتایئے کہ ''ترقی پسند ادب''، ''اقبال نئی تشکیل''، ''اقبال اور پاکستانی ادب'' کس کی تنقیدی کتب ہیں؟
جواب: عزیز احمد کی۔
سوال ۵۱: تنقیدی کتاب ''ادب اور زندگی''، ''شعر و غزل''، ''غالب شخصیت اور شاعر''، ''تنقیدی حاشیے'' اور ''نقوش و افکار'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مجنوں گورکھپوری۔
سوال ۵۲: ''انتقادیات'' اور ''مشکلات غالب'' کا خالق نیاز فتح پوری ہے آپ بتایئے کہ تنقیدی کتاب ''نقد الادب'' اور ''نورس'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: حامد اللہ افسر میرٹھی۔
سوال ۵۳: ''ادب اور انقلاب'' اور ''روشن مینار'' کس کی تنقیدی کتب ہیں؟
جواب: اختر حسین رائے پوری۔

سوال ۵۴: ''میر امن سے عبدالحق تک''، ''ولی سے اقبال تک''، ''مقامات اقبال'' اور ''مباحث'' ڈاکٹر سید عبداللہ کی تنقیدی کتب ہیں۔ آپ بتایئے کہ ''سرسید احمد خان اور ان کے نامور رفقاء'' اور ''تفردیر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال ۵۵: ''جدید شاعری'' اور ''روایت کی اہمیت'' کا مصنف ڈاکٹر عبادت بریلوی ہے آپ بتایئے کہ ''برش قلم'' اور ''5=2+2'' کا خالق کون ہے؟

جواب: شمیم احمد۔

سوال ۵۶: ''غالب کون'' اور ''اقبال ایک شاعر'' کا خالق سلیم احمد ہے آپ بتایئے کہ ''نئی نظم اور پورا آدمی'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: سلیم احمد۔

سوال ۵۷: ''تکوین'' اور ''محاکات'' کا مصنف عرش صدیقی ہے آپ بتایئے کہ ''متاع لوح و قلم'' کس مشہور شاعر کی کتاب ہے؟

جواب: فیض احمد فیض کی۔

سوال ۵۸: ''اردو شاعری کا مزاج'' اور ''اردو ادب میں طنز و مزاح'' ڈاکٹر وزیر آغا کی مشہور تنقیدی کتب ہیں آپ بتایئے کہ ''نشانات''، ''اشارے'' اور ''توازن'' کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد علی صدیقی۔

سوال ۵۹: ''پاکستان میں اردو تنقید کے پچاس سال'' اور ''ردِ عمل'' شہزاد منظر کی مشہور تنقیدی کتابیں ہیں آپ بتایئے کہ ''پاکستان میں اردو افسانے کے پچاس سال'' کس ادیب کی تنقیدی کتاب ہے؟

جواب: شہزاد منظر کی۔

سوال ۶۰: ''تنقید کا نیا پس منظر''، ''نئی نظم کے تقاضے'' کا مصنف جیلانی کامران ہے آپ بتایئے کہ ''غالب کی تہذیبی شخصیت'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: جیلانی کامران۔

سوال ۶۱: ''مکالمات''، ''غالب ایک اداکار''، ''غالب پریشان''، ''سعادت حسن منٹو کے مقدمات''، ''سعادت حسن منٹو ایک مطالعہ'' اور ''میراجی ایک بھٹکا ہوا شاعر'' یہ تنقیدی کتب کس نقاد کی ہیں؟

جواب: انیس ناگی کی۔

سوال ۶۲: ''نئے پرانے خیالات''، ''اقبال کا ادبی مقام'' اور ''قدیم نظمیں'' کا مصنف ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا ہے آپ بتایئے ''نظرات'' کس ادیب کی تنقیدی کتاب ہے؟

جواب: وقار احمد رضوی کی۔

سوال ۶۳: ''اردو شاعری کا تاریخی اور سیاسی پس منظر'' تو ڈاکٹر ابوالخیر کشفی کی کتاب ہے آپ بتایئے ''اردو شاعری کا سیاسی اور سماجی پس منظر'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: ''ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار'' کی۔

''جدید ادب کے دو تنقیدی جائزے'' اور ''ہمارے عہد کا ادب اور ادیب'' کا مصنف کون ہے؟

سوال ۶۴: ڈاکٹر ابوالخیر کشفی۔

جواب: ''تاثرات اور تعصبات'' اور ''میرے خیال میں'' نظیر صدیقی کی تنقیدی کتب ہیں۔ آپ بتایئے ''انداز نظر'' اور ''تعصبات'' کس مشہور اقبالیات کے ماہر ادیب کی کتب ہیں؟

سوال ۶۵: پروفیسر فتح محمد ملک کی۔

جواب: ''نئے اور پرانے افسانہ نگار'' اور ''ادب اور سماجی عمل'' ڈاکٹر اے بی اشرف کی مشہور کتابیں ہیں۔

سوال ۶۶: آپ بتایئے کہ ''جستجو'' کس ادیب کی تنقیدی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر تحسین فراقی کی۔

سوال ۶۷: ''اردو کی قومی شاعری'' ڈاکٹر مظفر عباس کی کتاب ہے۔ آپ بتایئے ''تحقیق و تنقید'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: عبدالسلام۔

سوال ۶۸: ''اردو غزل کا خارجی روپ بہروپ'' کا مصنف خواجہ منظور حسین ہے۔ آپ بتایئے کہ تنقیدی کتاب ''استفادہ'' کا خالق کون ہے؟

جواب: متین احمد۔

سوال ۶۹: ''اصول ادبی تحقیق'' ڈاکٹر عطش دُرانی کی تصنیف ہے بتایئے ''اردو میں اصول تحقیق'' کا نقاد کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سلطانہ بخش۔

سوال ۷۰: ''حالی کے مقدمہ شعر و شاعری کا تحقیقی مطالعہ''، ''میر حسن اور ان کا عہد''، ''مطالعہ حالی''، ''شبلی کی حیات معاشقہ''، ''کلاسیکی ادب کا تحقیقی مطالعہ''، ''اقبال اور پاکستانی قومیت'' اور ''نذر غالب'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر وحید قریشی۔

سوال ۷۱: ''دیوان نصرتی'' اور ''دیوان حسن شوقی'' ڈاکٹر جمیل جالبی نے مرتب کیے تھے آپ بتایئے کہ ''اردو کے قدیم الفاظ''، ''ایلیٹ کے مضامین''، ''ارسطو سے ایلیٹ تک''، ''پاکستانی کلچر'' اور ''تنقید اور تجربہ'' کس نقاد کی مشہور کتب ہیں؟

جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی کی۔

سوال ۷۲: ''جائزہ مخطوطات اُردو'' کا خالق مشفق خواجہ ہے آپ بتایئے ''زبان اور اردو زبان''، ''اردو املا و قواعد''، ''تحقیق و تنقید'' اور ''اردو ہندی تنازعہ'' کس مشہور ادیب کی تنقیدی و تحقیقی کتب ہیں؟

جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی۔

سوال ۷۳: ''تحقیقی جائزہ''، ''علمی نقوش'' اور ''فن تحقیق'' کا مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ہے آپ بتایئے کہ ''ادب اور لسانیات'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔

سوال ۷۴: ''تحقیق کی روشنی میں'' اور ''دور حاضر اور اردو غزل گوئی'' کا نقاد ڈاکٹر عندلیب شادانی ہے آپ بتایئے کہ ''اردو تحقیق یونیورسٹیوں میں'' کا مؤلف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن۔

سوال ۷۵: ''تہذیب و تحقیق''، ''تنقیدی اور تحقیقی جائزے'' اور ''دائرہ معارف اقبال'' کا مصنف ڈاکٹر ملک حسن اختر ہے آپ بتائیے کہ ''زبان کا مطالعہ'' اور ''اردو زبان کا ارتقاء'' کس نقاد کی تنقیدی کتب ہیں؟

جواب: خلیل صدیقی۔

سوال ۷۶: ''اردو سندھی کے لسانی روابط'' کا مصنف ڈاکٹر شرف الدین اصلاحی ہے آپ بتائیے ''جدید اردو افسانہ'' کا خالق کون ہے؟

جواب: شہزاد منظر۔

سوال ۷۷: ''افسانہ کا منظر نامہ'' مرزا حامد بیگ کی کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''تحسین و تردید'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: پروفیسر فتح محمد ملک۔

سوال ۷۸: ''اردو زبان کا ارتقاء'' ڈاکٹر شوکت سبزواری کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے کہ اسی نام سے اور کس ادیب نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: خلیل صدیقی نے۔

سوال ۷۹: ''یورپ میں تحقیقی مطالعے'' اور ''یورپ میں اردو'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر آغا افتخار حسین۔

سوال ۸۰: ''اردو افسانہ تحقیق و تنقید'' کا مصنف ڈاکٹر انوار احمد ہے آپ بتائیے کہ ''مطالعہ یلدرم'' اور ''غالب اور انقلاب ستاون'' کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن۔

سوال ۸۱: ''کتابیات اقبال'' اور ''خطوط اقبال'' کا مصنف ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی ہے آپ بتائیے ''اردو کا افسانوی ادب'' اور ''تصورات اقبال'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مولانا صلاح الدین احمد۔

سوال ۸۲: ''ہم سخن فہم ہیں''، ''تحقیق و تنقید منظر نامہ''، ''لمحہ موجود ادب اور ادیب'' اور ''رجحانات'' کس ادیب کی کتب ہیں؟

جواب: ڈاکٹر طاہر تونسوی۔

سوال ۸۳: ''فکرِ اقبال'' اور ''افکارِ غالب'' کا خالق ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم ہے آپ بتائیے کہ ''جدیدیت کی تلاش میں'' کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر وحید قریشی۔

سوال ۸۴: ''معیار'' اور ''تکنیک میں تنوع'' ممتاز شیریں کی تنقیدی کتب ہیں آپ بتائیں کہ ''شاعری کیا ہے'' کس نقاد کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی۔

سوال ۸۵: ''تنقیدی مضامین''، ''انتقاد'' اور ''اصول انتقاد ادبیات'' کس ادیب کی مشہور تنقیدی کتب ہیں؟

جواب: سید عابد علی عابد۔

سوال ۸۶: ''اقبال کی شخصیت اور شاعری'' اور ''ارمغان حالی'' پروفیسر حمید احمد خان کی کتب ہیں آپ بتائیے کہ ''زاویہ نگاہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: شمیم احمد۔

سوال ۸۷: ''فن اور فنکار'' اور ''اقبال شاعر اور فلسفی'' کس شخصیت نے تخلیق کی ہیں؟

جواب: سید وقار عظیم۔

سوال ۸۸: ''انسان اور آدمی'' اور ''ستارہ یا بادبان'' کا نقاد کلیم الدین احمد ہے آپ بتائیے ''بازگشت و بازیافت'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ساقی فاروقی۔

سوال ۸۹: ''تحقیق و تلاش'' اور ''جدید اردو غزل'' ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کی تنقیدی کتابیں ہیں آپ بتائیے ''تحقیق و تنقید'' کا خالق کون ہے؟

جواب: جابر علی سید۔

سوال ۹۰: ''اردو ادب میں احتجاج'' عتیق احمد کی کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''طرفین'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر سہیل احمد۔

سوال ۹۱: پنجاب یونیورسٹی لاہور سے اردو سے متعلق پی ایچ ڈی کی سب سے پہلی ڈگری کس کو اور کس موضوع پر دی گئی تھی اور یہ مقالہ کس زبان میں لکھا گیا؟

جواب: ڈاکٹر محمد صادق کو ''مولانا محمد حسین آزاد کی حیات اور ادبی خدمات'' کے موضوع پر پی ایچ ڈی کی ڈگری دی گئی تھی اور یہ مقالہ انگریزی زبان میں لکھا گیا تھا۔

سوال ۹۲: ''دیوان غالب..... نسخہ حمیدیہ'' کس ادیب نے مرتب کیا تھا؟

جواب: پروفیسر حمید احمد خان۔

سوال ۹۳: پاکستان میں پی ایچ ڈی کی سب سے پہلی ڈگری پانے کا اعزاز کسے حاصل ہے اور انھیں یہ ڈگری پاکستان کی کس یونیورسٹی نے دی تھی؟

جواب: ''ڈاکٹر صابر علی خان کو ان کے تحقیقی کام ''سعادت یار خان رنگین...... حیات و کلام'' پر ۱۹۵۵ میں پنجاب یونیورسٹی لاہور کی طرف سے یہ ڈگری دی گئی تھی''۔

سوال ۹۴: ''دیوان غالب..... نسخہ خواجہ'' ۱۹۹۸ میں کس محقق نے مرتب کیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن۔

سوال ۹۵: فیض احمد فیض نے ایم اے او کالج امرتسر میں لیکچرر شپ کے دوران ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر (پرنسپل ایم اے او کالج امرتسر) کی زیر نگرانی ۱۹۳۹ میں کس موضوع پر پنجاب یونیورسٹی کو مقالہ کا خاکہ اور درخواست پیش کی تھی؟

جواب: جدید اردو شاعری ۱۸۵۷-۱۹۳۹۔

سوال ۹۶: نفسیاتی تنقید کو اردو ادب میں اردو کی کس مشہور شخصیت نے متعارف کرایا؟

جواب: میراجی نے۔

سوال ۹۷: دورِ جدید میں تاثراتی تنقید کے علمبردار اردو کے کونسے ادیب مانے جاتے تھے؟
جواب: نیاز فتح پوری۔
سوال ۹۸: اردو کا وہ کونسا مشہور شاعر ہے جو مرزا رفیع سودا کے شعر کو "حدیث قدسی" کہا کرتا تھا؟
جواب: خان آرزو۔
سوال ۹۹: "ادب، ادیب اور اصناف" کا مصنف محمد امین ہے آپ بتایئے "اسلوبیاتی مطالعے" کا خالق کون ہے؟
جواب: منظر عباس نقوی۔
سوال ۱۰۰: "اردو تنقید کی تاریخ" کے نام سے مسیح الزماں نے کتاب لکھی ہے آپ بتایئے "اردو لسانیات" کس ادیب کی تنقیدی و تحقیقی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر شوکت سبزواری کی۔
سوال ۱۰۱: "تنقیدیں" خورشید الاسلام کی تنقیدی کتاب ہے آپ بتایئے کہ "اردو ناول کی تنقیدی تاریخ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: علی عباس حسینی۔
سوال ۱۰۲: اردو ادب میں معقولیت پسندی کا آغاز کس نے کیا؟
جواب: الطاف حسین حالی نے۔
سوال ۱۰۳: "اردو شاعری پر ایک نظر" اور "اردو تنقید پر ایک نظر" کلیم الدین احمد کی کتب ہیں آپ بتایئے "اردو شاعری پر ایک نظر" ایک اور ادیب کی ہم نام کتاب ہے آپ مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: احسن فاروقی۔
سوال ۱۰۴: "اسلوب"، "اصول انتقاد ادبیات"، "تنقیدی مضامین"، "البیان" اور "البدیع" اردو کے کس تنقید نگار کی تنقیدی کتب ہیں؟
جواب: سید عابد علی عابد۔
سوال ۱۰۵: "ساختیات، پس ساختیات اور مشرقی شعریات" اور "ادبی تنقید اور اسلوبیات" ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کی کتابیں ہیں آپ بتایئے "ادب کا بدلتا منظر نامہ اردو مابعد جدیدیت پر مکالمہ" اور "اسلوبیات میر" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر گوپی چند نارنگ۔
سوال ۱۰۶: مولانا سید سلیمان ندوی کے وقتاً فوقتاً چھپنے والے تنقیدی مضامین اور تبصروں کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: "نقوش سلیمانی" کے نام سے۔
سوال ۱۰۷: پروفیسر رشید احمد صدیقی عبدالرحمٰن بجنوری کو کیا کہتے تھے؟
جواب: اردو کا پہلا نفسیاتی نقاد۔
سوال ۱۰۸: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری کو رومانی نقاد کن مشہور ادیبوں نے قرار دیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ اور ڈاکٹر اسلوب انصاری نے۔

سوال ۱۰۹: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری کی "محاسن کلام غالب" کس مشہور کتاب کا مقدمہ تھا؟
جواب: "دیوان غالب نسخہ حمیدیہ" کا مقدمہ تھا۔
سوال ۱۱۰: اردو میں اظہاریاتی تنقید کے حوالے سے کونسے ادیب مشہور ہیں؟
جواب: مجنوں گورکھپوری اور اختر حسین رائے پوری۔
سوال ۱۱۱: عمرانی تنقید سے کیا مراد ہے؟
جواب: عمرانی تنقید سے یہ مراد ہے کہ ہر تخلیق اپنے سماجی حالات کا عکس ہوتی ہے لہٰذا تخلیقی زمانے کے حالات و واقعات کو سامنے رکھ کر تنقید کی جائے۔
سوال ۱۱۲: تنقید سے کیا مراد ہے تعریف بیان کریں؟
جواب: تنقید عربی کا لفظ ہے جو "نقد" سے ماخوذ ہے جس کے لغوی معنی کھرے اور کھوٹے کو پرکھنا کے ہیں۔ اصطلاح میں اس کا مطلب کسی ادیب یا شاعر کے فن پارے کے حسن و قبح کا احاطہ کرتے ہوئے اس کا مقام و مرتبہ متعین کرنا ہے۔
سوال ۱۱۳: اردو میں عمرانی تنقید کے نامور نقادوں کے نام بتایئے؟
جواب: سید عبداللہ، حسن عسکری، سجاد ظہیر اور مجنوں گورکھپوری۔
سوال ۱۱۴: اردو زبان کے دو نفسیاتی ناقدین کے نام بتایئے؟
جواب: ریاض احمد اور ڈاکٹر احتشام حسین۔
سوال ۱۱۵: اردو میں نفسیاتی تنقید کے بانی میراجی ہیں آپ بتایئے اردو میں امتزاجی تنقید کے علم بردار کون ہیں؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔
سوال ۱۱۶: اردو کے اسلوبیاتی ناقدین کے نام بتایئے؟
جواب: مرزا خلیل بیگ اور ڈاکٹر شمس الرحمٰن فاروقی۔
سوال ۱۱۷: "تیسرے درجے کا مسافر" وارث علوی کا تنقیدی مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ "تنقید کی آزادی" کس مصنف کا تنقیدی مجموعہ ہے؟
جواب: مظفر علی سید کا۔
سوال ۱۱۸: "اصلاح تلفظ و املا" کس مشہور نقاد کی کتاب ہے؟
جواب: رشید حسن خان کی۔
سوال ۱۱۹: "مغرب کے تنقیدی نظریے" جیلانی کامران کی تنقیدی کتاب ہے آپ بتایئے کہ "مغرب کے تنقیدی اصول" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سجاد باقر۔
سوال ۱۲۰: "تحقیق کا فن" ڈاکٹر گیان چند کی مشہور کتاب ہے آپ بتایئے کہ "ادبی تحقیق، مسائل اور تجزیہ" کا مصنف کون ہے؟
جواب: رشید حسن خان۔
سوال ۱۲۱: "اردو میں تنقید" ڈاکٹر احسن فاروقی کی کتاب ہے آپ بتایئے کہ "دید و دریافت" کا خالق کون ہے؟
جواب: نثار احمد فاروقی۔

سوال۱۲۲: ''آبِ حیات کا تنقیدی مطالعہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: سید مسعود حسن رضوی۔
سوال۱۲۳: ''اردو ادب کی تنقیدی تاریخ'' اور ''تنقید اور عملی تنقید'' کا مصنف سید احتشام حسین ہے آپ بتائیے کہ ''ظرافت اور تنقید'' کا خالق کون ہے؟
جواب: احمد جمال پاشا۔
سوال۱۲۴: ''تحقیق کی روشنی میں'' عندلیب شادانی کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''اردو کے ادبی معرکے'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد یعقوب عامر۔
سوال۱۲۵: ''ادب و سماج'' سید احتشام حسین کی تصنیف ہے آپ بتائیے کہ ''ادب اور تنقید'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید شاہ علی۔
سوال۱۲۶: ''ادب اور شعور'' اور ''ادبی مسائل'' کا خالق ممتاز حسین ہے آپ بتائیے کہ ''ادب پارے'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر وحید قریشی۔
سوال۱۲۷: ''ادبی تبصرے'' مولوی عبدالحق کی کتاب ہے آپ بتائیے ''ادب کا تنقیدی مطالعہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلام سندیلوی۔
سوال۱۲۸: ''ادبی تحقیق'' کا مصنف ڈاکٹر جمیل جالبی ہے آپ بتائیے کہ ''اُسلوب'' اردو کے کس نقاد کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: سید عابد علی عابدی۔
سوال۱۲۹: ''مغرب میں نفسیاتی تنقید'' ڈاکٹر سلیم اختر کی مشہور کتاب ہے۔ بتائیے ''شاعری اور تخیل'' کا خالق کون ہے؟
جواب: محمد بادی حسن۔
سوال۱۳۰: ''مشاہدات'' اردو کے کس ادیب کے مضامین پر مشتمل کتاب ہے؟
جواب: انیس ناگی کی۔
سوال۱۳۱: ''تحقیق و تنقید'' کے نام سے ڈاکٹر فرمان فتح پوری اور اختر اورینوی نے کتاب لکھی ہیں آپ بتائیے اسی نام سے اور کس نے کتاب لکھی تھی؟
جواب: ڈاکٹر جابر علی سید اور عبدالسلام نے بھی اسی نام سے کتب لکھی ہیں۔
سوال۱۳۲: مولانا محمد علی جوہر جو کہ ''رئیس الاحرار'' کے لقب سے بھی مشہور ہیں آپ بتائیے کہ وہ (۱۰۔دسمبر ۱۸۷۸ کو رام پور میں پیدا ہوئے اور وفات ۴۔جنوری ۱۹۳۱ کو لندن میں ہوئی) وہ کہاں دفن ہیں؟
جواب: بیت المقدس میں۔
سوال۱۳۳: ''نقوشِ ادب'' کے نام سے فرزانہ سید نے کتاب لکھی ہے آپ بتائیے کہ ''اردو ادب کے شاہکار ناول'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: اقرار حسین شیخ۔

سوال۱۳۴: ''شعریات'' نصیر ترابی کی مشہور کتاب ہے۔ آپ بتائیے کہ ''رشحات'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: سید فرزند احمد صفیر بلگرامی۔
سوال۱۳۵: ''قواعدِ اردو'' کے نام سے ڈاکٹر جان گلکرسٹ اور اسماعیل میرٹھی نے کتب لکھی ہیں آپ بتائیے ''اردو قواعد'' کے نام سے اور کن دو شخصیات نے کتب تصنیف کی ہیں؟
جواب: ڈاکٹر شوکت سبزواری اور نسیم امروہوی نے۔
سوال۱۳۶: ''اردو صرف ونحو'' امام بخش صہبائی کی کتاب ہے آپ بتائیے اسی نام سے دوسری کتاب کس مشہور شخصیت نے تصنیف کی ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق نے۔
سوال۱۳۷: ''اصلاح تلفظ واملا'' کا مصنف طالب الہاشمی ہے آپ بتائیے کہ ''اردو املا'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: رشید حسن خان۔
سوال۱۳۸: ''وضع اصطلاحات'' وحید الدین سلیم پانی پتی کی مشہور کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''چراغِ سخن'' کس شاعر کی کتاب ہے؟
جواب: یاس یگانہ چنگیزی کی۔
سوال۱۳۹: ''جامع القواعد'' کے نام سے کن دو شخصیات نے الگ الگ کتب لکھی ہیں؟
جواب: محمد حسین آزاد اور ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے۔
سوال۱۴۰: ''لسانی و ادبی تحقیق'' ڈاکٹر عطش درانی کی کتاب ہے آپ بتائیے ''زبان اور علم زبان'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: عبدالقادر سروری۔
سوال۱۴۱: ''فرہنگ آصفیہ'' کا خالق مولوی سید احمد دہلوی ہے آپ بتائیے کہ ''فرہنگ تلفظ'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شان الحق حقی۔

☆☆☆

طنز و مزاح

سوال ۱: زیڈ اے بخاری کے مشہور مزاح نگار بھائی کا کیا نام ہے؟
جواب: سید احمد شاہ پطرس بخاری۔
سوال ۲: پطرس بخاری کس زبان کے شاعر تھے؟
جواب: انگریزی اور اردو کے۔
سوال ۳: اردو نثر میں ابن انشاء کا پہلا مزاحیہ مضامین کا مجموعہ کونسا ہے؟
جواب: "خمار گندم"۔
سوال ۴: "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی"، "لاہور کا جغرافیہ"، "میر پور کا پیر" یہ مضامین کس مزاح نگار کے ہیں؟
جواب: پطرس بخاری کے۔
سوال ۵: روز نامہ "جنگ" اور "انجام" اخبارات میں "حاجی بابا" کے قلمی نام سے اردو کے کونسے مشہور شاعر اور ادیب کالم لکھتے تھے؟
جواب: ابن انشاء۔
سوال ۶: "بجنگ آمد"، "بزم آرائیاں" اور "بسلامت روی" کے مصنف کون ہیں؟
جواب: کرنل محمد خان۔
سوال ۷: "چینی کی انگوٹھی" اور "چمکی" کس مزاح نگار کی تصانیف ہیں؟
جواب: مرزا عظیم بیگ چغتائی کی۔
سوال ۸: اردو کا مزاحیہ مضمون "میں ایک میاں ہوں" کس مزاح نگار کا ہے؟
جواب: پطرس بخاری کا۔
سوال ۹: "آخری وصیت"، "پھول والوں کی سیر"، "دادا جان کا پارلیمنٹ میں جانا" اور "نئی اور پرانی تہذیب کی ٹکر" یہ کس مزاح نگار کے مضامین ہیں؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ کے۔
سوال ۱۰: "آزریری نمبر" کا خالق کونسا مزاحیہ شاعر ہے؟
جواب: سید ضمیر جعفری۔
سوال ۱۱: "وزیروں کی نماز" یہ مشہور نظم کس شاعر کی ہے؟
جواب: سید ضمیر جعفری۔
سوال ۱۲: "ایک پیسے کی خاطر" اور "شگفتہ شگفتہ" کس ادیب کی مشہور کتب ہیں؟
جواب: ابراہیم جلیس۔
سوال ۱۳: اردو کی مشہور کتاب "سودائی" کس نے تخلیق کی؟
جواب: عصمت چغتائی نے۔

سوال ۱۴: "مرحوم دیدہ" اور "کیلے کا چھلکا" کس کی مزاحیہ کتب ہیں؟
جواب: چراغ حسن حسرت۔
سوال ۱۵: "پسے اور پھنسے"، "اوپر شیروانی اندر پریشانی" یہ دونوں مزاحیہ کتب کس کی ہیں؟
جواب: ابراہیم جلیس کی۔
سوال ۱۶: اردو کا کونسا مزاح نگار بھارت کی ریاست جودھ پور کا چیف جسٹس تھا؟
جواب: مرزا عظیم بیگ چغتائی۔
سوال ۱۷: "نمک مرچ"، "ہم زلف" کس مزاح نگار کی کتب ہیں؟
جواب: شوکت تھانوی کی۔
سوال ۱۸: مزاحیہ ناول "پہلی بیگم" اور "بہرو پیا" کا خالق کون ہے؟
جواب: شوکت تھانوی۔
سوال ۱۹: کونسے مزاح نگار اور افسانہ نگار کے چھ افسانوں پر فحش نگاری کے الزام میں مقدمے چلے؟
جواب: سعادت حسن منٹو کے۔
سوال ۲۰: مشتاق احمد یوسفی کی کتاب "چراغ تلے" پہلی بار کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۹۶۱ میں۔
سوال ۲۱: "کارنامے تیس مار خان کے" اور "آوارہ گرد کی ڈائری" کا خالق کون ہے؟
جواب: ابن انشاء۔
سوال ۲۲: "قصہ آخری درویش کا"، "داستان امیر حمزہ" اور "مرزا غالب رائل پارک میں" کس مزاح نگار کی تصانیف ہیں؟
جواب: اے حمید کی۔
سوال ۲۳: اردو نثر میں ظرافت اور طنز و مزاح کا دور کب شروع ہوا؟
جواب: ۱۸۷۷ سے "اودھ پنچ" کے اجراء کے بعد شروع ہوا جسے منشی سجاد حسین نے جاری کیا تھا۔
سوال ۲۴: اس مزاح نگار کا نام بتایئے جس نے اقوام متحدہ میں پاکستان کی نمائندگی کی؟
جواب: پطرس بخاری۔
سوال ۲۵: "کرنیں"، "حماقتیں"، "مزید حماقتیں"، "دجلہ"، "شگوفے"، "پرواز"، "دریچے" اور "انسانی تماشا" کس کی مشہور مزاحیہ کتب ہیں؟
جواب: شفیق الرحمٰن کی۔
سوال ۲۶: "لہریں"، "مدوجزر" اور "پچھتاوے" کا خالق کون ہے؟
جواب: شفیق الرحمٰن۔
سوال ۲۷: "اردو ادب میں طنز و مزاح" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا کی۔
سوال ۲۸: "دہلی کی آخری شمع" اور "دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ" کا خالق کون ہے؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔

سوال ۲۹: ''ہاسٹل میں پڑھنا''، ''کتے''، ''میبل اور میں'' کس مزاح نگار کے مزاحیہ مضامین ہیں؟
جواب: پطرس بخاری۔
سوال ۳۰: کس مزاح نگار نے کچھ عرصے ''پروفیسر ڈکنز'' کا قلمی نام اختیار کیے رکھا؟
جواب: پطرس بخاری۔
سوال ۳۱: کس ادیب نے مضمون کی شکل میں محمد حسین آزاد کی کتاب ''اردو کی پہلی کتاب'' کی پیروڈی ''اردو کی آخری کتاب'' کے نام سے کی؟
جواب: پطرس بخاری نے۔
سوال ۳۲: ''ولایتی زعفران'' اور ''سفرنامہ + خسرنامہ'' کس شاعر کی مزاحیہ کتب ہیں؟
جواب: سید ضمیر جعفری کی۔
سوال ۳۳: ''قافلہ جاتا ہے'' اور ''میاں کے اڑیا تلے'' کس مزاح نگار کی تصانیف ہیں؟
جواب: نصر اللہ خان کی۔
سوال ۳۴: ''پربت کی بیٹی''، ''دو ڈاکٹر''، ''مطالبات'' اور ''پنجاب کا جغرافیہ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: چراغ حسن حسرت۔
سوال ۳۵: ''کولمبس'' کے قلمی نام سے کونسا مزاح نگار مضامین لکھتا تھا؟
جواب: چراغ حسن حسرت۔
سوال ۳۶: ''طنزیات و مضحکات'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی۔
سوال ۳۷: ''کالے اور گورے'' کس کی مزاحیہ کتاب ہے؟
جواب: مرزا عظیم بیگ چغتائی۔
سوال ۳۸: ''شامت اعمال'' کس کی مزاحیہ کتاب ہے؟
جواب: ولا اور فگار۔
سوال ۳۹: ''سودیشی ریل'' کس مزاح نگار کی تخلیق ہے؟
جواب: شوکت تھانوی۔
سوال ۴۰: ''خاکم بدہن''، ''زرگزشت'' اور ''آب گم'' کس مزاح نگار کی کتب ہیں؟
جواب: مشتاق احمد یوسفی۔
سوال ۴۱: ''غالب ہمیں بھی چھیڑ''، ''ایمرجنسی وارڈ''، ''انگور کھٹے ہیں'' اور ''منہ شگافیاں'' کس ادیب کی مزاحیہ کتب ہیں؟
جواب: پروفیسر انتظار ساجد۔
سوال ۴۲: ''حکیمی ٹیکسی''، ''گھر کی مرغی''، ''شرارت'' اور ''بیوی کی تلاش'' کس کی مزاحیہ تصانیف ہیں؟
جواب: اثر نعمانی۔
سوال ۴۳: ''دھینگل مین بسم اللہ''، ''دھینگل مین الحمد اللہ'' اور ''دھینگل مین اللہ اللہ'' یہ تینوں مزاحیہ کتب کس کی ہیں؟
جواب: اشفاق حسین۔

سوال ۴۴: ''کرنا فی معاف''، ''بے ادب بامراد'' اور ''ایک سو ایک'' کس کی مزاحیہ کتب ہیں؟
جواب: ...بخاری کی۔
سوال ۴۵: ''کلام نرم و نازک'' کا مصنف تو ڈاکٹر سلیم اختر ہے آپ بتائیے ''مکاتیب خضر'' کس ادیب کی مزاحیہ کتاب ہے؟
جواب: محمد خالد اختر کی۔
سوال ۴۶: ''چیلم کی ڈائری'' کس کی مزاحیہ کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر یونس بٹ۔
سوال ۴۷: ''گزارہ نہیں ہوتا'' کس سفرنامہ نگار کی مشہور مزاحیہ کتاب ہے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال ۴۸: ''غالب جدید شعراء کی ایک مجلس میں'' یہ مضمون کس ادیب نے اپنی کتاب میں لکھا ہے؟
جواب: کنہیا لال کپور نے ''سنگ و خشت'' میں یہ مضمون لکھا تھا اور یہ ۱۹۴۲ میں کتاب شائع ہوئی۔
سوال ۴۹: ''عطارد'' کے قلمی نام سے کونسا مزاحیہ شاعر لکھتا تھا؟
جواب: سید ضمیر جعفری۔
سوال ۵۰: اردو کا پہلا مزاحیہ شاعر کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: جعفر زٹلی کو۔
سوال ۵۱: اردو طنز و مزاح کی روایت میں سنجیدہ مزاح اور ظرافت کی مثال سب سے پہلے کس شاعر میں ملتی ہے؟
جواب: مرزا غالب میں۔
سوال ۵۲: ''دست و گریباں'' کس کی مزاحیہ کتاب ہے؟
جواب: مرزا ریاض۔
سوال ۵۳: مزاحیہ ناول ''نوابی دربار'' سید محمد آزاد نے کب شائع کرایا تھا؟
جواب: ۱۸۷۸ میں۔
سوال ۵۴: ''ہمہ یاراں دشت'' تو محمد کبیر خان کی مزاحیہ کتاب ہے۔ بتائیے ''دخل در معقولات'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ارشد میر۔
سوال ۵۵: مرزا فرحت اللہ بیگ دو سال تک کس ناول نگار سے عربی پڑھتے رہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد سے۔
سوال ۵۶: ''الم نشرح'' کے قلمی نام سے کونسا ادیب مضامین لکھتا تھا؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔
سوال ۵۷: ''غالب کے نئے خطوط'' کس کی مزاحیہ کتاب ہے۔
جواب: ڈاکٹر انور سدید کی۔
سوال ۵۸: منشی سجاد حسین کا رسالہ ہفت روزہ ''اودھ پنچ'' کا پہلا شمارہ کب شائع ہوا؟
جواب: ۱۶ جنوری ۱۸۷۷ میں۔

سوال ۵۹: ''اودھ پنچ'' کا آخری شمارہ کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۹۔ دسمبر ۱۹۱۲ میں۔

سوال ۶۰: ''اودھ پنچ'' دوبارہ کب شائع کیا گیا تھا؟

جواب: ۱۹۱۶ میں۔

سوال ۶۱: ''اودھ پنچ'' پھر سترہ سال کے بعد کب بند کر دیا گیا؟

جواب: ۱۹۳۳ میں۔

سوال ۶۲: مرزا مچھو بیگ ستم ظریف ''اودھ پنچ'' میں کتنے سال تک لکھتے رہے؟

جواب: ۳۳ برس تک۔

سوال ۶۳: اکبر الٰہ آبادی کا اصل نام سید اکبر حسین تھا آپ بتائیے انھیں کون کونسے خطاب ملے تھے؟

جواب: ''خان بہادر'' اور ''لسان العصر'' کے خطابات۔

سوال ۶۴: اکبر الٰہ آبادی کو ''خان بہادر'' کا خطاب ۱۸۹۸ کو ملا آپ بتائیے اکبر کب سیشن جج بنائے گئے تھے؟

جواب: ۱۸۹۴ میں۔

سوال ۶۵: اکبر الٰہ آبادی نے کتنی شادیاں کیں تھیں بیویوں کے نام بھی بتائیے؟

جواب: دو شادیاں کی تھیں، پہلی ''خدیجہ بی بی'' سے ۱۸۷۶ میں شادی کی اور دوسری ''فاطمہ صغریٰ'' سے ۱۸۷۶ میں کی تھی۔

سوال ۶۶: رتن ناتھ سرشار نے ''فسانۂ آزاد'' ''اودھ اخبار'' میں قسط وار کب سے لکھنا شروع کیا؟ جس کی ساری اقساط ظرافت کے تحت شائع ہوئیں؟

جواب: ۱۸۷۸ میں۔

سوال ۶۷: اکبر الٰہ آبادی نے یہ شعر کس موقع پر کہا تھا؟

عشرتی گھر کی محبت کا مزا بھول گئے
کھا کے لندن کی ہوا عہد وفا بھول گئے

جواب: ''اکبر نے اپنے بیٹے سید عشرت حسین کو ۱۹۰۳ میں اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان بھیجا جہاں وہ عیش و عشرت میں مصروف ہو گئے اور وہ تعلیم جو تین سال میں مکمل کرنی تھی، اس میں سات سال لگا دیئے تھے جس پر اکبر نے مندرجہ بالا شعر کہا تھا''۔

سوال ۶۸: اکبر نے سرسید کی وفات پر جو قطعہ کہا وہ کونسا تھا؟

جواب:
ہماری باتیں ہی باتیں ہیں سید کام کرتا ہے
نہ بھولو فرق جو ہے کہنے والے کرنے والے میں
کوئی جو کچھ کہے میں تو یہی کہتا ہوں اے اکبر
خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

سوال ۶۹: مزاحیہ رسالے ''اودھ پنچ'' کے ممتاز لکھنے والے ادیبوں کے نام بتائیے؟

جواب: مرزا مچھو بیگ ستم ظریف، جوالہ پرشاد برق اور نواب سید محمد آزاد۔

سوال ۷۰: ''دیکھا شہر لاہور'' اے حمید کی مزاحیہ تصنیف ہے آپ بتائیے کہ ''نیکی کر تھانے جا''، ''ممنوعہ لٹریچر'' اور ''پبلک سیفٹی ریزر'' کس ادیب کی کتب ہیں؟

جواب: ابراہیم جلیس۔

سوال ۷۱: ''ستارے چھپاتے ہیں''، ''لاحول ولا قوۃ''، ''ستم ظریفی''، ''تماشا کہیں جسے'' اور ''دشنام کے آئینے'' کس کی مزاحیہ تصانیف ہیں؟

جواب: مشکور حسین یاد کی۔

سوال ۷۲: ''حرف و حکایت'' تو چراغ حسن حسرت کی تخلیق ہے آپ بتائیے کہ مزاحیہ کتاب ''چھپائے نہ بنے'' کا خالق کون ہے؟

جواب: نصر اللہ خان۔

سوال ۷۳: ''کالم والم''، ''حبس معمول''، ''شرگوشیاں'' اور ''جرم ضعیفی'' کس مزاح نگار کی مزاحیہ کتب ہیں؟

جواب: عطاء الحق قاسمی۔

سوال ۷۴: ''حفیظ نامہ''، ''ضمیریات'' اور ''ضمیر ظرافت'' کس مشہور مزاحیہ شاعر کی کتابیں ہیں؟

جواب: سید ضمیر جعفری کی۔

سوال ۷۵: ''باعث تحریر آنکہ'' افضل علوی کی مزاحیہ کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''طنز و مزاح'' کا خالق کونسا ادیب ہے؟

جواب: ڈاکٹر طاہر تونسوی۔

سوال ۷۶: ''دروغ برگردن قاری'' کس ادیب کا مجموعۂ طنز و مزاح ہے؟

جواب: محمد طارق طور۔

سوال ۷۷: ''حد مکرر'' طنز و مزاح پر مبنی مجموعہ عطاء الحق قاسمی کا ہے آپ بتائیے ''دوسخن'' کس ادیب کا مزاحیہ مجموعہ ہے؟

جواب: محمد خالد اختر؟

سوال ۷۸: جعفر زٹلی کس زبان کے پہلے مزاحیہ شاعر تھے؟

جواب: اردو زبان کے۔

سوال ۷۹: ''اپنی صورت آپ'' مشکور حسین یاد کا مزاحیہ مجموعہ ہے۔ بتائیے ''قصہ مختصر'' کس کی مزاحیہ کتاب ہے؟

جواب: مظفر بخاری۔

سوال ۸۰: ''بین السطور'' کس ادیب کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب: صبیح الحسن کا۔

سوال ۸۱: ''فارسی شاعری میں طنز و مزاح'' کس مشہور شخصیت کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی۔

سوال ۸۲: شفیق الرحمٰن کی مزاحیہ کتاب ''دریچے'' ۱۹۸۹ء میں شائع ہوئی تھی آپ بتائیے پطرس بخاری کے بارے میں کیا کہا تھا؟

جواب: ''پطرس بخاری پکا مزاح نویس ہے''۔

سوال ۸۳: جسٹس ایم آر کیانی نے اپنی مزاحیہ تصنیف ''افکار پریشاں'' میں کس کی خامیوں پر روشنی ڈالی ہے؟

جواب: حکومت، معاشرے اور عوام کی خامیوں پر شدید طنز کیا گیا ہے۔

سوال ۸۴: ''کشتِ زعفران'' اور ''اردو کی ظریفانہ شاعری'' کا مصنف فرخ علی ہے آپ بتائیے ''غالب کی آبرو'' اور ''جاتیل اسے مار'' کس مزاح نگار کی کتب ہیں؟

جواب: اعتبار ساجد۔

سوال ۸۵: ''مزاح مزے کا''، ''سرجیکل وارڈ'' اور ''منتخب شاہکار شخصی خاکے'' کس مزاح نگار کی کتب ہیں؟

جواب: ضیاء ساجد۔

سوال ۸۶: ''یار سفر'' باقی صدیقی کی مزاحیہ کتاب ہے آپ بتائیے مزاحیہ کتاب ''شیطان'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: شفیق الرحمٰن۔

سوال ۸۷: ''اردو نثر میں مزاح نگاری کا سیاسی و سماجی پس منظر'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر رؤف پاریکھ۔

سوال ۸۸: ''اودھ پنچ'' کے سرنامے پر کونسا شعر لکھا ہوتا تھا؟

جواب:

ابتر ہمارے حملوں سے حالی کا حال ہے
میدان پانی پت کی طرح پائمال ہے

سوال ۸۹: اردو کی مزاحیہ کتاب ''خاکم بدہن'' کا دیباچہ کس نام سے لکھا گیا ہے؟

جواب: ''دست زلیخا'' کے نام سے۔

سوال ۹۰: ''اردو ناول میں طنز و مزاح'' کی مصنف شمع افروز زیدی ہے آپ بتائیے کہ ''طنز و مزاح کا تنقیدی جائزہ'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: خواجہ عبدالغفور کی۔

سوال ۹۱: ''چالیس کروڑ بھکاری'' اور ''نیکی کر تھانے جا'' ابراہیم جلیس کی طنز و مزاح پر مشتمل کتب ہیں آپ بتائیے ''اوپر شیروانی اندر پریشانی'' اور ''الٹی قبر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ابراہیم جلیس۔

سوال ۹۲: ''ظرافت اور تنقید'' کا مصنف احمد جمال پاشا ہے آپ یہ بتائیے کہ ''طنز و مزاح'' کے نام سے ڈاکٹر طاہر تونسوی اور کلیم الدین احمد کے علاوہ کس نے کتاب لکھی تھی؟

جواب: منصور قیصر نے۔

سوال ۹۳: اردو کی مشہور مزاحیہ کتاب ''چراغ تلے'' کا مصنف مشتاق احمد یوسفی ہے آپ بتائیے کہ ''شتر مرغ ریاست'' کس مشہور شخصیت کی کتاب ہے؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ۔

292

سوال ۹۴: ''گدھے ہمارے بھائی ہیں'' مستنصر حسین تارڑ کی مزاحیہ کتاب ہے آپ بتائیے کہ ''ہم گدھے ہمارے بھائی ہیں'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ۔

سوال ۹۵: کرشن چندر کا وہ کونسا ناول ہے جس میں ان کا طنز انتہا کو پہنچا ہوا ہے؟

جواب: ناول ''ایک گدھے کی سرگزشت''۔

سوال ۹۶: غالباً ۱۹۷۰ء کا زمانہ تھا اور دلاور فگار انڈیا سے ہجرت کر کے کراچی آئے تھے، تلاش معاش میں سرگرداں رہے اور اپنی اعلیٰ تعلیمی ڈگریوں کے باوجود مناسب ملازمت پانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ ادھر سماجی اور ادبی حلقوں میں بھی حسب لیاقت وہ مقام نہیں بنا سکے جس کے وہ مستحق تھے۔ انہی دنوں مشہور سیاست دان پیر پگارا کا پالتو لنگور مر گیا۔ اس سانحے کو اخباروں نے بہت اچھالا اور بڑے عرصے تک مرنے والا لنگور اخباروں کی سرخی رہا۔ بہر حال دلاور فگار نے لنگور کی پذیرائی اور اپنی ناقدری کو محسوس کرتے ہوئے ایک شعر کہا تھا آپ وہ شعر سنائیے؟

جواب:

اس ملک میں آئے ہیں تو مشہور ہی ہوتے
ہم پیر پگارا تیرے لنگور ہی ہوتے

☆☆☆

293

رپورتاژ اور انشائیہ نگاری

سوال ۱: بھارت کے ایک نقاد نے اپنی تصنیف "ملا وجہی" میں انھیں اردو انشائیہ کا باوا آدم قرار دیتے ہوئے انھیں مونتین کا ہم پلہ ثابت کیا ہے۔ انھوں نے "سب رس" میں ۶۱ حصوں کی نشان دہی کی ہے جس کی بنا پر انھوں نے لکھا ہے کہ "میں ملا وجہی کو اردو انشائیہ کا باوا آدم اور موجد قرار دیتا ہوں" آپ نقاد کا نام بتایئے؟

جواب: ڈاکٹر جاوید وشسٹ۔

سوال ۲: "شاخِ زیتون" کس ادیب کا انشائی مجموعہ ہے؟

جواب: جمیل آذر کا۔

سوال ۳: اردو میں انشائیوں کی پہلی کتاب کس نے اور کونسی لکھی؟

جواب: "خیالستان" سجاد حیدر یلدرم نے۔

سوال ۴: "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" اور "کراچی سے بصرہ تک" کس کے مشہور انشائیے ہیں؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم کے۔

سوال ۵: "آئینہ بنے ہے پیرہن"، "صاف چھپتے بھی نہیں" اور "کلیرنس سیل" کس ادیب کے انشائیوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: شہزاد قیصر کے۔

سوال ۶: انشائیہ نگاری میں اولیت کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

جواب: سر سید احمد خان کو۔

سوال ۷: سر سید کو انشائیہ کا بانی کس ادیب نے قرار دیا تھا؟

جواب: نرپھے رام جوہر نے۔

سوال ۸: شعوری طور پر سب سے پہلے اردو انشائیہ کی ابتداء کس نے کی؟

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا نے۔

سوال ۹: "خیال پارے" کس کا پہلا انشائی مجموعہ ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا نے ۱۹۶۱ میں شائع کیا۔

سوال ۱۰: ڈاکٹر یونس بٹ کا انشائیوں کا مجموعہ کونسا ہے؟

جواب: چاہ خنداں۔

سوال ۱۱: انشائیہ کے خدوخال "سمندر اگر مرے اندر گرے" اور "دوسرا کنارہ" کس کی کتب ہیں؟

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا کی۔

سوال ۱۲: "اردو کا بہترین انشائی ادب" تو ڈاکٹر وحید قریشی کی کتاب ہے۔ آپ بتایئے "اردو میں انشائیہ نگاری" کس کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر بشیر سیفی کی۔

سوال ۱۳: "انشائیہ اردو ادب میں" کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر انور سدید۔

سوال ۱۴: انشائیہ کی ترویج و اشاعت میں کس پرچے نے اہم کردار ادا کیا؟

جواب: "اوراق" نے۔

سوال ۱۵: "انشائیہ سر سید کے عہد میں" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی۔

سوال ۱۶: "ٹوپی" اور "دستار" کس ادیب کے انشائیے ہیں؟

جواب: شیخ محمد اکرام کے۔

سوال ۱۷: "شادی و غم"، "سوگواری" اور "سادگی" کس ناول نگار کے انشائیے ہیں؟

جواب: عبدالحلیم شرر کے۔

سوال ۱۸: "چوری سے یاری تک" کس ادیب کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: ڈاکٹر نذیر احمد۔

سوال ۱۹: انشائیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: فرانسیسی زبان کا۔

سوال ۲۰: وہ کونسا انشائیہ نگار ہے جس کے انشائیوں میں پاکستانی تہذیب و معاشرت کی چھاپ لگی ہوئی ہے؟

جواب: مشکور حسین یاد۔

سوال ۲۱: مشکور حسین یاد کے انشائیوں کے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب: "جوہر اندیشہ"۔

سوال ۲۲: "انشائیہ کی بنیاد" ڈاکٹر سلیم اختر کی کتاب ہے آپ بتایئے "صنف انشائیہ اور اردو انشائیہ" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید محمد حسین۔

سوال ۲۳: "ایک وصیت کی تکمیل" اور "نذیر احمد کی کہانی" کس مشہور خاکہ نگار کے انشائیے ہیں؟

جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ کے۔

سوال ۲۴: "آمنا سامنا"، "مغرب کے انشائیے" اور "سرگوشیاں" کس ادیب کے انشائیوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: سلیم آغا قزلباش کے۔

سوال ۲۵: محمد حسین آزاد کی کتاب "نیرنگ خیال" کے کتنے حصے ہیں؟

جواب: دو حصے۔

سوال ۲۶: نیرنگ خیال کا پہلا حصہ پہلی بار ۱۸۸۰ میں شائع ہوا آپ بتایئے دوسرا حصہ کب چھپا؟

جواب: ۱۹۲۳ میں۔

سوال ۲۷: "نیرنگ خیال" کا پہلا حصہ دوسری بار کب شائع ہوا تھا؟

جواب: ۱۸۸۳ میں۔

سوال ۲۸: اردو کے پہلے رپورتاژ کا کیا نام ہے؟ کرشن چندر نے لکھا

جواب: "پودے" کے نام سے ۱۹۴۷ء میں شائع ہوا تھا۔

سوال ۲۹: محمد حسین آزاد کی "نیرنگ خیال" کونسی نثری صنف میں ہے؟

جواب: یہ انشائیوں کا مجموعہ ہے۔

سوال ۳۰: "نیرنگ خیال" کے انشائیے کس زبان سے ماخوذ ہیں؟

جواب: انگریزی زبان سے۔

سوال ۳۱: ممتاز نقاد ممتاز شیریں نے رپورتاژ کو کیا کہا تھا؟

جواب: ہنگاموں کی پیداوار۔

سوال ۳۲: اردو نثر کا پہلا عظیم انشاء پرداز اور رومانی نثر کا بانی کسے قرار دیا جاتا ہے؟

جواب: محمد حسین آزاد کو۔

سوال ۳۳: رپورتاژ "دلی کی چتا" کا خالق کون ہے؟

جواب: شاہد احمد دہلوی۔

سوال ۳۴: انشائیوں کا مجموعہ "ترنگ" کس نے تخلیق کیا تھا؟

جواب: سید علی اکبر قاصد نے۔

سوال ۳۵: "دو ملک ایک کہانی" کس ادیب کی تخلیق ہے؟

جواب: ابراہیم جلیس۔

سوال ۳۶: "شہرت کی خاطر" کس ادیب کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: نظیر صدیقی کا۔

سوال ۳۷: "یا خدا" کس مشہور شخصیت کا رپورتاژ ہے؟

جواب: قدرت اللہ شہاب کا۔

سوال ۳۸: "ممکنات انشائیہ" اور "بات کی اونچی ذات" کا مصنف مشکور حسین یاد ہیں آپ بتائیے "اردو انشائیہ کے ابتدائی نقوش" کا مصنف کون ہے؟

جواب: لطیف ساحل۔

سوال ۳۹: انشائیوں کے مجموعے "کلیرنس سیل"، "چھپتے بھی نہیں" اور "آئینہ بنے ہے پیرہن" کا خالق شہزاد قیصر ہے آپ بتائیے کہ "ہم ہیں مشتاق" کا خالق کون ہے؟

جواب: مشتاق قمر۔

سوال ۴۰: رپورتاژ "کشمیر اداس ہے" کا خالق کون ہے؟

جواب: محمود ہاشمی۔

سوال ۴۱: رپورتاژ انگریزی لفظ "رپورٹ" کے ہم معنی ہے آپ بتائیے یہ کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: فرانسیسی زبان کا۔

سوال ۴۲: "ق سے قلم" اور "تہذیبی رویے" کس ادیب کے انشائیوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: منیر احمد شیخ۔

سوال ۴۳: "آہٹ"، "معجزہ"، "گھوڑا اور میں" کس کے انشائیے ہیں؟

جواب: شہزاد احمد کے۔

سوال ۴۴: "ہم نفس" مشرقی پاکستان کے متعلق ایک رپورتاژ کس نے لکھا ہے؟

جواب: مسعود مفتی نے۔

سوال ۴۵: "درد دلکشا" اور "سلسلہ روز و شب" کس کے انشائیوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: شیخ منظور الٰہی کے۔

سوال ۴۶: "جزیرے کا سفر" کا مصنف اکبر حمیدی ہے آپ بتائیے کہ "آوارہ خیالی" کس ادیب کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: غلام الثقلین نقوی کا۔

سوال ۴۷: رپورتاژ "چھٹا دریا" کا مصنف فکر تونسوی ہے آپ بتائیے "جب بندھن ٹوٹے" کس کا لکھا ہوا رپورتاژ ہے؟

جواب: تاجور سامری کا۔

سوال ۴۸: "آوازِ دوست" اور "سفر نصیب" کس کی مشہور کتاب ہیں؟

جواب: مختار مسعود۔

سوال ۴۹: "برات عاشقاں" مشرقی پاکستان کا ایک رپورتاژ ہے آپ بتائیے اس کا خالق کون ہے؟

جواب: فارغ بخاری۔

سوال ۵۰: "چہرے"، "مکان بنانا" اور "بچہ پالنا" کس ادیب کے انشائیے ہیں؟

جواب: غلام جیلانی اصغر۔

سوال ۵۱: "الٹی" اور "سریش کا درخت" انشائیوں کا مصنف کون ہے؟

جواب: کامل القادری۔

سوال ۵۲: رپورتاژ "امن کا کاروان" کی مصنف رضیہ سجاد ظہیر ہے آپ بتائیے کہ "خزاں کے پھول" کے نام سے کس نے رپورتاژ لکھا تھا؟

جواب: عادل رشید نے۔

سوال ۵۳: انشائیوں کا مجموعہ "سرگوشیاں" سلیم آغا قزلباش کا تخلیق کردہ ہے۔ آپ بتائیے انشائیہ "ہجرت" کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔

سوال ۵۴: ابراہیم جلیس نے رپورتاژ کے لیے کونسا لفظ استعمال کیا تھا؟

جواب: رپورتاج۔

سوال ۵۵: "ستمبر کا چاند" کے نام سے قرۃ العین حیدر نے رپورتاژ لکھا تھا آپ بتائیے کہ رپورتاژ "اور خدا دیکھتا رہا" کا خالق کون ہے؟

جواب: جمنا داس اختر۔

سوال ۵۶: ''انتظار کا موسم'' صابر لودھی کا انشائیہ ہے آپ بتائیے کہ ''شمع اور دریچے'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد ابن الحسن۔
سوال ۵۷: ''فٹ پاتھ''، ''حقہ پینا''، ''بارھواں کھلاڑی'' کس کے مشہور انشائیے ہیں؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔
سوال ۵۸: ''بمبئی سے بھوپال تک'' کس کا رپورتاژ ہے؟
جواب: عصمت چغتائی کا۔
سوال ۵۹: انشائیوں کا مجموعہ ''دوشیزہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: کامل قادری۔
سوال ۶۰: سجاد ظہیر نے ''یادیں'' کے نام سے رپورتاژ لکھا تھا آپ بتائیے کہ ''صبح ہوتی ہے'' کس کا رپورتاژ ہے؟
جواب: کرشن چندر کا۔
سوال ۶۱: رپورتاژ ''کارواں ہمارا'' اور ''سفر ارض غزل'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: کوثر چاند پوری۔
سوال ۶۲: ''اور انسان مر گیا'' کس کا مشہور رپورتاژ ہے؟
جواب: رامانند ساگر کا۔
سوال ۶۳: ''قوس قزح سے فراز'' رپورتاژ کا مصنف کون ہے؟
جواب: شیخ منظور الٰہی۔
سوال ۶۴: رپورتاژ ''بر سبیل لندن'' محمود نظامی نے تخلیق کیا تھا۔ آپ بتائیے کہ ''الف لیلیٰ کے دیس میں'' کس کا رپورتاژ ہے؟
جواب: ظفر پیامی۔
سوال ۶۵: رپورتاژ ''سرخ زمین اور پانچ ستارے'' کا خالق کون ہے؟
جواب: خواجہ احمد عباس۔
سوال ۶۶: ''پھول والوں کی سیر'' فرحت اللہ بیگ کا رپورتاژ ہے آپ بتائیے کہ یہ کس نے کہا تھا کہ رپورتاژ ہنگاموں کی پیداوار ہے؟
جواب: ممتاز شیریں نے۔
سوال ۶۷: رپورتاژ ''شہر'' تقسیم ہند سے متعلق ہے آپ مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: ابراہیم جلیس۔
سوال ۶۸: ''لندن لیٹر'' کے نام سے کس ادیب نے رپورتاژ لکھا تھا؟
جواب: قرۃ العین حیدر نے۔
سوال ۶۹: انشائیوں کا مجموعہ ''رت کے مہمان'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: جمیل آذر۔

سوال ۷۰: ''جزیرے کا سفر'' اور ''تتلی کے تعاقب میں'' کا مصنف اکبر حمیدی ہے آپ بتائیے کہ ''سوچ زاویے'' کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟
جواب: رشید احمد گوریجہ۔
سوال ۷۱: ''ذکر اس پری وش کا'' اور ''آسمان میں پتنگیں'' ڈاکٹر انور سدید کے انشائیوں کے مجموعے ہیں آپ بتائیے کہ انشائیوں کا مجموعہ ''آم کے آم'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: رام لال نابھوی۔
سوال ۷۲: ڈاکٹر وزیر آغا کے انشائیوں کی کلیات کس نام سے شائع ہوئی تھی؟
جواب: ''پگڈنڈی سے روڈ رولر تک''۔
سوال ۷۳: ڈاکٹر وزیر آغا کے اب تک کتنے انشائیوں کے مجموعے شائع ہو چکے ہیں؟
جواب: چار مجموعے۔
سوال ۷۴: رپورتاژ ''سینڈ ہرسٹ روڈ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: سجاد ظہیر۔
سوال ۷۵: ''کوہ دماوند'' کے نام سے کس ادیب نے رپورتاژ لکھا تھا؟
جواب: قرۃ العین حیدر نے۔
سوال ۷۶: رپورتاژ ''شہر'' کا مصنف ابراہیم جلیس ہے آپ بتائیے کہ ''لاہور سے بہرام گلہ تک'' کے نام سے رپورتاژ کس نے لکھا ہے؟
جواب: کرشن چندر نے۔
سوال ۷۷: انشائیہ اور مضمون میں کیا فرق ہے؟
جواب: ''انشائیہ اچانک شروع ہو کر اچانک ہی ختم ہو جاتا ہے لیکن مضمون میں ایسا نہیں ہوتا بلکہ مضمون میں تمہید، دلائل اور نتائج شامل کیے جاتے ہیں۔ انشائیہ میں بات سے بات نکالی جاتی ہے جبکہ مضمون میں لکھنے والے کی ساری توجہ موضوع پر ہوتی ہے اور وہ موضوع سے نہیں ہٹتا''۔
سوال ۷۸: ڈاکٹر وزیر آغا کے اب تک چار انشائیوں کے مجموعے شائع ہو چکے ہیں آپ ان کے نام اور تاریخ اشاعت بتائیے؟
جواب: پہلا ''خیال پارے'' (۱۹۶۱ میں) دوسرا ''چوری سے یاری تک'' (۱۹۶۶ میں) تیسرا ''دوسرا کنارہ'' (۱۹۸۲ میں) چوتھا ''سمندر اگر میرے اندر گرے'' (۱۹۸۹ میں)۔
سوال ۷۹: رپورتاژ ''دکن سا نہیں ٹھار سنسار میں'' کی خالق کونسی ادیبہ ہے؟
جواب: قرۃ العین حیدر۔
سوال ۸۰: ''ماں۔ آٹھ مہینے بعد دلی'' کس مشہور ادیب کا رپورتاژ ہے؟
جواب: شاہد احمد دہلوی کا۔
سوال ۸۱: ''جیل کے دن جیل کی راتیں'' اور ''سپید اور سرخ ستارے کے درمیان'' کس ادیب کے رپورتاژ ہیں؟
جواب: ابراہیم جلیس کے۔

سوال ۸۲: رپورتاژ ''پوپھٹے'' کی مصنفہ خدیجہ مستور ہے آپ بتائیے کہ ''خالی ہاتھ'' کے نام سے کس نے رپورتاژ لکھا تھا؟

جواب: عتیق اللہ نے۔

سوال ۸۳: ''اردو میں رپورتاژ کی روایت'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: طلعت گل۔

سوال ۸۴: ''رپورتاژ اور اس کا موضوع'' کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: شمیم احمد۔

سوال ۸۵: ''ترقی پسند تحریک اور رپورتاژ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: عبدالعزیز۔

سوال ۸۶: رپورتاژ ''احساس کی یاترا'' کا خالق کون ہے؟

جواب: رام لعل۔

☆☆☆

تذکرہ نگاری

سوال ۱: ''طبقات الشعراء'' کو ''تذکرہ ہندی'' بھی کہا جاتا ہے اس کا خالق کون ہے؟

جواب: مولوی قدرت اللہ شوق۔

سوال ۲: ''مخزن نکات'' پہلی بار کب شائع ہوا اور اس کا مصنف کون ہے؟

جواب: قیام الدین قائم چاند پوری نے ۱۷۵۷ء میں شائع کرایا۔

سوال ۳: میر کے تذکرہ ''نکات الشعراء'' میں کتنے شعراء کا تذکرہ ہے اور یہ پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۰۰ شعراء کا تذکرہ ہے اور یہ ۱۷۵۲ء میں شائع ہوا۔

سوال ۴: تذکرے ''عقد ثریا'' اور ''ریاض الفصحا'' کا خالق کون ہے؟

جواب: غلام ہمدانی مصحفی۔

سوال ۵: تذکرہ ''گل رعنا'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مولانا عبدالحئی کی۔

سوال ۶: تذکرہ ''گلزار ابراہیم'' کس نے اور کب لکھا تھا؟

جواب: علی ابراہیم خان خلیل نے ۱۷۸۳ء میں لکھا تھا۔

سوال ۷: اردو کا پہلا تذکرہ کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

جواب: میر تقی میر کے تذکرہ ''نکات الشعراء'' کو۔

سوال ۸: ''دہ مجلس'' یا ''کربل کتھا'' کا خالق کون ہے؟

جواب: فضل کریم فضلی۔

سوال ۹: ''معراج العاشقین'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: خواجہ بندہ نواز گیسو دراز۔

سوال ۱۰: خوب چند ذکا نے اپنے استاد شاہ نصیر کی فرمائش پر کونسا تذکرہ لکھا تھا؟

جواب: تذکرہ ''عیار الشعراء''۔

سوال ۱۱: تذکرہ ''اعجاز سخن'' کس کا تحریر کردہ ہے؟

جواب: شیر علی سرخوش کا یہ ۱۹۲۳ء میں لکھا گیا تھا۔

سوال ۱۲: اردو کا پہلا تذکرہ اردو زبان میں کونسا ہے اور کس نے لکھا؟

جواب: تذکرہ ''گلشن ہند'' مرزا علی لطف نے۔

سوال ۱۳: تذکرہ ''ریختہ گویاں'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: فتح علی گردیزی (۱۷۵۲)۔

سوال ۱۴: ''مجموعہ نغز'' تذکرہ کس کی تخلیق ہے؟

جواب: حکیم قدرت اللہ قاسم کی۔

سوال ۱۵: ''طبقات الشعراء ہند'' کا خالق کون ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: مولوی کریم الدین اور فیلن نے ۱۸۴۸ میں شائع کیا تھا۔
سوال ۱۶: ''تذکرہ شعراء اردو'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: میر حسن۔
سوال ۱۷: شیفتہ کے فارسی تذکرہ ''گلشن بے خار'' کا اردو ترجمہ ''گلشنِ بے خزاں'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟
جواب: قطب الدین باطن نے۔
سوال ۱۸: تذکرہ ''بہارستان ناز'' کا خالق کون ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: حکیم فصیح الدین رنج نے ۱۸۶۴ میں شائع کیا تھا۔
سوال ۱۹: تذکرہ ''یورپین شعراء'' کس ادیب کی تالیف ہے؟
جواب: محمد سردار علی کی۔
سوال ۲۰: لچھمی نرائن شفیق نے اپنے تذکرہ ''چمنستان شعراء'' میں کس شاعر کو ''دریدہ دہن و شوخ مزاج'' کہا تھا؟
جواب: جعفر زٹلی کو۔
سوال ۲۱: ''اردو شعراء کے تذکرے اور تذکرہ نگاری'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری۔
سوال ۲۲: تذکرہ ''گلشنِ گفتار'' کا خالق کون ہے؟
جواب: خواجہ حمید اورنگ آبادی۔
سوال ۲۳: ''یادوں کے گلاب'' اے حمید کی کتاب ہے آپ بتائیے ''ملاقاتیں'' کس مشہور افسانہ نگار کا لکھا ہوا تذکرہ ہے؟
جواب: انتظار حسین۔
سوال ۲۴: تذکرہ ''گلشن ہند'' مرزا علی لطف نے لکھا تھا، آپ بتائیے دوسرا تذکرہ اسی نام سے کس نے لکھا ہے؟
جواب: حیدر بخش حیدری نے۔
سوال ۲۵: تذکرہ ''گلزار دانش'' کا مؤلف کون ہے؟
جواب: حیدر بخش حیدری۔
سوال ۲۶: ''مردم دیدہ'' حاکم لاہوری کا ایک تذکرہ ہے، اس کو کس نے ترتیب دیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ نے۔
سوال ۲۷: عبدالغفور نساخ نے کل تین تذکرے لکھے تھے، دو تذکرے اردو شعراء کے یعنی ''قطعہ منتخب'' اور ''سخن شعراء'' ہیں۔ آپ تیسرے فارسی شعراء کے تذکرے کا نام بتائیے؟
جواب: تذکرۃ المعاصرین۔
سوال ۲۸: لسانی اور ادبی تذکرہ ''مشرقی بنگال میں اردو'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: پروفیسر اقبال عظیم۔
سوال ۲۹: تذکرہ ''شعرو سخن'' کس ادیب کی پہلی تخلیق ہے؟
جواب: نیاز علی پرشاد۔

سوال ۳۰: شعراء اردو کا تذکرہ ''آبِ بقا'' کے نام سے کس ادیب نے لکھا تھا؟
جواب: خواجہ عبدالرؤف عشرت نے۔
سوال ۳۱: تذکرہ ''خوش معرکہ زیبا'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ناصر لکھنوی۔
سوال ۳۲: ''اردو شاعری کی سیاسی و فکری روایت'' کا مصنف ڈاکٹر رشید امجد ہے۔ آپ بتائیے ''معین الشعراء'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: غلام معین خان آفاق بنارسی۔
سوال ۳۳: محمد یحییٰ تنہا کی ''سیر المصنفین'' تذکرہ کی نوعیت کیا ہے؟
جواب: یہ نثر نگاروں کی تاریخ ہے۔
سوال ۳۴: محمد یحییٰ تنہا نے تذکرہ ''مراۃ الشعراء'' دو جلدوں پر لکھا ہے۔ اس کی نوعیت بتائیے؟
جواب: یہ شاعروں کی تاریخ ہے۔
سوال ۳۵: ''مراۃ الشعراء'' کی پہلی جلد ۱۹۴۹ میں شائع ہوئی تھی، آپ بتائیے دوسری جلد کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۹۵۰ میں۔
سوال ۳۶: اردو ادب میں متقدمین، متوسطین اور متاخرین کی تقسیم پہلی بار کس نے کی؟
جواب: قائم چاند پوری نے اپنے تذکرہ ''مخزن نکات'' میں۔
سوال ۳۷: میر حسن کے ''تذکرہ شعرائے اردو'' میں کتنے شعراء کے حالات و انتخاب کلام پیش کیے گئے ہیں؟
جواب: ۳۰۴ شعراء کے۔
سوال ۳۸: عبدالغفور نساخ نے قطعہ گو شعراء کا تذکرہ کس نام سے لکھا تھا؟
جواب: ''قطعہ منتخب'' کے نام سے۔
سوال ۳۹: قلندر بخش جرأت کا سب سے پہلے کس تذکرہ میں ذکر آتا ہے؟
جواب: میر حسن کے ''تذکرہ شعرائے اردو'' میں۔
سوال ۴۰: وہ کونسے تذکرہ نگار شاعر ہیں جنھوں نے سب سے پہلے جرأت کے نابینا ہونے کی اطلاع دی؟
جواب: مصحفی نے ''تذکرہ ہندی'' میں۔
سوال ۴۱: ''عقدِ ثریا''، ''تذکرہ ہندی'' اور ''ریاض الفصحا'' یہ تینوں تذکرے فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں، آپ بتائیے ان کے مقدمے کس نے لکھے؟
جواب: مولوی عبدالحق نے۔
سوال ۴۲: غلام ہمدانی مصحفی نے ''عقدِ ثریا'' مرزا قتیل اور ''ریاض الفصحا'' لالہ چنی لال حریف کی تحریک پر لکھے تھے۔ آپ بتائیے کہ ''تذکرہ ہندی'' کس کی تحریک پر لکھا گیا تھا؟
جواب: میر مستحسن خلیق کی تحریک پر۔
سوال ۴۳: مصحفی نے صرف تین تذکرہ لکھے تھے بتائیے کہ انھوں نے اپنی شاعری کے کتنے دیوان تخلیق کیے تھے؟
جواب: صرف دو دیوان۔

سوال ۴۴: تذکرہ "مردم دیدہ" کا حاکم لاہوری نے پہلے نام "تحفۃ المجالس" رکھا تھا کیونکہ اس میں وہ شعراء شامل تھے جن سے حاکم لاہوری کی ملاقاتیں ہوئی تھیں۔ آپ بتایئے کس کی تجویز پر بہ رعایت ایہام اس کا نام "مردم دیدہ" رکھا؟

جواب: میر غلام علی آزاد بلگرامی کی تجویز پر۔

سوال ۴۵: کلب حسین خان نادر نے اپنے "تذکرہ شوکت نادری" میں مصحفی کو کیا کہا ہے؟

جواب: "سید فخر المہاجرین" کہا تھا۔

سوال ۴۶: تذکرہ "سخن شعراء" کے خالق عبدالغفور نساخ پہلے کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟

جواب: عبدالغفور خان نساخ سے پہلے "مجبور" تخلص کرتے تھے۔

سوال ۴۷: تذکرہ "سخن شعراء" نساخ نے کتنے برس کی محنت کے بعد لکھا تھا؟

جواب: ۱۲ برس کی محنت کے بعد۔

سوال ۴۸: کس تذکرہ نگار نے مومن کو "مسیحا نفس"، "حکیم بے نظیر" اور "شاعر بے عدیل" کا خطاب دیا ہے؟

جواب: سعادت خان ناصر نے تذکرہ "خوش معرکہ زیبا" میں۔

سوال ۴۹: شیفتہ کا تذکرہ پہلی بار "گلشن بے خار" کب شائع ہوا تھا؟

جواب: ۱۸۳۷ میں۔

سوال ۵۰: "آب حیات" پنجاب یونیورسٹی کے نصاب میں پہلی بار کب شامل ہوئی؟

جواب: ۱۸۸۳ میں۔

سوال ۵۱: تذکرہ "سراپا سخن" کا خالق سید محسن لکھنوی ہے آپ بتایئے "گلشن سخن" کا خالق کون ہے؟

جواب: مردان علی خان مبتلا۔

سوال ۵۲: "شعراء اردو کے تذکرے اور تذکرہ نگاری کا فن" کس ادیب کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال ۵۳: "دبستان آتش" کے نام سے کس نے کتاب مرتب کی ہے؟

جواب: ڈاکٹر شاہ عبدالسلام۔

سوال ۵۴: "تذکرہ آزردہ" کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: مفتی آزردہ۔

سوال ۵۵: "گلشن ہمیشہ بہار" نصر اللہ خویشگی کی مشہور کتاب ہے۔ بتایئے "انتخاب دواوین" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: امام بخش صہبائی کی۔

سوال ۵۶: تذکرہ "سخن شعراء" کا خالق نورالدین فائق ہے آپ بتایئے کہ "انتخاب زریں" کا خالق کونسا مشہور ادیب ہے؟

جواب: سر راس مسعود۔

سوال ۵۷: "مسرت افزاء" تذکرہ کا خالق امیر اللہ الہ آبادی ہے۔ بتایئے کہ "دستور الفصاحت" کس کا تذکرہ ہے؟

جواب: سید احمد علی یکتا کا۔

سوال ۵۸: "تحفۃ الشعراء" ۱۷۵۲ء میں قاقشال نے تخلیق کیا تھا۔ بتایئے "یادگار روشن" کس کا تذکرہ ہے؟

جواب: شورش عظیم آبادی کا۔

سوال ۵۹: "عجائب القصص" اور "نادرات شاہی" کس کی مشہور کتب ہیں؟

جواب: شاہ عالم ثانی آفتاب کی۔

سوال ۶۰: تذکرہ "روز روشن" کا خالق محمد مظفر حسین صبا ہے۔ بتایئے کہ "کلمات الشعراء" ۱۶۸۲ء میں کس نے لکھی؟

جواب: محمد افضل سرخوش نے۔

سوال ۶۱: تذکرہ "طبقات الشعراء" قدرت اللہ شوق نے تخلیق کیا ہے آپ بتایئے "تذکرہ شوق" کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: عطاء اللہ پالوی۔

سوال ۶۲: "تذکرہ بے جگر" خیراتی لال بے جگر نے لکھا تھا آپ بتایئے "دیوان جہاں" کس کا تذکرہ ہے؟

جواب: بینی نرائن جہاں کا۔

سوال ۶۳: "گلستان سخن" کے نام سے مرزا قادر بخش صابر دہلوی نے تذکرہ لکھا ہے آپ بتایئے "طبقات سخن" کا مصنف کون ہے؟

جواب: مبتلا میرٹھی۔

سوال ۶۴: "تذکرہ غوثیہ" سید غوث علی شاہ نے لکھا تھا آپ بتایئے تذکرہ "خزانہ عامرہ" کس نے لکھا تھا؟

جواب: غلام علی آزاد۔

سوال ۶۵: "ریاض الوفاق" کے نام سے ذوالفقار علی مست نے کتاب لکھی تھی آپ بتایئے "تذکرہ نادری" ۱۸۶۷ میں کس نے لکھا تھا؟

جواب: کلب حسین خان نادر کا۔

سوال ۶۶: "یادگار ضیغم" کے نام سے نواب محمد عبداللہ خان نے تذکرہ لکھا تھا آپ بتایئے "شمیم سخن" کے نام سے کس نے تذکرہ لکھا؟

جواب: صفا بدایونی نے۔

سوال ۶۷: "شعرائے اردو کے تذکرے" کے نام سے ۱۹۷۶ میں حنیف نقوی نے ایک کتاب لکھی تھی۔ آپ بتایئے "شعرائے اردو کے اولین تذکرے" کس کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر انصار اللہ کی۔

سوال ۶۸: "تذکرہ ماہ و سال" اور "تذکرہ معاصرین" کا مصنف کون ہے؟

جواب: مالک رام۔

سوال ۶۹: "دو تذکرے" کے نام سے نثار احمد فاروقی نے ایک کتاب لکھی ہے آپ بتایئے "دو تذکرے" (شورش و عشقی) کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: کلیم الدین احمد نے۔

سوال ۷۰: ''تذکرہ مسرت افزا معاصر'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اسد اللہ ابوالحسن۔
سوال ۷۱: ''نگار خانہ یا مرقع شعراء'' کا مصنف رام بابو سکسینہ ہے آپ بتائیے کہ ''رموز الشعراء'' کا تخلیق کار کون ہے؟
جواب: غلام حسین شورش۔
سوال ۷۲: ''تذکرۃ النساء'' ۱۸۷۵ میں دُرگا پرشاد نادر نے لکھا تھا آپ بتائیے حسرت موہانی کے تذکرے ''تذکرہ شعراء'' کو کس نے مرتب کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر احمد لاری نے۔
سوال ۷۳: امیر مینائی نے ''انتخاب یادگار'' کے نام سے ۱۸۷۳ میں تذکرہ لکھا تھا آپ بتائیے کہ ''تذکرہ شاعرات اردو'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر اکبر حیدر کشمیری۔
سوال ۷۴: ''گلدستۂ نازنیناں'' کے نام سے ۱۸۴۵ میں کس نے تذکرہ لکھا تھا؟
جواب: عبدالکریم نے۔
سوال ۷۵: میر تقی میر نے اپنے تذکرہ ''نکات الشعراء'' میں کس کا ذکر نہیں کیا تھا؟
جواب: اپنی بیٹی کا جبکہ وہ بھی شاعرہ تھی۔
سوال ۷۶: اردو شاعرات کا اولین تذکرہ ''بہارستان ناز'' ہے اس کے مولف حکیم فصیح الدین رنج ہیں۔ یہ پہلی بار ۱۸۶۴ میں طبع ہوا آپ بتائیے یہ دوسری اور تیسری بار کب طبع ہوا تھا؟
جواب: دوسری بار ۱۸۶۹ میں اور آخری بار ۱۸۸۲ میں طبع ہوا تھا۔
سوال ۷۷: تذکرہ ''بہارستان ناز'' کے مولف حکیم فصیح الدین رنج دوسرا کونسا تخلص استعمال کرتے تھے؟
جواب: وہ ''رنج'' تخلص کے علاوہ ''طبیب'' بھی تخلص کرتے تھے؟
سوال ۷۸: حافظ محمود شیرانی نے قدرت اللہ قاسم کا تذکرہ ''مجموعہ نغز'' مرتب کر کے کب شائع کیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۳ میں۔
سوال ۷۹: ''خمخانہ جاوید'' المعروف بہ تذکرہ ہزار داستان کا مصنف کون ہے؟
جواب: لالہ سری رام۔
سوال ۸۰: ''خمخانہ جاوید'' کی پہلی جلد کب اور کس نے مرتب کر کے شائع کی تھی؟
جواب: لالہ سری رام نے ۱۹۰۸ میں پہلی جلد شائع کی۔
سوال ۸۱: ''خمخانہ جاوید'' کی دوسری جلد کب اور کس نے شائع کی تھی؟
جواب: لالہ سری رام نے ۱۹۱۱ میں دوسری جلد شائع کی۔
سوال ۸۲: لالہ سری رام نے ''خمخانہ جاوید'' کی تیسری جلد ۱۹۱۷ میں شائع کی تھی آپ بتائیے جلد چہارم کب شائع کی تھی؟
جواب: ۱۹۲۶ میں۔

سوال ۸۳: ''خمخانہ جاوید'' کی پانچویں جلد لالہ سری رام کے ۱۹۳۰ میں انتقال کے بعد کس مشہور ادیب نے اور کب شائع کی تھی؟
جواب: پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی نے ۱۹۴۰ میں شائع کی۔
سوال ۸۴: ''خمخانہ جاوید'' کی چھٹی اور آخری جلد کب اور کس ادیب نے مکمل کر کے شائع کی ہے؟
جواب: خورشید احمد خان یوسفی نے ۱۹۹۰ میں مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد سے شائع کی تھی۔
سوال ۸۵: ''پنجاب کے قدیم شعراء'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: خورشید احمد خان یوسفی۔
سوال ۸۶: ''نامور مسلم سائنس دان'' کا مرتب پروفیسر حمید عسکری ہے آپ بتائیے کہ ''نامور مغربی سائنسدان'' کا مرتب کون ہے؟
جواب: پروفیسر حمید عسکری۔
سوال ۸۷: ''آب حیات کی حمایت میں اور دوسرے مضامین'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد صادق۔
سوال ۸۸: اردو کا مشہور مضمون ''شیفتہ کی تذکرہ نگاری'' کس ادیب نے لکھا تھا؟
جواب: پروفیسر کرار حسین۔
سوال ۸۹: تذکرہ ''جلوۂ خضر'' کا مصنف سید فرزند احمد بلگرامی ہے آپ یہ بتائیے کہ دوسرا تذکرہ اسی نام سے اور کس ادیب نے لکھا تھا؟
جواب: صفیر بلگرامی نے۔
سوال ۹۰: ''لکھنؤ کے چند نامور شعراء'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید سلیمان حسین۔
سوال ۹۱: اردو کا وہ کونسا مشہور شاعر ہے جن کا انتقال ۲۷ جنوری ۱۷۵۶ کو فیض آباد میں ہوا تھا اور انھیں لکھنؤ میں بطور امانت دفن کیا گیا اور پھر بعد میں ان کی وصیت کے مطابق انھیں دہلی لا کر سپرد خاک کیا گیا تھا؟
جواب: سراج الدین علی خان آرزو۔

☆☆☆

خاکہ نگاری

سوال۱: اردو کے اس مزاح نگار کا نام بتایئے جو کہ خاکہ نویس بھی تھا؟

جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔

سوال۲: ''شیش محل'' خاکوں کا مجموعہ کس نے تحریر کیا؟

جواب: شوکت تھانوی نے۔

سوال۳: ''نذیر احمد کی کہانی کچھ اُن کی کچھ اپنی زبان'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔

سوال۴: ''پکچر گیلری'' (یعنی کے چھ خاکے) کے نام سے کس نے خاکوں کا مجموعہ لکھا ہے؟

جواب: قرۃ العین حیدر نے۔

سوال۵: ''آنکھیں ترستی ہیں'' خاکوں کا مجموعہ کس کا ہے؟

جواب: جگن ناتھ آزاد کا۔

سوال۶: ''مردم دیدہ'' کس ادیب کے خاکوں کی کتاب ہے؟

جواب: چراغ حسن حسرت کی۔

سوال۷: ''جان پہچان'' اور ''شہرت کی خاطر'' کس ادیب کے خاکوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: نظیر صدیقی کے۔

سوال۸: ''اوکھے لوگ'' کس ادیب کے خاکوں کی کتاب ہے؟

جواب: ممتاز مفتی کی۔

سوال۹: اردو میں مکمل خاکہ نگاری کی ابتدا مرزا فرحت اللہ بیگ نے کی تھی۔ آپ بتایئے مکمل خاکہ نگاری کو اور کس اصطلاح سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب: شخصیہ نگاری۔

سوال۱۰: خاکوں کا مجموعہ ''کیا قافلہ جاتا ہے'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: نصر اللہ خان۔

سوال۱۱: ''شناختی پریڈ'' کس مزاح نگار کے خاکوں کی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر یونس بٹ۔

سوال۱۲: ''اُڑتے خاکے'' اور ''کتابی چہرے'' کس مشہور مزاحیہ شاعر کی کتابیں ہیں؟

جواب: سید ضمیر جعفری کی۔

سوال۱۳: خاکوں کے مجموعے ''گنجے فرشتے'' اور ''لاؤڈ اسپیکر'' کا خالق کون ہے؟

جواب: سعادت حسن منٹو۔

سوال۱۴: ''چند ہم عصر'' خاکوں کے مجموعے کا خالق کون ہے؟

جواب: مولوی عبدالحق۔

سوال۱۵: ''دوزخی'' کے نام سے خاکہ کس نے لکھا تھا؟

جواب: عصمت چغتائی۔

سوال۱۶: خاکوں کے مجموعے ''بزم خوش نفساں'' اور ''مجموعۂ گوہر'' کا خالق کون ہے؟

جواب: شاہد احمد دہلوی۔

سوال۱۷: ''صاحب''، ''جناب''، ''آپ''، ''محترم''، ''مکرم'' اور ''معظم'' کس ادیب کے خاکوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: محمد طفیل۔

سوال۱۸: خاکوں کا مجموعہ ''البم'' کس نے تخلیق کیا؟

جواب: فارغ بخاری۔

سوال۱۹: اردو کے پہلے خاکہ نگار کا نام بتایئے؟

جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔

سوال۲۰: ''ہم نفسان رفتہ''، ''گنج ہائے گراں مایہ'' اور ''ذاکر صاحب'' کے نام سے خاکوں کے مجموعے کس ادیب نے تخلیق کیے؟

جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی۔

سوال۲۱: ''اوکھے لوگ'' اور ''اوکھے اولڑے'' کس ادیب کے خاکوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: ممتاز مفتی۔

سوال۲۲: احمد ندیم قاسمی نے ۲۰۰۲ میں یادداشتوں کا ایک حصہ تیرہ شخصیتوں کے خاکوں پر مشتمل مجموعہ کس نام سے شائع کرایا تھا؟

جواب: ''میرے ہم سفر'' کے نام سے۔

سوال۲۳: ''پیاز کے چھلکے'' ممتاز مفتی کے خاکوں کا مجموعہ ہے آپ بتایئے ''مرد ابریشم'' کے نام سے قدرت اللہ شہاب کی شخصیت پر بڑے منفرد انداز میں کتاب کس نے لکھی؟

جواب: بانو قدسیہ نے۔

سوال۲۴: خاکوں کا مجموعہ ''ہم لوگ'' عصمت چغتائی کا ہے آپ بتایئے خاکوں کا مجموعہ ''دوسرا البم'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: فارغ بخاری۔

سوال۲۵: ''ناخن کا قرض'' مرزا ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے آپ بتایئے کہ ''مزید گنجے فرشتے'' اور ''عطایئے'' کس مزاح نگار کے خاکوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: عطاء الحق قاسمی۔

سوال۲۶: ''گل دستہ'' اور ''عکس بر عکس'' اردو کے کس مزاح نگار کے خاکوں کے مجموعے ہیں؟

جواب: ڈاکٹر یونس بٹ۔

سوال ۲۷: ''کھرے کھوٹے'' خاکوں کا مجموعہ عقیل روبی کا ہے آپ بتائیے کہ ابوالخیر کشفی نے کس نام سے خاکوں کا مجموعہ تخلیق کیا تھا؟

جواب: ''یہ لوگ بھی غضب تھے''۔

سوال ۲۸: خاکوں کے مجموعے ''یارانِ دیرینہ''، ''غزالاں رعنا'' اور ''آوارگانِ عشق'' کس مشہور ادیب اور نقاد کے مرتب کردہ ہیں؟

جواب: ڈاکٹر عبادت بریلوی کے۔

سوال ۲۹: ''دیدباز دید'' خاکوں کا مجموعہ تابش دہلوی نے مرتب کیا تھا آپ بتائیے ''دید وشنید'' کے نام سے خاکوں کا مجموعہ کس نے شائع کرایا؟

جواب: رئیس احمد جعفری۔

سوال ۳۰: ''راہِ سراب کے تنہا مسافر'' خاکوں کا مجموعہ کس کی تخلیق ہے اور یہ کس نے مرتب کیا تھا؟

جواب: ''ڈاکٹر اعزاز نقوی نے مرتب کیا تھا لیکن وہ شائع کرنے سے پہلے ہی فوت ہو گئے تھے۔ ان کی پہلی برسی پر ان کی بیوہ ڈاکٹر میمونہ نے شائع کرایا''۔

سوال ۳۱: محمد طفیل کے ساتوں خاکوں کے مجموعہ کا نام ''مجی'' ہے۔ بتائیے ڈاکٹر عطش درانی کے خاکوں کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا ہے؟

جواب: ''اماں سین اور دیگر شخصیے''۔

سوال ۳۲: ''عہد ساز لوگ'' ابوالفضل صدیقی کے مرتب کردہ خاکوں کا مجموعہ ہے آپ بتائیے کشور ناہید نے کس نام سے خاکوں کا مجموعہ شائع کیا تھا؟

جواب: ''ناوکِ دشنام'' کے نام سے۔

سوال ۳۳: خاکوں کے مجموعے ''نایاب ہیں ہم'' اور ''گنجینہ گوہر کھلا'' کا خالق صادق الخیری ہے آپ بتائیے ''احوالِ دوستان'' کے نام سے کس نے خاکوں کا مجموعہ لکھا؟

جواب: حمید اختر نے۔

سوال ۳۴: ''یارانِ رفتہ'' محمد یوسف بخاری کے خاکوں کا مجموعہ ہے آپ بتائیے ''تشخص'' کے نام سے خاکوں کا مجموعہ کس ادیب نے شائع کرایا؟

جواب: ڈاکٹر محمد اجمل نیازی نے۔

سوال ۳۵: سید ضمیر جعفری نے ''میٹھا پانی'' کے نام سے بھی خاکوں کا مجموعہ شائع کیا تھا آپ بتائیے کہ خاکوں کا مجموعہ ''یادوں کے گلاب'' کس کا ہے؟

جواب: اے حمید کا۔

سوال ۳۶: ''راہ گزر'' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے جس میں مخین آباد کا خاکہ نصف کتاب پر محیط پہلا خاکہ ہے۔ آپ مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: خورشید برنی کا۔

سوال ۳۷: خاکوں کا مجموعہ ''پورٹریٹ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: رحیم گل۔

سوال ۳۸: ''چند یادیں'' کس ادیب کا مرتب کردہ خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: خواجہ جمیل احمد۔

سوال ۳۹: خاکوں کا مجموعہ ''آنکھیں ترستی ہیں'' کا خالق جگن ناتھ آزاد ہے آپ بتائیے ''محفل'' نامی خاکوں کا مجموعہ کس کا ہے؟

جواب: محمد طفیل کا۔

سوال ۴۰: ''کلوز اپ'' اعجاز رضوی کے خاکوں کا مجموعہ ہے آپ بتائیے خاکوں کا مجموعہ ''خدوخال'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: محمد طفیل۔

سوال ۴۱: کشور ناہید کا خاکہ ''چھپن چھری'' کے نام سے کس نے لکھا تھا؟

جواب: احمد بشیر نے۔

سوال ۴۲: ''یارانِ کہن'' عبدالمجید سالک کے مرتب کردہ خاکوں کا مجموعہ ہے آپ بتائیے کہ ''آسمان کیسے کیسے'' اور ''نایاب ہیں ہم'' خاکوں کے مجموعے کس نے تصنیف کیے تھے؟

جواب: صادق الخیری نے۔

سوال ۴۳: خاکوں کا مجموعہ ''کاروانِ رفتہ'' کا مصنف محمد ایوب قادری ہے آپ بتائیے ''ہم قدم'' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: تاج سعید کے۔

سوال ۴۴: ''آنکھیں ترستیاں ہیں'' کے نام سے جگن ناتھ آزاد نے خاکوں کا مجموعہ تخلیق کیا تھا آپ بتائیے کہ ''یادوں کے سائے'' کس ادیب کا تخلیق کردہ خاکوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: مقصود زاہدی۔

سوال ۴۵: خاکوں کا مجموعہ ''متاعِ گم گشتہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: حافظ لدھیانوی۔

سوال ۴۶: ''اماں سین'' ڈاکٹر عطش درانی کے خاکے ہیں۔ آپ بتائیے خاکوں کا مجموعہ ''چالیس چہرے'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: رفیق ڈوگر۔

سوال ۴۷: خاکوں کا مجموعہ ''جمال ہم نشیں'' لطیف کاشمیری کا تخلیق کردہ ہے آپ بتائیے ''سنگ دوست'' خاکوں کا مجموعہ کس کا ہے؟

جواب: اے حمید۔

سوال ۴۸: ڈاکٹر انور سدید نے خاکوں کے مجموعے کس نام سے لکھے تھے؟

جواب: ''محترم چہرے''، ''قلم کے لوگ'' اور ''آدیبانِ رفتہ''۔

سوال ۴۹: اردو میں خاکوں کے سب سے بڑے مجموعے کا نام بتایئے؟
جواب: اردو کے ادبی رسالے ''نقوش'' کا ''شخصیت نمبر'' جو ۱۹۵۵ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۵۰: ''گنجے فرشتے'' اور ''لاؤڈ اسپیکر'' سعادت حسن منٹو کے خاکوں کے مجموعے ہیں آپ بتایئے ''از جہاں سر جہاں'' کس ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو۔
سوال ۵۱: مولوی عبدالحق کے خاکوں کا مجموعہ ''چند ہم عصر'' کتنے خاکوں پر مشتمل ہے؟
جواب: ۲۴ خاکوں کا مجموعہ ہے۔
سوال ۵۲: حسرت موہانی کا خاکہ خافی خان کے نام سے کس نے ''زمانہ'' کانپور کے دسمبر ۱۹۰۸ کے شمارے میں شائع کیا تھا؟
جواب: سید سجاد حیدر یلدرم نے۔
سوال ۵۳: خاکوں کا مجموعہ ''قاعدہ بے قاعدہ'' کس مزاح نگار کا ہے؟
جواب: شوکت تھانوی کا۔
سوال ۵۴: اردو کے مشہور خاکوں ''لالہ سری رام''، ''خواجہ بدرالدین عرف خواجہ امان'' اور ''حکیم آغا جان عیش'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔
سوال ۵۵: ''چند ہم عصر'' خاکوں کا مجموعہ سب سے پہلے کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۹۳۷ میں۔
سوال ۵۶: پروفیسر رشید احمد صدیقی کے خاکوں کا پہلا مجموعہ ''گنج ہائے گراں مایہ'' کے نام سے ۱۹۵۷ میں شائع ہوا تھا آپ بتایئے کہ دوسرا مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
جواب: ''ہم نفسان رفتہ'' کے نام سے ۱۹۶۶ میں شائع ہوا۔
سوال ۵۷: پروفیسر رشید احمد صدیقی نے ایک طویل خاکہ بعنوان ''ذاکر صاحب'' کے نام سے کب لکھا تھا آپ سن اشاعت بتایئے؟
جواب: ۱۹۶۲۔
سوال ۵۸: سعادت حسن منٹو کے خاکوں کے تین مجموعے شائع ہوئے تھے آپ تینوں کے نام بتایئے؟
جواب: ''گنجے فرشتے''، ''لاؤڈ اسپیکر'' اور ''شخصیت'' کے نام سے خاکوں کے مجموعے شائع ہوئے تھے۔
سوال ۵۹: عصمت چغتائی نے اپنے بھائی عظیم بیگ چغتائی کا خاکہ ''دوزخی'' کے نام سے لکھا تھا آپ بتایئے کہ یہ خاکہ ان کے کس افسانوی مجموعے میں شامل ہے؟
جواب: افسانوی مجموعہ ''چوٹیں'' میں۔
سوال ۶۰: خاکوں کا مجموعہ ''آدمی نامہ'' ۱۹۸۱ میں شائع ہوا۔ آپ مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: مجتبیٰ حسین۔
سوال ۶۱: ''عبدالحق کی خاکہ نگاری۔ فن اور تنقید'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: خلیق انجم۔

سوال ۶۲: ''سو ہے وہ بھی آدمی'' کس ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟
جواب: مجتبیٰ حسین۔
سوال ۶۳: ''اردو میں خاکہ نگاری'' یحییٰ امجد کی کتاب ہے۔ بتایئے خاکہ کو ''مُرقّع'' کس نے کہا تھا؟
جواب: ڈاکٹر اطش درانی نے۔
سوال ۶۴: خاکوں کے مجموعے ''چہرہ در چہرہ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مجتبیٰ حسین نے یہ مجموعہ ۱۹۹۳ میں شائع کیا تھا۔
سوال ۶۵: ''اردو کے بہترین شخصی خاکے'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مبین مرزا۔
سوال ۶۶: ''مجتبیٰ حسین کی خاکہ نگاری'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر اشرف رفیع۔
سوال ۶۷: ''مجتبیٰ حسین۔ بحیثیت خاکہ نگار'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر مظفر حنفی۔
سوال ۶۸: ''اردو میں خاکہ نگاری'' کے نام سے یحییٰ امجد نے ایک کتاب لکھی آپ بتایئے دوسری کتاب اسی نام سے کس نے لکھی ہے؟
جواب: صابرہ سعید نے۔

☆☆☆

مکتوب نگاری

سوال ۱: اردو میں مکتوب نویسی کی نئی طرح کس شاعر نے ڈالی؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۲: فیض احمد فیض کے خطوط کا مجموعہ بیگم سرفراز اقبال نے کس نام سے مرتب کیا؟
جواب: ''دامنِ یوسف'' کے نام سے۔
سوال ۳: محمد خالد اختر نے ''مکاتیب خضر'' میں کس بڑے شاعر کے خطوط کی پیروڈی کی ہے؟
جواب: مرزا غالب کے خطوط کی۔
سوال ۴: علامہ اقبال نے سب سے طویل خط کسے لکھا تھا؟
جواب: سید محمد سعید الدین جعفری کو۔
سوال ۵: ''اردوئے معلیٰ'' کس ادیب کے خطوط کا مجموعہ ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق کا۔
سوال ۶: ''غبارِ خاطر'' کس ادیب کے خطوط کا مجموعہ ہے؟
جواب: مولانا ابوالکلام آزاد کا۔
سوال ۷: ''یارِ خاطر'' کس ادیب کے خطوط کا مجموعہ ہے؟
جواب: شوکت علی تھانوی۔
سوال ۸: فیض احمد فیض کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے اور کب شائع ہوا؟
جواب: ''صلیبیں میرے دریچے میں'' کے نام سے ۱۹۷۱ میں شائع ہوا۔
سوال ۹: اردو کا وہ کونسا شاعر ہے جس نے سب سے پہلے ''اردو خطوط کا سلسلہ شروع کیا؟؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۱۰: مرزا غالب کے دونوں مکاتیب کے مجموعوں کا نام بتایئے؟
جواب: پہلا ''عودِ ہندی'' اور دوسرا ''اردوئے معلیٰ''۔
سوال ۱۱: وہ کونسا اردو کا پہلا شاعر تھا جس کے خطوط اس کی زندگی میں محفوظ کیے گئے؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال ۱۲: مختار مسعود کے والد شیخ عطاء اللہ نے علامہ اقبال کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع کرایا تھا؟
جواب: ''اقبال نامہ'' کے نام سے۔
سوال ۱۳: ڈپٹی نذیر احمد کے خطوط جو انھوں نے اپنے بیٹے بشیر احمد کے نام لکھے، وہ کس نام سے شائع ہوئے تھے؟
جواب: ''مواعظِ حسنہ'' کے نام سے۔
سوال ۱۴: ''مکاتیب اقبال بنام گرامی'' کا مرتب کون ہے؟
جواب: محمد عبداللہ قریشی۔

سوال ۱۵: ''انشائے بے خبر'' کس ادیب کے خطوط کا مجموعہ ہے؟
جواب: غلام غوث بے خبر کا۔
سوال ۱۶: ''غبارِ خاطر'' ابوالکلام آزاد کے خطوط کا مجموعہ ہے۔ بتایئے یہ خطوط کس شخصیت کے نام لکھے گئے تھے؟
جواب: پروفیسر حبیب الرحمٰن خان شیرانی کے نام۔
سوال ۱۷: ''مشاہیر کے خطوط'' کا مرتب کون ہے؟
جواب: عبدالماجد دریا آبادی۔
سوال ۱۸: ''حرفِ آشنا'' اور ''زیرِ لب'' مکتوبات کے مجموعوں کی مصنفہ اردو کے شاعر اسرار الحق مجاز اور اردو شاعر جان نثار اختر کی بیوی ہیں۔ آپ نام بتایئے؟
جواب: صفیہ اختر۔
سوال ۱۹: رجب علی بیگ سرور کے خطوط کا مجموعہ کونسا ہے؟
جواب: انشائے سرور۔
سوال ۲۰: ''انشائے سرور'' میں رجب علی بیگ سرور نے کس کے نام خطوط لکھے تھے؟
جواب: اپنے متبنّی بیٹے ''میر احمد علی'' کے نام۔
سوال ۲۱: ''مکاتیبِ غالب'' کے نام سے غالب کے خطوط کا مجموعہ کس نے اور کب مرتب کیا؟
جواب: امتیاز علی خان عرشی نے ۱۹۳۷ میں۔
سوال ۲۲: مومن خان مومن کے خطوط اور فارسی کلام کس نے مرتب و شائع کیا تھا؟
جواب: حکیم احسن اللہ خان نے۔
سوال ۲۳: مومن خان مومن کے فارسی زبان میں لکھے گئے خطوط کس نے اور کس نام سے شائع کیے تھے؟
جواب: ''انشائے مومن'' کے نام سے حکیم احسن اللہ خان نے۔
سوال ۲۴: الطاف حسین حالی کے خطوط کا مجموعہ ان کے بیٹے خواجہ سجاد حسین نے کس نام سے اور کب شائع کیا؟
جواب: ''مکتوباتِ حالی'' کے نام سے ۱۹۲۵ میں۔
سوال ۲۵: محمد حسین آزاد کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے اور کب شائع ہوا؟
جواب: ''مکاتیبِ آزاد'' کے نام سے سید جالب دہلوی نے ۱۹۰۷ میں شائع کیا۔
سوال ۲۶: آغا محمد طاہر نے آزاد کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے اور کب شائع کرایا؟
جواب: ''مکاتیبِ آزاد'' کے نام سے ۱۹۲۳ میں شائع کرایا۔
سوال ۲۷: ''مکتوباتِ آزاد'' ۲۸ خطوط کا مجموعہ ہے بتایئے ''مکتوباتِ آزاد'' میں کتنے خطوط ہیں؟
جواب: ۹۶ خطوط کا مجموعہ ہے۔
سوال ۲۸: محمد حسین آزاد کے خطوط اور عرضیوں پر مشتمل ایک اور مجموعہ ''مکاتیبِ آزاد'' کے نام سے کس نے اور کب شائع کرایا؟
جواب: سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی نے مرتب کر کے ۱۹۶۶ میں شائع کیا۔

سوال ۲۹: علامہ شبلی نعمانی کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے اور کس نے مرتب کر کے شائع کیا؟
جواب: ''مکاتیب شبلی'' کے نام سے دو جلدوں میں سید سلیمان ندوی نے مرتب کیا تھا۔
سوال ۳۰: مرزا داغ دہلوی کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ''انشائے داغ'' کے نام سے۔
سوال ۳۱: ''انشائے داغ'' میں کتنے خطوط ہیں اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: ۱۴۰ خطوط کا مجموعہ اور یہ ۱۹۴۱ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۳۲: ''انشائے داغ'' انجمن ترقی اردو ہند دہلی سے کس نے شائع کیا تھا؟
جواب: احسن مارہروی نے۔
سوال ۳۳: داغ دہلوی کے خطوط کا دوسرا مجموعہ کس نام سے اور کس نے شائع کرایا؟
جواب: ''زبان داغ'' کے نام سے احسن مارہروی کے بیٹے رفیق مارہروی نے۔
سوال ۳۴: ''زبان داغ'' میں خطوط کی تعداد کتنی ہے؟ اور یہ پہلی بار کب شائع ہوا؟
جواب: ۲۲۹ خطوط جس میں ۱۴۰ خطوط وہ بھی شامل ہیں جو احسن مارہروی نے ''انشائے داغ'' کے نام سے مرتب کیے تھے۔ یہ ۱۹۵۶ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۳۵: امیر مینائی کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے اور کس نے مرتب کیا؟
جواب: ''مکاتیب امیر مینائی'' کے نام سے احسن اللہ خان ثاقب نے مرتب کیے۔
سوال ۳۶: ''مکاتیب امیر مینائی'' میں کتنے خطوط ہیں اور یہ کتاب کب شائع ہوئی؟
جواب: ۲۶۰ خطوط کا مجموعہ اور یہ ۱۹۲۴ میں شائع ہوا تھا۔
سوال ۳۷: ''مکاتیب امیر مینائی'' ۱۹۱۰ میں کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ''خطوط منشی امیر احمد'' کے نام سے۔
سوال ۳۸: ''مکاتیب ظفر علی خان'' اردو کے کس ادیب نے مرتب کیے ہیں؟
جواب: زاہد منیر عامر نے۔
سوال ۳۹: کالی داس گپتا رضا کے بموجب مرزا غالب کا پہلا خط ۹۔ مارچ ۱۸۴۸ بنام نبی بخش حقیر ہے مگر اب ایک اور خط بنام تفتہ کو غالب کا اولین اردو مکتوب تسلیم کیا جاتا ہے مگر اس پر تاریخ تحریر درج نہیں آپ بتائیے یہ اندازاً کونسا سال تصور کیا جاتا ہے؟
جواب: ۱۸۴۷۔
سوال ۴۰: ''مکتوبات حالی'' خواجہ سجاد حسین نے کتنی جلدوں میں شائع کیا تھا؟
جواب: دو جلدوں میں۔
سوال ۴۱: مرزا غالب نے اپنی زندگی کا آخری خط کسے لکھا تھا؟
جواب: نواب علاؤ الدین علائی کو۔
سوال ۴۲: ''خطوط غالب'' میں کتنے اشخاص کے نام شامل ہیں؟
جواب: ۱۷۸ اشخاص کے۔

سوال ۴۳: مرزا غالب کے خطوط کے مجموعے ''عود ہندی'' میں خطوط کی تعداد کتنی ہے؟
جواب: ۱۲۳ خطوط کا مجموعہ ہے۔
سوال ۴۴: خطوط کا مجموعہ ''پیام مشرق'' کا خالق کونسا مشہور شاعر ہے؟
جواب: خان آرزو۔
سوال ۴۵: نیاز فتح پوری کے خطوط کا مجموعہ ''مکتوبات نیاز'' کتنی جلدوں میں شائع ہو چکا ہے؟
جواب: تین جلدوں میں۔
سوال ۴۶: اسرار الحق مجاز کی بہن اور جاں نثار اختر کی بیوی صفیہ اختر کے خطوط کے مجموعے ''زیر لب'' اور ''حرف آشنا'' میں سے کونسا مجموعہ ہے جو پہلے شائع ہوا تھا؟
جواب: پہلا خطوط کا مجموعہ ''زیر لب'' ہے۔
سوال ۴۷: مرزا غالب کے خطوط کا مجموعہ ''اردوئے معلیٰ'' کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟
جواب: دو حصوں پر مشتمل ہے۔
سوال ۴۸: مرزا غالب کے خطوط کا پہلا مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۸۶۸ میں ''عود ہندی'' کے نام سے پہلا مجموعہ خطوط شائع ہوا تھا۔
سوال ۴۹: مرزا غالب کا وہ کونسا خطوط کا مجموعہ ہے جو ان کی وفات کے ۱۹ دن کے بعد شائع ہوا تھا؟
جواب: ''اردوئے معلیٰ''۔
سوال ۵۰: مرزا غالب کے آخری خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ''مکاتیب غالب'' کے نام سے۔
سوال ۵۱: مرزا غالب نے اردو خطوط کی ابتداء کب کی تھی؟
جواب: ۱۸۴۸ میں۔
سوال ۵۲: مرزا غالب سے پہلے خطوط نویسی کا انداز کیسا تھا؟
جواب: پرتکلف اور پیچیدار۔
سوال ۵۳: مرزا غالب کے آخری خطوط کا مجموعہ ''مکاتیب غالب'' ہے آپ بتائیے کہ یہ خطوط غالب نے کن شخصیات کو لکھے تھے؟
جواب: نواب یوسف علی خان بہادر اور نواب کلب علی خان۔
سوال ۵۴: مرزا غالب کے متفرق خطوط ایک عرصے تک دریافت ہوتے رہے یہ تمام خطوط غلام رسول مہر نے ''خطوط غالب'' کے عنوان سے کتنی جلدوں پر مرتب کر کے شائع کیے ہیں؟
جواب: دو جلدوں میں۔
سوال ۵۵: ڈاکٹر خلیق انجم نے ''غالب کے خطوط'' کے نام سے مرزا غالب کے خطوط کتنی جلدوں میں شائع کیے ہیں؟
جواب: پانچ جلدوں میں۔
سوال ۵۶: مرزا غالب نے سب سے زیادہ فارسی خطوط کس مشہور شخصیت کو لکھے تھے؟
جواب: مولوی سراج الدین احمد کو۔

سوال۵۷: ''نادراتِ غالب'' کے نام سے مرزا غالب کے خطوط آفاق حسین دہلوی نے مرتب کیے تھے۔ آپ بتایئے یہ خطوط مرزا غالب نے کس کے نام لکھے تھے؟

جواب: منشی نبی بخش حقیر اکبر آبادی کے نام۔

سوال۵۸: ڈاکٹر خلیق انجم نے ''غالب کے خطوط'' کے نام سے ایک تنقیدی ایڈیشن پانچ جلدوں میں مرتب و مدون کیا تھا آپ بتایئے کہ اس کی پہلی جلد کب شائع ہوئی تھی؟

جواب: ۱۹۸۴ میں۔

سوال۵۹: ''انشائے غالب'' رشید حسن خان نے مرتب کی تھی آپ بتایئے غلام رسول مہر کے مرتب کردہ ''خطوطِ غالب'' میں کل کتنے خطوط شامل ہیں؟

جواب: ۶۷۵ خطوط سے زیادہ ہیں۔

سوال۶۰: نواب مصطفٰی خاں شیفتہ کے نام مرزا غالب نے اردو میں صرف ایک خط لکھا تھا اور فارسی میں کئی خطوط لکھے آپ بتایئے کہ غالب نے اپنا واحد خط شیفتہ کو کب لکھا تھا؟

جواب: ۶۔ فروری ۱۸۶۵ میں۔

سوال۶۱: اکبر الہ آبادی کے خطوط کا مجموعہ ''رقعاتِ اکبر'' کس نے مرتب کیے تھے؟

جواب: محمد نصیر ہمایوں نے۔

سوال۶۲: ''اقبال اور عبدالحق'' ''مکتوباتِ اقبال کی روشنی میں) کا مرتب کون ہے؟

جواب: ممتاز حسن۔

سوال۶۳: مہاراجہ کشن پرشاد اور علامہ اقبال کے درمیان ہونے والے خط و کتابت کس نام سے کتابی شکل میں چھپے تھے اور وہ کتنے خطوط کا مجموعہ تھا؟

جواب: ۴۹ خطوط کا مجموعہ ''شاد اقبال'' کے نام سے۔

سوال۶۴: ''مقدمہ خطوطِ غالب'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: منشی مہیش پرشاد۔

سوال۶۵: مرزا غالب نے کس سال تک فارسی میں خطوط لکھے تھے؟

جواب: ۱۸۵۰ تک۔

سوال۶۶: خطوط کے مجموعہ ''نقشِ آزاد'' کا خالق کون ہے؟

جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال۶۷: ''مطالعہ مکاتیبِ اقبال'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر محمد امین اندرابی۔

سوال۶۸: ''تبرکاتِ آزاد'' کس مشہور ادیب کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال۶۹: ''کلیاتِ مکاتیبِ اقبال'' کا مرتب کون ہے؟

جواب: سید مظفر حسین برنی۔

سوال۷۰: ''مکتوباتِ عبدالحق'' کے مرتب کا نام بتایئے؟

جواب: جلیل قدوائی۔

سوال۷۱: ''خطوط نگاری'' کے نام سے کس نے کتاب لکھی ہے؟

جواب: ڈاکٹر خورشید الاسلام۔

سوال۷۲: ''مطالعہ خطوطِ غالب'' اور ''مطالعہ غبارِ خاطر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: عبدالقوی دسنوی۔

سوال۷۳: ''سرسید کے خطوط۔ ایک عمومی جائزہ'' کا خالق کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر علی احمد فاطمی۔

سوال۷۴: ''میرا عقیدہ'' اور ''ادبی خطوط و جوابات آزاد'' کا مصنف ابوالکلام آزاد ہے آپ بتایئے خطوط کا مجموعہ ''کاروانِ خیال'' کس ادیب کا ہے؟

جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال۷۵: ''مکاتیبِ شبلی'' کا مرتب کون ہے؟

جواب: سید سلیمان ندوی۔

سوال۷۶: مہدی حسن افادی کے خطوط کا مجموعہ ''مکاتیبِ افادی'' کس نے مرتب کر کے شائع کیا تھا؟

جواب: مہدی بیگم نے۔

سوال۷۷: ''خطوطِ غالب: فنی تجزیہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: حامدہ مسعود۔

☆☆☆

اردو ادب کے نامور لوگوں کے اقوال

سوال ۱: ڈپٹی نذیر احمد کے بارے میں یہ قول کس محقق کا ہے؟

"نذیر احمد اس دور کے اردو ادیبوں میں پہلے شخص ہیں جنھیں "مُبصرِ حیات" کہا جا سکتا ہے"۔

جواب: بقول: ڈاکٹر جمیل جالبی

سوال ۲: یہ قول پطرس بخاری کے بارے میں کس ادیب کا ہے کہ؟

"پطرس پکا ہومرسٹ ہے"

جواب: بقول: ڈاکٹر احسن فاروقی۔

سوال ۳: یہ مشہور قول کس تذکرہ نگار کا ہے؟

"جیسے امام ابوحنیفہ علمائے اہلِ حق کے امام کہلاتے ہیں اسی طرح شعراء اردو خان آرزو کے "عیال" کہلائے جاتے رہیں گے"۔

جواب: میر قدرت اللہ قاسم۔

سوال ۴: "اس دنیا میں دو چیزوں کی ضرورت ہے، ایک طنبورا اور دوسری خوبصورت عورت"

یہ قول کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: علی عادل شاہ ثانی کے دادا جگت گرو ابراہیم عادل شاہ کا۔

سوال ۵: میر تقی میر نے یہ کس شاعر کے بارے میں کہا تھا؟

"میرا تخلص اختیار کرنے کی خوشی میں میر انصف دل اس سے خوش ہوا"۔

جواب: محمد میر سوز سے کیونکہ اس کا پہلا تخلص میر ہی تھا۔

سوال ۶: میر تقی میر نے یہ کس شاعر کے بارے میں کہا ہے؟

"موقع و محل تمہاری شعر خوانی کا وہ ہے جہاں لڑکیاں جمع ہوں اور ہنڈکلیا پکتی ہو"۔

جواب: میر سوز کی شاعری کے بارے میں۔

سوال ۷: "فسانہ عجائب" اپنے اسلوب بیان ہی کی وجہ سے منفرد کتاب نہیں بلکہ لکھنؤ کے تعلق سے بھی اسے کتاب التہذیب کہنا چاہیے۔ "فسانہ عجائب" لکھنؤ ہے اور لکھنؤ فسانہ عجائب ہے۔

یہ قول کس مشہور محقق کا ہے؟

جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی کا۔

سوال ۸: خواجہ حیدر علی آتش کی شاعری کے بارے میں یہ قول کس مشہور شاعر کا ہے؟

"آتش کے بیشتر تیز نشتر ملتے ہیں"

جواب: بقول: مرزا غالب۔

سوال ۹: محمد ابراہیم ذوق کی شاعری کے بارے میں یہ قول کس ادیب کا ہے؟

"ذوق کو مضمون کے ہر پہلو پر جو گرفت حاصل ہے اس کا نشان تک غالب کے پھسکے کلام میں نہیں ملتا"۔

جواب: محمد حسن عسکری۔

سوال ۱۰: یہ کس نقاد نے کہا کہ

"سرسید کا مضمون "امید کی خوشی" کو اسی طرح اردو ادب کا بہترین مضمون کہہ سکتے ہیں جیسے چارلس لیمب کے "ڈریم چلڈرن" کو انگریزی کا بہترین مضمون کہا جاتا ہے؟

جواب: بقول: احسن فاروقی۔

سوال ۱۱: محمد حسین آزاد کے بارے میں یہ کس نے کہا کہ؟

"اردو کو انشاء پردازی کے درجے پر جس نے پہنچایا وہ آزاد اور صرف آزاد ہیں"۔

جواب: بقول: مہدی افادی۔

سوال ۱۲: علامہ اقبال کے انتقال پر یہ الفاظ کس ادیب کے ہیں؟

"ان کی وفات سے صرف ہندوستان ہی کو نہیں بلکہ پورے مشرق کو نقصان پہنچا ہے"۔

جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال ۱۳: حامد حسن قادری کی مشہور کتاب "داستان تاریخ اُردو" کے بارے میں یہ کس ادیب نے کہا تھا کہ؟

"یہ اردو نثر کی انسائیکلوپیڈیا ہے"۔

جواب: بقول: نیاز فتح پوری نے۔

سوال ۱۴: مہدی افادی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

"مہدی افادی اردو طرز انشاء میں کسی کے پیرو نہ تھے، خود ایک طرز کے موجد تھے جو بظاہر ان ہی کے ساتھ ختم ہو گیا"۔

جواب: بقول: مولانا عبدالماجد دریا آبادی۔

سوال ۱۵: میر تقی میر کے بارے میں مندرجہ ذیل اقوال کن لوگوں کے ہیں؟

(۱) میر کا سا غزل گو نہ اس وقت ہوا، نہ آگے اس کی توقع ہے"۔

جواب: بقول: نیاز فتح پوری۔

(۲) "میر تقی میر شہنشاہ سخن نہیں بلکہ "خدائے سخن" ہیں"

بقول: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔

(۳) "وہ اردو کے شیخ سعدی ہیں ان کا کلام اکثر شاعری ہے"

بقول: رام بابو سکسینہ۔

سوال ۱۶: خواجہ میر درد کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

"خواجہ میر درد اردو ادبیات میں صوفیانہ شاعری کے باوا آدم ہیں"۔

جواب: عظمت اللہ خان۔

سوال ۱۷: ڈاکٹر ممتاز حسین کی یہ رائے شوکت صدیقی کے کس ناول کے بارے میں ہے؟
"شوکت صدیقی نے ایک چھوٹی سے گھٹن زدہ اور کچلی ہوئی فیملی کے توسط سے سماج میں پھیلی گھٹن، افسردگی، افلاس، اقتصادی ناہمواری، استحصال، غربت اور سماجی جبر کو پیش کیا ہے"۔

جواب: ناول "خدا کی بستی" میں۔

سوال ۱۸: یہ جملہ فراق گورکھپوری نے احمد فراز کے کس مجموعہ میں تحریر کیا ہے؟
"ان کا کلام اردو شاعری کے کئی نازک زاویوں کی لچک اور تھرتھراہٹ اپنے اندر رکھتا ہے"۔

جواب: "درد آشوب" میں۔

سوال ۱۹: حسرت موہانی کے کلام کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
"حسرت کا کلام اپنی سادگی و پرکاری کے لحاظ سے اتنی حسین اور دلکش چیز ہے کہ بجائے سننے کے اسے کلیجے میں رکھ لینے کو جی چاہتا ہے"۔

جواب: بقول: نیاز فتحپوری۔

سوال ۲۰: مرزا رفیع سودا کے بارے میں یہ قول کس ادیب کا ہے؟
"اردو شاعری اس جامعیت کا دوسرا شاعر پیش نہیں کر سکتی"۔

جواب: بقول: کیفی چریاکوٹی۔

سوال ۲۱: امیر مینائی نے کس شاعر کے بارے میں کہا تھا کہ؟
"ان کا ہر شعر "معراج بلاغت" ہے"

جواب: محسن کاکوروی کے بارے میں۔

سوال ۲۲: جمیل الدین عالی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
"میں عالی کو پاکستان کے دو ڈھائی بڑھتے ہوئے شعراء میں شمار کرتا ہوں"

جواب: بقول: پروفیسر حسن عسکری۔

سوال ۲۳: مرزا ہادی رسوا کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
"کچھ وضع قدیم کا پاس کچھ اپنی ثقافت کا لحاظ، داستان سرائی کرنے بیٹھے تو اپنے چہرے پر مرزا رسوا کا نقاب ڈال دیا"۔

جواب: بقول: عبدالماجد دریا آبادی۔

سوال ۲۴: دیوان حاتم کے بارے میں یہ قول کس ادیب کا ہے؟
"وہ صاحبزادہ بھی پانچ ہزار سے زیادہ کا مال بغل میں دبائے بیٹھا ہے"

جواب: بقول: محمد حسین آزاد۔

سوال ۲۵: مرزا غالب کے بارے میں مندرجہ ذیل بیان کس ادیب کا ہے؟
"ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا جب لوگ غالب کی شاعری کو بھول جائیں گے تو ایسے زمانے میں اس کی نثر اور ان کے خطوط ان کی عظمت کو برقرار رکھیں گے"۔

جواب: بقول: آل محمد سرور۔

سوال ۲۶: محمد حسین آزاد کے بارے میں رام بابو سکسینہ نے کیا کہا تھا؟

جواب: "آزاد نثر میں شاعری کرتے ہیں اور شاعری کرتے ہوئے نثر لکھتے ہیں"۔

سوال ۲۷: حسرت موہانی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
"تم آدمی ہو کہ جن، پہلے شاعر تھے، پھر پولیٹیشن اور اب بنیے ہو گئے"

جواب: بقول: شبلی نعمانی۔

سوال ۲۸: محمد حسین آزاد کی "آب حیات" کے بارے میں کس نے بیان دیا کہ؟
"اردو کیا فارسی میں بھی اس پائے کی کتاب موجود نہیں۔ یہ اگرچہ تاریخ ہے مگر اس کا وصف افسانے کا سا ہے اور یہ اگرچہ نثر ہے مگر اس کا لطف نظم کا سا ہے"۔

جواب: بقول: حافظ محمود شیرانی۔

سوال ۲۹: میر تقی میر کے بارے میں یہ قول کس ادیب کا ہے؟
"ان کا ہر آنسو ایک شعر ہے اور ہر مصرع ایک بوند"

جواب: بقول: مولوی عبدالحق۔

سوال ۳۰: میر تقی میر نے کس شاعر کے بارے میں کہا تھا کہ؟
"ان کے زمانے میں ان سے بڑھ کر کوئی محقق اور شاعر شیریں زبان نہ تھا"

جواب: خان آرزو کے بارے میں۔

سوال ۳۱: "کلیات مومن" کے بارے میں یہ قول کس مشہور ادیب کا ہے؟
"اگر میرے سامنے اردو کے تمام شعراء متقدمین و متاخرین کا کلام بہ استثنائے میر رکھ کر مجھ کو صرف ایک دیوان حاصل کرنے کی اجازت دی جائے تو میں بلا تامل کہہ دوں گا کہ مجھے "کلیات مومن" دیدو باقی سب اٹھالے جاؤ"۔

جواب: بقول: نیاز فتحپوری کا

سوال ۳۲: "ایسی شاعری کا کیا فائدہ جو عشق و عاشق کے سوا اور کچھ نہ بتائے" یہ قول کس ادیب کا ہے؟

جواب: سید سلیمان ندوی کا۔

سوال ۳۳: پروفیسر افضل علوی کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا کہ؟
"علوی صاحب اس دور کے گنے چنے طنز نگاروں اور مزاح نویسوں میں ایک اضافے کی حیثیت رکھتے ہیں"۔

جواب: بقول: احمد ندیم قاسمی نے۔

سوال ۳۴: یہ قول کہ "باغ و بہار" زندہ کتابوں میں سے ہے "محمد حسین آزاد کا ہے آپ بتائیے کہ درج ذیل قول کس ادیب کا ہے "باغ و بہار" کے بارے میں؟
"میر امن کی "باغ و بہار" کو زندہ نثر کہا جا سکتا ہے"

جواب: بقول: ڈاکٹر سید عبداللہ۔

سوال ۳۵: داغ دہلوی کے بارے میں کس شاعر کا قول ہے کہ؟
''ہماری شاعری کی بدقسمتی ہو کر بھی ہماری شاعری کی ایک بہت بڑی خوش قسمتی ہے کہ اس شخص نے حرام زدگی کو جینئس Genius کا مقام عطا کر دیا ہے''۔

جواب: بقول: فراق گورکھپوری۔

سوال ۳۶: یہ قول کس مشہور ادیب کا ہے کہ؟
''میر امن کو "باغ و بہار" کی وجہ سے اردو نثر میں وہ مرتبہ حاصل ہے جو میر کو غزل میں حاصل ہے''۔

جواب: بقول: سرسید احمد خان کا۔

سوال ۳۷: یہ قول کس ادیب کا ہے کہ؟
''اصلاح زبان کے حوالے سے اردو کے شاعر شاہ حاتم کو اولیت حاصل ہے''۔

جواب: بقول: نورالحسن ہاشمی۔

سوال ۳۸: مرزا ہادی رسوا کے ناول "امراؤ جان ادا" کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
''امراؤ جان ادا لکھنؤ کے زوال شدہ معاشرے کی آئینہ دار ہے''

جواب: بقول: ڈاکٹر میمونہ انصاری۔

سوال ۳۹: یہ قول نئی شاعری کے بارے میں کس شاعر کا ہے؟
''پرانی شاعری سسک رہی ہے تو کیا ہوا نئی شاعری اردو کے نئے لباس سے دلہن بن کر نکلی ہے''۔

جواب: بقول: امیر مینائی۔

سوال ۴۰: مرزا غالب نے یہ بات کس شاعر کے اشعار کو دیکھ کر کہی تھی کہ؟
''اگر تم شعر نہ کہو گے تو اپنی طبیعت پر ظلم کرو گے''۔

جواب: الطاف حسین حالی کے اشعار دیکھ کر۔

سوال ۴۱: احمد ندیم قاسمی نے قدرت اللہ شہاب کی کس کتاب کے بارے میں کہا کہ؟
''شہاب نے جو کچھ بھی لکھا ہے براہ راست اپنے ذاتی مشاہدے سے لکھا ہے ان کا مشاہدہ انتہائی گہرا ہے''۔

جواب: کتاب "ماں جی" کے بارے میں۔

سوال ۴۲: ''مولانا ظفر علی خان کے قلم میں مصطفیٰ کمال کی تلوار کا بانکپن ہے''
یہ قول کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: علامہ اقبال کا۔

سوال ۴۳: درج ذیل قول محمد حسین آزاد نے کس شاعر کے بارے میں کہا؟
''انھیں اردو زبان پر وہی دعویٰ پہنچتا ہے جو کہ ارسطو کو فلسفہ و منطق پر''

جواب: خان آرزو کے بارے میں۔

سوال ۴۴: ''آج شبیر پہ کیا عالم تنہائی ہے''
میر انیس کے اس مصرعہ پر کس شاعر نے کہا تھا کہ انھوں نے ناحق پورا مرثیہ لکھا، اگر وہ صرف یہ مصرعہ ہی لکھ دیتے تو کافی تھا؟

جواب: بقول: نواب مصطفیٰ خان شیفتہ نے۔

سوال ۴۵: ''خاقانی اور سعدی کا کلام سمجھنے کے لیے فرہنگ کی ضرورت ہے لیکن میرا کلام اس شخص کی سمجھ میں آسکتا ہے جو جامع مسجد دہلی کی سیڑھیوں کی زبان سے آشنا ہو''۔
یہ قول کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: میر تقی میر کا۔

سوال ۴۶: کہتی تھی بانو الٰہی کی جیو وارث کی خیر
کیوں گری جاتی ہے سر سے آج چادر بار بار
اس شعر پر جس کا خالق ہندو ہے "میر انیس" اپنے مراثی کے تمام دفاتر دینے پر تیار ہوگئے تھے۔ آپ شاعر کا نام بتائیے؟

جواب: دلگیر لکھنوی۔

سوال ۴۷: ''اردو میں جو کچھ ہیں مرزا سودا ہیں اور سودا نہ ہوتے تو اردو کی قصیدہ گوئی کو ذرہ بحث لانا فضول تھا''
یہ قول کس ادیب کا ہے؟

جواب: امداد امام اثر کا۔

سوال ۴۸: ''اللہ تعالیٰ اپنی کتاب اگر اردو میں اتارتا تو اسی لب و لہجہ میں اتارتا''
میر انیس کے کلام کے بارے میں مندرجہ بالا رائے کس کی ہے؟

جواب: مفتی محمد عباس کی۔

سوال ۴۹: ''ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں ایک "وید مقدس" اور دوسری "دیوان غالب"''۔
یہ قول کس نقاد کا ہے؟

جواب: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری۔

سوال ۵۰: ''شاعری جان تو شاعر کے جذبات ہیں''
یہ قول کس شاعر کا ہے؟

جواب: علامہ اقبال کا۔

سوال ۵۱: کس مشہور شاعر نے کہا تھا کہ؟
''۶۱ سال کی عمر بڑی خطرناک ہے اگر اس سے گزر گئے تو ۷۲ سال جییں گے''۔ مگر افسوس ۶۱ سال سے آگے نہ بڑھ سکے۔

جواب: بقول: سراج الدین ظفر۔

سوال۵۲: یہ قول کس محقق کا ہے کہ؟
"زبان اردو کی ترقی کا ابتدائی زمانہ اتنا دھندلا نظر آتا ہے کہ اس کے خدوخال صاف طور پر نمایاں نہیں، مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ سب سے پہلا شاعر زبان اردو کے اس دھندلکے میں جو صاف طور پر نمایاں نظر آتا ہے وہ امیر خسرو ہیں"۔
جواب: بقول: رام بابو سکسینہ۔
سوال۵۳: "انھیں میرے اشعار اتنی بڑی تعداد میں یاد ہیں کہ خود مجھے بھی یاد نہ ہوں گے"۔ یہ بات علامہ اقبال نے کس کے بارے میں کہی تھی؟
جواب: سر راس مسعود کے بارے میں۔
سوال۵۴: یہ قول کس ادیب کا ہے کہ؟
"قیامت میں اگر خدا مجھ سے پوچھے گا کہ کیا لایا ہے تو میں "مسدس حالی" پیش کر دوں گا"۔
جواب: سرسید احمد خان کا۔
سوال۵۵: داغ دہلوی کے بارے میں یہ قول کس ادیب کا ہے کہ؟
"اردو غزل کے کرشن کنہیا داغ ہیں، داغ کا سا چنچل مزاج اردو کے کسی شاعر نے نہیں پایا"۔
جواب: ڈاکٹر داؤد رہبر۔
سوال۵۶: "میں حفیظ کو صرف یہ مشورہ دیتا ہوں کہ حفیظ اپنے کلام کو بار بار خود ہی ناقدانہ نگاہ سے دیکھا کرے"
یہ قول کس ادیب کا ہے؟
جواب: مولانا غلام قادر بلگرامی۔
سوال۵۷: "اردو غزل کی رفتار میں غالب ایک نیا رہنما اور "دیوان غالب" ایک نیا موڑ ہے"۔
یہ رائے کس شاعر کی ہے؟
جواب: مجنوں گورکھپوری۔
سوال۵۸: "غزل کو میں اردو شاعری کی آبرو سمجھتا ہوں، ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے"
یہ الفاظ کس ادیب کے ہیں؟
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی کے۔
سوال۵۹: جگر مراد آبادی کے بارے میں یہ کس مزاح نگار کے الفاظ ہیں کہ؟
"ایک دنیا کی دنیا جگر کی مریض تھی"
جواب: شوکت تھانوی کے۔
سوال۶۰: "وہ کونسا ایسا نغمہ ہے جو ان کے ساز میں نہیں پایا جاتا"۔
مرزا غالب کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا؟
جواب: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری نے۔

سوال۶۱: مولانا اکبر شاہ خان نجیب آبادی کی کس کتاب کو پڑھنے کے بعد خواجہ حسن نظامی نے فرمایا تھا کہ؟
"اگر میں صاحب استطاعت ہوتا تو مولانا کو موتیوں میں تول دیتا"۔
جواب: آئینہ حقیقت نما۔
سوال۶۲: پطرس بخاری کے بارے میں کس ادیب نے کہا تھا کہ؟
"طنز و ظرافت میں پطرس کا ہم عصران کے ہم عصروں میں کوئی نہیں"۔
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی نے۔
سوال۶۳: "اردو ہمارے دیرینہ تمدن و تاریخ کی یاد ہے اور جو لوگ اردو کی مخالفت کرتے ہیں، وہ ہندوستان کی ہزار سالہ تاریخ کے بدل دینے کے خیال خام میں مبتلا ہیں"
یہ قول کس ہندو ادیب کا ہے؟
جواب: سر تیج بہادر سپرو کا۔
سوال۶۴: کس مشہور شخصیت نے کہا کہ؟ "میں نے اردو کلیات سودا سے سیکھی"۔
جواب: بقول: ڈاکٹر گلکرسٹ۔
سوال۶۵: یہ قول کس ادیب کا ہے؟ "اردو پڑھو، اردو لکھو، اردو سیکھو"
جواب: خواجہ حسن نظامی۔
سوال۶۶: مومن آخر وہی تو ہیں جن کے قلم نے اردو غزل کو پردہ نشین کے اشعار سے روشناس کرایا اور یہ سمجھایا کہ محبت صرف بازاری حسن میں ہی نہیں ہوتی اس کا گزر چلمن کی تیلیوں کے پیچھے بھی ہو سکتا ہے۔
یہ قول کس مشہور ادیب کا ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ۔
سوال۶۷: یہ رائے میر تقی میر کے بارے میں کس ادیب اور محقق کی ہے؟
"جس طرح میر شاعری میں استاد کا درجہ رکھتے ہیں، اسی طرح تذکرہ نگاری میں اولیت کی بنا پر وہ پہلے نقاد بھی قرار پاتے ہیں"۔
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔
سوال۶۸: "شاعری کی دنیا میں انشاء ایک ایسی ہستی گذری ہے جو اپنی ابتداء کے لحاظ سے اس زمانے کے شعراء کے لیے ایک مصیبت، اور انتہا کے لحاظ سے دنیا والوں کے لیے ایک عبرت تھی"۔
یہ قول کس مزاح نگار اور خاکہ نگار کا ہے؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔
سوال۶۹: یہ قول کس ادیب کا ہے کہ؟
"مناجات بیوہ" اور "چپ کی داد" دو ایسی نظمیں ہیں جن کی نظیر ہماری زبان میں کیا ہندوستان کی کسی زبان میں نہیں ملتی"۔
جواب: مولوی عبدالحق کا۔

سوال ۷۰: ''تم شعر کہنا کیا جانو اپنے چوما چاٹی کر لیا کرو''۔
میر تقی میر نے یہ کس شاعر کے بارے میں کہا تھا؟

جواب: قلندر بخش جرأت کے بارے میں۔

سوال ۷۱: مرزا رفیع سودا کے انتقال کا سن کر یہ الفاظ کس شاعر نے کہے تھے؟
''افسوس ہمارا پہلوان سخن مر گیا''

جواب: شاہ حاتم نے۔

سوال ۷۲: ''دنیا میں اگر کسی شاعر سے غالب کا مقابلہ ہو سکتا ہے تو وہ گوئٹے ہے''۔
یہ قول کس ادیب اور ناقد کا ہے؟

جواب: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری۔

سوال ۷۳: ''زبان کو زبان کر دکھایا لکھنؤ نے اور لکھنؤ میں ناسخ نے، ورنہ بولنے کو کون نہیں بول لیتا''
امام بخش ناسخ کے بارے میں یہ کس مشہور شاعر کا قول ہے؟

جواب: مرزا غالب کا۔

سوال ۷۴: ''خدا اس شخص کو نہ بخشے جس نے مجھے شاعر جانا''
یہ مشہور فقرہ کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: علامہ اقبال کا۔

سوال ۷۵: عبدالحلیم شرر کے بارے میں یہ قول کس نقاد کا ہے کہ؟
''شرر نے شاید کسی عورت کو دیکھا ہی نہیں''۔

جواب: ڈاکٹر احسن فاروقی۔

سوال ۷۶: الطاف حسین حالی کے بارے میں یہ مشہور قول کس نقاد کا ہے؟
''سرسید کے بعد اگر ان کے رنگ میں کوئی قلم لے سکتا ہے تو وہ بوڑھے حالی ہیں''۔

جواب: مہدی افادی۔

سوال ۷۷: پریم چند کے بارے میں یہ قول کس کا ہے کہ؟
''پریم چند نے گاؤں کی مٹی سے تاج محل تعمیر کیا ہے''۔

جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی کا؟

سوال ۷۸: یہ قول کس ادیب کا ہے کہ؟
''مغلیہ عہد نے ہندوستان کو تین چیزیں عطا کیں، اردو زبان، تاج محل اور مرزا غالب''۔

جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی کا۔

سوال ۷۹: اختر شیرانی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
''اردو شاعری میں اختر شیرانی کی عطا یہ ہے کہ انھوں نے جیتی جاگتی عورت کو نظم میں اہم موضوع کی حیثیت دی اور نظم کو خارج سے باطن کی طرف موڑ دیا''۔

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا کا۔

سوال ۸۰: نظیر اکبر آبادی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
''ان کے اشعار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ولی کامل دنیا و مافیہا کی بے ثباتی پر ہے چھتے پہ ..... لیکچر دے رہا ہے''۔

جواب: رام بابو سکسینہ۔

سوال ۸۱: اسماعیل میرٹھی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
''حالی کے بعد اگر کسی نے سننے کے لائق کچھ کہا ہے تو وہ مولوی اسماعیل میرٹھی ہیں''۔

جواب: شبلی نعمانی۔

سوال ۸۲: شبلی نعمانی کے بارے میں یہ قول کس نقاد کا ہے؟
''وہ پہلا یونانی ہے جو مسلمانوں میں پیدا ہوا''۔

جواب: مہدی افادی۔

سوال ۸۳: جوش ملیح آبادی کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟
''سچ تو یہ ہے کہ جوش جیسا قادر الکلام شاعر صدیوں میں پیدا ہوتا ہے''۔

جواب: کرشن چندر کا۔

سوال ۸۴: ''جس طرح میر کا عشق فقیرانہ تھا اور غالب کا عشق امیرانہ تھا اسی طرح جرأت کا عشق شریفانہ تھا''۔
یہ قول کس نقاد کا ہے؟

جواب: ڈاکٹر یوسف خان۔

سوال ۸۵: ''اطہر نفیس مرحوم نے کس مجموعہ کلام کے بارے میں وصیت کی تھی کہ بعد از مرگ یہ مجموعہ ان کے کفن میں رکھ دیا جائے''؟

جواب: سلیم احمد کا مجموعہ کلام ''بیاض'' کے بارے میں۔

سوال ۸۶: ''عورت تو خود شعر ہے، شعر کا شعر کہنا کیا معنیٰ''۔
یہ قول کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: میر تقی میر کا۔

سوال ۸۷: مرزا غالب کے بارے میں یہ کس شاعر نے کہا تھا کہ ''اگر اس لڑکے کو کوئی کامل استاد مل گیا اور اس کو سیدھے راستے پر ڈال دیا تو لاجواب شاعر بن جائے گا ورنہ مہمل بے معنی بکنے لگے گا''؟

جواب: میر تقی میر نے۔

سوال ۸۸: ''انتظار حسین نے بہت اچھے علامتی افسانے لکھے ہیں۔ مظہر الاسلام نے علامتی افسانے کو آگے بڑھا کر ایک ایسا تجربہ کیا ہے جو نیا بھی ہے اور دلچسپ بھی''۔
یہ قول اردو کے کس مشہور محقق کا ہے؟

جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی۔

سوال ۸۹: ایک مشہور صاحب دل نے میر و مرزا رفیع سودا کی شاعری کے فرق کا نہایت مختصر الفاظ میں فیصلہ کر دیا اور فرمایا کہ دونوں صاحب کمال ہیں۔ مگر فرق اتنا ہے کہ میر صاحب کا کلام "آہ" ہے اور مرزا کا کلام "واہ" ہے آپ اس نقاد کا نام بتایئے؟

جواب: خواجہ باسط۔

سوال ۹۰: ممتاز مفتی کے مشہور ناول "علی پور کا ایلی" کے بارے میں کس نے کہا تھا کہ "جس نے اسے نہیں پڑھا اس نے کچھ بھی نہیں پڑھا؟

جواب: ڈاکٹر سہیل بخاری نے۔

سوال ۹۱: یہ قول کس اردو کے مشہور ادیب کا ہے؟
"دنیا میں سانپ اور مولوی دو چیزیں ایسی ہیں جن کی قسموں کی انتہا نہیں البتہ فرق یہ ہے کہ اکثر سانپ زہریلے نہیں ہوتے"۔

جواب: بقول: نیاز فتح پوری۔

سوال ۹۲: خواجہ احمد عباس کے افسانوی مجموعے "پاؤں میں پھول" کے تعارف میں یہ معنی خیز جملہ کس ادیب نے لکھا تھا؟
"اگر کبھی مخالف انقلاب آیا اور فسطائیت کے اندھیرے نے ہمیں گھیر لیا تو عباس کی تحریریں سب سے پہلے جلائی جائیں گی"۔

جواب: بقول: کرشن چندر۔

سوال ۹۳: سعادت حسن منٹو نے ۱۸۔ جنوری ۱۹۵۵ کو مرتے وقت اپنی بیوی صفیہ سے کیا کہا تھا؟

جواب: "اب یہ ذلت ختم ہو جانی چاہیے اور منٹو نے اپنے لیے یہ کتبہ بھی تجویز کیا تھا"۔ یہاں سعادت حسن منٹو دفن ہیں، اس کے سینے میں افسانہ نگاری کے سارے اسرار و فن ہیں۔ وہ اب بھی منوں مٹی کے نیچے سوچ رہا ہے کہ وہ بڑا افسانہ نگار ہے یا خدا"۔

سوال ۹۴: پریم چند کے افسانوں کا تعلق یوپی کے دیہاتوں سے ہے آپ بتایئے کہ احمد ندیم قاسمی کے افسانوں کا موضوع پاکستان کے کس علاقے کے دیہاتوں سے تھا؟

جواب: پنجاب کے دیہات سے۔

سوال ۹۵: یہ قول کس ادیب کا ہے؟
"میری اُردو یہاں کی چڑیاں اور درخت سمجھتے ہیں میں چڑیوں کے لیے لکھتا ہوں"

جواب: انتظار حسین۔

سوال ۹۶: یہ کس مشہور شاعر نے کہا تھا کہ؟
"فقیر کے اشعار باوجود رتبہ شاعری اور نتیجہ ظاہری کے نتائج نہیں ہیں۔ فقیر نے کبھی شعر آورد سے موزوں نہیں کیا اور نہ اس میں مستغرق ہوا۔ کبھی کسی کی مدح نہیں کی نہ ہجو لکھی اور فرمائش سے شعر نہیں کہا"۔

جواب: خواجہ میر درد نے۔

سوال ۹۷: ناسخ کے بارے میں کس کا قول ہے؟
"ناسخ بلاشبہ ایک اچھے اور پاکیزہ طرز کا ناسخ اور ایک بھونڈے طرز کے موجد ہیں۔ ان کے کلام میں نہ نمکینی ہے نہ شیرنی!"

جواب: مولوی عبدالحق۔

سوال ۹۸: "جس شاعری کی ابتداء "ہمالہ" ہو اس کی انتہا کیا ہوگی" یہ قول کس ادیب کا ہے علامہ اقبال کی شاعری کے حوالے سے؟

جواب: مولوی عبدالحق۔

سوال ۹۹: ڈاکٹر سلیم اختر کی مشہور کتاب "اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ" کے بارے میں انتظار حسین نے کیا کہا تھا؟

جواب: "اردو ادب کی تاریخ کیا لکھی ہے چاول پر قل ھو اللہ تحریر کی ہے"۔

سوال ۱۰۰: "اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ" کے بارے میں مشفق خواجہ نے کیا کہا تھا؟

جواب: "یہ مختصر ترین تاریخ اردو کی مقبول ترین کتاب بھی بن گئی ہے۔ آب حیات کے بعد یہ دوسری مقبول تاریخ ادب ہے جو متعدد بار شائع ہوئی، کسی تنقیدی کتاب کا اس درجہ مقبول ہونا بذات خود تاریخ ادب کا ایک اہم وقوعہ ہے"۔

سوال ۱۰۱: یہ قول کس مشہور شخصیت کا ہے؟
"اگر ولی "بابائے ریختہ" ہے تو حالی "بابائے ادب" ہے"۔

جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی کا۔

سوال ۱۰۲: ڈاکٹر عطش درانی کے بارے میں یہ کس نے کہا تھا؟
"ہم اپنی زندگی ہی میں ستر برس بعد ایک اور وحید الدین سلیم کو دیکھ رہے ہیں۔ یہ سلیم ثانی جدید اصطلاحات سازی کو سامنے لا رہا ہے۔

جواب: ڈاکٹر رضی الدین صدیقی۔

سوال ۱۰۳: الطاف حسین حالی نے وحید الدین سلیم پانی پتی سے سید غوث علی شاہ قلندری قادری کے بارے میں کیا کہا تھا؟

جواب: "ہم نے تمام عمر میں تین صاحب کمال بزرگ دیکھے ہیں۔ شاعروں میں جناب مرزا اسد اللہ خان غالب، مدبروں میں سرسید احمد خان اور فقراء میں مولانا سید غوث علی شاہ"۔

☆☆☆

سوال ۳۱: علامہ اقبال کی مشہور نظم "ذوق وشوق" ان کے کس اردو مجموعے میں ہے؟
جواب: علامہ اقبال کے دوسرے اردو شعری مجموعہ "بال جبریل" میں۔
سوال ۳۲: اردو کا مشہور ناول "بستی" کس کی تخلیق ہے؟
جواب: انتظار حسین کی۔
سوال ۳۳: اردو کے کس افسانہ نگار نے "تصوف اور دانش" پر بھی لکھا تھا؟
جواب: اشفاق احمد نے۔
سوال ۳۴: "پاکستان میں اردو ادب سال بہ سال" کس کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر کی۔
سوال ۳۵: کسی لفظ پر واؤ سے پہلے پیش ہو تو کیا ہوتا ہے؟
جواب: واؤ معروف۔
سوال ۳۶: "شب رفتہ" کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟
جواب: مجید امجد کا۔
سوال ۳۷: اردو کے کس ناول میں "حرام وحلال" کا تصور پیش کیا گیا ہے؟
جواب: بانو قدسیہ کے ناول "راجہ گدھ" میں۔
سوال ۳۸: دو مضامین کا مجموعہ "آواز دوست" کا مصنف کون ہے؟
جواب: مختار مسعود۔
سوال ۳۹: حکومت نے اردو کی کس مشہور کتاب کو ضبط کیا تھا؟
جواب: "انگارے" افسانوں کے مجموعہ کو ۱۹۳۲ میں ضبط کیا تھا۔
سوال ۴۰: خطوط کا مجموعہ "عود ہندی" کس مشہور شاعر کا ہے؟
جواب: مرزا غالب کا۔
سوال ۴۱: طالب بنارسی کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: ڈرامہ نگاری۔
سوال ۴۲: "کشاف تنقیدی اصطلاحات" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ابوالاعجاز حفیظ صدیقی۔
سوال ۴۳: قصیدے کے لغوی معنی کیا ہے؟
جواب: ارادہ کرنا یا قصد کرنا۔
سوال ۴۴: اردو کی مشہور آپ بیتی خود نوشت "گرد راہ" کا خالق کون ہے؟
جواب: اختر حسین رائے پوری۔
سوال ۴۵: "غزل کو نیم وحشی" اردو کے کس نقاد نے کہا تھا؟
جواب: کلیم الدین احمد نے۔
سوال ۴۶: "مباحث" اردو کے کس نقاد کی تنقیدی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ کی۔

سوال ۴۷: یہ قول اردو کی کس مشہور شخصیت کا ہے؟ کہ "غزل اردو شاعری کی آبرو ہے"۔
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی کا۔
سوال ۴۸: ڈراما "سفید خون" کس مشہور ڈرامہ نگار کا ہے؟
جواب: آغا حشر کاشمیری کا۔
سوال ۴۹: اردو ادب میں کشور ناہید کی وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: شعر و شاعری۔
سوال ۵۰: ناول "نوابی دربار" کا خالق کون ہے؟
جواب: سید محمد آزاد۔
سوال ۵۱: مشہور کتاب "انوار سہیلی" کس زبان میں لکھی گئی تھی؟
جواب: فارسی زبان میں۔
سوال ۵۲: "گمان کا ممکن" مشہور کتاب کا خالق کون ہے؟
جواب: ن۔م راشد۔
سوال ۵۳: اردو کی کس مشہور شخصیت نے اپنی کتابوں کے ذریعے نفسیاتی مسائل پیش کیے ہیں؟
جواب: بانو قدسیہ نے۔
سوال ۵۴: اردو کی مشہور آزاد نظم "آٹوگراف" کا شاعر کون ہے؟
جواب: مجید امجد۔
سوال ۵۵: خواجہ معین الدین کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: ڈرامہ نگاری۔
سوال ۵۶: اردو کا مشہور سفر نامہ جو کہ حج پر لکھا گیا ہے۔ "لبیک" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ممتاز مفتی۔
سوال ۵۷: اردو کی مشہور کتاب "پنجاب میں اردو" کب لکھی گئی؟
جواب: حافظ محمد شیرانی نے ۱۹۲۸ میں لکھی تھی۔
سوال ۵۸: اردو کا پہلا سفر نامہ "عجائبات فرنگ" کا خالق کون ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: یوسف خان کمبل پوش نے ۱۸۴۷ میں شائع کیا تھا۔
سوال ۵۹: حکیم احمد شجاع کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: ڈرامہ نگاری۔
سوال ۶۰: "تعصبات" تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے آپ اس کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: پروفیسر فتح محمد ملک۔
سوال ۶۱: "سندھ میں اردو" کا نظریہ کس ادیب کا پیش کردہ ہے؟
جواب: سید سلیمان ندوی کا نظریہ ہے۔
سوال ۶۲: اردو کا شعری مجموعہ "دیوان" جس میں صرف غزلیں ہیں اس کا شاعر کون ہے؟
جواب: ناصر کاظمی۔

سوال ۶۳: اردو کے کس ناول نگار نے انڈین پینل کوڈ کا اردو ترجمہ ''تعزیرات ہند'' کے نام سے کیا تھا؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد نے۔
سوال ۶۴: مجموعہ کلام ''حرف باریاب'' کس شاعر کا ہے؟
جواب: افتخار عارف کا۔
سوال ۶۵: اردو کے کس شاعر اور نقاد نے مغربی پیروی کی تھی؟
جواب: محمد حسین آزاد نے۔
سوال ۶۶: خودنوشت ''چراغوں کا دھواں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: انتظار حسین۔
سوال ۶۷: اردو کے کس مشہور شاعر کو ''شاعر انقلاب'' کہا جاتا ہے؟
جواب: جوش ملیح آبادی کو۔
سوال ۶۸: شاعری کا مجموعہ ''برگ نے'' کس شاعر کا پہلا مجموعہ کلام ہے؟
جواب: ناصر کاظمی کا۔
سوال ۶۹: اردو کا مشہور کردار ''سیمی'' کس نے اور کس ناول کے لیے تخلیق کیا تھا؟
جواب: بانو قدسیہ نے ناول ''راجہ گدھ'' کے لیے۔
سوال ۷۰: ''سیر المصنفین'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد یحییٰ امان۔
سوال ۷۱: یہ مصرعہ اردو شاعری کی کونسی صنف سے تعلق رکھتا ہے؟
''سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل''
جواب: قصیدہ کا۔
سوال ۷۲: اردو کا مشہور ناول ''امراؤ جان ادا'' کا خالق کون ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: مرزا ہادی رسوا نے ۱۹۰۱ میں شائع کیا تھا۔
سوال ۷۳: اردو کے کس رسالے نے رومانی تحریک کے بارے میں سب سے زیادہ لکھا تھا؟
جواب: شیخ عبدالقادر کے رسالے ''مخزن'' نے۔
سوال ۷۴: افسانوی مجموعہ ''کپاس کا پھول'' کا مصنف کونسا شاعر ہے؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال ۷۵: ناول ''خون جگر ہونے تک'' کس کا مشہور ناول ہے؟
جواب: فضل احمد کریم فضلی کا۔
سوال ۷۶: تنقیدی مضامین کا مجموعہ ''معیار'' کس کی تخلیق ہے؟
جواب: ممتاز شیریں کی۔
سوال ۷۷: ڈرامہ نگار، افسانہ نگار اور جنسیت کے بارے میں کون مشہور ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو۔

سوال ۷۸: حافظ لدھیانوی کا تعلق اردو کی کس صنف سے ہے؟
جواب: نعت گو۔
سوال ۷۹: افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو۔
سوال ۸۰: اردو کی مشہور صنف ''ڈراما'' کا لغوی معنی کیا ہے؟
جواب: کر کے دکھانا۔
سوال ۸۱: سفرنامہ ''سات سمندر پار'' کس خاتون سفرنامہ نگار کا ہے؟
جواب: بیگم اختر ریاض الدین کا۔
سوال ۸۲: ترقی پسند تحریک نے اردو شاعری کی کس صنف کو اہمیت دی تھی؟
جواب: ''نظم'' کو پروان چڑھایا۔
سوال ۸۳: ''چاند چہرہ ستارہ آنکھیں'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: عبیداللہ علیم کی۔
سوال ۸۴: قیام پاکستان کے بعد کس مشہور شاعر اور نثر نگار نے مزاحیہ ادب میں نام کمایا؟
جواب: سید ضمیر جعفری نے۔
سوال ۸۵: ''شہاب نامہ'' خودنوشت آپ بیتی کس مشہور ادیب کی ہے؟
جواب: قدرت اللہ شہاب کی۔
سوال ۸۶: اردو میں سب سے پہلے ہجو نگاری کا آغاز کس شاعر نے کیا؟
جواب: مرزا رفیع سودا نے۔
سوال ۸۷: نظمیں ''استانزے'' اور ''نقش کف پا'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: جیلانی کامران۔
سوال ۸۸: اردو کے کس مشہور شاعر نے اپنے اردو مجموعہ کلام کو بے رنگ کہا تھا؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال ۸۹: ناول ''ڈاکیا اور جولاہا'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال ۹۰: تشبیہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟
جواب: پانچ ارکان ہوتے ہیں۔
سوال ۹۱: ''بیسویں صدی اور اردو مرثیہ نگاری'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر ہلال نقوی۔
سوال ۹۲: علامہ اقبال کی کتاب ''اسرار خودی'' کا انگریزی زبان میں ترجمہ کس نے اور کب کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر اے آر نکلسن نے ۱۹۲۰ میں ترجمہ کیا تھا۔
سوال ۹۳: ''دیوان غالب...... نسخہ خواجہ'' کا مرتب کون ہے؟
جواب: خواجہ معین الدین۔

سوال ۹۴: تحریک اصلاحِ زبان کا دور کن شعراء کا دور کہلاتا ہے؟
جواب: مظہر جانِ جاناں، شاہ مبارک آبرو اور خان آرزو کا دور۔
سوال ۹۵: انجمن ترقی اردو پاکستان کے تحت کونسا جریدہ شائع ہوتا ہے؟
جواب: ''قومی زبان'' کے نام سے۔
سوال ۹۶: ناول ''آگے سمندر ہے'' کا خالق کونسا ادیب ہے؟
جواب: انتظار حسین۔
سوال ۹۷: اردو کا ادبی جریدہ ''روشنائی'' کراچی سے کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: محمد زین الدین نے۔
سوال ۹۸: مضامین کا مجموعہ ''وقت کی راگنی'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد حسن عسکری۔
سوال ۹۹: محمد حسین آزاد نے اردو کی پہلی تصنیف کس کتاب کو قرار دیا ہے؟
جواب: فضلی کی ''دہ مجلس یا کربل کتھا'' کو۔
سوال ۱۰۰: طویل نظم ''آئینہ خانہ'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: اختر حسین جعفری۔
سوال ۱۰۱: ہندوستان میں اردو کی سب سے پہلی مطبوعہ کتاب کونسی ہے؟
جواب: میر امن کی ''باغ و بہار''۔
سوال ۱۰۲: ''تاثرات اور تعصبات'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: نذیر صدیقی۔
سوال ۱۰۳: استعارے کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟
جواب: آٹھ ارکان۔
سوال ۱۰۴: علامہ اقبال کے خطوط کا مجموعہ ''خطوطِ اقبال'' کا مرتب کون ہے؟
جواب: رفیع الدین ہاشمی۔
سوال ۱۰۵: بیجاپور کے بادشاہ علی عادل شاہ کا تخلص کیا تھا؟
جواب: ''شاہی'' تخلص تھا۔
سوال ۱۰۶: نظم ''مشرق'' کس شاعر کی تخلیق کردہ ہے؟
جواب: سلیم احمد کی۔
سوال ۱۰۷: لف و نشر کے کیا معنی ہیں؟
جواب: لپیٹنا اور پھیلانا۔
سوال ۱۰۸: اردو کا ''پہلا گیت نگار'' کس شاعر کو تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: عظمت اللہ خان۔
سوال ۱۰۹: انجمن پنجاب لاہور کا قیام کب عمل میں لایا گیا تھا؟
جواب: ۲۱۔ جنوری ۱۸۶۵ء میں؟

سوال ۱۱۰: سفر نامہ ''سفر حجاز'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: الیاس برنی۔
سوال ۱۱۱: نظم ''ساقی نامہ'' علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
جواب: ''بالِ جبریل'' میں۔
سوال ۱۱۲: اردو کا مشہور ناول ''بہاؤ'' کا مصنف ایک سفرنامہ نگار بھی ہے نام بتائیے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال ۱۱۳: ماہنامہ ''تشکیل'' پاکستان کے کس شہر سے شائع ہوتا ہے اور یہ کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: ۱۹۹۰ء میں احمد ہمیش نے کراچی سے جاری کیا۔
سوال ۱۱۴: افسانوی مجموعہ ''اجلے پھول'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اشفاق احمد۔
سوال ۱۱۵: موجودہ اردو کس خط میں لکھی جاتی ہے؟
جواب: خطِ نستعلیق میں۔
سوال ۱۱۶: اردو کا پہلا مشہور تذکرہ ''نکات الشعراء'' کس شاعر کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: میر تقی میر کا۔
سوال ۱۱۷: اردو شاعری کا بابا آدم کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ولی دکنی کو۔
سوال ۱۱۸: ''کاشف الحقائق'' کس ادیب کی تنقیدی کتاب ہے؟
جواب: امداد امام اثر کی۔
سوال ۱۱۹: اردو کی سب سے پہلی غزل کس شاعر نے لکھی تھی؟
جواب: امیر خسرو نے۔
سوال ۱۲۰: سجاد ظہیر نے ''لندن کی ایک رات'' کے نام سے ناولٹ لکھا تھا آپ بتایئے کہ ''آگ کا دریا'' کس ادیب کا مشہور ناول ہے؟
جواب: قرۃ العین حیدر کا۔
سوال ۱۲۱: ناول کس زبان سے نکلا ہے؟
جواب: لاطینی زبان سے۔
سوال ۱۲۲: اردو کے کس ناول میں ایک سے زیادہ شادی کے نقصانات بیان کیے گئے ہیں؟
جواب: عبدالماجد دریا آبادی کے ناول ''زود پشیماں'' میں۔
سوال ۱۲۳: یہ مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرہ خوں نہ نکلا

جواب: خواجہ حیدر علی آتش کا۔

سوال ۱۲۴: احمد ندیم قاسمی کے زیرِ ادارت کونسا ادبی جریدہ شائع ہوتا تھا؟

جواب: رسالہ "فنون" لاہور سے۔

سوال ۱۲۵: "چیونٹی نامہ" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: حفیظ جالندھری کا

سوال ۱۲۶: اُردو کی پہلی نثری تصنیف کونسی ہے اور اس کا خالق کون ہے؟

جواب: "سب رس" ملا وجہی نے ۱۶۳۵ء میں تصنیف کی تھی۔

سوال ۱۲۷: "دکن میں اُردو" کا مصنف کون ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟

جواب: ۱۹۲۳ء میں نصیر الدین ہاشمی نے شائع کی تھی۔

سوال ۱۲۸: ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال
ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو
مندرجہ بالا شعر کا خالق شاعر کون ہے؟

جواب: مرزا غالب۔

سوال ۱۲۹: "اس نظم میں" کس کی کتاب ہے؟

جواب: میرا جی۔

سوال ۱۳۰: اردو غزل کا آغاز ہندوستان کے کس علاقے سے ہوا؟

جواب: شمالی ہند سے۔

سوال ۱۳۱: "مقدمہ تاریخ زبان اردو" کس نقاد کی تنقیدی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر مسعود حسن کی۔

سوال ۱۳۲: یہ مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟
اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

جواب: محمد ابراہیم ذوق۔

سوال ۱۳۳: میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں
تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

جواب: مصطفیٰ زیدی کا۔

سوال ۱۳۴: اردو کے کس مشہور شاعر کو "رئیس المتغزلین" کہا جاتا ہے؟

جواب: حسرت موہانی کو۔

سوال ۱۳۵: "اقبال معاصرین کی نظر میں" کس کی کتاب ہے؟

جواب: سید وقار عظیم کی۔

سوال ۱۳۶: اردو کا عوامی شاعر کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: نظیر اکبرآبادی کو۔

سوال ۱۳۷: "شہاب کی سرگزشت" کا مصنف کون ہے؟

جواب: نیاز فتح پوری۔

سوال ۱۳۸: اردو کی مشہور شخصیت ابن انشاء کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: شیر محمد خان۔

سوال ۱۳۹: "شعر اقبال" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: سید عابد علی عابد۔

سوال ۱۴۰: اُردو ادب میں "ادب برائے زندگی" کے نظریہ کا بانی کون ہے؟

جواب: الطاف حسین حالی۔

سوال ۱۴۱: "دشتِ وفا" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب: احمد ندیم قاسمی۔

سوال ۱۴۲: اردو کے مشہور شاعر اختر شیرانی کا اصل نام بتایئے؟

جواب: محمد داؤد۔

سوال ۱۴۳: اردو کا مشہور ڈرامہ "ننگے پاؤں" کا خالق کون ہے؟

جواب: اشفاق احمد۔

سوال ۱۴۴: مندرجہ ذیل شعر کا شاعر کون ہے؟
قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

جواب: مولانا محمد علی جوہر۔

سوال ۱۴۵: یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟
کون کہتا ہے کہ موت آئی تو میں مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

جواب: احمد ندیم قاسمی کا۔

سوال ۱۴۶: "مشرق و مغرب کے نغمے" کا خالق کونسا شاعر ہے؟

جواب: میرا جی۔

سوال ۱۴۷: اردو ادب میں جاسوسی ناول کو کس نے متعارف کرایا تھا؟

جواب: ظفر عمر نے۔

سوال ۱۴۸: "اقبال نئی تشکیل" کا مصنف کون ہے؟

جواب: عزیز احمد۔

سوال ۱۴۹: افسانوی مجموعے "انگارے" کے افسانہ نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب: سجاد ظہیر، احمد علی، رشید جہاں اور محمود الظفر۔

سوال ۱۵۰: تنقیدی کتاب ''نئے اور پرانے چراغ'' کا نقاد مصنف کون ہے؟
جواب: پروفیسر آل احمد سرور۔
سوال ۱۵۱: منظوم ڈراما کیا کہلاتا ہے؟
جواب: اوپیرا۔
سوال ۱۵۲: شعری مجموعے ''نغمہ زار'' اور ''سوز و ساز'' کا خالق شاعر کون ہے؟
جواب: حفیظ جالندھری۔
سوال ۱۵۳: ''گریز'' اردو شاعری کی کس صنف کا حصہ ہے؟
جواب: قصیدہ کا۔
سوال ۱۵۴: ''اقبال کے آخری دو سال'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: عاشق حسین بٹالوی۔
سوال ۱۵۵: ''بیت الغزل'' غزل کے کس شعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: غزل کا سب سے اچھا شعر ''بیت الغزل'' کہلاتا ہے۔
سوال ۱۵۶: دل ولی کا لے لیا دلی نے چھین
جا کہو کوئی محمد شاہ سوں
اردو کا مشہور مندرجہ بالا شعر کا خالق کون ہے؟
جواب: ولی دکنی۔
سوال ۱۵۷: شغل بہتر ہے عشق بازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا
مندرجہ بالا شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟
جواب: ولی دکنی کا۔
سوال ۱۵۸: سفرنامہ ''سمندر میں محراب'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر اجمل نیازی۔
سوال ۱۵۹: مرثیہ کے لیے کونسی ہیئت لازم ہے؟
جواب: مسدس۔
سوال ۱۶۰: مثنوی ''بحرِ عشق'' اور ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: غواصی۔
سوال ۱۶۱: علامہ اقبال کے نزدیک انسانی خودی کس چیز سے کمزور ہوتی ہے؟
جواب: سوال کرنے سے۔
سوال ۱۶۲: ''شگوفۂ محبت'' کس مزاح نگار کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: مرزا رجب علی بیگ سرور۔
سوال ۱۶۳: علامہ اقبال نے نظم ''نالۂ فراق'' کس کی یاد میں لکھی تھی؟
جواب: پروفیسر آرنلڈ کی یاد میں۔

سوال ۱۶۴: ''علمی نقوش'' کس مصنف کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کی۔
سوال ۱۶۵: ''تشبیب'' اردو کی کس صنف کا جزو ہے؟
جواب: قصیدہ کا۔
سوال ۱۶۶: تذکرہ ''مخزن نکات'' کا خالق کون ہے یہ کب شائع ہوا تھا؟
جواب: قیام الدین قائم چاندپوری نے ۱۷۵۵ء میں شائع کیا۔
سوال ۱۶۷: علامہ اقبال نے خطبہ الٰہ آباد کب پیش کیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۰ء میں۔
سوال ۱۶۸: کل پاؤں اک کاسۂ سر پر جو آ گیا
یکسر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
شاعر کا نام بتایئے؟
جواب: میر تقی میر۔
سوال ۱۶۹: علامہ اقبال کی پہلی نثری تصنیف کونسی ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟
جواب: معیشت کے موضوع پر ''علم الاقتصاد''۔
سوال ۱۷۰: ''طشت مراز'' کس کی مشہور تخلیق ہے؟
جواب: قاضی عارف حسین کی۔
سوال ۱۷۱: اردو کے کس مشہور شاعر کو ''خاقانی ہند'' کہا جاتا ہے؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق کو۔
سوال ۱۷۲: ''مجموعہ'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟
جواب: احمد مشتاق کا۔
سوال ۱۷۳: عبدالحلیم شرر نے اپنے کس ناول میں ''فرقہ باطنیہ'' کا ذکر کیا ہے؟
جواب: ناول ''فردوسِ بریں'' میں۔
سوال ۱۷۴: تنقیدی مضامین کا مجموعہ ''ایلیٹ کے مضامین'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی۔
سوال ۱۷۵: الطاف حسین حالی کو ''بھلا مانس غزل گو'' اردو کے کس نقاد نے کہا تھا؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ نے۔
سوال ۱۷۶: ''غالب کا علمی سرمایہ'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کی۔
سوال ۱۷۷: شاعری کو ''مرصع سازی'' کس نے قرار دیا تھا؟
جواب: خواجہ حیدر علی آتش نے۔
سوال ۱۷۸: ''کاروانِ وجود'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: نثار عزیز بٹ۔

سوال۱۷۹: ''غزل کو انجانا کی انتہا پر'' اردو کے کس نقاد نے کہا تھا؟
جواب: کلیم الدین احمد نے۔
سوال۱۸۰: ''آندھی میں صدا'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مرزا ادیب۔
سوال۱۸۱: درج ذیل شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل
کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا

جواب: مرزا غالب کا۔
سوال۱۸۲: پاکستانی ادب کا نعرہ کس ادیب نے بلند کیا تھا؟
جواب: محمد حسن عسکری نے۔
سوال۱۸۳: شاہ حاتم کے دیوان کا نام بتایئے اور یہ کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ''دیوان زادہ'' کے نام سے ۱۹۷۰ء میں۔
سوال۱۸۴: زبان کے مروج سانچے سے بیزاری کے حوالے سے کس ادیب کا نام اہم ہے؟
جواب: افتخار جالب کا۔
سوال۱۸۵: شاعری کا مجموعۂ کلام ''غزلیں، دوہے، گیت'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: جمیل الدین عالی۔
سوال۱۸۶: مثنوی ''بوستان خیال'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
جواب: سراج اورنگ آبادی۔
سوال۱۸۷: اردو ادب میں جمود کا نعرہ کس ادیب نے بلند کیا تھا؟
جواب: محمد حسن عسکری نے۔
سوال۱۸۸: مثنوی ''طوطی نامہ'' کس شاعر کی مثنوی ہے؟
جواب: غواصی کی۔
سوال۱۸۹: اردو کے مشہور افسانہ نگار غلام عباس کا طرز تحریر کس قسم کا ہے؟
جواب: نفسیاتی انداز کا۔
سوال۱۹۰: مثنوی ''زہر عشق'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
جواب: مرزا شوق کی۔
سوال۱۹۱: سب سے پہلے اردو زبان کو کس بزرگ عالم نے ''زبان دہلوی'' کہا تھا؟
جواب: شیخ بہاؤالدین باجن نے۔
سوال۱۹۲: ''صنم خانۂ عشق'' کس شاعر کے دیوان کا نام ہے؟
جواب: امیر مینائی کا۔
سوال۱۹۳: ''اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ'' میں کس شاعر کو چھٹکے باز شاعر کہا گیا ہے؟
جواب: نظیر اکبرآبادی کو۔

سوال۱۹۴:

دلی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے تھے منتخب ہی جہاں روزگار کے

یہ مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟
جواب: میر تقی میر کا۔
سوال۱۹۵: ''آئینے کا آدمی'' کس کی کتاب ہے؟
جواب: شہزاد قیصر۔
سوال۱۹۶: ''حلقہ ارباب ذوق'' کا پہلے کیا نام تھا؟
جواب: بزم داستاں گویاں۔
سوال۱۹۷: فیض احمد فیض کا پہلا شاعری کا مجموعہ کونسا ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: ''نقش فریادی'' ۱۹۴۱ء میں شائع ہوا۔
سوال۱۹۸: ''اردو ناول کے چند اہم زاویے'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: خالد شریف۔
سوال۱۹۹: وہ مجموعہ اشعار جس میں الف بائی ترتیب سے ردیف اور قافیہ وار غزلیں ہوں تو وہ کیا کہلاتا ہے؟
جواب: دیوان۔
سوال۲۰۰:

اس غیرت ناہید کی ہر تان ہے دیپک
شعلہ سا لپک جائے ہے آواز تو دیکھو

اس شعر کے شاعر کا نام بتایئے؟
جواب: مومن خان مومن۔
سوال۲۰۱: ''سرگزشت الفاظ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مولوی احمد دین۔
سوال۲۰۲: اردو کے کس شاعر نے شاہی ملازمت چھوڑ کر درویشی اختیار کی تھی؟
جواب: خواجہ ناصر عندلیب نے۔
سوال۲۰۳: اردو کا مشہور مضمون ''بارے آلو کا بیان ہو جائے'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مشتاق احمد یوسفی۔
سوال۲۰۴: اردو انشائیہ کی ترویج و اشاعت میں کس پرچے نے اہم کردار ادا کیا؟
جواب: رسالہ ''اوراق'' نے۔
سوال۲۰۵: مثنوی ''سحرالبیان'' کا خالق کون سا شاعر ہے؟
جواب: میر حسن۔
سوال۲۰۶: درج ذیل شعر کا خالق کون ہے؟

شور برپا ہے خانۂ دل میں
اک دیوار سی گری ہے ابھی

جواب: ناصر کاظمی۔

سوال ۲۰۷: مثنوی ''علی نامہ'' کس شاعر کی مشہور مثنوی ہے؟
جواب: نصرتی کی۔
سوال ۲۰۸: اردو کا مشہور افسانہ ''آپا'' کس نے تخلیق کیا تھا؟
جواب: ممتاز مفتی کا یہ افسانہ ان کے افسانوی مجموعے ''ان کہی'' میں شامل ہے۔
سوال ۲۰۹: یہ مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟

یادِ ماضی عذاب ہے یا رب
چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

جواب: اختر انصاری دہلوی۔
سوال ۲۱۰: شعری مجموعہ ''گلیاں، دھوپ، دروازے'' کس شاعرہ کا ہے؟
جواب: کشور ناہید کا۔
سوال ۲۱۱: ''حلقہ اربابِ ذوق'' کا فعال رکن اردو کا کونسا مشہور شاعر تھا؟
جواب: میراجی۔
سوال ۲۱۲: اردو کی مشہور کتاب ''نرگس اور کیکٹس'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔
سوال ۲۱۳: اردو کے کس شاعر کے ہاں آسیب زدہ جنگل اور خوف کی فضا ملتی ہے؟
جواب: منیر نیازی کے ہاں۔
سوال ۲۱۴: بانو قدسیہ نے قدرت اللہ شہاب کی زندگی پر کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب: مرد ابریشم۔
سوال ۲۱۵: اردو کی مشہور کتاب ''املا نامہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر گوپی چند نارنگ۔
سوال ۲۱۶: ''اردو ادب کی تاریخیں'' کس کی مشہور و معروف کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر گیان چند جین کی۔
سوال ۲۱۷: ''حیفہ جی''، ''وانچو'' اور ''نیل کنٹھ'' کس کے افسانوں کے کردار ہیں؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال ۲۱۸: ''احوال و نقدِ غالب'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: پروفیسر یوسف سلیم چشتی۔
سوال ۲۱۹: عبادت بریلوی تنقید کے کس دبستان سے تعلق رکھتے تھے؟
جواب: تاثراتی تنقید کے۔
سوال ۲۲۰: ترقی پسند تحریک کی تاریخ کے طور پر سجاد ظہیر نے کس نام سے کتاب لکھی تھی؟
جواب: ''روشنائی'' کے نام سے۔

سوال ۲۲۱: یہ قول کس نقاد کا ہے؟
''امراؤ جان ادا لکھنؤ کی زوال شدہ معاشرے کی آئینہ دار ہے۔''
جواب: ڈاکٹر میمونہ انصاری۔
سوال ۲۲۲: ''بزمِ خوش نفساں'' کا مصنف کون سا مشہور ادیب ہے؟
جواب: شاہد احمد دہلوی۔
سوال ۲۲۳: ''حاکم'' کی جمع بتائیے؟
جواب: حکام۔
سوال ۲۲۴: ''تحقیق نامہ'' کے نام سے کس ادیب نے کتاب لکھی تھی؟
جواب: مشفق خواجہ نے۔
سوال ۲۲۵: ''اقبال شناسی اور فنون'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔
سوال ۲۲۶: ''گھر سے گھر تک'' افسانوی مجموعہ کس کا ہے؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال ۲۲۷: ''بدن دریدہ'' کے نام سے کس نے کتاب شائع کی تھی؟
جواب: فہمیدہ ریاض نے۔
سوال ۲۲۸: ''2+2=5'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شمیم احمد۔
سوال ۲۲۹: ''معجزات رسول ﷺ'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟
جواب: حافظ محمد اسحاق دہلوی۔
سوال ۲۳۰: علامہ اقبال کی زندگی پر لکھی گئی ''زندہ رود'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر جاوید اقبال نے اسے تین حصوں میں لکھا ہے۔
سوال ۲۳۱: ''رودِ کوثر''، ''موجِ کوثر'' اور ''آبِ کوثر'' کس مشہور شخصیت کی کتب ہیں؟
جواب: شیخ محمد اکرام کی۔
سوال ۲۳۲: اردو کا مشہور ناول ''الکھ نگری'' کس ناول نگار اور افسانہ نگار کا ہے؟
جواب: ممتاز مفتی کا۔
سوال ۲۳۳: ''جدید اردو غزل'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی کی۔
سوال ۲۳۴: ''تزکِ بابری'' کے نام سے کس نے اپنی آپ بیتی لکھی تھی؟
جواب: ظہیر الدین بابر نے۔
سوال ۲۳۵: اردو کا مشہور ناول ''آنگن'' کس خاتون ادیبہ کا ہے؟
جواب: خدیجہ مستور کا۔

سوال ۲۳۶: اردو کی مشہور خودنوشت آپ بیتی ''یادوں کی بارات'' کا خالق کون ہے؟
جواب: جوش ملیح آبادی۔
سوال ۲۳۷: نصیرالدین ہاشمی نے اردو کا پہلا مرثیہ نگار کسے قرار دیا ہے؟
جواب: اشرف بیابانی کو۔
سوال ۲۳۸: افسانوی مجموعہ ''دو ہاتھ'' کی مصنفہ کا نام بتایئے؟
جواب: عصمت چغتائی۔
سوال ۲۳۹: کس ادبی تحریک نے نظیر اکبر آبادی کی عوامیت کو نئے معنی پہنائے؟
جواب: ترقی پسند تحریک نے۔
سوال ۲۴۰: ''اردو افسانہ اور افسانہ نگار'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری۔
سوال ۲۴۱: مقدمہ نگاری اور دیباچہ نگاری کی صورت میں تنقید کے لیے کونسا ادیب مشہور ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق۔
سوال ۲۴۲: ''نیرنگ خیال'' اردو کے کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: محمد حسین آزاد کی۔
سوال ۲۴۳: اردو کے کس شاعر کی شاعری پر ہندی زبان کے اثرات نمایاں ہیں؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء کی شاعری میں۔
سوال ۲۴۴: اردو کا پہلا ناول ''مراۃ العروس'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد۔
سوال ۲۴۵: سرسید کو کس رسالے نے ''نیچریہ'' کا خطاب دیا تھا؟
جواب: ''اودھ پنچ'' نے۔
سوال ۲۴۶: ''انڈین شیکسپیئر'' اردو کے کس ڈرامہ نگار کو کہا جاتا ہے؟
جواب: آغا حشر کاشمیری کو۔
سوال ۲۴۷: کس ادیب نے اپنے آپ کو ''دلی کا روڑا'' کہا تھا؟
جواب: میر امن نے۔
سوال ۲۴۸: مثنوی ''عالم خیال'' کا خالق شاعر کون ہے؟
جواب: مرزا شوق قدوائی۔
سوال ۲۴۹: اس نظریہ کی تردید کس نے کی تھی کہ ''اردو برج بھاشا سے نکلی ہے''؟
جواب: حافظ محمود شیرانی نے۔
سوال ۲۵۰: مثنوی ''شاہنامہ اسلام'' کا خالق کونسا مشہور شاعر ہے؟
جواب: حفیظ جالندھری۔

سوال ۲۵۱: میر امن نے ''گنج خوبی'' کے نام سے کس کتاب کا اردو ترجمہ کیا تھا؟
جواب: ''اخلاق محسنی'' کا جس کا مصنف ملا حسین واعظ کاشفی ہے۔
سوال ۲۵۲: اردو کے مشہور انشائیوں کے مجموعے ''سمندر اگر میرے اندر گرے'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔
سوال ۲۵۳: میر محمد حسین عطا خان تحسین کے علاوہ اور کس نے ''قصہ چہار درویش'' کا ''نو طرز مرصع'' کے نام سے ترجمہ کیا تھا؟
جواب: محمد عوض زرین۔
سوال ۲۵۴: ''چاہِ خنداں'' کس ادیب کے انشائیوں کا پہلا مجموعہ ہے؟
جواب: محمد یونس بٹ۔
سوال ۲۵۵: اردو زبان کا قدیم ترین نام کیا ہے؟
جواب: ہندی/ ہندوی
سوال ۲۵۶: ''انشائیہ کی بنیاد'' کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔
سوال ۲۵۷: ''عجائب القصص'' شہزادہ شجاع الشمس اور ملکہ نگار کی داستان ہے آپ بتایئے اس کا مؤلف کون ہے اور اسے کب تالیف کیا گیا تھا؟
جواب: شاہ عالم آفتاب نے ۱۷۹۲ء میں تالیف کی تھی۔
سوال ۲۵۸: ڈاکٹر سہیل بخاری نے اردو کی پیدائش کا علاقہ کونسا قرار دیا ہے؟
جواب: مشرقی مہاراشٹر۔
سوال ۲۵۹: ''حدیث شوق'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: نذیر احمد دہلوی کی۔
سوال ۲۶۰: حیدر بخش حیدری نے اپنی کتاب ''آرائش محفل'' میں کونسا کردار تخلیق کیا تھا؟
جواب: ''حاتم طائی'' کا کردار۔
سوال ۲۶۱: اردو کی مشہور آپ بیتی ''خون بہا'' کا خالق کون ہے؟
جواب: حکیم احمد شجاع۔
سوال ۲۶۲: اردو میں سب سے پہلے مسدس کی ہیئت میں مرثیہ کس نے لکھا تھا؟
جواب: میر مہدی قیس ہریانوری نے۔
سوال ۲۶۳: نظم ''اندھیری رات کا مسافر'' کس شاعر کی تخلیق کردہ نظم ہے؟
جواب: اسرار الحق مجاز لکھنوی کی۔
سوال ۲۶۴: عین الحق فرید کوٹی نے اردو کا تعلق کس زبان سے بتایا ہے؟
جواب: دراوڑی زبان سے۔

سوال ۲۶۵: ناول "اندھیری رات کے مسافر" کا مصنف کون ہے؟
جواب: نسیم حجازی۔
سوال ۲۶۶: "مسدس حالی" پہلی بار کب شائع ہوئی تھی؟
جواب: ۱۸۷۹ء میں۔
سوال ۲۶۷: "شاخِ زیتون" کس ادیب کے انشائیوں کا مجموعہ ہے؟
جواب: جمیل آذر۔
سوال ۲۶۸: "بکٹ کہانی" ایک بارہ ماسہ ہے آپ شاعر کا نام بتائیے جو اس کا خالق ہے؟
جواب: محمد افضل جھنجھانوی۔
سوال ۲۶۹: "اندھیری رات کا تنہا مسافر" کے نام سے کس نے ناول لکھا تھا؟
جواب: شہزاد منظر۔
سوال ۲۷۰: میر تقی میر نے کس شاعر کے بارے میں کہا تھا کہ؟
"تم شعر کہنا کیا جانو، اپنے چوما چاٹی کر لیا کرو"
جواب: قلندر بخش جرأت کے بارے میں۔
سوال ۲۷۱: علامہ اقبال کی مشہور نظم "خضرِ راہ" ان کے کس مجموعے میں ہے؟
جواب: بانگِ درا۔
سوال ۲۷۲: "افسانہ حقیقت سے علامت تک" کس ادیب کی اہم کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر کی۔
سوال ۲۷۳: ہفتہ وار "اودھ پنچ" کے پہلے مدیر کون تھے اور یہ کب جاری ہوا تھا؟
جواب: منشی سجاد حسین پہلے مدیر تھے اور یہ ۱۸۷۷ء میں جاری ہوا تھا۔
سوال ۲۷۴: "گلی کوچے"، "شہر افسوس" اور "خیمے" کس کے افسانوں کے مجموعے ہیں؟
جواب: انتظار حسین۔
سوال ۲۷۵: اردو کا مشہور کردار "چچا عبدالباقی" کا خالق کون ہے؟
جواب: محمد خالد اختر۔
سوال ۲۷۶: "ڈرامے کا تاریخی پس منظر" کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد اسلم قریشی۔
سوال ۲۷۷: محمد حسین آزاد نے "آبِ حیات" میں "ولی دکنی" کا اصل نام کیا بتایا ہے؟
جواب: شمس الدین ولی اللہ۔
سوال ۲۷۸: سفرنامہ "دنیا گول ہے" کا خالق کون ہے؟
جواب: ابنِ انشاء۔
سوال ۲۷۹: فورٹ ولیم کالج ہندوستان کے کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟
جواب: کلکتہ میں۔

سوال ۲۸۰: ڈرامے "سفید خون" اور "یہودی کی لڑکی" کا مصنف کون ہے؟
جواب: آغا حشر کاشمیری۔
سوال ۲۸۱: فورٹ ولیم کالج میں ہندوستانی زبان کے پہلے سربراہ کون تھے؟
جواب: ڈاکٹر گلکرسٹ۔
سوال ۲۸۲: سعودی عرب کا سفرنامہ "شب جائے کہ من بودم" کا مصنف کون ہے؟
جواب: شورش کاشمیری۔
سوال ۲۸۳: مولوی اسماعیل میرٹھی کے بارے میں کس نے کہا تھا کہ؟
"حالی کے بعد اگر کسی نے سننے کے لائق کچھ کہا ہے تو وہ مولوی اسماعیل میرٹھی ہیں"۔
جواب: محمد شبلی نعمانی نے۔
سوال ۲۸۴: نظم "طلوعِ اسلام" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
جواب: بانگِ درا میں۔
سوال ۲۸۵: انشائیوں کا مجموعہ "شہرت کی خاطر" کا خالق کون ہے؟
جواب: نظیر صدیقی۔
سوال ۲۸۶: اردو کے کس مشہور شاعر کا اصل نام "فضل الحسن" ہے؟
جواب: حسرت موہانی کا۔
سوال ۲۸۷: "نئی نظم کے تقاضے" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: جیلانی کامران۔
سوال ۲۸۸: داستان "بوستانِ خیال" کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: خواجہ امان نے۔
سوال ۲۸۹: "شب خون" افسانہ کس افسانہ نگار اور ڈرامہ نگار کا تخلیق کردہ ہے؟
جواب: اشفاق احمد کا۔
سوال ۲۹۰: "انگارے" کے عنوان سے لکھی گئی کتاب کس صنفِ ادب کا مجموعہ ہے؟
جواب: افسانوی مجموعہ ہے۔
سوال ۲۹۱: "خامہ بگوش" کے قلمی نام سے کونسا مشہور ادیب لکھتا تھا؟
جواب: مشفق خواجہ۔
سوال ۲۹۲: ڈاکٹر طاہر تونسوی کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: حفیظ الرحمٰن۔
سوال ۲۹۳: "ابیات" کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: مشفق خواجہ۔
سوال ۲۹۴: ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب: اپریل ۱۹۳۶ء میں لکھنؤ میں جس کی پریم چند نے صدارت کی تھی۔

سوال ۳۱۰: قمر علی عباسی نے برطانیہ کے کس شہر کا سفرنامہ لکھا تھا؟
جواب: ''لندن لندن'' کے نام سے۔
سوال ۳۱۱: یہ قول کس مزاح نگار کا ہے؟ کہ ''کرنل محمد خان مزاح کا رونیل ہے''۔
جواب: مشتاق احمد یوسفی کا۔
سوال ۳۱۲: غلام عباس نے افسانہ ''آنندی'' کب لکھا تھا؟
جواب: ۱۹۳۲ء میں۔
سوال ۳۱۳: ''دھیرج گنج کا یادگار مشاعرہ'' کس کا مزاحیہ مضمون ہے؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔

دلی کا یادگار مشاعرہ

سوال ۳۱۴: ''بے چراغ بستی'' کس مشہور افسانہ نگار کا مجموعہ ہے؟
جواب: منصور قیصر کا۔
سوال ۳۱۵: ''خطوط غالب'' کا سب سے پہلا مجموعہ کب اور کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ''عود ہندی'' کے نام سے ۱۸۶۸ء میں۔
سوال ۳۱۶: ''تحریک مجاہدین'' کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: غلام رسول مہر۔
سوال ۳۱۷: ''ماہنامہ ''نیرنگ خیال'' نے ''اقبال نمبر'' کب شائع کیا تھا؟
جواب: ۱۹۳۲ء میں۔
سوال ۳۱۸: ''اڑتے خاکے'' کس ادیب کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟
جواب: سید ضمیر جعفری کا۔
سوال ۳۱۹: جمیل جالبی نے ''تاریخ ادب اردو'' کی پہلی جلد میں کس دور تک کو سمیٹا ہے؟
جواب: آغاز سے ۱۷۵۰ء تک۔
سوال ۳۲۰: خاکوں کا مجموعہ ''اوکھے لوگ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ممتاز مفتی۔
سوال ۳۲۱: اردو کے کس ناول نگار کو ''مصور غم'' کہا جاتا ہے؟
جواب: راشد الخیری کو۔
سوال ۳۲۲: حضور اکرم ﷺ کی سیرت پر بے نقط سیرت کی کتاب ''ہادی عالم'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: محمد ولی رازی۔
سوال ۳۲۳: سلیمان ندوی کی کتاب ''خطبات مدراس'' میں کتنے مضامین ہیں؟
جواب: یہ ۸ مضامین کا مجموعہ ہے۔
سوال ۳۲۴: ملا وجہی کا تعلق ہندوستان کے کس مشہور شہر سے تھا؟
جواب: دکن سے۔
سوال ۳۲۵: ''سندھ میں اردو'' کس خاتون کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شاہدہ بیگم کی۔

سوال ۳۲۶: جوش ملیح آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: شبیر حسن خان۔

سوال ۳۲۷: اردو کا نہایت مشہور ناول ''راجہ گدھ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: بانو قدسیہ۔

سوال ۳۲۸: عظیم بیگ چغتائی کی وجہ شہرت کیا تھی؟

جواب: مزاح نگاری۔

سوال ۳۲۹: سفرنامہ ''دھنک پر قدم'' کی خالق کون ہے؟

جواب: بیگم اختر ریاض الدین۔

سوال ۳۳۰: ناصر کاظمی کے پہلے مجموعۂ کلام کا نام بتایئے؟

جواب: برگ نے۔

سوال ۳۳۱: خاکوں کے مجموعے ''مکرم'' اور ''محترم'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: محمد طفیل۔

سوال ۳۳۲: اردو کی مشہور لغت ''فرہنگ عامرہ'' محمد عبداللہ خان خویشگی نے ۱۹۳۷ میں شائع کی تھی۔ آپ بتایئے ''اردو علمی لغت'' کا خالق کون ہے؟

جواب: وارث سرہندی۔

سوال ۳۳۳: ''مرزا غالب بندر روڈ پر'' اور ''تعلیم بالغاں'' کس کے مشہور ڈرامے ہیں؟

جواب: خواجہ معین الدین۔

سوال ۳۳۴: ''بلینک ورس'' کو اردو زبان میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: آزاد نظم۔

سوال ۳۳۵: ''اردو میں نعتیہ شاعری'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر رفیع الدین شوق۔

سوال ۳۳۶: ۱۹۶۵ کی پاک بھارت جنگ کے حوالے سے خدیجہ مستور نے کونسا افسانوی مجموعہ لکھا تھا؟

جواب: ٹھنڈا میٹھا پانی۔

سوال ۳۳۷: علامہ اقبال برطانیہ کس سن میں گئے تھے؟

جواب: ۱۹۰۵ میں۔

سوال ۳۳۸: ''خوب ترنگ'' کس شاعر کی صوفیانہ نظم ہے؟

جواب: خوب محمد چشتی کی۔

سوال ۳۳۹: فیض احمد فیض کہاں پیدا ہوئے تھے؟

جواب: سیالکوٹ میں۔

سوال ۳۴۰: ''خانہ بدوش''، ''ہنزہ داستان'' اور ''چپس'' کس کے سفرنامے ہیں؟

جواب: مستنصر حسین تارڑ کے۔

سوال ۳۴۱: ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر'' یہ مصرعہ کس کا ہے؟

جواب: حافظ شیرانی کا۔

سوال ۳۴۲: خودنوشت ''ہمہ یاراں دوزخ'' کے نام سے کس ادیب نے لکھی تھی؟

جواب: صدیق سالک نے۔

سوال ۳۴۳: ''باغ و بہار'' میں کس قسم کی داستان بیان کی گئی ہے؟

جواب: مافوق الفطرت عناصر کی۔

سوال ۳۴۴: قرۃ العین حیدر نے اپنی خودنوشت کس نام سے لکھی تھی؟

جواب: ''کار جہاں دراز ہے'' تین جلدوں میں۔

سوال ۳۴۵: ''مکافات عمل'' کس مشہور شاعر کا قصیدہ ہے؟

جواب: نظیر اکبر آبادی کا۔

سوال ۳۴۶: مثنوی ''خاور نامہ'' کا شاعر کون ہے؟

جواب: کمال خان رستمی۔

سوال ۳۴۷: جدت بیانی کس شاعر کا طرہ امتیاز ہے؟

جواب: مرزا غالب کا۔

سوال ۳۴۸: اردو کی تنقیدی کتاب ''کیفیہ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی۔

سوال ۳۴۹: مرزا غالب کو اردو کی نسبت کس زبان سے زیادہ لگاؤ تھا؟

جواب: فارسی زبان سے۔

سوال ۳۵۰: مثنوی ''رموز العارفین'' کا خالق کون ہے؟

جواب: عبدالقادر بیدل۔

سوال ۳۵۱: میر تقی میر کو تمام غزل گو شعراء کیا تسلیم کرتے تھے؟

جواب: استاد۔

سوال ۳۵۲: ''اقبال کا تصور تاریخ'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر راشد حمید نے اسے ۲۰۰۸ میں شائع کیا تھا۔

سوال ۳۵۳: اردو کے مشہور لغت ''فیروز اللغات'' ۱۹۵۳ میں مولوی فیروز الدین نے مرتب کر کے شائع کی تھی۔ آپ بتایئے کہ ''فرہنگِ حامدیہ'' کا مرتب کون ہے؟

جواب: مولوی عبدالمجید خان رامپوری۔

سوال ۳۵۴: ''مجید امجد کی داستان محبت'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر وزیر آغا۔

سوال ۳۵۵: محمد ابراہیم ذوق کس بادشاہ کے استاد تھے؟

جواب: بہادر شاہ ظفر کے۔

سوال ۳۵۶: اردو کی مشہور نظم ''اناؤنسر'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: مختار صدیقی۔
سوال ۳۵۷: ''خدا کی بستی'' پر شوکت صدیقی کو کس ادارے کی طرف سے پہلا انعام ملا تھا؟
جواب: آدم جی ادبی ایوارڈ۔
سوال ۳۵۸: ''ایک بھاشا دو لکھاوٹ دو ادب'' کا خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر گیان چند جین۔
سوال ۳۵۹: ''مسدس حالی'' کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: مدوجزر اسلام۔
سوال ۳۶۰: زوار کا واحد کیا ہوگا؟
جواب: ''زائر'' یعنی زیارت کرنے والا۔
سوال ۳۶۱: علامہ اقبال کا دوسرا اردو مجموعہ کلام کونسا ہے اور یہ کب شائع ہوا؟
جواب: ''بال جبریل'' یہ ۱۹۳۵ میں شائع ہوا۔
سوال ۳۶۲: افسانوی مجموعہ ''گواہی'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اعجاز راہی۔
سوال ۳۶۳: ابن خلدون کی کتاب ''مقدمہ'' کا پہلا ترجمہ کس زبان میں ہوا تھا؟
جواب: ترکی زبان میں۔
سوال ۳۶۴: ایم اے او کالج کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟
جواب: ۱۸۷۵ میں۔
سوال ۳۶۵: ارسطو کی کس کتاب کو عالمی شہرت حاصل ہوئی؟
جواب: ''سیاسیات'' کو۔
سوال ۳۶۶: ''محشر خیال'' کا مصنف اور خالق کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سجاد انصاری۔
سوال ۳۶۷: ''عطارد'' کے فرضی نام سے کونسے مزاحیہ شاعر شعر کہتے تھے؟
جواب: سید محمد جعفری۔
سوال ۳۶۸: ماہنامہ ''اوراق'' کا پہلا شمارہ کب شائع ہوا تھا؟
جواب: ۱۹۶۶ میں۔
سوال ۳۶۹: ''نائٹ برڈ'' کس بھارتی شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: کیفی اعظمی کو۔
سوال ۳۷۰: اردو میں امتزاجی تنقید کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا نے۔
سوال ۳۷۱: اردو کے پہلے رومانی نقاد کون ہیں؟
جواب: شبلی نعمانی۔

سوال ۳۷۲: گولکنڈہ میں اردو کا پہلا شاعر کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: محمد قلی قطب شاہ کو۔
سوال ۳۷۳: ''شاعر رسول ﷺ'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: حسان بن ثابتؓ کو۔
سوال ۳۷۴: غزل میں زیادہ سے زیادہ اشعار کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟
جواب: ۲۰ اشعار۔
سوال ۳۷۵: حضرت علیؓ کے خطبات ''نہج البلاغہ'' کے نام سے کس نے مرتب کیے تھے؟
جواب: علامہ شریف رضی نے۔
سوال ۳۷۶: ''مضامین پطرس'' کے اب تک کتنے مجموعے چھپ چکے ہیں؟
جواب: صرف ایک۔
سوال ۳۷۷: زبان کے اعتبار سے اردو کی سب سے مشکل کتاب کونسی ہے؟
جواب: فسانہ عجائب۔
سوال ۳۷۸: علامہ اقبال کا ظریفانہ کلام ان کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
جواب: ''بانگ درا'' کے آخری حصے میں۔
سوال ۳۷۹: الطاف حسین حالی کی نظم ''مناجات بیوہ'' کا کتنی زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے؟
جواب: بارہ زبانوں میں۔
سوال ۳۸۰: محمد حسین آزاد کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: انشاء پردازی۔
سوال ۳۸۱: علامہ اقبال کے مجموعہ کلام ''ضرب کلیم'' کا پہلے نام کیا رکھا گیا تھا؟
جواب: صور اسرافیل۔
سوال ۳۸۲: پطرس بخاری اردو کے علاوہ کس زبان میں مہارت رکھتے تھے؟
جواب: انگریزی زبان میں۔
سوال ۳۸۳: ''فسانہ عجائب'' کس کتاب کے جواب میں لکھی گئی تھی؟
جواب: ''باغ و بہار'' کے جواب میں۔
سوال ۳۸۴: اردو کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟
جواب: ترکی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی لشکر کے ہیں۔
سوال ۳۸۵: اردو کا مشہور کردار ''خوجی'' کس کتاب کا اہم کردار ہے؟
جواب: رتن ناتھ سرشار کی ''فسانہ آزاد'' کا۔
سوال ۳۸۶: سید سلیمان ندوی اردو کے کس نامور ادیب کے شاگرد تھے؟
جواب: شبلی نعمانی کے۔
سوال ۳۸۷: اردو کی پہلی تنقیدی کتاب کونسی ہے؟
جواب: مقدمہ شعر و شاعری۔

سوال۳۸۸: مرزا غالب ہندوستان کے کس شہر میں اور کب پیدا ہوئے تھے؟
جواب: ۱۷۹۷ء کو آگرہ میں۔
سوال۳۸۹: دنیا کی طویل ترین نظم کونسی ہے؟
جواب: مہابھارت۔
سوال۳۹۰: جرمنی کی پہلی ادیبہ کا نام بتائیے جس نے ۲۳۔ مارچ ۱۹۸۳ کو پاکستان کا اعزاز ''ہلال امتیاز'' پانے کا اعزاز حاصل کیا؟
جواب: این مری شمل۔
سوال۳۹۱: اردو کا عمر خیام کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: ریاض خیر آبادی کو۔
سوال۳۹۲: اردو خطوط میں مکالمہ نگاری کس نے شروع کی تھی؟
جواب: مرزا غالب نے۔
سوال۳۹۳: اردو کا مشہور رسالہ ''ساقی'' کس ادیب نے جاری کیا تھا؟
جواب: شاہد احمد دہلوی نے۔
سوال۳۹۴: ہائیکو کا آغاز کس ملک سے ہوا تھا؟
جواب: جاپان سے۔
سوال۳۹۵: آغا حشر اردو ادب میں کس حوالے سے مشہور ہیں؟
جواب: ڈرامانگاری کے حوالے سے مشہور ہیں۔
سوال۳۹۶: اردو کے کس شاعر کو اقبال کے بعد بیسویں صدی کا شاعر انقلاب کہا گیا ہے؟
جواب: جوش ملیح آبادی کو۔
سوال۳۹۷: اردو کے مشہور خاکے ''نور خان'' اور ''نام دیو مالی'' کا خالق کون ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق۔
سوال۳۹۸: ولی دکنی کا دیوان پہلی بار دلی میں کب آیا تھا؟
جواب: ۱۷۲۰ء میں۔
سوال۳۹۹: اردو کا سب سے بڑا قصیدہ نگار کون ہے؟
جواب: مرزا رفیع سودا۔
سوال۴۰۰: ماہنامہ ''سویرا'' کس شہر سے نکلتا ہے اور اس کا مدیر کون ہے؟
جواب: مدیر صلاح الدین محمود ہے اور یہ لاہور سے نکلتا ہے۔
سوال۴۰۱: ''ہجو'' اردو کی کس صنف کی ضد ہے؟
جواب: قصیدہ کی۔
سوال۴۰۲: شیخ سعدی کی کن دو تصانیف نے شہرت حاصل کی ہے؟
جواب: گلستان اور بوستان نے۔

سوال۴۰۳: داغ دہلوی اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟
جواب: محمد ابراہیم ذوق کے۔
سوال۴۰۴: مثنوی ''سحر البیان'' کے جواب میں کونسی مثنوی لکھی گئی تھی؟
جواب: مثنوی ''گلزار نسیم''۔
سوال۴۰۵: ماہنامہ ''دریافت'' کا مدیر کون ہے اور یہ کس شہر سے جاری ہوتا ہے؟
جواب: مدیر ڈاکٹر رشید امجد اور یہ اسلام آباد سے شائع ہوتا ہے۔
سوال۴۰۶: صہبا لکھنوی کس ادبی جریدے کے مدیر تھے؟
جواب: ماہنامہ ''افکار''۔
سوال۴۰۷: اردو ادب میں سوانح نگاری کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟
جواب: الطاف حسین حالی نے۔
سوال۴۰۸: پاکستان کی پہلی خاتون شاعرہ کون ہے؟
جواب: ادا جعفری۔
سوال۴۰۹: غلام عباس کے کس افسانوی مجموعہ پر انھیں آدم جی ادبی ایوارڈ ملا تھا؟
جواب: ''جاڑے کی چاندنی'' پر۔
سوال۴۱۰: ماہنامہ ''الحمراء'' کس شہر سے جاری ہوتا ہے اور اس کا مدیر کون ہے؟
جواب: لاہور سے جاری ہوتا ہے اور اس کے مدیر مولانا حامد علی خان ہیں۔
سوال۴۱۱: ''دریائے لطافت'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: انشاء اللہ خان انشاء اور مرزا قتیل۔
سوال۴۱۲: پروفیسر محمود شیرانی نے قدرت اللہ قاسم کے کس تذکرے کا سراغ لگایا ہے؟
جواب: ''مجموعہ نغز'' کا۔
سوال۴۱۳: اردو کی مشہور لغت ''فرہنگ آصفیہ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: سید احمد دہلوی۔
سوال۴۱۴: ''بیگمات کے آنسو'' کے نام سے مضامین کا مجموعہ کس نے تصنیف کیا ہے؟
جواب: خواجہ حسن نظامی نے۔
سوال۴۱۵: خاکوں کا مجموعہ ''گنج ہائے گراں مایہ'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی۔
سوال۴۱۶: ''حیات جاوید'' کس ادیب کی زندگی پر لکھی گئی سوانح حیات ہے؟
جواب: سرسید کی زندگی پر الطاف حسین حالی نے لکھی ہے۔
سوال۴۱۷: ''سندھ میں اردو شاعری'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ۔
سوال۴۱۸: نعتوں کا مجموعہ ''صلو علیہ وآلہ'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: حفیظ تائب۔

سوال۴۱۹: امیر خسرو کی کتاب ''لیلیٰ مجنوں'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: حیدر بخش حیدری نے ''قصہ لیلیٰ مجنوں'' کے نام سے۔
سوال۴۲۰: ''بہتر نشتر'' اردو کے کس مشہور شاعر کے مشہور ہیں؟
جواب: میر تقی میر کے۔
سوال۴۲۱: ''باغ و بہار'' کی وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: اسلوب اور ترجمہ۔
سوال۴۲۲: ''شاعر انقلاب'' اور ''شاعر شباب'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
جواب: جوش ملیح آبادی کو۔
سوال۴۲۳: صنف ''ٹپہ'' کس زبان کی صنف شاعری سے تعلق رکھتی ہے؟
جواب: پشتو زبان سے۔
سوال۴۲۴: ''حبہ خاتون'' کس زبان کی شاعرہ ہے؟
جواب: کشمیری زبان کی۔
سوال۴۲۵: میاں محمد بخش کس زبان کے شاعر تھے؟
جواب: پنجابی زبان کے مشہور شاعر ہیں۔
سوال۴۲۶: اردو کا مشہور ناول ''فردوس بریں'' کا خالق کون ہے؟
جواب: عبدالحلیم شرر۔
سوال۴۲۷: مرزا غالب کے اردو دیوان میں کتنے قصائد موجود ہیں؟
جواب: چار قصائد۔
سوال۴۲۸: ''یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے'' یہ مصرعہ اقبال کی کس نظم میں ہے؟
جواب: نظم ''طارق کی دعا'' میں۔
سوال۴۲۹: مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: نظامی بیدری۔
سوال۴۳۰: اردو کا مشہور افسانہ ''خالی ڈبے'' کا خالق کون ہے؟
جواب: سعادت حسن منٹو۔
سوال۴۳۱: ''مردم دیدہ'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: چراغ حسن حسرت۔
سوال۴۳۲: مشہور نظم ''خالق باری'' کس مشہور شاعر کی ہے؟
جواب: امیر خسرو کی۔
سوال۴۳۳: رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس مشہور شخصیت نے جاری کیا تھا؟
جواب: سر سید احمد خان نے۔
سوال۴۳۴: مثنوی ''خواب و خیال'' کے خالق میر اثر کس مشہور شاعر کے بھائی تھے؟
جواب: خواجہ میر درد کے۔

سوال۴۳۵: اردو کا کونسا مشہور شاعر بصارت کی نعمت سے محروم تھا؟
جواب: قلندر بخش جرأت۔
سوال۴۳۶: اردو میں ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟
جواب: وہم میں ڈالنا۔
سوال۴۳۷: خاکوں کا مجموعہ ''گنجینۂ گوہر'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: شاہد احمد دہلوی۔
سوال۴۳۸: علامہ اقبال کی پہلی نظم کونسی ہے جو کہ ''بانگ درا'' میں شامل پہلی نظم ہے؟
جواب: ہمالہ۔
سوال۴۳۹: علامہ اقبال کے پہلے مجموعہ کلام بانگ درا کا مقدمہ کس نے لکھا تھا؟
جواب: شیخ عبدالقادر نے۔
سوال۴۴۰: ''مرزا نوشہ'' اردو کے کس مشہور شاعر کی عرفیت ہے؟
جواب: مرزا غالب کی۔
سوال۴۴۱: فورٹ ولیم کالج کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟
جواب: ۴ مئی ۱۸۰۰ء میں۔
سوال۴۴۲: اردو کا مشہور ناول ''گریز'' کا خالق کون ہے؟
جواب: عزیز احمد۔
سوال۴۴۳: ناول ''اداس نسلیں'' اردو کے کس ناول نگار کا ناول ہے؟
جواب: عبداللہ حسین کا۔
سوال۴۴۴: اردو کے مشہور ناول کے کردار ''چھمی'' اور ''عالیہ'' ہیں آپ ناول کا نام بتایئے؟
جواب: ''آنگن'' مصنفہ خدیجہ مستور۔
سوال۴۴۵: ''بنت الوقت'' ناول کا تخلیق کرنے والا کون ہے؟
جواب: راشد الخیری۔
سوال۴۴۶: ''شریف زادہ'' اور ''ذات شریف'' کس کے ناولوں کے نام ہیں؟
جواب: مرزا ہادی رسوا۔
سوال۴۴۷: اردو کے مشہور شاعر اور افسانہ نگار احمد ندیم قاسمی کب پیدا ہوئے تھے؟
جواب: ۱۹۱۶ء میں۔
سوال۴۴۸: ''اردو کی آخری کتاب'' کس مزاحیہ نگار کی کتاب ہے؟
جواب: ابن انشاء کی۔
سوال۴۴۹: ''افکار پریشان'' تقریروں کا مجموعہ ہے آپ اس کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: جسٹس ایم آر کیانی۔
سوال۴۵۰: علامہ اقبال نے اپنے کس مجموعہ کلام کو دور حاضر کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا تھا؟
جواب: ''ضرب کلیم'' کو۔

سوال ۴۵۱: نظم ''مسجد قرطبہ'' علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
جواب: ''بالِ جبریل'' میں۔
سوال ۴۵۲: شاہ میراں جی نے اردو کو کیا نام دیا تھا؟
جواب: ہندوی۔
سوال ۴۵۳: ''فتح نامہ'' اور ''میزبانی نامہ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: حسن شوقی۔
سوال ۴۵۴: اردو کی مشہور مثنوی ''گلشن عشق'' کا خالق کونسا شاعر ہے؟
جواب: نصرتی۔
سوال ۴۵۵: ''نثر بے نظیر'' کے نام سے سحرالبیان کا نثری ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: میر بہادر علی حسینی نے۔
سوال ۴۵۶: اردو کی مشہور نظم ''جان بیٹا خلافت پہ دیدو'' کا شاعر محمد علی جوہر ہے۔ آپ بتایئے کہ یہ مشہور نعرہ ''آزادی یا موت'' کس شاعر کا ہے؟
جواب: مولانا محمد علی جوہر کا۔
سوال ۴۵۷: ''اخلاق جلالی'' کا اردو ترجمہ ''جامع الاخلاق'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟
جواب: امانت علی شیدا نے۔
سوال ۴۵۸: دہلی کالج کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟
جواب: ۱۸۲۵ میں۔
سوال ۴۵۹: ''تنقید اور احتساب'' کس ادیب کی تخلیقی وتنقیدی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر وزیر آغا کی۔
سوال ۴۶۰: ''اردو ادب کی تحریکیں'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سدید۔
سوال ۴۶۱: اردو کا پہلا انشائیہ نگار کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: سرسید احمد خان کو۔
سوال ۴۶۲: اردو کے کس شاعر نے انگریزی تعلیم پر اپنی شاعری کے ذریعے تنقید کی تھی؟
جواب: اکبر الہ آبادی نے۔
سوال ۴۶۳: قرۃ العین حیدر نے اپنے ناولوں میں کونسی تکنیک کا استعمال کیا ہے؟
جواب: شعور کی رو۔
سوال ۴۶۴: ''دارالعلوم دیوبند'' کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟
جواب: مولانا قاسم نانوتوی نے۔
سوال ۴۶۵: اردو کا مشہور افسانہ ''ترلوچن'' کا خالق کون ہے؟
جواب: اسد محمد خان۔

سوال ۴۶۶: ''نوائے سروش'' کیا ہے؟
جواب: غلام رسول مہر کی ''شرح دیوان غالب'' کا نام ہے۔
سوال ۴۶۷: ''آٹو گراف'' کس شاعر کی مشہور نظم ہے؟
جواب: میراجی۔
سوال ۴۶۸: فاصلاتی تعلیم کے لیے کونسی یونیورسٹی کام کررہی ہے؟
جواب: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد۔
سوال ۴۶۹: نظم ''منٹو'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
جواب: مجید امجد کی۔
سوال ۴۷۰: نظم ''ابلیس کی مجلس شوریٰ'' علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟
جواب: ''ارمغان حجاز'' میں۔
سوال ۴۷۱: ''حاصل نہ کیجیے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو'' یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟
جواب: مرزا غالب کا۔
سوال ۴۷۲: ''مزار قطب الدین ایبک'' کے نام سے نظم حفیظ جالندھری نے لکھی تھی بتایئے ان کا مزار کہاں ہے؟
جواب: لاہور میں۔
سوال ۴۷۳: نظم ''ہارٹ اٹیک'' کا شاعر کون ہے؟
جواب: مجید امجد۔
سوال ۴۷۴: شوکت تھانوی نے اپنی آپ بیتی کس نام سے لکھی تھی؟
جواب: ''مابدولت'' کے نام سے۔
سوال ۴۷۵: ''مجموعہ نثر غالب'' کا مرتب کون ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟
جواب: خلیل الرحمٰن داؤدی نے ۱۹۶۷ میں شائع کیا تھا۔
سوال ۴۷۶: ''اقبال کی تیرہ نظمیں'' کس مشہور ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر اسلوب انصاری کی۔
سوال ۴۷۷: ''دست زلیخا'' کس کتاب کا دیباچہ ہے؟
جواب: خاکم بدہن کا۔
سوال ۴۷۸: ''اقبال بحیثیت شاعر'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: رفیع الدین ہاشمی۔
سوال ۴۷۹: امجد اسلام امجد کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: شعر و شاعری۔
سوال ۴۸۰: علامہ اقبال کی مشہور کتاب ''جاوید نامہ'' کا منظوم پنجابی ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب: شریف کنجاہی نے۔

سوال ۴۸۱: ''گڈریا'' مشہور افسانے کا خالق کون ہے؟
جواب: اشفاق احمد۔
سوال ۴۸۲: سید امتیاز علی تاج کی وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: ڈرامانگاری۔
سوال ۴۸۳: اشفاق احمد کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: افسانہ نگار اور ڈرامہ نگار کے۔
سوال ۴۸۴: مسعود سعد سلمان کا دیوان کس نام سے شائع ہوا تھا؟
جواب: ''دیوان ہندوی'' کے نام سے۔
سوال ۴۸۵: بانو قدسیہ کی وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: افسانہ نگاری اور ناول نگاری۔
سوال ۴۸۶: مرزا غالب کی مشہور کتاب ''مہر نیمروز'' کا موضوع کیا ہے؟
جواب: یہ مغلیہ خاندان کی تاریخ ہے۔
سوال ۴۸۷: ''مغلیہ عہد نے ہندوستان کو تین چیزیں عطا کی ہیں۔''اردو زبان، تاج محل اور مرزا غالب'' یہ کس کا قول ہے؟
جواب: پروفیسر رشید احمد صدیقی کا۔
سوال ۴۸۸: بارہ ماسہ'' بکٹ کہانی'' کی نوعیت کیا ہے؟
جواب: منظوم تمثیل ہے۔
سوال ۴۸۹: ''مراۃ العروس'' کا دوسرا حصہ ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کو کہا جاتا ہے؟
جواب: بنات النعش کو۔
سوال ۴۹۰: ''آیات وجدانی'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟
جواب: یاس یگانہ چنگیزی کا۔
سوال ۴۹۱: اردو ادب میں محمد طفیل کی وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: خاکہ نگاری۔
سوال ۴۹۲: اردو کی پہلی تاریخ ادب ہندی زبان میں کس نے لکھی تھی؟
جواب: سید احتشام حسین نے۔
سوال ۴۹۳: اردو کی وہ کونسی نظم ہے جس کا ہر شعر مطلع ہوتا ہے؟
جواب: ''مثنوی'' کا ہر شعر مطلع ہوتا ہے۔
سوال ۴۹۴: ''شہر سخن آراستہ ہے'' اردو کے کس مشہور شاعر کی کلیات کا نام ہے؟
جواب: احمد فراز کی۔
سوال ۴۹۵: ''مغرب میں نفسیاتی تنقید'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال ۴۹۶: ''چاندنی بیگم'' ناول کس مشہور شخصیت نے تخلیق کیا ہے؟
جواب: قرۃ العین حیدر نے۔
سوال ۴۹۷: اردو میں رومانی تحریک'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: ڈاکٹر محمد حسن۔
سوال ۴۹۸: ''اخلاق ہندی'' کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: میر بہادر علی حسینی کی۔
سوال ۴۹۹: اردو کے کس شاعر کو'' شاعر مزدور'' کہا جاتا ہے؟
جواب: احسان دانش کو۔
سوال ۵۰۰: ''فردوس حیدر'' کی اردو ادب میں وجہ شہرت کیا ہے؟
جواب: افسانہ نگاری۔
سوال ۵۰۱: اردو کے مشہور افسانے'' کتبہ'' کا خالق کون ہے؟
جواب: غلام عباس
سوال ۵۰۲: یہ اردو کا مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟

ہم بھی وہیں موجود تھے، ہم سے بھی سب پوچھا کیے
ہم چپ رہے، ہم ہنس دیے، منظور تھا پردہ ترا

جواب: انشاء اللہ خان انشاء۔
سوال ۵۰۳: سر سید احمد کی مشہور کتاب'' آثار الصنادید'' پہلی بار کب شائع ہوئی؟
جواب: ۱۸۴۷ میں۔
سوال ۵۰۴:

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟
جواب: علامہ اقبال۔
سوال ۵۰۵: اس شعر کا خالق کون ہے؟

دیا ہے خلق کو بھی تا اسے نظر نہ لگے
بنا ہے عیش تجمل حسین خاں کے لیے

جواب: مرزا غالب۔
سوال ۵۰۶: یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

تجھ لب کی صفت لعلِ بدخشاں سوں کہوں گا
جادوں ہیں تیرے نین غزالاں سوں کہوں گا

جواب: ولی دکنی کا۔

سوال ۵۰۷: "سب رس" کے نام سے اب تک کتنی کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں؟
جواب: صرف دو۔ ایک ملا وجہی کی اور دوسری شاہ میراں جی کی۔ مگر ڈاکٹر رفیعہ سلطانہ نے [illegible]
ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ "تاج الحقائق" ہے اور شاہ وجیہہ الدین ان کے مصنف [illegible]
دوسری "سب رس" شاہ میراں جی کی کتاب نہیں ہے۔
سوال ۵۰۸: "اردو سندھی کے لسانی روابط" کس کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شرف الدین اصلاحی کی۔
سوال ۵۰۹: خطوط کا مجموعہ "غبار خاطر" کا مصنف کون ہے؟
جواب: مولانا ابو الکلام آزاد۔
سوال ۵۱۰: اردو کا مشہور افسانہ "کفن" کس افسانہ نگار کی تخلیق ہے؟
جواب: پریم چند کا۔
سوال ۵۱۱: "اردو نظم میں وجودیت" کا مصنف ڈاکٹر شاہین مفتی ہے۔ آپ بتائیے کہ "جدید اردو نظم [illegible]
مصنف کون ہے؟
جواب: عقیل احمد صدیقی۔
سوال ۵۱۲: مرزا غالب کو "حیوان ظریف" کا خطاب کس نے دیا تھا؟
جواب: الطاف حسین حالی۔
سوال ۵۱۳: اردو کی سب سے قدیم مثنوی کونسی ہے؟
جواب: "کدم راؤ پدم راؤ"۔
سوال ۵۱۴: تیغ الہ آبادی کے قلمی نام سے کونسا شاعر لکھتا تھا؟
جواب: مصطفیٰ زیدی۔
سوال ۵۱۵: شبلی کی "سیرت النبی ﷺ" کتاب کس انداز میں لکھی گئی ہے؟
جواب: سوانحی انداز میں۔
سوال ۵۱۶: ناول "تتھ کا بوجھ" کا خالق کون ہے؟
جواب: واجدہ تبسم۔
سوال ۵۱۷: کیا مصلحین اردو زبان کے حوالے سے میر، مرزا اور ناسخ مشہور ہیں؟
جواب: جی ہاں۔
سوال ۵۱۸: کیا "کربل کتھا" میر حسن کی تصنیف ہے؟
جواب: جی نہیں۔ "فضل کریم فضلی کی ہے"۔
سوال ۵۱۹: "اردو زبان کا ارتقاء" کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: شوکت سبزواری۔
سوال ۵۲۰: مثنوی "سحر البیان" کا تعلق کس دبستان شاعری سے ہے؟
جواب: دبستان لکھنؤ سے۔

سوال ۵۲۱: "رویائے صادقہ" کس کا ناول ہے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد کا۔
سوال ۵۲۲: یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

راستے بند کیے دیتے ہو دیوانوں کے
ڈھیر لگ جائیں گے بستی میں گریبانوں کے

جواب: قمر جلالوی کا۔
سوال ۵۲۳:

تم میری پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

شاعر کا نام بتائیے؟
جواب: مومن خان مومن۔
سوال ۵۲۴:

ابن مریم ہوا کرے کوئی
مرے دکھ کی دوا کرے کوئی

شاعر کا نام بتائیے؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال ۵۲۵: درج ذیل شعر کا خالق کون ہے؟

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اس ہی کا ذرہ ظہور تھا

جواب: میر تقی میر۔
سوال ۵۲۶:

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

شاعر کا نام بتائیے؟
جواب: مرزا غالب۔
سوال ۵۲۷: شعر مکمل کریں

نیت شوق بھر نہ جائے کہیں
تو بھی دل سے اتر نہ جائے کہیں

دوسرا مصرعہ
جواب: ناصر کاظمی۔
سوال ۵۲۸: درج ذیل شعر کی کیا خاص بات ہے؟

دور افسوں نظر تھا آساں کہنا پڑا
اک پریشاں خواب دیکھا اور جہاں کہنا پڑا

جواب: یہ شعر مرزا غالب کی فارسی غزل کے شعر کا اردو ترجمہ ہے اور اس کو صوفی غلام مصطفیٰ تبسم نے
اردو میں ترجمہ کیا ہے۔

سوال ۵۲۹: یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

بسکہ ہوں غالبؔ اسیری میں بھی آتش زیر پا

موئے آتش دیدہ ہے حلقہ میری زنجیر کا

جواب: مرزا غالب کا۔

سوال ۵۳۰: یہ شعر مکمل کریں
ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا

دوسرا مصرعہ
نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا؟

جواب: مرزا غالب۔

سوال ۵۳۱: یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

یوں بلاتے ہیں مجھے کوچۂ جاناں والے

ادھر آ بے او چاک گریباں والے

جواب: میر تقی میر کا۔

سوال ۵۳۲: مرزا غالب کا یہ شعر مکمل کریں؟

دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں

جواب: بیٹھے ہیں رہگذر پہ ہم کوئی ہمیں اٹھائے کیوں

سوال ۵۳۳: یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

یہ غازی یہ ترے پر اسرار بندے

جنھیں تو نے بخشا ہے ذوق خدائی

جواب: علامہ اقبال۔

سوال ۵۳۴: یہ شعر علامہ اقبال کے کس مجموعہ کی نظم کا ہے؟

اذاں ازل سے ترے عشق کا ترانہ بنی

نماز اس کے نظارے کا اِک بہانہ بنی

جواب: علامہ اقبال کی "بانگ درا" کی نظم "بلال" کا شعر ہے۔

سوال ۵۳۵: شعر مکمل کریں؟
اہلِ معنیٰ کو یہاں پوچھے ہے کون

دوسرا مصرعہ
صورتِ ذلت ہے معنیٰ سے عیاں

جواب: غلام ہمدانی مصحفیؔ۔

سوال ۵۳۶: شعر مکمل کریں؟
قائمؔ میں غزل طور کیا ریختہ ورنہ

دوسرا مصرعہ
اِک بات لچر سی بزبان دکنی تھی

جواب: قائم چاند پوری۔

سوال ۵۳۷: مرزا غالب کے حوالے سے مالک رام نے کونسی مشہور کتاب لکھی تھی؟

جواب: ذکر غالب۔

سوال ۵۳۸: فیض احمد فیض کی کلیات "نسخہ ہائے وفا" میں کل کتنی آزاد مجموعے ہیں؟

جواب: صرف سات۔

سوال ۵۳۹: مشہور کتاب "بوطیقا" کا مصنف کون ہے؟

جواب: ارسطو۔

سوال ۵۴۰: مسٹر جے وائی ٹیلر کس کالج کے پرنسپل تھے؟

جواب: دہلی کالج کے۔

سوال ۵۴۱: "عود ہندی" صنف کے اعتبار سے کیا ہے؟

جواب: مرزا غالب کے خطوط کا مجموعہ۔

سوال ۵۴۲: نظم "تنہائی" اردو کے کس مشہور شاعر کی ہے؟

جواب: فیض احمد فیض کی۔

سوال ۵۴۳: دل میں اک لہر سی اٹھی ہے ابھی

کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی

یہ شعر کس مشہور شاعر کا ہے؟

جواب: ناصر کاظمی کا۔

سوال ۵۴۴: مرزا ہادی رسوا کا مشہور ناول "امراؤ جان ادا" پہلی دفعہ کس سن میں شائع ہوا تھا؟

جواب: ۱۹۰۱ء۔

سوال ۵۴۵: مولانا ابوالکلام آزاد اردو کے کس معروف اخبار کے مدیر تھے؟

جواب: "الہلال" کے۔

سوال ۵۴۶: اردو کا سندھی کے ساتھ رشتہ جوڑنے کی کوشش کس شخصیت نے کی تھی؟

جواب: سید سلیمان ندوی نے۔

سوال ۵۴۷: "داستان زبان اردو" کس کی مشہور کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر شوکت سبزواری کی۔

سوال ۵۴۸: کتھارسس کی اصطلاح کس نے استعمال کی تھی؟

جواب: ارسطو نے۔

سوال ۵۴۹: اردو کی مشہور کتاب "ہندوستانی لسانیات" کا مصنف کون ہے؟

جواب: محی الدین قادری زور۔

سوال ۵۵۰: علامہ اقبال انجمن حمایت اسلام کے صدر کب منتخب ہوئے تھے؟

جواب: ۱۹۳۴ء میں۔

سوال ۵۵۱: درج ذیل مشہور شعر کس شاعر کا ہے؟

مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کیے ہوئے

جوشِ قدح سے بزمِ چراغاں کیے ہوئے

جواب: مرزا غالب کا۔

سوال۵۵۲: ''تحلیل نفسی'' کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: سگمنڈ فرائیڈ کو۔
سوال۵۵۳: اردو کا پہلا صاحب کلیات شاعر کون ہے؟
جواب: قلی قطب شاہ۔
سوال۵۵۴: سات مصرعوں پر مشتمل بند کو کیا کہتے ہیں؟
جواب: مسبّع۔
سوال۵۵۵: کس مغربی دانشور کو وجودیت کے حوالے سے اہم مانا جاتا ہے؟
جواب: ژاں پال سارتر۔
سوال۵۵۶: قصیدے کا دوسرا حصہ کیا کہلاتا ہے؟
جواب: گریز۔
سوال۵۵۷: ترقی پسند تحریک کے پہلے اجلاس کا صدارتی خطبہ کس نے دیا تھا؟
جواب: پریم چند نے۔
سوال۵۵۸: وہ علم جو تشبیہ، استعارہ، ''مجاز مرسل'' اور ''کنایہ'' وغیرہ سے بحث کرتا ہو کیا کہلاتا ہے؟
جواب: علم بیان۔
سوال۵۵۹: اردو کی مشہور نظم ''پھولوں کی پٹن'' کس شاعر کی ہے؟
جواب: مجید امجد کی۔
سوال۵۶۰: مرزا غالب کے اردو خطوط کس مشہور ادیب نے مرتب کیے تھے؟
جواب: ڈاکٹر خلیق انجم نے پانچ جلدوں میں۔
سوال۵۶۱: مرزا غالب کا سن پیدائش کیا ہے؟
جواب: ۲۷۔ دسمبر ۱۷۹۷ء آگرہ۔
سوال۵۶۲: میراجی کا تعلق کس ادبی تحریک سے تھا؟
جواب: حلقہ ارباب ذوق سے۔
سوال۵۶۳: میر حسن کے مشہور تذکرے کا نام بتائیے؟
جواب: تذکرہ شعرائے اردو۔
سوال۵۶۴: علامہ اقبال کی مشہور نظم ''ابلیس کی مجلسِ شوریٰ'' کا موضوع کیا ہے؟
جواب: سیاسی نظریات۔
سوال۵۶۵: ''البیان'' کس ادیب کی مشہور کتاب ہے؟
جواب: سید عابد علی عابد کی۔
سوال۵۶۶: ''کامریڈ'' اخبار کس ادیب نے جاری کیا تھا؟
جواب: مولانا محمد علی جوہر۔

سوال۵۶۷: ''اردو صرف و نحو'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مولوی عبدالحق۔
سوال۵۶۸: تحقیقی عمل میں سب سے پہلا مرحلہ کونسا ہوگا؟
جواب: موضوع کا تعین۔
سوال۵۶۹: ''نظریہ ردِ تشکیل'' کا بانی کون ہے؟
جواب: رولاں بارتھ۔
سوال۵۷۰: ''پاکستان میں اردو کا مسئلہ'' کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ۔
سوال۵۷۱: الفاظ کا ایسا استعمال جس میں الفاظ لغوی معنی سے ہٹ کر بھی معنی دیں اور لغوی معنی بھی مراد لیے جا سکتے ہوں، اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب: مجاز مرسل۔
سوال۵۷۲: ڈرامہ ''فاطمہ برناوی'' کا مصنف کون ہے؟
جواب: مرزا ادیب۔
سوال۵۷۳: درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

خدا بخشے زباں ہم نے سنی ہے میر و مرزا کی
کہیں کس منہ سے اے مصحفی اردو ہماری ہے

جواب: غلام ہمدانی مصحفی۔

***